Telegram Channel : New Madarsa

NEW MADARSA

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

التعبيرات المختارة

منتخب تعبیرات

مولانا ندیم الواجدی

دار الکتاب دیوبند

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

التعبیرات المختارۃ

منتخب تعبیرات

مولانا ندیم الواجدی

ناشر

دارُ الکتاب دیوبند

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب: التعبیرات المختارۃ (منتخب تعبیرات)

نام مؤلف: مولانا ندیم الواجدی

ضخامت: ۳۴۴

کتابت: محمد مستقیم سالک قاسمی مدھوبنی
یاسر ندیم کمپیوٹرس سینٹر دیوبند

طباعت: یاسر ندیم آفسیٹ پریس دیوبند

باہتمام: واصف حسین مالک دار الکتاب دیوبند

سالِ اشاعت: ۲۰۱۵ء

قیمت:

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

فہرست مضامین

پیش لفظ	٦
التعبيرات المختارة	٩
منتخب تعبیرات	٩
جمل قصيرة	١٧٥
چھوٹے چھوٹے جملے	١٧٥
عبارات رائعة ونصائح قيمة	٢٠٩
دل کش عبارتیں اور قیمتی نصیحتیں	٢٠٩
عباراتٌ رائعةٌ جميلةٌ	٢٥٧
خوب صورت اور دلکش جملے	٢٥٧
الأمثال العربية	٢٨٩
عربی ضرب الامثال	٢٨٩
عبارات رائعة وجميلة في مناسبات مختلفة	٣١٥
مختلف مواقع کے لیے خوب صورت اور دل کش جملے	٣١٥

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

قال الثعالبیؒ امام اللغة

من أحب الله تعالى أحب رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن أحب الرسول العربي أحب العرب، ومن أحب العرب أحب العربية التي بها نزل أفضل الكتب على أفضل العرب والعجم، ومن أحب الغربية عني بها وثابر عليها وصرف همته إليها، ومن هداه الله للإسلام وشرح صدره للإيمان وآتاه حسن سريرة فيه إعتقد أن محمداً صلى الله عليه وسلم خير الرسل، والإسلام خير الأديان، والعرب خير الأمم، والعربية خير اللغات والألسنة، والإقبال على تفهمها من الديانة، اذ هى أداة العلم، ومفتاح التفقه في الدين، وسبب إصلاح المعاش والمعاد، ثم هى لإحراز الفضائل والاحتواء على المروة وسائر أنواع المناقب كالينبوع للماء والزند للنار.

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

زبان وادب کے طلبہ کے لیے
عربی اور اُردو تعبیرات کی کتاب

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

پیش لفظ

کسی بھی زبان میں انشاء پردازی کے لیے ضروری ہے کہ اس زبان کی بہترین تعبیرات اپنی تحریروں میں استعمال کی جائیں، یہ تعبیرات اس زبان کے اُدباء اور اصحاب قلم کی کتابوں اور ادبی شہ پاروں میں جابہ جا بکھری ہوئی ملتی ہیں، بس انھیں وہاں سے اٹھانے اور استعمال کرنے کی ضرورت ہے، ہمارے استاذ حضرت مولانا وحید الزماں کیرانویؒ سابق استاذ ادب دار العلوم دیوبند اپنے شاگردوں کو اس پہلو کی طرف ہمیشہ متوجہ فرماتے رہتے تھے، درس کے دوران بھی وہ زیر درس کتاب میں سے تعبیرات منتخب کراتے اور انھیں مختصر جملوں میں اور طویل عبارتوں میں استعمال کرنے کی مشق کراتے تھے، فرمایا کرتے تھے کہ تعبیرات تحریر و تقریر دونوں ہی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں، میں نے اپنے استاذ کی یہ بات گرہ سے باندھ لی تھی، جب بھی میں کوئی عربی اخبار یا عربی مجلّہ پڑھتا، یا کسی عربی کتاب کا مطالعہ کرتا، اس کے اچھے اچھے جملے ضرور نوٹ کرلیتا، میں نے تکمیل ادب کی تمام کتابیں حضرت کیرانویؒ سے پڑھی ہیں، اور ایک سال تخصص فی الادب بھی حضرت ہی کی نگرانی میں کیا ہے، تعلیمی اوقات کے علاوہ بھی میں حضرت سے استفادہ کرتا رہتا تھا، دو سال کی اس مدت میں میرے پاس منتخب تعبیرات کا اچھا خاصا ذخیرہ جمع ہوگیا، ۱۹۷۹ء میں جب احقر نے تكلموا باللغة العربية (عربی بولیے) تالیف کی تو اس میں التعبيرات المختارة (منتخب تعبیرات) کے عنوان سے بھی کچھ تعبیرات شامل کردیں، یہ تعبیرات ''عربی بولیے'' کے تقریباً پینتالیس صفحات پر پھیلی ہوئی ہیں،

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

اس وقت میرا ارادہ یہ تھا کہ کاپیوں میں جو تعبیرات جمع ہیں ان میں سے کچھ تعبیرات منتخب کرکے ایک مستقل کتاب ترتیب دوں، کچھ کام ہوا بھی، مگر ادھورا اور نامکمل، خواہش برابر رہی، مگر یہ ارادہ خواہش کے باوجود پایۂ تکمیل کو نہ پہنچ سکا، حالاں کہ بعد میں عربی زبان کے حوالے سے میری کچھ اور کتابیں بھی منظر عام پر آئیں، مگر تعبیرات کی کتاب نامکمل ہی پڑی رہی، اب اللہ تعالیٰ نے توفیق دی ہے تو میں نے ادھورے کام کو مکمل کرنے کا ارادہ کیا ہے، خدا کا شکر ہے کہ اب یہ کتاب مکمل ہو چکی ہے اور آپ حضرات کے سامنے ہے۔

پوری کتاب میں کوئی جملہ بل کہ شاید کوئی لفظ بھی ایسا نہیں ہے جس پر اعراب نہ ہوں، اعراب لگانے کا کام دقّت طلب بھی ہے اور دیر طلب بھی، کئی کئی بار تصحیح کی گئی ہے، ہو سکتا پھر بھی اعراب کی غلطیاں رہ گئی ہوں، اس سال رمضان کا پورا مہینہ اسی کی نذر ہو گیا، اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے اور نافع بنائے۔

ان تعبیرات سے صحیح طور پر وہی لوگ استفادہ کر سکتے ہیں جنھیں عربی زبان سے تھوڑی بہت واقفیت ہے، بالکل مبتدی طلبہ کے لیے یہ کتاب مفید ثابت نہ ہوگی، ہم نے عربی تعبیر کا اُردو مفہوم اس کے سامنے دے دیا ہے، یہ لفظی ترجمہ نہیں ہے اور نہ لفظی ترجمہ یہاں مفید ہوتا، اگر کسی کو لفظ کے معنی دیکھنے ہیں تو اس کے لیے عربی اُردو کی لغات موجود ہیں، وہاں دیکھ لیں۔

ان تعبیرات سے آپ اپنی گفتگو میں اور تقریروں میں، اپنے مضامین میں، اپنے خطوط میں مدد لے سکتے ہیں، استفادے کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ پہلے آپ اپنی ضرورت کے اُردو جملے الگ کاغذ پر لکھ لیں، پھر تعبیرات سے وہ جملے منتخب کریں جو ان جملوں کا مفہوم ادا کر سکتے ہوں، تلاش و جستجو میں تھوڑا وقت تو لگے گا، شروع میں مشکل بھی پیش

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

آئے گی، لیکن اس ورق گردانی سے آپ کا بڑا فائدہ ہوگا، دو چار مرتبہ تمام تعبیرات پہ نظر ڈالیں گے تو آگے چل کر تلاش کرنے میں نہ زیادہ وقت لگے گا اور نہ زیادہ زحمت اٹھانی پڑے گی۔

اس کتاب میں ڈیڑھ سو صفحات پر تعبیرات ہیں، پھر چھوٹے چھوٹے جملے ہیں، جو روز مرّہ کی گفتگو میں بولے جاتے ہیں، اس کے بعد عبارات رائعہ اور نصائح قیمہ کے عنوان سے کچھ دل کش عبارتیں اور قیمتی نصیحتیں دی گئی ہیں، اس عنوان کے بعد عربی ضرب الامثال ہیں، آخر میں ایسے جملے ہیں جو مختلف مواقع پر لکھے یا بولے جاتے ہیں، یہ سب عبارتیں، جملے وغیرہ مشہور مصنفین کی کتابوں سے اور اخبارات ورسائل سے منتخب کئے گئے ہیں، اللہ انھیں جزائے خیر عطا کرے۔

بہ ہر حال یہ ادنی سی کوشش ہے، امید ہے عربی زبان وادب کے شائقین اس کوشش کو پسند کریں گے، اور اس سے فائدہ اٹھا کر مؤلف کو دعائے خیر سے نوازیں گے، اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے اور اسے نافع بنائے۔ آمین

وما توفيقي إلا بالله العلي العظيم

ندیم الواجدی
۲۵/رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Telegram Channel : New Madarsa

التعبیرات المختارة

منتخب تعبیرات

Pinterest I'd : @ New Madarsa

- اِتَّخَذَ قَرَارَهُ بِصُوْرَةٍ جَازِمَةٍ. — اس نے قطعیت کے ساتھ اپنا فیصلہ لیا۔
- اِتَّخَذَتِ الحُكُوْمَةُ التَّدَابِيْرَ أَوِ الإِجْرَاءَاتِ الضَّرُوْرِيَّةَ. — حکومت نے ضروری تدابیر اختیار کیں۔
- اِجْتَازَ الْمَارَّةُ الطَّرِيْقَ عِنْدَ ظُهُوْرِ النُّوْرِ الأَخْضَر. — گرین سگنل ہونے پر چلنے والوں نے راستہ پار کیا۔
- اِحْتَفَظَ لِنَفْسِهِ بِحَقِّ الرَّدِّ عَلَى الْخِطَابِ. — اس نے تقریر کا جواب دینے کا اپنا حق محفوظ رکھا۔
- اِحْمَرَّ وَجْهُهَا حَيَاءً. — شرم سے اس کا چہرہ گلنار ہوگیا۔
- اِحْمَرَّتْ خَدَّاه خَجِلاً. — اس کے رُخسار شرمندگی سے لال ہو گئے۔
- اِخْتَلَّ النِّظَامُ العَامُّ فِي الْبِلاَدِ. — ملک میں عوامی نظم ونسق بدحالی کا شکار ہے۔
- أَدَارَ ذِكْرَ اللهِ عَلَى السَّبْحَةِ. — اس نے تسبیح پر اللہ کا ذکر کیا۔
- اِرْتَفَعَت فِي السَّبعِيَّاتِ أَسعَارُ النِّفط. — ستر کی دہائی میں تیل کے نرخوں میں اضافہ ہوا۔
- اِرْتَفَعَتْ أَسْعَارُ بَعْضِ الْبَضَائِعِ كَثِيْرًا. — بعض سامان کے ریٹ بہت بڑھ گئے ہیں۔
- اِزْدَادَ التَّوَتُّر فِي مِنْطَقَةِ الخَلِيْج مِنْ جَرَّاءِ الحَرْبِ الإِيْرَانِيَّةِ الْعِرَاقِيَّةِ. — ایران اور عراق کی جنگ کے نتیجے میں خلیجی خطے میں کشیدگی بڑھ گئی ہے۔
- اِزْدَادَ عَددُ حَمَلَةِ الدُّكْتُوْرَاه مِن الجَامِعَات الْغَرْبِيَّة. — مغربی ملکوں سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری لینے والوں کی تعداد بڑھ گئی ہے۔
- اِزْدَادَتْ حَوَادِثُ اختِطَافِ الطَّائِرَاتِ لأَغْرَاضٍ سِيَاسِيَّةٍ. — سیاسی اغراض کے لیے ہوائی جہازوں کو اغوا کرنے کے واقعات میں اضافہ ہوگیا ہے۔

Telegram Channel : New Madarsa

• إزْدَادَ إسْتِيرَادُ الأحْذِيَةِ الأجْنَبِيَّةِ مِمَّا أثَّرَ عَلَى صِنَاعَةِ الأحْذِيَةِ الْمَحَلِّيَّةِ.	غیر ملکی جوتوں کے امپورٹ سے جوتا سازی کی مقامی صنعت متاثر ہوئی ہے۔
• إزْدَادَ عَدَدُ الْعُمَّالِ الْعَاطِلِيْنَ عَنِ الْعَمَلِ بِسَبَبِ البَطَالَةِ الَّتِي عَمَّتِ البِلَادَ.	ملک میں بڑھتی ہوئی بے روز گاری کے باعث بے روزگار افراد کی تعداد بڑھ گئی ہے۔
• إزْدَهَرَتِ الحَرَكَةُ التِّجَارِيَّةُ فِي البِلَادِ بِفَضْلِ الاستِقْرَارِ وَزِيَادَةِ الدَّخْلِ القَوْمِي.	استحکام اور قومی آمدنی میں اضافے کی بدولت ملک میں تجارتی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔
• إسْتَخْدَمَ رِجَالُ الإطْفَاءِ خَرَاطِيْمَ الْمِيَاهِ لإطْفَاءِ الْحَرِيْقِ.	آگ بجھانے کے لیے فائر بریگیڈ والوں نے پانی کے لمبے لمبے پائپوں سے مدد لی۔
• أُسْتُشْهِدَ فِي الْمَعْرَكَةِ مُسْتَبْسِلاً فِي الدِّفَاعِ عَنْ وَطَنِهِ.	اس نے وطن کے دفاع کی خاطر جاں بازی کے جوہر دکھاتے ہوئے جنگ میں جام شہادت نوش کرلیا۔
• إسْتَغْرَقَ الإجْتِمَاعُ سَاعَتَيْنِ.	میٹنگ دو گھنٹے جاری رہی۔
• إسْتَفَدْتُ كَثِيْرًا مِنَ الْمَعْلُوْمَاتِ مِنْ قِرَاءَةِ هَذَا الْكِتَابِ.	اس کتاب کے ذریعے میں نے کافی معلومات حاصل کیں۔
• إسْتَقَلَّتْ مُعْظَمُ الأقْطَارِ الإفْرِيْقِيَّةِ فِي النِّصْفِ الثَّانِي مِنْ هَذَا الْقَرْنِ.	زیادہ تر افریقی ممالک نے اس صدی کے دوسرے نصف میں آزادی حاصل کی۔
• إسْتَقْرَأَ كُلَّ جَوَانِبِ الْمَوْضُوْعِ.	موضوع کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا۔
• إسْتَقْرَبَ الْمُعَلِّمُ تِلْمِيْذَهُ النَّجِيْبَ.	استاد نے اپنے ممتاز شاگرد کو مقرب بنایا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- إكْتَشَفَ الـرَّادَارُ الأَرْضِـيُّ طَـائِرَةً مُعَادِيَةً فَتَعَقَّبَتْهَا مقَاتِلاَتُنَا الحَرْبِيَّةُ.

زمینی راڈار نے دشمن ملک کے جہاز کا پتہ لگایا اور ہمارے جانباز سپاہیوں نے اس کا تعاقب کیا۔

- إكْتَشَفَ كُولُومْبُوس أَمْرِيْكَا سنة ٨٩٨هـ/١٤٩٢م.

کولمبس نے ۸۹۸ھ مطابق ۱۴۹۲ء کو امریکہ دریافت کیا۔

- الإعْتِزَازُ بِالشَّيْءِ.

فخر کرنا۔

- اَلأَدَبُ يُعَبِّرُ عَنْ أَحَاسِيْسِ الشَّعْبِ واتِّجَاهَاتِه.

ادب عوام کے احساسات اور رجحانات کا آئینہ ہوتا ہے۔

- البَلاَغَةُ لاَتُعْنَى الإِبْهَامَ بَلِ الْوُضُوْحَ وَالإِبَانَةَ.

بلاغت کے معنی ابہام کے نہیں ہیں بلکہ وضاحت اور صراحت کے ہیں۔

- التَّجَاعِيْدُ الَّتِي تَرَاهَا فِي وجْهِه لَيْسَتْ عَلاَمَةَ الْكِبَرِ بَلْ نَتِيْجَةً مَّا حَلَّ بِه مِنْ نَكَبَاتٍ عَائِلِيَّةٍ.

وہ جھرّیاں جو اس کے چہرے پر تمہیں نظر آرہی ہیں بڑھاپے کی علامت نہیں ہیں بلکہ خاندانی صدمات کے نتیجے میں پڑی ہیں۔

- التَّعامِي وَالْعَمْيُ عَنِ الْحَقَائِقِ.

حقائق سے آنکھیں بند کر لینا۔

- التَّجْدِيْدُ الَّذِيْ لاَيَقُوْمُ عَلَى أَسَاسٍ مِنَ الأَصَالَةِ لَنْ يُكْتَبَ لَه الدَّوامُ بَلْ يَتَحَوَّلُ بَعْدَ قَلِيْلٍ إلى جُمُوْدٍ.

وہ تجدید جو اصل بنیادوں پر استوار نہ ہو دائم و قائم نہیں رہتی بلکہ کچھ ہی دنوں میں جمود کا شکار ہو جاتی ہے۔

- إلْتَزَمَ بِدَفْعِ مَبْلَغٍ مِنَ الْمَالِ كُلَّ شَهْرٍ لِلْفُقَرَاءِ.

وہ ہر مہینے کچھ پیسے فقراء کو دیا کرتا ہے۔

- إلْتَفَتَ الوزيْرُ إِلَى تَحْسِيْنِ الْوَضْعِ الصِّحِّيِّ فِي الْمُسْتَشْفِيَاتِ.

وزیر نے ہسپتالوں میں علاج معالجے کی صورت حال کو بہتر بنانے پر توجہ دی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• التَّارِيْخُ هُوَ تَتَبُّعُ الحَيَاةِ البَشَرِيَّةِ فِي تَطَوُّرِهَا إِلَى حَالَتِهَا الحَاضِرَة.	تاریخ دور حاضر تک انسانی زندگی کی تبدیلیوں کے جائزے کا نام ہے۔
• التَّخلِّي عن الْمُمْتَلَكَاتِ.	ملکیت سے دست بردار ہونا۔
• التَّرْجَمَة وَسِيْلَتُنَا إِلَى نَقْلِ الْمَعْرِفَة مِنْ لُغَاتِ الشُّعُوْب الَّتِي أَحْرَزَتْ قَصَبَ السَّبْقِ فِيْ مَيْدَانِ الْعُلُوْمِ.	ترجمے کے ذریعے ہم ان قوموں کی تحقیقات اپنی زبان میں منتقل کر سکتے ہیں جنھوں نے علم و معرفت کے میدان میں بازی مارلی ہے۔
• التَّسَابُقُ لِلْأَغْرَاضِ الشَّخْصِيَّة وَلِلْمَنْفَعَةِ الذَّاتِيَّة.	شخصی مفادات اور ذاتی منفعت کے لیے بھاگ دوڑ۔
• التَّسْلِيْمُ بِإِبْقَاء الأُمُوْرِ عَلَى حَالِهَا قَطْعٌ لِكُلِّ أَمَلٍ فِي تقدُّم البَشَرِيَّة وتحجِيرٌ لَهَا وتَحْنِيطٌ لِأَقْدَسِ قِيَمِهَا.	معاملات کو جوں کا توں رکھنے پر رضامندی کا مطلب یہ ہے کہ انسانی ترقی کی تمام امیدیں ختم کردی جائیں اور انسانیت کو پتھر کے دور کے حوالے کردیا جائے، اور اس کی پاکیزہ روایات کی بے جان لاش کو حنوط کر کے محفوظ کردیا جائے۔
• التَّشْرِيْعُ الإِسْلاَمِي مِنْ حَيْثُ الجَوْهَر لاَ يُعَارِضُ العَقْلَ أَوِ العِلْمَ بِأَيِّ وَجْهٍ مِنَ الْوُجُوْه.	اسلامی قانون بنیادی طور پر کسی بھی شکل میں نہ عقل کے خلاف ہے اور نہ علم کے معارض ہے۔
• التَّعَاوُنُ الوَثِيْقُ وَالمحَبَّةُ الصَّادِقَةُ والأُخُوَّةُ الدَّائِمَةُ.	مستحکم تعاون، سچی محبت اور دائمی اخوت۔
• التَّعَرُّفُ عَلَى حَقِيْقَةِ الشَّيْ وَأَسْرَارِه.	کسی چیز کی حقیقت اور اس کے اسرار سے واقف ہونا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• التَّعْلِيمُ الإلزَامِيُّ يَهْدِفُ إلى إشَاعَةِ مَبَادِيءِ الْمَعْرِفَةِ وَالعُلُومِ بَيْنَ الْمُوَاطِنِيْنَ.	لازمی تعلیم کا مقصد علم ومعرفت کے بنیادی اصولوں کو ہم وطنوں کے درمیان عام کرنا ہے۔
• التَّمْيِيْزُ بَيْنَ الصَّالِحِ مِنَ الأَفْكَارِ وَالضَّارِّ مِنْهَا.	اچھے اور برے خیالات میں تمیز کرنا۔
• الجَرِيْمَةُ مَعْدُوْمَةٌ فِي الْمُجْتَمَعِ الفَاضِلِ وَالْمُجْتَمَعُ الفَاضِلُ مَعْدُوْمٌ فِي هَذَا الْعَالَم.	مثالی معاشرے میں جرائم نہیں پائے جاتے اور اس دنیا میں مثالی معاشرہ نہیں پایا جاتا۔
• الجَمَالُ وَالقُبْحُ بِالنِّسْبَةِ إلَى الإنْفِعَالِ كَالْخَيْرِ وَالشَّرِّ بِالنِسْبَةِ إلَى الْفِعْلِ.	حسن وقبح جانچنے کا پیمانہ احساس اور خیر وشر جانچنے کا کا پیمانہ عمل ہے۔
• الحُكُوْمَاتُ ثَلَاثٌ: الحُكُوْمَةُ الجُمْهُوْرِيَّةُ وَالْحُكُوْمَةُ الْمَلِكِيَّةُ وَالْحُكُوْمَةُ الاستبدَادِيّة.	حکومتیں تین طرح کی ہوتی ہیں، جمہوری حکومت، شاہی حکومت، اور ڈکٹیٹرانہ حکومت۔
• الْخُرُوْجُ وَالخَلَاصُ مِنَ الْمَأزَقِ الرَّهِيْبِ.	خوفناک تنگنائے سے چھٹکارا پانا، باہر نکلنا۔
• الْخُطَبُ الطَّوِيْلَةُ تَبْعَثُ الضَّجَرَ فِي نُفُوسِ الْمُسْتَمِعِيْنَ.	لمبی تقریریں سامعین کو اکتاہٹ میں مبتلا کرتی ہیں۔
• الدَّعَاوِي الَّتِي يَكْذِبُهَا الوَاقِعُ.	وہ دعوے جن کا مشاہدہ تکذیب کردیتا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• الـذَّاكرَةُ خَدَّاعَـةٌ كَذَّابـةٌ تَخْتَلِـقُ أَحْيَانًا مَا لَا أَصل لَهُ.

یاد داشت دھوکا بھی دیتی ہے، جھوٹ بھی بولتی ہے، کبھی بھی وہ باتیں گھڑ لیتی ہے جن کی کوئی اصل نہیں ہوتی۔

• السَّعْيُ فِي إِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ.

صلح کرانے کی کوشش کرنا۔

• الشَّاعِرُ الْمُبْدِعُ يُثْرِي بِنِتَاجِه لُغَته القَوْمِيّة.

باکمال شاعر اپنے افکار کے ذریعے اپنی قومی زبان کو مالا مال کرتا ہے۔

• الـشَّرِيْعَةُ الإِسْـلَامِيَّةُ هـي جُمْلَـةُ الأَوَامِـر الإِلَهِيَّـةِ الَّتِي تُنَظِّمُ حَيَاةَ كُلِّ مُسْلِمٍ.

شریعت اسلامیہ اللہ تعالیٰ کے ان احکامات کے مجموعے کا نام ہے جو ہر مسلمان کی زندگی کو ایک نظام کے تحت لاتی ہے۔

• الـصُّفُوْفُ الأُولَى مِـنَ الْمَـسْرَحِ مَحْجُوزَةٌ لِخَاصَّةِ القَوْمِ.

تھیٹر کی اگلی تمام نشستیں خاص افراد کے لیے ریزرو ہیں۔

• الطَّاعَةُ العَمْيَاءُ الْمُطْلَقَةُ له.

کسی کی کورانہ تقلید کرنا۔

• العَالَم العَرِبِيُّ غَنِيٌّ بِثَرَواتِه الْمَادِّيَّةِ وَالبَشَرِيَّة.

عالم عرب اپنی مادی اور انسانی دولت وثروت سے مالا مال ہے۔

• القُـوَّةُ الَّـتِي تَحْـصُل مِـنْ اتِّحَـاد الْمُسْلِمِيْنَ تَكُوْنُ أعظَمَ مِنَ الَّتِي تَحْصُلُ مِن اتِّحَادِ العَرب.

مسلمانوں کے اتحاد سے حاصل ہونے والی قوت وطاقت عربوں کے اتحاد سے زیادہ عظیم ہے۔

• الكِتَابُ فِي مُجْمَلِهِ حَصَادُ تَجَارِب قَيِّمَة.

کتاب مجموعی اعتبار سے قیمتی تجربات کا نچوڑ ہے۔

• الكَاتِـبُ الْمُجِيْـدُ هُـوَ الَّـذِي يَسْتَطِيْعُ أَنْ يُلْبِسَ خَوَاطِرَه حُلَّةً قَشِيْبَةً مِنَ الْبَيَان.

بہترین صاحب قلم وہ ہے جو اپنے خیالات کو اظہار کا خوب صورت لبادہ پہنا دے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• المرجوُّ مِنْ جَمِيعِ الْمُوَاطِنِيْنَ اِلْتِزَامُ مَا يَأْتِي.

تمام اہل وطن سے درج ذیل ہدایات کی پابندی کرنے کی امید کی جاتی ہے۔

• المَنْكُوبُ فِي مَسِيْس الحَاجَة إِلَى الإِعَانَةِ.

مصیبت زدہ کو مدد کی ضرورت ہے۔

• المسَاوَاةُ مِنَ الْمبَادِيءِ الَّتِي يَدعُو إِلَيْهَا الإِسْلاَمُ.

مساوات ان اصولوں میں سے ہے جن کی دعوت اسلام دیتا ہے۔

• الْمُسْلِمُوْنَ لاَ تَحْصُرُهُمْ حُدُوْدٌ إِقْلِيمِيَّةٌ ضَيِّقَةٌ إِنَّمَا هُمْ أُمَّةٌ مُنْتَشِرَةٌ فِي مُخْتَلفِ بِقَاعِ الْعَالَمِ.

مسلمانوں کو ملکی حدود کی تنگ نائیوں میں محصور نہیں کیا جاسکتا، یہ دنیا کے مختلف خطوں میں بکھری ہوئی قوم ہے۔

• المعلِّمُ النَّاجِحُ لاَيَكْتَفِي بِتَأْنِيْبِ الْمُقَصِّرِيْنَ مِن طُلاَّبِهِ بَلْ يُحَاوِلُ تَفَهُّمَ سَبَبِ التَّقْصِيرِ وَعِلاَجَه.

کامیاب استاذ اپنے کم زور شاگردوں کو تنبیہ کرنے پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ وہ ان کی کوتاہی کے اسباب سمجھنے اور ان کا حل تلاش کرنے کی بھی کوشش کرتا ہے۔

• الْمُوَاصلاَتُ حَطَّمَتِ الحَوَاجِزَ الَّتِي تَفصِلُ بَيْنَ الأُمَمِ وَالشُّعُوبِ.

مواصلات نے ان تمام رکاوٹوں کو توڑ ڈالا ہے جو قوموں کے درمیان فاصلے پیدا کررہی تھیں۔

• الْمُؤَلِّفُ مِنَ الْمَعْرُوْفِيْنَ بِطُوْلِ بَاعِهِم فِي هَذَا الحَقل.

مصنف اس میدان میں اپنے وسیع علم کی بنا پر شہرت کے حامل ہیں۔

• الْمُؤمِنُ الحَقّ يُجَسِّدُ فِي أَعْمَالِهِ الْمبَادِيءَ الَّتِي يُؤْمِنُ بِهَا.

سچا مومن اپنے اعمال وافعال میں ان مبادیٔ کو مجسم شکل میں لاتا ہے جن پر اس کا ایمان ہے۔

• الْمُؤمِنُ يَسْتَمِدُّ مِنْ إِيْمَانِهِ ما يُجَرِّئُهُ عَلَى قَولِ الْحَقِّ فِي صرَاحَةٍ.

مومن علی الاعلان حق بات کہنے کے لیے اپنے ایمان سے جرأت کشید کرتا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• النَّاسُ خَاصُّهُمْ وعَامُّهُمْ أَمَامَ القَانُوْن سَوَاءٌ.

خاص وعام سب لوگ قانون کی نظر میں برابر ہیں۔

• الأُنْسُ بِالدِّيْنِ طَبِيْعَةُ النَّفْسِ، إِذَا سُلِبْتَ مَنْ تَأنسُ به أحْسَسْتَ بِالْوَحْشَةِ.

دین کے ساتھ انسیت فطرت کا تقاضا ہے اگر تم سے وہ چیز چھین لی جائے جس سے تم انسیت رکھتے ہو تو وحشت میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

• الحَاكِمُ الْعَاقِلُ لاَ يَبْنِي سِيَاسَتهُ عَلَى الإِسْتِخْفَافِ بعُقُولِ الجَمَاهِيْرِ.

عقل مند حکمراں عوام کو بے وقوف سمجھ کر اپنی سیاست نہیں کرتا۔

• الْمَكْتُوْبُ عَلَى الْجَبِيْنِ لاَبُدَّ أنْ تَرَاهُ الْعَيْنُ.

پیشانی پر لکھا آنکھ کو نظر آنا چاہئے۔

• الإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ.

گناہ وہ ہے جو تمہارے ضمیر کو کچوکے لگائے اور تم لوگوں پر اس کے ظاہر ہونے سے ڈرو۔

• اَلإِسْلاَمُ يَرفُضُ مَبْدَأَ الإِكْرَاهِ فِي الدِّيْنِ.

اسلام مذہب میں جبر کی نفی کرتا ہے۔

• الإِغْرَاقُ فِي الرِّبْحِ بِأَقَلِّ التِّجَارَةِ.

کم تجارت میں زیادہ نفع۔

• اِمْتَلَكَ قُلُوْبَ النَّاس بأخلاَقِهِ.

اس نے اپنے اخلاق سے لوگوں کا دل جیتا۔

• اِمْتَدَّتْ حُدُوْدُ الدَّوْلَةِ من الجَبَلِ إِلَى الْبَحْرِ.

ملک کی سرحدیں پہاڑوں سے سمندر تک پھیلی ہوئی ہیں۔

• اِنْبَثَقَ عَنِ الصِّرَاعِ السِّيَاسِيِّ عَدَدٌ مِنَ الْفِرَقِ وَالْمَذَاهِبِ.

سیاسی کش مکش کے پہلو سے بہت سے فرقے اور بہت سے مکاتب فکر نے جنم لیا۔

• اِنْتَشَرَ فِي الْبَلَدِ الذُّعْرُ وَالرَّوْعُ.

شہر میں خوف وہراس پھیل گیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إِنْحَطَّ قَدْرُهُ فِي نَظَرِي.	میری نظر میں اس کی قدر گھٹ گئی۔
• إِنْخَفَضَتْ أَرْبَاحُ الشَّرِكَةِ فَسَرَّحَتْ نِصْفَ عُمَّالِهَا.	کمپنی کا نفع کم ہوگیا اس لیے اس نے اپنے آدھے ملازمین کو سبک دوش کردیا۔
• إِنْفَجَرَ بِالْبُكَاءِ حِيْنَ عَرَفَ بِمَوْتِ أَبِيْهِ.	وہ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑا جب اس کو اپنے والد کی وفات کا پتہ چلا۔
• إِنْقَطَعَتِ الكَهْرَبَاءُ فِي الْمَدِيْنَةِ فعمَّ الظَّلَامُ.	شہر میں لائٹ کا سلسلہ منقطع ہوگیا اور اندھیرا چھا گیا۔
• إِنْبَعَثَتِ النَّهْضَةُ فِي الْوَطَنِ الْعَرَبِيِّ نَتِيْجَةَ أَسْبَابٍ وَعَوَامِلَ عَدِيْدَة.	عرب ممالک میں متعدد عوامل اور اسباب کے نتیجے میں بیداری کی لہر آئی ہے۔
• إِنْتَشَرَتِ الْمَدَارِسُ فِيْ جَمِيْعِ أَنْحَاءِ الْبِلَادِ.	ملک کے گوشے گوشے میں مدارس پھیلے ہوئے ہیں۔
• إِنْتَهَتِ الْحَرْبُ وَسَادَ السَّلَامُ.	جنگ ختم ہوگئی اور امن قائم ہوگیا۔
• أُنْظُرْ إِلَى عُيُوْبِكَ قَبْلَ أن تَتَحَدَّثَ عَنْ عُيُوْبِ النَّاسِ.	لوگوں کے عیب گنانے سے پہلے اپنے عیوب پر نظر ڈال لو۔
• إِنْفَرَجَتِ الأَزْمَةُ وعَادَتِ الْعَلَاقَاتُ بَيْنَ الْبَلَدَيْنِ إِلَى طَبِيْعَتِهَا.	بحران ختم ہوگیا اور دونوں ملکوں کے تعلقات اپنے معمول پر آگئے۔
• إِهْتَزَّتْ لِهٰذِهِ الْحَادِثَةِ دَعَائِمُ الْمُجْتَمَعِ.	اس حادثے سے معاشرے کی بنیادیں ہل گئیں۔
• إِبْتَدَعَ الطِّبُّ طَرِيْقَةً جَدِيْدَةً لِمُعَالَجَةِ السَّرْطَانِ.	میڈیکل سائنس نے کینسر کے معالجے کے لیے ایک نیا طریقہ ایجاد کیا ہے۔
• إِبْتَعَدَ رُوَيْدًا رُوَيْدًا عن....	آہستہ آہستہ دور ہونا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- إِبْتَهَلَ بِالدُّعَاءِ إِلَى رَبِّه.
  گڑگڑا کر دعا کرنا۔
- إِبْنِي يَتَكَلَّمُ ثَلَاثَ لُغَاتٍ عَلَى مُسْتَوى وَاحِد.
  میرا بیٹا تین زبانیں یکساں طریقے پر بولتا ہے۔
- إِتَّجَهَ إِلَى الشَّيْءِ.
  کسی چیز کی طرف متوجہ ہونا۔
- إِتَّخَذَ عِبَادَتَه سِتَارًا لِآثَامِهِ.
  اس نے عبادت کو اپنے گناہوں کے لیے آڑ بنالیا۔
- إِتَّخَذَه أَدَاةً تَنْفِيذِيَّةً لَهُ.
  اس نے اسے اپنا آلۂ کار بنایا۔
- إِتَّخَذَه سُلَّمًا لِأَغْرَاضِه.
  اس نے اسے اپنے مفادات کا ذریعہ بنایا۔
- إِتَّسَعَتْ إِبْتِسَامَتُه حَتَّى أَضَاءَتْ جَوَانِبَ مُحَيَّاه.
  اس کی مسکراہٹ کا دائرہ اتنا وسیع ہوا کہ اس کا پورا چہرہ دمک اٹھا۔
- إِثَارَةُ التَّسَاؤُلَاتِ عَن ....
  کسی چیز کے متعلق سوالات اٹھانا۔
- إِثَارَةُ الأَحْقَادِ وَالْمُنَازَعَاتِ.
  نفرتوں اور کدورتوں کو ہوا دینا۔
- إِثَارَةُ الْحَرْبِ لِأَتْفَهِ الأَسْبَابِ وَالْغَايَاتِ.
  حقیر مقاصد کے لیے جنگ چھیڑنا۔
- إِجْتَمَعَ رُؤَسَاءُ الدُّوَلِ العَرَبِيَّةِ فِي الرِّبَاطِ.
  عرب ممالک کے سربراہان رباط میں جمع ہوئے۔
- إِجْتَمَعَ أَعْضَاءُ الأُمَمِ الْمُتَّحِدَةِ وَتَبَاحَثُوا حَوْلَ مُشْكِلَةِ تَلَوُّثِ الْبِيئَةِ.
  اقوام متحدہ کے ممبران جمع ہوئے اور انہوں نے ماحولیاتی آلودگی کے مسئلے پر تبادلۂ خیال کیا۔
- إِجْتَهِدُوا يُحَالِفكُمُ النَّجَاحُ.
  محنت کرو، کامیابی پاؤ گے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اِجْتَهَدَ أَصْحَابُ الْمَذَاهِبِ الإِسْلاَمِيَّةِ فِي تَفْسِيْرِ بَعْضِ الآيَاتِ وَتَأْوِيْلِهَا.	اسلامی مذاہب ومسالک کے اصحاب علم نے بعض آیات کی تفسیر وتوجیہ میں بڑی عرق ریزی کی ہے۔
• اِجْتَهَدَ كَثِيْرٌ مِنَ الْمُعَرِّبِيْنَ فِي وَضْعِ كَلِمَاتٍ جَدِيْدَةٍ.	عربی زبان کے ماہرین نے نئے الفاظ کی ساخت کے لیے بڑی محنت کی ہے۔
• اِحْتِلاَلُ الشَّيْءِ بِقُوَّةٍ.	کسی چیز پر زبردستی قبضہ کرلینا۔
• اِحْتَفَظَ الْمَنْدُوْبُ بِحَقِّهِ فِي الْكَلاَمِ فِيْمَا بَعد.	نمائندے نے بعد میں بولنے کا اپنا حق محفوظ رکھا۔
• اِحْتَفَظَتِ اللُّغَةُ العَرَبِيَّةُ بِكِيَانِهَا طَوَالَ العُصُوْرِ.	عربی زبان نے صدیوں سے اپنا وجود برقرار رکھا ہے۔
• اِحْتَفَلَ بِذِكْرَى مُرُوْرِ مِئَةِ سَنَةٍ عَلَى تَأْسِيْسِ الْجَامِعَةِ.	یونی ورسٹی کے قیام کا سوسالہ جشن منانا۔
• اِحْتَلَّتْ إِسْرَائِيْلُ الأَرَاضِيَ الْعَرَبِيَّةَ بِقُوَّةٍ.	اسرائیل نے عرب سرزمین پر زبردستی قبضہ کرلیا۔
• اِحْتَرَفَ الصَّحَافَةَ بَعْدَ أَنْ هَجَرَ الشِّعْرَ.	اس نے شاعری ترک کرکے صحافت کا پیشہ اختیار کرلیا۔
• إِحْدَاثُ التَّطَوُّرِ وَالتَّحَوُّلِ ...	انقلاب اور تبدیلی پیدا کرنا۔
• إِحْمَرَّتْ عَيْنَاهُ.	اس کی آنکھیں سرخ ہوگئیں۔
• إِخْتَطَفَتْهُ يَدُ الْمَنُوْنِ وَهُوَ فِي شَبَابِهِ.	اسے جوانی میں ہی موت نے اُچک لیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- إِخْوَانُ الوِدَادِ أَقْرَبُ مِنْ إِخْوَةِ الْوِلَادِ.

محبت کی ڈوری میں بندھے ہوئے دوست سگے بھائیوں سے زیادہ قریب ہوتے ہیں۔

- ادِّخَارُ مَازَادَ عَنِ الْحَاجَةِ.

زائد از ضرورت چیز پس انداز کرنا۔

- إِذَا ابْتُلِيَ الإِنْسَانُ أَتَاه الشرُّ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ.

جب انسان کی آزمائش ہوتی ہے تو پریشانیاں چاروں طرف سے آتی ہیں۔

- إِذَا جَلَّتِ الذُّنُوْبُ فَمِنَ الْعَدْلِ أن يُغلَّظَ العقَابُ.

جب گناہ بڑے ہوں تو انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ عذاب بھی شدید ہو۔

- إِذَا دَلَّ لَفْظُ الثَّقَافَة عَلَى مَعنى الحَضَارَة كَانَ لَهُ وَجْهَان وَجْهٌ ذَاتِيٌّ وَهُوَ ثَقَافَةُ العَقلِ وَوَجْهٌ مَوْضُوْعِيٌّ وَهُوَ مَجْمُوعُ العَادَاتِ وَالأَوْضَاعِ الاجتِمَاعِيَّةِ.

لفظ ثقافت سے تہذیب مراد لینے کی دو وجہیں ہو سکتی ہے، ایک ذاتی اس کا مطلب ہے عقل کی تہذیب وشائستگی اور پختگی اور دوسری وجہ علمی، اس سے مراد قوم کی اجتماعی عادات وحالات ہیں۔

- إِذَا كَانَ الصَّدِيْقُ يُسِيئُ إِلَى الصَّدِيْقِ فَلاَ مَعْنَى لِلصُّحْبَةِ.

اگر دوست کو دوست سے تکلیف پہنچے تو مصاحبت کے کوئی معنی نہیں۔

- إِذَا كَانَ الْكَلاَمُ مِنْ فِضَّةٍ فَالسُّكُوْتُ مِنْ ذَهَبٍ.

اگر گفتگو چاندی ہے تو خاموشی سونا ہے۔

- إِذَا كَانَ مِنَ الْمُسْتَحِيْل اسْتِعَادَةُ الْمَاضِي فَإِنَّهُ مِنَ الْمُسْتَحِيلِ الانْقِطَاعُ عَنْهُ.

اگر ماضی کو واپس لانا ناممکن ہے تو اسے فراموش کر دینا بھی ممکن نہیں ہے۔

- إِذَاعَةُ الشَّيءِ فِي النَّاسِ.

لوگوں میں کسی چیز کی اشاعت کرنا، پھیلانا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أرْتَبِطُ بِهِ بِوَشَائِجَ مِنَ الْقُرْبَى لَاتَنْفَصِمُ.	میں اس کے ساتھ قربت کے نہ ٹوٹنے والے رشتوں میں منسلک ہوں۔
• إرْتَفَعَ بِهِ مِنْ مَهَاوِي الذُّلِّ إِلَى أَسْمَى دَرَجَاتِ الْعِزَّةِ.	ذلت کے گڑھوں سے نکال کر عزت کی بلندی پر پہنچانا۔
• إرْتَكَبَتْ قُوَّاتُ الإحْتِلَالِ أعْمَالاً إجرَامِيَّةً.	قابض افواج نے مجرمانہ کام کئے۔
• إرْخَاءُ الْحَبْلِ لِأَحَدٍ.	رسی ڈھیلی چھوڑنا، یعنی کسی کو مہلت دینا۔
• إسْتَعَانَ بِأَكْوَابٍ مِنَ الشَّأيِ يَحْسُوهَا هَادِئًا رَفِيْقًا.	اس نے چائے سے مدد لی اور پر سکون ہو کر پی۔
• إسْتِحْضَارُ تَارِيْخِ الأُمَّةِ بِبُطُولَاتِهِ وَقِيَمِهِ مَصْدَرُ قُوَّةٍ حَقِيْقِيَّةٍ لِلشَّعْبِ.	امت کے کارناموں اور قدروں کی تاریخ کو یادرکھنا قوم کے لیے حقیقی قوت کا سرچشمہ ہے۔
• إسْتِخْلَاصُ حَقِّ الشُّعُوْبِ مِنَ الْمُسْتَعْمِرِيْنَ وَاجِبٌ إنْسَانِيٌّ مُقَدَّسٌ.	استعماریت پسندوں سے عوامی حقوق کی بازیابی مقدس انسانی فریضہ ہے۔
• إسْتِطَابَةُ الْمَوْتِ.	موت کو اچھا سمجھنا۔
• إسْتِعْرَاضُ حَرَسِ الشَّرَفِ.	گارڈ آف آنر کا معائنہ کرنا۔
• إسْتِقْصَاءُ جَمِيْعِ الشُّرُوْطِ.	تمام شرطیں پوری کرنا۔
• إسْتِئْصَالُ الشَّيْءِ عَنِ الْجُذُوْرِ.	کسی چیز کو جڑ سے ختم کرنا۔
• إسْتَأْثَرَتْ بِهِ رَحْمَةُ اللهِ.	کسی کا انتقال ہونا۔
• إسْتَبَاحَ الشَّيءَ لِأَغْرَاضِهِ.	اپنے مقاصد کے لیے کوئی چیز جائز کرلینا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa
Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إِسْتَثْقَلَ الشَّيْءَ.	کسی چیز کا بوجھ محسوس کرنا۔
• إِسْتَثْمَرَ بَعْضُ الْحُكَّامِ مَفْهُوْمَ الْخِلَافَةِ الدِّيْنِيَّةِ أَبْشَعَ إِسْتِثْمَارٍ.	بعض حکمرانوں نے اسلامی خلافت کے مفہوم سے نہایت غلط فائدہ اٹھایا ہے۔
• إِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الْجَشَعُ وَحُبُّ الْمَالِ.	ان پر حرص اور مال کی محبت غالب آ گئی۔
• إِسْتَحْوَذَتِ الْآثَارُ الْإِسْلَامِيَّةُ فِي الْأَنْدُلُس عَلَى إِعْجَاب الْغَرْبِيِّيْن.	اندلس کے اسلامی آثار نے مغربی ملکوں کے باشندوں کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔
• إِسْتَخْدَمَ لِغَايَتِه كُلَّ وَسِيْلَةٍ.	اس نے اپنے مقصد کے لیے ہر ذریعہ استعمال کیا۔
• إِسْتَدْعَتِ الْحُكُوْمَةُ سَفِيْرَهَا لِلتَّشَاوُرِ.	حکومت نے اپنے سفیر کو مشورہ کے لیے طلب کیا۔
• إِسْتَغْرَقَتْ جَلْسَةُ لَجْنَةِ الصِّيَاغَةِ عَشَرَ سَاعَاتٍ مُتَوَاصِلَةٍ.	سبجکٹ کمیٹی کا اجلاس مسلسل دس گھنٹے جاری رہا۔
• إِسْتَقْبَلَه اسْتِقْبَالاً حَارًّا.	اس کا گرم جوشی کے ساتھ استقبال کیا۔
• إِسْتَكْرَهَهُ عَلَى فِعْلِ مَا لَا يُرِيْدُ.	اسے وہ کام کرنے پر مجبور کیا جو وہ نہیں کرنا چاہتا تھا۔
• إِسْتَمَرَّ فِي عَمَلِهِ عَلَى هٰذِهِ الْوَتِيْرَةِ.	وہ اسی طریقے پر اپنے کام میں منہمک رہا۔
• إِسْتَمَرَّتِ الْحَفْلَةُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ.	جلسہ تین دن جاری رہا۔
• إِسْتَوْلَى عَلَى هٰذَا الْمَنْزِلِ بِدَعْوَى أَنَّهُ الْوَرِيْثُ الْوَحِيْدُ لِأَبِيْهِ.	وہ اس گھر پر اس دعوی کے ساتھ قابض ہے کہ وہ ہی اپنے باپ کا تنہا وارث ہے۔
• إِسْقَاطُ جِدَارِ الصَّمْتِ.	خاموشی کی دیوار توڑنا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- اِضْطَرُّوْا فِي النِّهَايَةِ إِلَى التَّفَرُّقِ فَمَضَى كُلٌّ إِلَى سَبِيْلِه.
  آخر میں سب جدا ہونے پر مجبور ہو گئے اور ہر ایک نے اپنی اپنی راہ پکڑی۔
- إِضَاعَةُ الْقُوَّةِ عَبَثًا وَإِفْنَاءُ الْجُهْدِ فِي غَيْرِ طَائِلٍ.
  بے کار قوت ضائع کرنا، بے فائدہ کام کرنا۔
- إِطِّلَاعُه عَلَى حَقِيْقَةِ الشَّيْءِ.
  حقیقت سے واقف ہونا۔
- إِطْلَاقُ النَّارِ عَلَى غَيْرِ هُدًى.
  اندھادھند فائرنگ کرنا۔
- إِعْلَانُ الشَّيْءِ عَلَى مَلَأٍ مِنَ النَّاسِ.
  مجمع عام میں اعلان کرنا۔
- إِفْتَضَحَ الأَمْرُ.
  رسوا ہونا۔
- إِفْنَاءُ حُرِّيَّةِ الْفَرْدِ وَإِلْغَاءُ كِيَانِه.
  فرد کی آزادی ختم کرنا اور اس کا وجود مٹانا۔
- إِقْتَصَرَ عَلَى تَنَاوُلِ وَجْبَةٍ وَاحِدَةٍ فِي الْيَوْمِ.
  اس نے پورے دن میں ایک وقت کے کھانے پر اکتفا کیا۔
- إِقْتَطَعْتُ فِي الْمَقَالِ مِنْ كِتَابِه.
  میں نے اپنے مقالے میں اس کی کتاب کا اقتباس لیا۔
- إِكْتِشَافُ الْمَرْءِ لِنَفْسِه.
  اپنے آپ کو پہچاننا۔
- إِكْتِشَافُ رُدُوْدِ الْفِعْلِ.
  رد عمل جاننا۔
- إِكْرَامًا لَكَ مِنْ كُلِّ خَاطِرِي.
  دل وجان سے آپ کا احترام کرتے ہوئے۔
- إِكْسِبْ رِزْقَكَ بِالطُّرُقِ الْمَشْرُوْعَةِ.
  اپنا رزق جائز طریقوں سے کماؤ۔
- إِلَى مَتَى نَبْقَى نَنْتَظِرُ الْحَلَّ الْمَوْعُوْدَ؟
  ہم کب تک اس حل کا انتظار کریں جس کا وعدہ کیا گیا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- اِلْتِوَاءُ الشَّيْءِ وَتَعَقُّدُه.
پیچیدہ ہونا۔
- اِلْتَبَسَ الأَمْرُ عَلَيْهِ.
مشتبہ ہونا۔
- اِلْتَحَقَتِ البِلَادُ بِالدُّوَلِ الْمُتَقَدِّمَةِ النَّامِيَةِ الْمُتَحَرِّرَةِ.
ملک ترقی پذیر آزاد ممالک کی صف میں آگیا۔
- اِلْتَقَطَ لَنَا صُوَرًا تَذْكَارِيَّةً.
اس نے ہمارے یادگار فوٹو لئے۔
- اِلْتَهَبَتْ جَمَرَاتُ الشَّوْقِ وَالإِيْمَانِ الخَامِدَةُ.
ایمان اور شوق کی دبی ہوئی چنگاریاں بھڑک اٹھیں۔
- إِمْتَلَأَتْ زَهْواً عِنْدَمَا سَمِعْتُ أَحَدَهُمْ يُثْنِي عَلَى مَقَالِي.
میرا دل فخر و مسرت سے لبریز ہوگیا جب میں نے ان میں سے کسی کو اپنے مقالے کی تعریف کرتے ہوئے سنا۔
- إِنَّ نُقْطَةَ الارْتِكَازِ لِكَلَامِي هِيَ أن الدِّيْن عِنْدَ اللهِ الإِسْلَامِ.
میری گفتگو کا مرکزی نقطہ یہ ہے کہ اللہ کے نزدیک پسندیدہ دین صرف اسلام ہے۔
- إِنَّ هَذَا الجِيْلَ الجَدِيْدَ لَا يَقْوَى عَلَى مُقَاوَمَةِ الأَفْكَارِ وَالاِتِّجَاهَاتِ الَّتِي تَتَجَاذَبُه مِنْ كُلِّ مَكَانٍ.
نسل نو؛ ان افکار و رجحانات کے خلاف کمربستہ ہونے کی قوت نہیں رکھتی جو اسے چاروں طرف سے اپنی طرف کھینچ رہے ہیں۔
- إِنْجَازَاتُ هَذَا العَامِ فِي مَجَالِ الزِّرَاعَةِ تَفُوْقُ إِنْجَازَاتِ الأَعْوَامِ الثَّلَاثَةِ الْماضِيَةِ.
اس سال کی زرعی پیداوار گذشتہ تین سالوں کی زرعی پیداوار سے بڑھ گئی ہے۔
- إِنِّي لَأَوَدُّ أَنْ أَدْخُلَ هُنَا فِي التَّفْصِيْلِ.
میری خواہش ہے کہ میں یہاں کچھ تفصیل کروں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إنّ تَقَدُّمَ الْيَابَانِ فِيْ مِضْمَارِ الصِّنَاعَةِ يَدُلُّ عَلَى حَيَوِيَّةِ الشَّعْبِ الْيَابَانِي.

صنعت کے میدان میں جاپانی قوم کی ترقی اس کی مضبوطی اور قوت کی دلیل ہے۔

• إنّ مَا يَحْمِلُه مِنْ مَشَاعِرِ الْوُدِّ وَالإِخْلَاصِ يَجْعَلُنَا نَثِقُ بِحُسْنِ نِيَّتِه.

ہمارے تئیں اس کے جو مخلصانہ اور محبت سے لبریز جذبات ہیں ان کی وجہ سے ہم ان کے حسن نیت پر یقین کرتے ہیں۔

• إنِّي أَطَلْتُ التَّفْكِيْرَ فِي هَذَا الأَمْرِ.

میں نے اس سلسلے میں کافی غور وخوض کیا۔

• إنَّ الأَطْفَالَ الصِّغَارَ فِي طَوْرِ التَّقْلِيْدِ فَلابُدَّ لَهُمْ مِن القُدْوَاتِ الحَسَنَةِ.

چھوٹے بچے تقلید کے مرحلے میں ہوتے ہیں ان کے لیے اچھے نمونوں کی ضرورت ہے۔

• إنَّ الدِّيْنَ لَايَقِفُ حَجَرَ عَثْرَةٍ فِيْ سَبِيْلِ النُّهُوْضِ.

مذہب ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے۔

• إنَّ الظُّرُوفَ الْمُسْتَجِدَّةَ بِسَبَبِ الغَزْوِ الإِسْرَائِيلِيّ لِلُبْنَانَ تَتَطَلَّبُ مَوْقِفاً عَرَبِيًّا مُوَحَّداً وَإِرَادَةً وَاحِدَةً.

لبنان پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی نئی صورت حال کا تقاضا یہ ہے کہ تمام عرب ایک ہی موقف اختیار کریں اور ایک ہی عزم کریں۔

• إنَّ اللهَ يَسْمَعُ دَبِيْبَ النَّمْلَةِ السَّوْدَاءِ فِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَاءِ عَلَى الصَّخْرَةِ الصَّمَّاءِ.

اللہ تعالیٰ رات کی تاریکی میں سخت پتھر پر رینگنے والی سیاہ چیونٹی کی آواز بھی سن لیتا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إنَّ الْمِثَالَ الأَسَاسِيَّ لِلتَّطَوُّرِ الإِنْسَانِي يَقُوْمُ عَلَى تَغَلُّبِ إِنْسَانِيَّتِه عَلَى حَيَوَانِيَّتِه.

انسانی ترقی کا بنیادی تصور حیوانیت پر انسانیت کے غلبہ پر مبنی ہے۔

• إنَّ الأَهْدَافَ السَّامِيَةَ وَالْغَايَاتِ النَّبِيْلَةَ لاَتَحْصُلُ إلاَّ بَعْدَ حَيَاةٍ مِنْ أَعْمَالِ الْمُثَابَرَة.

بلند مقاصد مسلسل جدوجہد کی زندگی کے بعد ہی حاصل ہوتے ہیں۔

• إنَّ الْحَلَّ الجِذْرِيَّ لأَيَّةِ مُشْكِلَةٍ يَجِبُ أنْ يُبْدَأَ بِأَسْبَابِهَا لاَ بِمَظَاهِرِهَا.

کسی بھی مسئلے کا بنیادی حل اس کے حقیقی اسباب کو سامنے رکھ کر کیا جاتا ہے نہ کہ ظاہری صورت حال کو دیکھ کر۔

• إنَّ الْحَيَاةَ كُلَّهَا غُرُوْرٌ.

زندگی سراسر دھوکہ ہے۔

• إنَّ الْعِلْمَ لاَيُنَاقِضُ الدِّيْنَ.

علم (سائنس) دین کے مخالف نہیں ہے۔

• إنَّ الْكَثِيْرَ مِنَ الشَّبَابِ الْمثقَّفِين لاَيَهْتَمُّ بِهَذَا الأَمْرِ.

اکثر تعلیم یافتہ نوجوان اس کی پرواہ نہیں کرتے (اہتمام نہیں کرتے)۔

• إنَّ الْوَضْعَ فِي الْبِلاَدِ يُنْذِرُ بِالْخَطَرِ.

ملک کی صورت حال خطرات سے آگاہ کر رہی ہے۔

• إنَّ الإِسْلاَمَ يُبَايِنُ كُلَّ الْمَذَاهِبِ وَالأَفْكَارِ الوَضْعِيَّةِ اِعْتِقَادًا وَتَصَوُّرًا وَمَنْهجًا.

اسلام عقیدہ، تصور اور طور طریقوں کے اعتبار سے تمام مصنوعی افکار اور مذاہب کے خلاف ہے۔

• إنَّ اِنْتِشَارَ الدِّيْنِ الإِسْلاَمِيِّ جَرَى فِي بَعْضِ الأَقْطَارِ بِصُوْرَةٍ مُسْتَقِلَّةٍ عَنْ تَأْثِيْرِ السُّلْطَاتِ.

اصحاب اقتدار کے اثرات کی بناء پر بعض ملکوں میں دین اسلام کی اشاعت منتقل طور پر جاری رہی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إِنَّ أَمْرِيكَا بِجَبَرُوْتِهَا لَمْ تَسْتَطِعْ إِخْضَاعَ الشَّعْبِ الْفِيْتْنَامِيِّ.

امریکہ اپنی بے پناہ طاقت کے باوجود ویتنامی قوم کو جھکا نہیں سکا۔

• إِنَّ تَغَيُّبَ الطَّالِبِ عَنِ الْمَدْرَسَةِ قَدْ يَؤُوْلُ إِلَى فَشْلِهِ.

طالب علم کے مدرسے سے غائب رہنے کا انجام ناکامی ہے۔

• إِنَّ سِيَاسَةَ التَّسَامُحِ تَحْمِلُ بَعْضَ النَّاسِ عَلَى الاعْتِقَادِ بِأَنَّهَا نَتِيْجَةُ ضُعْفٍ.

درگزر کر دینے والی پالیسی سے بعض لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ ایسا کمزوری کے نتیجے میں کیا گیا ہے۔

• إِنَّ عَقَارِبَ السَّاعَةِ لَنْ تَعُوْدَ إِلَى الْوَرَاءِ.

گھڑی کی سوئیاں پیچھے نہیں ہٹتیں۔

• إِنَّ قَلْبِي لَيَتَصَدَّعُ حِيْنَ أُفَكِّرُ بِأَنَّ فَرِيْقًا مِنَ الْخَلْقِ يَتَضَوَّرُ جُوْعًا وَلَيْسَ فِي وُسْعِي أَنْ أُسَاعِدَهُ.

میرا دل ٹکڑے ٹکڑے ہونے لگتا ہے جب میں یہ سوچتا ہوں کہ اللہ کے کچھ بندے بھوک سے بلبلا رہے ہیں اور میں ان کی کوئی مدد نہیں کر سکتا۔

• إِنَّ كُلَّ مُحَاوَلَاتِ التَّظَاهُرِ بِالْقُوَّةِ لَمْ تَجْعَلْ مِنْهُ رَجُلاً مُهِيْباً مَرْهُوْبَ الْجَانِبِ.

اپنی طاقت ظاہر کرنے کی جتنی کوششیں اس نے کی ہیں ان سے وہ خوفناک اور خطرناک انسان نہ بن سکا۔

• إِنَّ لِلسُّلْطَةِ عُيُوْنَهَا وَجَوَاسِيْسَهَا لِمُرَاقَبَةِ الْعَدُوِّ.

دشمن کی نگرانی کے لیے حکومت کے اپنے جاسوس ہوتے ہیں۔

• إِنَّ مِثْلَ هٰذَا التَّفْكِيْرِ يَبْدُو مُضْحِكًا.

سوچنے کا یہ ڈھنگ مضحکہ خیز ہے۔

• إِنَّ وَحْدَةَ الْبِلَادِ لَابُدَّ أَنْ تُصَانَ بِأَيِّ ثَمَنٍ.

ملک کے اتحاد کو ہر قیمت پر محفوظ رکھنا ناگزیر ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إنَّ هَذَا لاَيُغيِّرُ مِنْ وَضْعِه شَيْئاً.
اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

• إنَّ هَـذَا الْكِتَـابَ لَمْ يُـوَفِّ الْمَوْضُوْعَ حَقَّ قَدْرِه.
اس کتاب نے موضوع کا صحیح حق ادا نہیں کیا ہے۔

• إنَّ هَذَا الْمَوْضُوْعَ- كَمَا لاَ يَخفَى عَلَيْكَ - لَيسَ بجَدِيْدٍ.
یہ موضوع جیسا کہ آپ جانتے ہیں کوئی نیا موضوع نہیں ہے۔

• إنَّ هَذَا لَشَاعِرٌ يَتَمَيَّزُ حَقًّا بِقُوَّةِ الابتكَار.
یہ وہ شاعر ہیں جو حقیقی طور پر تخلیقی صلاحیت میں ممتاز ہیں۔

• إنَّكَ عَرَفْتَ حِيْنَ تَرَكْتَنِي أَنَّ بَيْنَ جَنْبِيَّ نَاراً تَضْطَرِمُ.
تمہیں معلوم ہے کہ جب تم نے مجھے چھوڑا تو میرے دل میں آگ بھڑک رہی تھی۔

• إنَّنَا رَهْنُ إشَارَةٍ وَطَوْعُ أَمْرٍ.
ہم اشارے کے منتظر اور حکم کے پابند ہیں۔

• إنَّنَـا سَنَحْـصُلُ عَلَـى حُقُوْقِنَـا الْمَشْرُوْعَةِ.
ہم اپنے جائز حقوق حاصل کر کے رہیں گے۔

• إنَّنَا لاَنَعِيْشُ فِي الأَحْلاَمِ.
ہم خوابوں کی دنیا میں نہیں رہتے۔

• إنَّنَا نُدْرِكُ تَمَامَ الْوَعْيِ.
ہم اچھی طرح سمجھتے ہیں۔

• إنَّنَا نُؤْمِنُ بِأَنَّ كُلَّ تَقَدُّمٍ مَادِيٍّ لاَبُدَّ أَنْ يَسْبقَهُ التَّقَدُّمُ الْمَعْنَوِيُّ وَالْخُلْقِيُّ.
ہمارا ایمان ہے کہ ہر مادی ترقی سے پہلے معنوی اور اخلاقی ترقی ضروری ہے۔

• إنَّه خَرَّ صَرِيْعًا.
چاروں خانے چت گر گیا۔

• إنَّه خَطَبَ زُهَاءَ سَاعَةٍ وَالنِّصْفِ.
اس نے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک تقریر کی۔

• إنَّه صَنَعَ تَارِيْخَه بِنَفْسِه.
اس نے اپنی تاریخ خود بنائی ہے۔

• إنَّه طَرِيْقٌ شَاقٌّ مُرهِقٌ.
یہ ایک سخت اور دشوار گذار راستہ ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- إِنَّه كَانَ مَازَالَ مُتْعِبًا.
  وہ تھکا تھکا رہا۔
- إِنَّه لَايَجْرُؤُ عَلَى التَّفْكِيرِ فِي ذٰلِكَ الشَّيْءِ.
  وہ اس بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔
- إِنَّه لَايَخْشَى لَوْمًا يُوَجَّهُ إِلَيْهِ.
  وہ ملامت سے نہیں ڈرتا۔
- إِنَّه لَمْ يَأْخُذْ دَرْسًا مِنَ التَّارِيخِ.
  اُس نے تاریخ سے کوئی سبق حاصل نہیں کیا۔
- إِنَّه يَقْتَرِنُ سِرًّا بِامْرَأَةٍ سَاقِطَةٍ.
  وہ خفیہ طور پر ایک بازاری عورت سے ملا ہوا ہے۔
- إِنَّهَا بَادِرَةٌ جَدِيدَةٌ فِي نَوْعِهَا.
  یہ اپنی نوعیت کی پہلی پیش قدمی ہے۔
- إِنَّهُ أَمَامَ مَسْئُولِيَّةٍ كَبِيرَةٍ.
  اس کے سامنے ایک بڑی ذمہ داری ہے۔
- إِنَّهُ حَرِيصٌ عَلَي الإلْتِزَامِ بِوُعُوْدِهِ.
  وہ اپنے وعدوں کی بہت زیادہ پابندی کرتا ہے۔
- إِنَّـهُ لَمْ يَكُـنْ يَبْتَغِي جَاهـاً وَلاَ إِسْتِعْلَاءً وَلَابُعْدَ صَوْتٍ.
  اسے عزت و مرتبہ اور شہرت کی خواہش نہیں ہے۔
- إِنَّهُ لَمْ يَكُـنْ يَتَوَقَّعُ هَـذِهِ الْحَفَـاوَةَ وَالْإِكْرَامَ البَالِغَ.
  اسے اس قدر اعزاز و اکرام کی توقع نہ تھی۔
- إِنَّهُ يَتَعَيَّرُ مِنْ مُجَالَسَتِكَ وَيَتَقَزَّزُ مِنَ الأَكْلِ مَعَكَ.
  وہ تمہارے ساتھ بیٹھنے میں عار اور کھانے میں گھن محسوس کرتا ہے۔
- إِنَّـهُ يُحِـبُّ التَّمَلُّـقَ وَالْمُجَامَلَـةَ وَالإِطْرَاءَ .
  وہ خوشامد، چاپلوسی اور تعریف پسند کرتا ہے۔
- إِنْبَثَقَ مِـنْ بَـيْنِ جَمَـاهِيْرِ الـشَّعْبِ قَائِدٌ يُدَافِعُ عَنْ مَصَالِحِ الأُمَّةِ.
  عوام الناس کے درمیان سے ایک ایسا قائد اٹھا جوامت کے مفادات کا دفاع کرتا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اِنْبَثَقَ فَجْرُ النَّهْضَةِ العَرَبِيَّةِ الْحَدِيْثَةِ فِي بِدَايَةِ الْقَرْنِ التَّاسِعَ عَشَرَ.	عربوں کی موجودہ بیداری کی صبح انیسویں صدی کے آغاز میں طلوع ہوئی۔
• اِنْتِهَاكُ حُرْمَةِ الإِنْسَانِ، وَإِهْدَارُ كَرَامَتِه.	انسان کی بے حرمتی کرنا۔
• إِنْتَاجُ نَفسِه وَوَحْيُ عَقْلِه.	طبع زاد۔
• اِنْتَشَرَ الوَبَاءُ فِي الْمَدِيْنَة وَلَمْ يَأْمَنْ منه حَيٌّ مِنْ أَحْيَائِهَا.	شہر میں وبا پھیل گئی اور کوئی بھی محلہ اس سے محفوظ نہیں رہا۔
• اِنْتَشَرَتِ الْمَدَارِس الْقُرْآنِيَّة وَسَطَ التَّجَمُّعَاتِ الإِسْلاَمِيَّة فِي إِفرِيقيا.	افریقہ کی مسلم آبادیوں کے درمیان قرآنی مکاتب پھیلے ہوئے ہیں۔
• اِنْتَظِرْنِي فِي رَدْهَةِ الْبَيْتِ فَسَأَحْضُر إِلَيْكَ بَعْدَ دَقَائِق.	آپ گھر کے ہال میں میرا انتظار کریں میں چند منٹ کے بعد آتا ہوں۔
• اِنْتَهَتِ الْحَفْلَةُ بَيْنَ تَصفِيْقَاتِ الْفَرَحِ وَالتَّحَمُّسِ.	جوش اور خوشی کی تالیوں کی گونج میں جلسہ ختم ہوا۔
• اِنْجَابَتْ عَنْه غِشَاوَةُ الغَفْلَةِ وَالضَّلاَلِ.	غفلت اور گمراہی کا پردہ ہٹ گیا۔
• اِنْجَرَفَ نَفَرٌ مِنَ الشَّبَابِ فِي حَرَكَات العَبث وَاللَّهْوِ.	کچھ نوجوان لہو ولعب میں پوری طرح مشغول ہیں۔
• اِنْحَطَّتِ الأَخْلاَقُ اِنْحِطَاطًا عَظِيْمًا.	اخلاق بہت زیادہ خراب ہو گئے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- إنطبَعَ الشَّيءُ فِي الْقَلْبِ اِنْطِبَاعَ السَّهْمِ فِي الصَّدْرِ.
  دل میں اس طرح نقش ہونا جس طرح تیر سینے میں پیوست ہوتا ہے۔
- إنفَرَطَ عِقْدُ حَيَاتِه.
  اس کی زندگی ختم ہوگئی۔
- إنْفَصَلَ أَحَدُ الأَقَالِيْمِ عَنِ الْبِلَادِ وَأَعْلَنَ اسْتِقْلَالَهُ.
  ایک صوبہ ملک سے الگ ہوگیا اور اس نے اپنی آزادی کا اعلان کردیا۔
- إنْفَصَمَتْ بَيْنَهُمَا عُقْدَةُ الزَّوَاجِ.
  ان کے درمیان ازدواجی رشتہ منقطع ہوگیا۔
- إنْقَشَعَتْ عَنْ نَفْسِه سَحَائِبُ الْوَهْمِ.
  اس کے دل سے شکوک وشبہات کے بادل چھٹ گئے۔
- إنْقَطَعَ رَجَائُه مِنَ الْحَيَاةِ.
  زندگی سے مایوس ہوگیا۔
- إنْقَطَعَ لِسَانُ الْمُعْتَرِضِيْنَ.
  معترضین کی زبان گنگ ہوگئی۔
- إنْقَلَبَتْ حَيَاتُه ظَهْرًا لِبَطْنٍ.
  کایا پلٹ ہوگئی، اس کی زندگی بدل گئی۔
- إنْهَمَكَ فِيْ تَأْلِيْفِ الْكِتَابِ.
  وہ کتاب کی تالیف میں مصروف ہے۔
- إهْتَزَّ الرَّأْيُ الْعَامُّ الْعَالَمِيُّ لِلمجَازِرِ الَّتِي ارتَكَبَتْهَا الْبوذِيَةُ فِي "بورما".
  عالمی رائے عامہ اجتماعی قتل کے ان واقعات سے لرز اٹھی جن کا ارتکاب برما میں بدھسٹوں نے کیا ہے۔
- إيْجَادُ الإِنْسِجَامِ بَيْنَ أَطْرَافِ الشَّيْءِ .
  جوڑنا، ربط پیدا کرنا۔
- إيْصَادُ الْبَابِ عَلَى نُفُوْذِ الشَّيْءِ.
  کسی چیز کے نفوذ کی راہیں مسدود کردینا۔
- إيْقَافُ السَّيَّارَةِ فِي هَذَا الْمَكَانِ مَمْنُوْعٌ.
  یہاں گاڑی کھڑی کرنا منع ہے۔
- أَرْجَعَ دَيْنَهُ عَلَى أَقْسَاطٍ.
  اپنا قرض قسطوں میں ادا کیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَسْفَرَ الصُّبْحُ وَبَعْدَ قَلِيْلٍ سَتُسْفِرُ الشَّمْسُ.	صبح ہوگئی اور اب کچھ دیر کے بعد سورج نکل آئے گا۔
• أَصْدَرَ البَنْكُ الْمَرْكَزِيُّ ورَقَةً نَقْدِيَّةً جَدِيْدَةً ذَاتَ عَشْرِ رُوْبيَات.	مرکزی بینک نے دس روپیہ کا ایک نیا نوٹ جاری کیا ہے۔
• اَلانْكِمَاشُ عَلَى النَّفْسِ وَالإِنْطِوَاءُ عَلَيْهَا.	اپنے آپ میں سکڑے رہنا۔
• اَلأَصْلُ فِي عَمَلِيَّةِ التَّجْرِيْدِ الذِّهْنِيِّ رَاجِعٌ إلى قُدْرَةِ العَقْلِ عَلَى إِسْتِخْلَاصِ مَعْنَى الأَشْيَاءِ الْمَوْضُوْعِيَّةِ الْمَحْسُوْسَةِ مِنْ ظَوَاهِرِهَا وَأَشْكَالِهَا اللاَّمُتَنَاهِيَّة.	ذہن کو یکسو بنانے کا عمل دراصل عقل کو اس بات کی قدرت فراہم کرتا ہے کہ وہ موضوعی اور محسوس کی جانے والی اشیاء کی لا متناہی شکلوں اور ظاہری صورتوں کے درمیان صحیح مفہوم نکال سکے۔
• اَلأَلَمُ يَحُزُّ النَّفْسَ.	غم دل کو خون کرتا ہے (کاٹتا ہے)۔
• اَلبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ وَالإِثْمُ مَاحَاكَ فِي الصَّدْرِ.	نیکی وہ عمل ہے جس پر دل مطمئن ہو، اور گناہ وہ ہے جو دل میں راسخ ہو جائے۔
• اَلتَدَخُّلُ فِي الشُّؤُوْنِ الشَّخْصِيَّةِ.	ذاتی معاملات میں مداخلت کرنا۔
• اَلتَّغْيِيْرُ الَّذِيْ حَدَثَ فِي الشَّرْقِ إِنَّمَا حَدَثَ لِلْمُتَثَقِّفِيْنَ لِكَثْرَةِ اِتِّصَالِهِم بِالأَجَانِبِ.	مشرق میں جو تبدیلی رونما ہو رہی ہے وہ اس لیے ہو رہی ہے کہ ہمارے تعلیم یافتہ لوگ غیروں کے ساتھ زیادہ گھل مل رہے ہیں۔
• اَلتَّخَبُّطُ فِيْ مَيَادِيْنِ الْوَهْمِ وَالزَّيْغِ وَالضَّلاَلِ.	وہم اور ضلالت وگمراہی کی وادیوں میں بھٹکنا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- اَلتَّصْفِيقُ لِلْفِكْرَة.

تائید کرنا (تالی بجاکر)۔

- اَلتَّعْلِيمُ الْجَامِعِي الَّذِيْ كَانَ فِيْ غَايَةِ الضَّآلَةِ قَدْ تَوَسَّعَ وَبَدَأَ يُعْطِي ثِمَارَه.

یونی ورسٹی کی تعلیم بہت معمولی سطح کی تھی، اب اس میں وسعت پیدا ہوگئی ہے اور اس کے نتائج بھی اچھے آنے لگے ہیں۔

- اَلتَّقَلُّبُ فِي الْمَضْجَعِ.

بستر پر کروٹیں بدلنا۔

- اَلتَّمَرُّدُ عَلَى الشَّهَوَاتِ.

خواہشات کے خلاف بغاوت کرنا۔

- اَلتَّوَصُّلُ إِلَى نَتِيْجَةٍ.

کسی نتیجے پر پہنچنا۔

- اَلْجَوُّ حَارٌّ فِي هَذِهِ الْبِلَادِ خِلَالَ الصَّيْفِ وَقَدْ تَبْلُغُ دَرَجَةُ الْحَرَارَةِ أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ دَرَجَةٍ فِهرِنْهَايتِيَّة.

اس ملک میں گرمی کے موسم میں موسم گرم رہتا ہے اور درجۂ حرارت سو ڈگری سیلئس سے بڑھ جاتا ہے۔

- اَلسَّبَبُ الرَّئِيْسِيُّ لِعَدَمِ نَجَاحِكَ هُوَ تَرَدُّدُكَ.

تمہاری ناکامی کی بنیادی وجہ تمہارا گومگو والا رویّہ ہے۔

- اَلشِّعْرُ إِذَا تُرْجِمَ نَثْرًا ذَهَبَ بَهَاؤُهُ وضَاعَ رُوَاؤُهُ وَبَهِتَ رَوْنَقُهُ.

شعر کو جب نثر میں تبدیل کیا جاتا ہے تو اس کی خوب صورتی، اس کی آب تاب اور اس کی رونق ختم ہو جاتی ہے۔

- اَلشَّمْسُ تُلْقِي عَلَى الْأَرْضِ رِدَاءً مِنَ النُّوْرِ نَقِيًّا.

سورج زمین پر نور کی صاف ستھری چادر پھیلا رہا ہے۔

- اَلصَّبْرُ حِيْلَةُ مَنْ لَا حِيْلَةَ لَه.

مجبوری کا نام صبر۔

- اَلصَّفَحَاتُ الَّتِيْ اِنْطَوَتْ فِي ظِلِّ النِّسْيَانِ.

وہ صفحات جو نسیاً منسیاً ہو گئے۔

- اَلضَّرْبُ عَلَى الْوَتَرِ الْحَسَّاسِ.

رگِ احساس پر چوٹ مارنا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- اَلنَّزَعَاتُ الإِقْلِيمِيَّةُ مِنَ الْعَوَامِلِ الَّتِي بَاعَدَتْ بَيْنَ الْعَرَبِ وَتَحْقِيقِ وَحْدَتِهِم.

علاقائیت پرستی کا رجحان ان عوامل میں سے ہے جس نے عرب اور ان کے اتحاد کے درمیان دوری پیدا کر دی ہے۔

- اَلنَّيْلُ مِنْ مَكَانَتِه.

کسی کا مرتبہ گھٹانا۔

- اَلنُّفُوْذُ إِلَى أَعْمَاقِ الْحَقِيقَةِ.

گہرائی تک پہنچنا۔

- اَلإِسْتِقَامَةُ وَالإِسْتِقْرَارُ عَلَى أُفُقِ الإِيْمَانِ.

ایمان کے راستے میں ثبات قدمی اور استقامت۔

- اَلإِسْتِهَانَةُ بِالْحَيَاةِ.

زندگی کو حقیر سمجھنا۔

- اَلإِنْحِرَافُ عَنْ سَوَاءِ الطَّرِيْقِ.

سیدھے راستے سے بھٹکنا۔

- اَلإِنْطِوَاءُ عَلَى النَّفْسِ.

اپنے آپ میں محدود رہنا۔

- اَلإِنْقِطَاعُ إِلَى عَمَلٍ وَالْعُكُوفُ عَلَيْهِ.

کسی کام میں پوری طرح مشغول ہونا۔

- اَلإِهْتِدَاءُ بِنُورِ الْهُدَى الإِلٰهِي.

خدائی ہدایت کے نور سے رہنمائی پانا۔

- اَلْأَخْذُ بِالتَّدَابِيْرِ اللَّازِمَةِ.

ضروری تدابیر اختیار کرنا۔

- اَلْأَقْطَارُ الْمُتَأَخِّرَةُ أَوِ الْمُتَخَلِّفَةُ صِنَاعِيًّا تُسَمَّى الْيَوْمَ بِالأَقْطَارِ النَّامِيَةِ.

صنعتی اعتبار سے پس ماندہ اور پچھڑے ہوئے ممالک آج ترقی یافتہ ملک کہلاتے ہیں۔

- اَلْأَمَانَةُ وَالصِّدْقُ هُمَا رَكِيْزَتَانِ فِيْ عَمَلِكَ.

امانت داری اور سچائی دونوں تمہارے عمل کے دوستون ہیں۔

- اَلْأَوْضَاعُ تَزِيْدُ سُوءً عَلَى سُوءٍ.

حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْبِيئَةُ وَالْوِرَاثَةُ مِنْ أَهَمِّ الْمُكَوِّنَاتِ فِي بِنَاءِ شَخْصِيَّةِ الإِنْسَانِ.	ماحول اور موروثی روایات انسانی شخصیت کی تعمیر کے اہم تشکیلی عناصر ہیں۔
• اَلْحَدِيْثُ الَّذِي لاَ رَأسَ لَهُ وَلاَذَيْلَ.	بے سروپابات۔
• اَلْحَرْبُ أَسْفَرَتْ عَنِ الإِخْفَاقِ وَالْفَشْلِ.	جنگ ناکام ہوگئی۔
• اَلْحَضَارَةُ آخِذَةٌ فِي الإِنْهِيَارِ.	تہذیب زوال کی طرف بڑھ رہی ہے۔
• اَلْحَقِيْقَةُ الَّتِي تَتَفَرَّعُ عَنْهَا الْحَقَائِقُ الأُخْرَى.	وہ حقیقت جس سے دوسرے حقائق جنم لیتے ہیں۔
• اَلْحَيَاةُ تَنْبَعُ مِنَ الْمَوْتِ وَالنَّصْرُ يَنْبَعُ مِنَ الهَزِيْمَةِ.	زندگی موت سے اور فتح شکست سے جنم لیتی ہے۔
• اَلْخُرُوجُ مِنَ التَّخَلُّفِ.	پس ماندگی سے نکلنا۔
• اَلْعَارُ الَّذِيْ لَحِقَ بِنَا لاَيَغْسِلُه مَاءُ سَبْعَةِ أَبْحُرٍ.	جو ذلت ہمیں اٹھانی پڑی ہے اسے سات سمندروں کا پانی بھی نہیں دھو سکتا۔
• اَلْعَدُوُّ رَابِضٌ مِنْ وَرَائِكُمْ يَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَائِرُ.	دشمن تمہارے پیچھے گھات لگائے بیٹھا ہے۔
• اَلْعَمَلُ عَلَى تَحْقِيْقِ الأَهْدَافِ.	مقاصد کی تکمیل کے لیے جدوجہد کرنا۔
• اَلْعَوْدُ إِلَى صَوْتِ الْعَقْلِ وَالضَّمِيْرِ.	عقل اور ضمیر کی آواز کی طرف واپس آنا۔
• اَلْعَيْشُ فِي الْبُرْجِ الْعَاجِي.	خیالات کی دنیا میں رہنا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْعَيْنُ تَبْصُرُ، وَالأُذُنُ تَسْمَعُ، وَالْقَلْبُ يَشْعُرُ، وَالْعَقْلُ يُفَكِّرُ، وَالْجَوَارِحُ تَعْمَلُ.

آنکھ دیکھتی ہے، کان سنتا ہے، دل محسوس کرتا ہے، عقل سوچتی ہے، اور اعضاء عمل کرتے ہیں۔

• اَلْعُيُوبُ تَحُطُّ مِنْ شَرَفِ الإِنْسَانِ.

عیوب انسان کی قدر وقیمت گھٹا دیتے ہیں۔

• اَلْفِدَائِيُّ لاَ يَجْبُنُ عَنْ مُوَاجَهَةِ الْمَوْتِ دِفَاعاً عَنْ حُقُوقِ شَعْبِهِ.

اپنی قوم کے حقوق کی دفاع کے لیے فدائی موت کا سامنا کرنے میں بزدلی نہیں دکھاتا۔

• اَلْفِصَالُ عَنْهُ أَشَقُّ عَلَى النَّفْسِ مِنْ فِطَامِ الصَّبِيِّ عَنِ الرِّضَاعِ.

اس کی جدائی بچے کے دودھ چھوڑنے سے زیادہ دشوار ہے۔

• اَلْفَجْوَةُ الَّتِي لاَتُعْبَرُ وَلاَيُقَامُ عَلَيْهَا مِعْبَرٌ.

وہ خلیج جو پٹ نہیں سکے گی۔

• اَلْقِيَامُ بِفَرِيْضَةِ السَّاعَةِ.

وقت کا تقاضا پورا کرنا۔

• اَلْقُوَّةُ الَّتِي لاَتَنْضِبُ وَلاَتَنْمَحُوْ وَلاَتَضْعُفُ.

وہ قوت جو نہ خشک ہو، نہ مٹے اور نہ کمزور پڑے۔

• اَلْكَدْحُ فِي سَبِيْلِ النُّهُوضِ.

ترقی کی راہ میں جدوجہد۔

• اَلْكَسَلُ وَالإِهْمَالُ سَبَبَانِ مِنْ أَسْبَابِ الْفَشَلِ.

ناکامی کے اسباب میں سے دو سبب سستی اور لاپرواہی ہیں۔

• اَلْكَلاَمُ الطَّيِّبُ يَجْمُلُ مَعَ الأَصْدِقَاءِ فَهُوَ يَحْفَظُ مَوَدَّتَهُمْ وَيَجْمُلُ مَعَ الأَعْدَاءِ فَهُوَ يُطْفِئُ خُصُوْمَتَهُمْ.

دوستوں کے ساتھ اچھی گفتگو ان کی محبت اور تعلق کو محفوظ بناتی ہے اور دشمنوں کے ساتھ اچھی بات ان کی دشمنی کی آگ کو ٹھنڈا کرتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْمَسَافَةُ بَيْنَ الْمَدِيْنَتَيْنِ قَصِيْرَةٌ.	دونوں شہروں کے درمیان فاصلہ کم ہے۔
• اَلْمَلأُ الْعَظِيْمُ مِنَ النَّاسِ.	لوگوں کا اژدحام۔
• اَلْمُجْتَمَعُ الْفَاضِلُ الذي يُنْشِدُه القرآنُ وَيَدْعُو إِلَيْهِ.	وہ بہترین معاشرہ جس کی طرف قرآن بلاتا ہے۔
• اَلْمُحَافَظَةُ عَلَى الْعَقِيْدَةِ وَاِحْتِرَامُهَا وَالاِسْتِمْسَاكُ بِهَا.	عقیدے کی حفاظت کرنا، اس کا احترام کرنا اور اسے مضبوط پکڑنا۔
• اَلْمُحَاوَلَةُ فِي عَبَثٍ.	بے مقصد جدوجہد کرنا۔
• اَلْمُسْلِمُ الْحَقُّ يَسْتَبْشِعُ الْغَشَّ وَالظُّلْمَ مِنْ أَجْلِ مَكْسَبٍ دُنْيَوِي.	سچا پکا مسلمان دنیاوی فائدے کے لیے بے ایمانی اور ظلم وزیادتی کو نہایت برا تصور کرتا ہے۔
• اَلْمُسْلِمُوْنَ أُمَّةٌ وَاحِدَةٌ مَهْمَا اِخْتَلَفَ أَجْنَاسُهُمْ وَتَبَايَنَتْ لُغَاتُهُمْ وَتَبَاعَدَتْ أَوْطَانُهُمْ.	مسلمان امت واحدہ ہیں خواہ ان کی جنسیت ان کی زبان اور ان کا وطن مختلف ہی کیوں نہ ہو۔
• اَلْمُسْلِمُوْنَ جَسَدٌ وَاحِدٌ لاَيَجُوْزُ تَمْزِيْقُ أَعْضَائِهِ مَهْمَا كَانَتِ الشِّعَارَاتُ وَالغَايَاتُ.	مسلمان ایک جسم کی طرح ہیں، اس کے اعضا کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا جائز نہیں، خواہ نعرے کچھ بھی ہوں، مقاصد کچھ بھی ہوں۔
• اَلْمُغَالاَةُ فِي الْجَزَاءِ بِأَيْسَرِ الْعَمَلِ.	معمولی کام پر زیادہ اجرت۔
• اَلْمُفَكِّرُ الْمُبْدِعُ يَتَمَيَّزُ بِقُدْرَتِهِ عَلَى بَلْوَرَةِ آرَائِهِ وَأَفْكَارِهِ.	تخلیقی مفکر اپنے افکار اور آراء واضح طور پر ظاہر کرنے پر قدرت رکھنے کی وجہ سے امتیازی شان رکھتا ہے۔
• اَلْوَاقِعُ الَّذِي لاَيُنْكَرُ.	ناقابل انکار حقیقت۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- وَصَلَ إِلَى الْإِيْمَانِ بِطَرِيْقِ الْبُرْهَانِ لَاالتَّقْلِيْدِ وَبِطَرِيقِ الْحُجَّةِ لَاالتَّبَعِ وَبِطَرِيْقِ الْإِقْنَاعِ وَالْإِطْمِئْنَانِ لَا الْعَادَةِ وَالْوِرَاثَةِ.

  وہ ایمان تک دلیل، حجت اور اطمینان ویقین کی راہ سے پہنچا تقلید، اتباع اور عادت ووراثت کی راہ سے نہیں۔

- اَلْهِجْرَةُ مِنْ بَلَدٍ إِلَى بَلَدٍ وَالتَّجَنُّسُ بِجِنْسِيَّتِه أَصْبَحَتْ ظَاهِرَةً مَأْلُوْفَةً فِي هٰذَا الْعَصرِ.

  ایک ملک سے دوسرے ملک کی طرف ہجرت کرنا یا وہاں کی شہریت حاصل کرنا اس دور کی ایک جانی پہچانی صورت حال ہے۔

- اَلْهُبُوْطُ إِلَى الْحَضِيْضِ.

  پستی میں گرنا۔

- اَلْيَوْمُ الَّذِيْ لَايُنْسٰى.

  یادگار دن۔

- اَلْإِجَابَةُ قَابِعَةٌ فِي نَفْسِ السُّؤَالِ وَصُلْبِه.

  جواب نفسِ سوال میں موجود ہے۔

- اَلْإِسْلَامُ دِيْنُ العِزَّةِ لَا الْخُنُوعِ.

  اسلام عزت کا دین ہے نہ کہ ذلت کا۔

- اَلْإِسْلَامُ يُعَالِجُ الْقَضَايَا الاجْتِمَاعِيَّةَ عَلٰى أَسَاسٍ مَعْنَوِيٍّ نَابِعٍ مِنَ الْعَقِيْدَةِ.

  اسلام اجتماعی مسائل کا علاج عقیدے سے جنم لینے والی روحانی بنیادوں پر کرتا ہے۔

- اَلْإِقْلَاعُ عَنِ الْمَعَاصِي.

  گناہوں سے باز آنا۔

- اَلْإِقْلَاعُ عَنِ اللَّهْوِ وَاللَّعِبِ.

  لہو ولعب ترک کرنا۔

- اَلْإِنْتَاجُ الصِّنَاعِيُّ لَا يُلَبِّي إِحْتِيَاجَاتِ الْمُوَاطِنِيْنَ.

  صنعتی پیداوار سے باشندگان ملک کی جملہ ضرورتوں کی تکمیل نہیں ہوتی۔

- اَلْإِنْذَارُ بِسُوْءِ الْمَصِيْرِ.

  برے انجام سے ڈرانا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- اَلإنْـسَانُ لَايَـزَالُ أَسِيْـرَ غَرَائِـزِهِ وَأَطْمَاعِهِ الجَمُوْحِ.

انسان ہمیشہ اپنی طبعی خواہشات اور سرکش عادات کا غلام رہتا ہے۔

- اَلإيْمَـانُ يَغْلِـبُ العَـدَدَ، وَالْعَزِيْمَـةُ تَغْلِـبُ الْكَثْـرَةَ، وَالنِّظَـامُ يَغْلِـبُ الزِّحَامَ.

ایمان تعداد پر، عزم کثرت پر اور نظام بھیڑ پر غالب رہتا ہے۔

- اَلإيْمَــانُ بِوَحْدَانِيَّــةِ اللهِ عِنْــدَ الْمُسْلِمِ مَسْأَلَةٌ لَاتَقْبَلُ الجِدَالَ.

مسلمان کے نزدیک اللہ کی وحدانیت پر ایمان لانے کے معاملے میں کسی اختلاف کی گنجائش نہیں ہے۔

- اَلإِسْلَامُ دِيْنٌ رَبَّانِيٌّ بِعَكْسِ هَـذِهِ الْمَـذَاهِبِ الَّـتِي هِـيَ مِـنْ وَضْـعِ بَشَرٍ يَتَّسِمُوْنَ بِالْمَحْدُوديَّة زَمَانًا ومَكَانًا.

اسلام الٰہی دین ہے، اس کے برعکس زمان ومکان کے لحاظ سے محدود انسانوں کے ہاتھوں بنائے ہوئے مذاہب ہیں۔

- اَلإِمَـامُ الْعَـدْلُ كَالْقَلْـبِ بَـيْنَ الجَوَارِحِ تَصْلُحُ الجَوَارِحُ بِصَلَاحِهِ وَتَفْسُدُ بِفَسَادِهِ.

عدل پرور امام المسلمین اعضاء کے درمیان دل کی طرح ہوتا ہے، دل اچھا ہو تو باقی اعضاء بھی اچھے رہتے ہیں اور دل کی کارکردگی خراب ہو تو باقی اعضاء بھی بگڑ جاتے ہیں۔

- أَنْتَظِرُه عَلَى أَحَرَّ مِنَ الجَمَرِ.

میں اس کا نہایت اشتیاق کے ساتھ منتظر ہوں۔

- أَخَـذَتِ الحُـدُوْدُ بَـيْنَ "الجَزَائِـر" والأقطَار العَربِية تَتَحَطَّم.

الجزائر اور عرب ممالک کے درمیان سرحدیں ٹوٹتی جارہی ہیں۔

- اِتَّفَقَ لِي أَنْ نَزَلْتُ ضَيْفًا عَلَيْهِ.

مجھے اس کا مہمان بننے کا اتفاق ہوا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- آنَ لَنَا أَنْ نَعْمَلَ جِدِّيًا فِي مَحْوِ الأُمِّيَّة.

سنجیدگی کے ساتھ جہالت مٹانے کا وقت آچکا ہے۔

- أتَاحَتْ لَه الرِّحْلَاتُ التَّعَرُّفَ عَلَى كَثِيرٍ مِنَ النَّاس.

اسفار کے ذریعے اسے بہت سے لوگوں کے ساتھ متعارف ہونے کا موقع ملا۔

- أَثَارَ الْمُتَحَدِّثُ إِشْكَالاَتٍ عديدةً فِي حَدِيثِهِ.

بولنے والے نے متعدد اشکالات اٹھائے۔

- أَثْنَى عَلَيْهِ ثناءً عَطِرًا.

اس نے اس کی بہترین تعریف کی۔

- أَجَّجَتِ الْحَرْبُ العِرَاقِيَةُ الإيرانية أَحْقَادًا قَضَى الإِسْلَامُ عَلَيْهَا مُنْذ قُرُوْنٍ.

عراق ایران جنگ نے دلوں میں کینے اور نفرت کی آگ بھڑکادی ہے حالاں کہ اسلام نے صدیوں پہلے اس کا خاتمہ کردیا تھا۔

- أَخَذَ حِصَّتَه مِنْ أَمْلَاكِ أَبِيه بَعْدَ وَفَاتِه.

والد کی وفات کے بعد اس نے ان کی جائداد سے اپنا حصہ لے لیا۔

- أَرْدَفَ بَحْثَهُ بِمُوجَزٍ فِيْه مَا قَلَّ وَدَلَّ.

اس نے اپنی بحث میں اختصار کے ساتھ دلائل بھی پیش کئے۔

- أُضِيْفَت إِلَى الْعَرَبِيَّة آلافٌ مُؤَلَّفَةٌ مِنَ الْمُصْطَلَحَاتِ الْعِلْمِيَّةِ الْحَدِيْثَة.

عربی زبان میں ہزارہا ہزار نئی علمی اصطلاحات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

- أَعلَنَتِ الْحُكُومَةُ الحِدَادَ الْقَوْمِيَّ عَلَى وَفَاةِ الرَّئِيس الرَّاحِلِ.

حکومت نے مرحوم صدر کی وفات پر قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔

- أَعَانَ "الهِلَالُ الأحمرُ" مَنْكُوْبِي الزِّلْزَال.

ہلال احمر نے زلزلہ زدگان کی مدد کی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَعْجَزُ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنْ اِكْتِسَابِ الإِخْوَانِ وأَعْجَزُ مِنْهُ مَنْ ضَيَّعَ مَنْ ظَفِرَ بِهِ مِنْهُمْ.

لوگوں میں عاجزترین شخص وہ ہے جو بھائی نہ بنا سکے اور اس سے بھی زیادہ لاچار و مجبور وہ ہے جو کسی کو بھائی بنا کر ضائع کردے۔

• أَعْلَنَ الْمُتَحَدِّثُ الرَّسْمِيُّ بِاسْمِ وِزَارَةِ الخَارِجِيَّةِ أن الوَزِيْرَ قَدِ اسْتَدْعَى سُفَرَاءَ الدُّوَلِ الْكُبْرَى لِلاِجْتِمَاعِ بِهِ.

وزارت خارجہ کے سرکاری ترجمان نے اعلان کیا ہے کہ وزیر خارجہ نے بڑے ممالک کے سفیروں کو ملاقات کے لیے مدعو کیا ہے۔

• أُقِيمَ احتفالٌ بِوَضْعِ الْحَجَرِ الأَسَاسِيِّ لِمَشْرُوعِ الجِسرِ البَحْرِي بَيْنَ الْبَلَدَيْنِ.

دونوں ملکوں کے درمیان سمندری پُل کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

• أُقِيْمَ احْتِفَالٌ لِإِحْيَاءِ ذِكْرَى الشَّاعِرِ غَالِب بِمُنَاسَبَةِ مُرُوْرِ مِئَةِ عَامٍ عَلَى وَفَاتِهِ.

شاعر غالب کی وفات پر سو سال گزرنے پر اس کی یاد میں جشن منایا گیا۔

• أُقِيْمَتِ الاحْتِفَالاَتُ اِبْتِهَاجًا بِعِيْدِ الاسْتقلال الوَطَنِي.

وطن کے جشن آزادی پر خوشی اور مسرت کی محفلیں سجائی گئیں۔

• أُقِيْمَتْ احْتفَالاَتٌ بِمُنَاسَبَةِ العِيْدِ الْوَطَنِيِّ حَضَرَهَا رِجَالاَتُ البَلَد.

قومی تہوار کے موقع پر جلسے منعقد کیے گئے جن میں شہر کے لوگوں نے شرکت کی۔

• أَقَامَتْ أمْرِيكا جِسْراً جوّياً بَيْنَها وَبَيْنَ إِسْرَائِيْلَ أَثناءَ حربِ أكتوبر ١٩٧٣.

اکتوبر ۱۹۷۳ء کی جنگ کے دوران امریکہ نے اپنے اور اسرائیل کے مابین فضائی پل بنالیا تھا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- أيُّ هُجُوم عَلَى بَلَدٍ إسْلاَمِيٍّ يُعْتَبرُ بِمَثَابَةِ هُجُوم عَلَى الأَقْطَارِ الإسْلاَمِيَّة كَافَّة.

کسی بھی اسلامی ملک پر کوئی بھی حملہ تمام اسلامی ممالک پر لشکر کشی کے برابر سمجھا جائے گا۔

- أَبَى أَنْ يَّقَعَ فِي الشَّبَكَةِ.

اس نے جال میں پھنسنے سے انکار کر دیا۔

- أَبْدَى إعْجَابَه الشَّدِيْدَ بِه.

اس نے اپنی بہت زیادہ پسندیدگی کا اظہار کیا۔

- أَبْرَزَتِ الصُّحُفُ خَبَرَ وُصُولِ رُوَّادِ الْفَضَاءِ إِلَى الْقَمَرِ.

اخبارات نے فضائی مسافروں کے چاند تک پہنچنے کی خبر نمایاں طور پر شائع کی ہے۔

- أَتَاحَ لَه الْفُرْصَةَ.

موقع فراہم کرنا۔

- أَتَى الْبَيْتَ مِنْ بَابِه.

صحیح راستے سے کام کرنا۔

- أَتَى الْبَيْتَ مِنْ ظَهْرِهِ وَتَسَلَّلَ إِلَيْهِ مِنْ نَافِذَتِه.

کوئی کام غلط طریقے سے کرنا۔

- أَتَى الْجِيْلُ الْجَدِيْدُ خُضُوعًا لِلْمَدَنِيَّةِ الْحَدِيْثَةِ فَثَارَ عَلَى التَّقَالِيْد دُوْنَ تَمْيِيْزٍ.

نئی نسل جدید تمدن سے اس حد تک متاثر ہے کہ وہ تمام روایتی اقدار کے خلاف بغاوت پر آمادہ ہے۔

- أَتَى بِفِكْرَةٍ لَمْ يَسْبِقْهُ بِهَا غَيْرُهُ.

اس نے ایک ایسا نظریہ پیش کیا ہے جو اس سے قبل کسی نے پیش نہیں کیا۔

- أَثَارَتْ مَذْبَحَةُ الْفِلِسْطِيْنِ فِي "صَبْرا" وَ"شَاتِيْلا" سَخط الرَّأي الْعَامِّ الْعَالَمِي.

صبرا اور شاتیلا میں فلسطینیوں کے اجتماعی قتل عام نے عالمی رائے عامہ کو ناراض کر دیا ہے۔

- أَثَّرَ مَنْظَرُهُ فِي نَفْسِيَ تَأْثِيْرًا عَمِيْقًا.

اس کے مشاہدے نے میرے دل پر گہرا تاثر چھوڑا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أجَابَ الرَّئِيسُ عَنْ أسْئِلَةِ الصُّحُفِيِّيْنَ بِصَرَاحَة.
صدر نے صحافیوں کے سوالات کا جواب وضاحت کے ساتھ دیا۔

• أجَابَ فِي غَيْرِ اِكْتِرَاثٍ.
اس نے لاپرواہی سے جواب دیا۔

• أجْرَيْنَا بَيْنَنَا عَهْدًا صَامِتًا.
ہم نے خاموش عہد کیا۔

• أجْلِسُ إلَى إخْوَانِي أجَاذِبُهُمُ الْحَدِيْثَ وَأُبَادِلُهُمُ الْوُدَّ.
میں تبادلۂ خیال اور اظہار مودت کے لیے اپنے بھائیوں کے پاس بیٹھا کرتا ہوں۔

• أحَاطَ فِي مَقَالِهِ بِكُلِّ جَوَانِبِ الْمَوْضُوْعِ وَزَوَايَاهُ.
اس نے اپنے مقالے میں موضوع کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا۔

• أحَسَّ بِقِيْمَةِ الدِّرَاسَةِ بَعْدَ ضَيَاعِ الْفُرْصَةِ.
وقت نکل جانے کے بعد اُسے تعلیم کی اہمیت کا احساس ہوا۔

• أحْدَثَ مَوْتُ الشَّيْخِ ثُلْمَةً لَا تُسَدُّ فِي عَالَمِ التَّصَوُّفِ وَالسُّلُوْكِ.
شیخ کی وفات نے دنیائے تصوف وسلوک میں ایک ایسا خلا چھوڑا ہے جو پُر نہیں کیا جاسکتا۔

• أحْدَثَتِ الْحَرَائِقُ أضْرَارًا جَسِيْمَةً فِي الْمُمْتَلَكَاتِ.
آگ نے جائدادوں کو زبردست نقصان پہنچایا ہے۔

• أخَذَ الشَّيْءُ طَرِيْقَه إلَى الزَّوَالِ.
روبہ زوال ہونا۔

• أخَذَ الشُّرْطِيُّ بَصْمَةَ أصَابِعِ الْمُجْرِمِ.
پولیس والے نے مجرم کی انگلیوں کے نشان لئے۔

• أخَذَ بَيْنَ ذِرَاعَيْهِ.
گود میں لینا۔

• أخَذَ رَأسُه يَدُوْرُ.
اس کا سر چکرانے لگا۔

• أخَذَ صَوْتُه بِمَجَامِعِ الْقُلُوْبِ.
اس کی آواز نے دلوں کو مسحور کردیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَخَذَ مِنَ الصَّالِحِ الْمُفِيد وَاحْتَاطَ لِلْفَاسِدِ الضَّارِ.	اچھی، مفید چیز اخذ کرنا، خراب ضرر رساں چیز سے احتیاط کرنا۔
• أَخَذَ يَغْدُو وَيَرُوحُ فِي الْغُرْفَةِ وهُوَ يُفَكِّر فِي الأَمْرِ.	وہ سوچ میں ڈوبا ہوا کمرے میں اِدھر سے اُدھر آجارہا تھا۔
• أَخَذَتِ العَرَبِيَّةُ مِنَ اللُّغَاتِ الأُخْرَى بَعْضَ الأَلْفَاظِ وَأَجْرَتْ عَلَيْهَا قَوَانِينَهَا.	عربی زبان نے بعض الفاظ دوسری زبانوں سے لئے ہیں اور ان پر اپنے قاعدے قانون جاری کئے ہیں۔
• أَخَذَتْ بِهِ الرَّأْفَةُ.	اسے رحم آگیا۔
• أَخَذَه بعَيْنِ الاِعْتِبَارِ.	اہمیت دینا۔
• أَخْبَرَ الْعَمِيلُ رَئِيْسَه بوَقَائِعِ الْمُقَاوَمَةِ الوَطَنِية.	جاسوس نے اپنے صدر کو قومی جدوجہد کی تازہ صورت حال سے باخبر کیا۔
• أَخْذُ الشَّيْءِ وَاجِبًا عَلَى النَّفْسِ.	کسی چیز کو اپنے اوپر واجب کر لینا۔
• أَخْفِضْ مِنْ هَذَا الصَّوْتِ.	آواز پست کرو، آہستہ بولو۔
• أَدّى التَّضَخُّمُ الجَامِحُ إِلَى الإِنْخِفَاضِ الْمُسْتَمِرِّ فِي الْقُوَّةِ الشِّرَائِيَّةِ.	افراط زر کی وجہ سے قوت خرید میں مسلسل گراوٹ آرہی ہے۔
• أَدّى الجَيشُ بأَمَانَةٍ كُلَّ مَا عُهِدَ إِلَيْه مِن تَبِعَاتٍ جَسِيْمَةٍ.	فوج نے امانت داری کے ساتھ وہ تمام بھاری ذمہ داریاں پوری کردیں جو ان کے سپرد کی گئیں تھی۔
• أَدّى ظُهُورُ الإِسْلاَمِ إِلَى تَوْحِيدِ العَرب فِي إِطَارٍ فِكْرِيٍّ وَاحِدٍ.	اسلام نے عربوں کو ایک ہی فکر کے دائرے میں لاکر متحد کردیا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَدَّى التِّلْمِيذُ أُنْشُوْدَةً بِنَغْمَةٍ مُؤَثِّرَةٍ.

طالب علم نے پُر اثر لہجے میں ترانہ گایا۔

• أَدَّى بِهِ السُّكْرُ ذَاتَ لَيْلَةٍ إِلَى اِرْتِكَابِ جَرِيْمَةٍ.

نشے کی وجہ سے ایک رات اس نے جرم کا ارتکاب کر لیا۔

• أَدَّى إِلَيْهِ ضَرِيْبَةَ الإِجْلَالِ وَالإِكْبَارِ.

خراجِ عقیدت پیش کرنا۔

• أَدْخَلَ الْكَاتِبُ التَّفَاصِيْلَ فِي الْحَاسِبِ الإِلَكْتَرُوْنِي.

آپریٹر نے تفصیلات کمپیوٹر میں فیڈ کر دیں۔

• أَدْرَكَ الغَايَةَ مِنْ حَيَاتِه.

اس نے اپنی زندگی کا مقصد پالیا۔

• أَدْرَكَ أَنَّ الْعِلْمَ فِي حَاجَةٍ إِلَى الدِّيْنِ وَأَنَّ الْعَقْلَ فِي حَاجةٍ إِلَى الْقَلْبِ.

علم کو دین کی ضرورت ہے، اور عقل کو دل کی۔

• أَدْرَكَ بثَاقِبِ بَصَرِه دَوْرَ الْعِلْمِ فِي تَقَدُّمِ بِلَادِهِ.

انہوں نے ملک کی ترقی میں علم کے کردار کو اپنی دور اندیشی اور فراست سے سمجھ لیا۔

• أَرَادَ أن يُثْبِتَ أنَّ الْمُحَامِيَ النَّاشِئَ يَسْتَطِيْعُ أن يُغَيِّرَ حُكْمَ الْقَاضِي بِدَلَائِله الْمُحْكَمَةِ.

اس نے یہ بات ثابت کرنی چاہی کہ نوخیز وکیل بھی اپنے مضبوط دلائل سے جج کا فیصلہ تبدیل کرا سکتا ہے۔

• أَرَادَ الوُصُولَ إِلَى إِدْرَاكِ الْحَقِيْقَةِ.

اس نے حقیقت تک پہنچنے کا ارادہ کیا۔

• أَرْجُو أَنْ تَطْلِيَ خَارِجَ الْبَيْتِ بِاللَّوْنِ الأَبْيَضِ.

گھر کے باہر سفید رنگ کرانا چاہئے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَرْجُوْ أَنْ تَتَّصِلَ بِي بعد أَنْ تَعُوْدَ إِلَى البَيْتِ.	مجھے امید ہے کہ تم گھر واپسی کے بعد مجھ سے ضرور ملوگے۔
• أَرْسَلَ إِلَيْهِ رُقْعَةً يَشْكُو فِيْهَا حَالَه.	اس نے اسے خط روانہ کیا جس میں اپنے حال زار کا شکوہ بیان کیا۔
• أَرْسَلَه فِي طَلَبِه.	تلاش کرانا۔
• أَرْغَمَه عَلَى الاعْتِرَافِ بِشَيءٍ.	اعتراف کرنے پر مجبور کرنا۔
• أَسَّسَتِ الْحُكُومَةُ جَامِعَةً جَدِيْدَةً.	حکومت نے ایک نئی یونی ورسٹی قائم کی ہے۔
• أَسْبَغَ اللَّيْلُ رِدَائَه عَلَى الْمَعْمُورَةِ.	رات نے کائنات پر اپنی چادر پھیلادی۔
• أَسْلَمَ أَمْرَه إِلَى اللهِ.	اس نے اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کردیا۔
• أَسْهَمَ بتآلِيْفِه فِي إِثْرَاءِ الْمَكتَبَةِ العَرَبِيَّة.	عربی لائبریری کو اپنی تالیفات کے ذریعے مالا مال کیا۔
• أَسْهَمَ فِي مُخْتَلَفِ الْمجَالاَتِ العلمِيَّة وَالإِدَارِيَّةِ وَالسِّيَاسِيَّة.	انہوں نے مختلف تعلیمی، تنظیمی اور سیاسی میدانوں میں حصہ لیا۔
• أَشَادَتِ الجَامِعَةُ بِالجُهُودِ الَّتِي بَذَلَهَا الطُّلاَّبُ فِي حَمْلَةِ مُكَافَحَةِ الأُمِّيَّة.	ناخواندگی کے خاتمے کی تحریک میں طلبہ نے جو جد وجہد کی ہے یونی ورسٹی نے اس کی ستائش کی۔
• أَشَارَ عَلَيْه الطَّبِيْبُ بأَن يَحْتَمِيَ عَنْ أَكْلِ اللُّحُومِ.	ڈاکٹر نے اسے مشورہ دیا ہے کہ وہ گوشت کھانے سے پرہیز کرے۔
• أَشَارَ إِلَيْهِ الْمُؤَلِّفُ فِي الفِقْرَةِ السَّابِقَةِ.	مؤلف نے اس کی طرف سابقہ فقرہ میں اشارہ کیا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَشْرَفَ عَلَى الاجْتِمَاعِ بِصِفَتِهِ وَزِيْرًا.	اس نے وزیر کی حیثیت سے جلسے کی سرپرستی کی۔
• أَشْرَقَتِ الْحُجْرَةُ بِالنُّوْرِ.	کمرہ روشن ہو گیا۔
• أَشْرَقَتْ أَرْجَاءُ الْعَالَمِ بِنُوْرِ التَّوْحِيْدِ الْوَضَّاءِ.	توحید کی زبردست روشنی سے دنیا کا گوشہ گوشہ چمک اٹھا۔
• أَشْرَقَتْ مِنْ حَنَايَا فُؤَادِهِ أَضْوَاءُ الْمَحَبَّةِ.	دل کی محرابوں سے محبت کی روشنیاں پھوٹیں۔
• أَصَابَنِيْ ضَعْفٌ صِحِّيٌّ.	مجھے جسمانی کمزوری لاحق ہو گئی۔
• أَصْبَحَ مِنَ الصَّعْبِ كَبْحُ جِمَاحِ هَذَا الغَلَاءِ.	اس گرانی کو لگام دینا بے حد مشکل ہو گیا ہے۔
• أَصْبَحَتِ السَّيَّارَةُ عِنْدَ بَعْضِهِمْ مِنْ ضَرُوْرِيَّاتِ الحَيَاةِ.	موٹر کار بعض لوگوں کے نزدیک ضروریات زندگی میں شامل ہو گئی ہے۔
• أَصْبَحَتِ العَرَبِيَّةُ بِفَضْلِ الإِسْلَامِ لُغَةَ حَضَارَةٍ كُبْرَى.	اسلام کے طفیل عربی زبان ایک بڑی تہذیبی اکائی کی زبان بن چکی ہے۔
• أَصْبَحَتِ الْمَدِيْنَةُ بُؤْرَةً لِلْفَسَادِ.	شہر فساد کا مرکز بن گیا ہے۔
• أَصْبَحَتْ حَيَاتُهُ جَحِيْمًا.	اس کی زندگی جہنم بن گئی۔
• أَصْدَرتِ الحُكُوْمَةُ تَحْذِيْرًا لِلطَّائِرَاتِ بِعَدَمِ الاِقْتِرَابِ مِنْ مَجَالِهَا الجَوِّيِّ أَثْنَاءَ العَرْضِ العَسْكَرِي.	حکومت نے آگاہ کیا ہے کہ مسافر بردار طیارے فوجی مشقوں کے دوران اپنی فضائی لائن سے دور رہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَصْدَرَ القَاضِيُ حُكْمًا بِحَبْسِهِ شهرًا وَاحِدًا.	جج نے اس کو ایک ماہ قید کی سزا سنائی۔
• أَصْدَرَت الحُكُوْمَةُ قَرَارًا جَازِمًا.	حکومت نے فیصلہ کن تجویز پاس کی ہے۔
• أَصْدَرَتِ الحُكُوْمَةُ أَمْرًا بِالْحَجْزِ عَلَى مُمتَلَكَاتِ الشَّرِكَاتِ الأجنبِيَّة.	حکومت نے غیر ملکی کمپنیوں کی املاک پر پابندی عائد کردی ہے۔
• أَصْدَرَتِ الْقِيَادَةُ العَسْكَرِيَّةُ أَمْراً بِحَظْرِ التَّجَوُّلِ مِنَ السَّاعَةِ العَاشِرَة لَيْلاً حَتَّى السَّابِعَةِ صَبَاحًا.	فوجی قیادت نے رات کے دس بجے سے صبح کے سات بجے تک گھومنے پر پابندی عائد کردی ہے۔
• أَصْدَرَتْ دَارُ الْكِتَاب طَبْعَةً جَدِيْدَة مِنْ "إِحْيَاء العُلُوْم" لِلْغزَالِي.	دار الکتاب نے امام غزالیؒ کی احیاء العلوم کا نیا ایڈیشن شائع کیا ہے۔
• أَصْدَرَتْ دُوَلُ الْخَلِيْجِ بَيَانًا مُشْتَرَكًا حَوْلَ حُرِّيَّة الْمِلاَحَةِ فِي الخَلِيْجِ.	خلیج میں جہازرانی کی آزادی پر خلیجی ملکوں نے ایک مشترک بیان جاری کیا ہے۔
• أَضَلَّه مِن الطَّرِيْقِ وَأَغْوَاه.	راہ سے بھٹکانا۔
• أَضْرَبَ الْمُحَامُوْن إِحْتِجَاجًا عَلَى قَرَارِ السُّلطَات الْمُحْتَلَّةِ بِمَنْعِهِم مِنَ الاتِّصَالِ بِالْمُتَّهِمِيْن.	وکیلوں نے قابض حکام کے اس فیصلے کے بعد احتجاجاً ہڑتال کردی ہے کہ وہ ملزمین سے رابطہ قائم نہیں کرسکتے۔
• أَطَاحَتْ بِه النَّكَبَاتُ.	حادثات نے اسے ہلاک کرڈالا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أطَالَ الْوُقُوفَ عِنْدِي.	وہ میرے پاس دیر تک ٹھہرا رہا۔
• أطْرَقَ رَأسَه حَيَاءً وَنَدَامَةً.	اس نے شرمندگی سے اپنا سر جھکا لیا۔
• أطْرَقَ رَأسَه سَمْعًا وَطَاعَةً.	اس نے سر تسلیم خم کر دیا۔
• أطْلَقَ رِجَالُ الأمْنِ النَّارَ عَلَى الْمُتَظَاهِرِيْنَ العُزَّلِ.	پولیس والوں نے نہتے مظاہرین پر گولی چلائی۔
• أطْلَقَ الْعُلَمَاءُ أوَّلَ الأمْرِ صَارُوْخًا يَحْمِلُ كَلْبًا عَلَى سَبِيلِ التَّجْرِبَةِ.	سائنس دانوں نے سب سے پہلے تجربہ کے طور پر ایسا راکٹ داغا جس پر ایک کتا سوار تھا۔
• أطْلَقَ الاتِّحَادُ السُّوفِيْتِي كَبْسُوْلَةً فِضَائِيَّةً جَدِيدَةً.	سوویت یونین ایک نیا خلائی سیارہ چھوڑا ہے۔
• أظْهَرَتْ تَصْرِيْحَاتُ الرَّئِيْسِ بِأنَّهُ عَلَى إسْتِعْدَادٍ لِلْمجَازَفَةِ بِإشْعَالِ حَرْبٍ عَالَمِيَّةٍ ثَالِثَةٍ.	صدر کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ تیسری عالمی جنگ چھیڑنے کا خطرہ مول لینے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔
• أعطَاه الإهْتِمَامَ.	توجہ دینا۔
• أعلنتِ الحُكُوْمَةُ مُؤَخَّرًا عَنْ عَزْمِهَا عَلَى نَشْرِ التَّعْلِيْمِ الإلْزَامِي.	حال ہی میں حکومت نے جبری تعلیم دینے کے لیے اپنے عزم کا اعلان کیا ہے۔
• أعَانَه عَلى القِرَاءَةِ.	اس نے پڑھنے میں مدد دی۔
• أعْجَزَه الْمَرضُ عَنْ مُتَابَعَةِ دِرَاسَتِه.	مرض نے اسے تعلیم برقرار نہ رکھنے دی۔
• أعْرِفُه حَقَّ الْمَعْرِفَةِ لأنَّنِيْ عَايَشْتُه زَمَنًا طَوِيْلاً.	میں اسے بہت اچھی طرح جانتا ہوں کیوں کہ میں لمبے عرصے تک اس کے ساتھ رہا ہوں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- أَعْطَى الْمَوْضُوْعَ بَالِغَ إِهْتِمَامِه.
  اس نے موضوع کو انتہائی اہمیت دی۔
- أَعْطَانَا الإِسْلَامُ شَخْصِيَّةً مُمَيَّزَةً وَكِيَانًا مُسْتَقِرًّا.
  اسلام نے ہمیں ممتاز تشخص اور مستقل وجود سے نوازا ہے۔
- أَعْطَيْنَا الْمَسْأَلَةَ شَيْئًا مِنَ التَّفْكِيْرِ.
  ہم نے مسئلے میں کچھ غور و فکر کیا۔
- أَغْرَاهُ بِالإِثْمِ أَوِ الْعُقُوْقِ.
  گناہ یا نافرمانی پر اکسانا۔
- أَغْلَقَتِ الشُّرْطَةُ هَذَا الْمَنْزِلَ؛ لأَنَّهُ كَانَ مَبَاءَةً لِلرَّذِيْلَة.
  پولیس نے یہ مکان سیل کر دیا ہے کیوں کہ یہ گھٹیا کاموں کا مرکز بنا ہوا تھا۔
- أَغْلَبُ الظَّنِّ بَلْ مِنَ الْمُحَقَّقِ أَنَّ قَرَارَ الأُمَمِ الْمُتَّحِدَةِ الأَخِيْرَ مَصِيْرُه الإِهْمَالُ كَغَيْرِهِ مِنَ الْقَرَارَاتِ.
  غالب گمان یہ ہے بلکہ یہ بات یقینی ہے کہ اقوام متحدہ کی حالیہ تجویز کا انجام بھی وہی ہوگا جو دوسری تجاویز کا ہو چکا ہے۔
- أَفَاقَ مِنَ النَّوْمِ مَذْعُوْرًا عَلَى صَوْتِ جَرَسِ السَّاعَةِ الْمُنَبِّهَةِ.
  الارم گھڑی بجنے کی آواز سے گھبرا کر نیند سے بیدار ہو گیا۔
- أَفْلَحَتِ الْجُهُوْدُ وَنَالَتِ الإِنْتِصَارَ.
  کوششیں کامیاب ہو گئیں۔
- أَقَامَ مَأْدُبَةَ عَشَاءٍ تَكْرِيْمًا لِلْوَفْدِ الزَّائِرِ.
  آنے والے وفد کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا۔
- أَقَامَ بِتَوْزِيْعِ الْجَوَائِزِ وَالشَّهَادَاتِ عَلَى الْفَائِزِيْنَ.
  کامیاب ہونے والوں کو ڈگریاں اور انعامات دیے۔
- أَقَامَ حَفْلَ عَشَاءٍ.
  عشائیے کا اہتمام کیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَقَامَ مَأْدُبَةَ غَدَاءٍ كُبْرَى تَكْرِيمًا لِضَيْفِهِ.	اس نے اپنے مہمان کے اعزاز میں ایک بڑی ضیافت کا اہتمام کیا۔
• أَقَامَتْ كُلِّيَّةُ الآدَابِ حَفْلَ التَّخَرُّجِ السَّنَوِيِّ.	شعبۂ ادب نے فراغت کی سالانہ تقریب منعقد کی۔
• أَكَّدَ فِي مَعْرِضِ الْحَدِيثِ.	اس نے گفتگو کے دوران زور دے کر کہا۔
• أَكْمَلَ عَمَلَهُ بِبَرَاعَةٍ وَإِتْقَانٍ.	اس نے اپنا کام مہارت کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچادیا۔
• أَلْقَى عَلَيْنَا تَبِعَةً جَدِيدَةً خَطِيرَةً.	اس نے ہم پر ایک نئی اور اہم ذمہ داری ڈال دی۔
• أَلْقَى قُنْبُلَةً عَلَى جَيْشِ الْعَدُوِّ.	دشمن کی فوج پر بم پھینکا۔
• أَمَا وَاللهِ مَا قَصَدْتُ الإِسَاءَةَ إِلَيْكَ.	میں نے بخدا! تمہیں تکلیف نہیں پہنچانی چاہی۔
• أَمَّا الْكُتُبُ الَّتِي صُنِّفَتْ حَوْلَ مُشْكِلَةِ 'فِلَسْطِين' فَهِيَ كَثِيرَةٌ تَجِلُّ عَنِ الْحَصْرِ.	مسئلہ فلسطین پر لکھی جانے والی کتابیں اتنی زیادہ ہیں کہ ان کو شمار نہیں کیا جاسکتا۔
• أَمْرٌ لَا يُطَاقُ وَلَا يُحْتَمَلُ الصَّبْرُ عَلَيْهِ.	ناقابل برداشت کام۔
• أَمْسَكَ بِذِرَاعِهِ لِيَمْنَعَ مِنَ الْكَلَامِ.	بولنے سے روکنے کے لیے کہنی ماری۔
• أَمْضَيْتُ فِي الْخَارِجِ عَشْرَ سَنَوَاتٍ.	میں نے ملک سے باہر دس سال گزارے۔
• أَمْطَرَ عَلَيْهِ بِشَتَّى الأَسْئِلَةِ.	مختلف سوالات کی بوچھار کرنا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَنَـا فِي انْتِظَـارِ اللِّقَـاءِ أَتَرَقَّـبُ عَوْدَتَكَ.	میں ملاقات کے انتظار میں آپ کی واپسی کا منتظر ہوں۔
• أَنَـارَ لَـهُ الطَّرِيْـقَ إِلَى الْغَايَـةِ الْمُشْرِفَةِ.	حقیقی مقصد کی طرف رہنمائی کرنا۔
• أَنَاطَ الْمُهِمَّةَ بِأَحَدٍ.	کسی کو ذمہ داری سپرد کرنا۔
• أَنْتَ رَجُلٌ مُحَصَّنٌ لاَ يَبْلُغه الْعَدُوُّ وَلاَ يَصِلُ إِلَيْكَ الصَّدِيْق.	تم محفوظ جگہ پر ہو نہ تم تک دوست کی رسائی ہے نہ دشمن کی۔
• أَنْتَ سَبَّاقٌ إِلَى فِعْلِ الْخَيْرِ.	تم خیر کے کاموں میں سبقت کرتے ہو۔
• أَنْـتَ لاَ تُـشَاكِلُ أَبَـاكَ فِي فَـضْلِهِ وَعِلْمِه.	علم و فضل میں تم اپنے والد کی برابری نہیں کرتے۔
• أَنْتُمْ أَيُّهَا الشَّبَّابُ ذُخْرُ الوَطَنِ.	نوجوانو تم وطن کا سرمایہ ہو۔
• أَنْزَلَ بِهِ هَزِيْمَةً فَادِحَةً.	اس نے اسے زبردست شکست دے دی۔
• أَنْشَأَ فِي نَفْسِه مَلَكَةً.	ملکہ پیدا کرنا۔
• أَوَّلُ مَـا تَبَـادَرَ إِلَي ذَهْنِـهِ أَنَّـهُ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْمَالُ الكَافِي.	سب سے پہلے اس کے ذہن میں یہ خیال آیا کہ اس کے پاس کافی پیسہ نہیں ہے۔
• أَوْجَـدَ الإِسْـلاَمُ تَحَـوُّلاً خَطِيْرًا فِي أَحْوَالِ الْعَرَبِ.	اسلام نے عربوں کے حالات میں زبردست تبدیلی پیدا کی ہے۔
• أَوْرَدَ الْمُؤَلِّـفُ جُمْلَـةً مِـنْ خَطَرَاتِـهِ فِي الحَيَاةِ وَالأَدَبِ وَالاِجْتِمَاعِ.	مولف نے زندگی، ادب، اور سماج سے متعلق اپنے تمام خیالات بحیثیت مجموعی بیان کر دیے ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَهْدَى الأَبُ لابنَتِهِ كِتَابًا بِمُنَاسَبَةِ نَجَاحِهَا فِي الإمْتِحَانِ.	امتحان میں کامیابی کے موقع پر والد نے اپنی بیٹی کو ایک کتاب تحفے میں دی۔
• أَهْدَيْتُ إِلَيْهِ فِي عِيْدِ مِيْلَادِهِ هَدِيَّةً.	میں نے اس کی سالگرہ کے موقع پر ایک ہدیہ دیا۔
• أي بُنَيَّ لَعَلَّ أَهَمَّ ما يَتَمَيَّزُ بِهِ جِيْلُكُمْ عَنْ جِيْلِنَا هُو حَيْرَتُكُمْ وَاطْمِئْنَانُنَا.	بیٹو! جو چیز تمہاری نسل کو ہماری نسل سے جداگانہ بناتی ہے وہ تمہاری سرگردانی اور ہمارا اطمینان ہے۔
• أُبْرِمَتْ مُعَاهَدَةُ صَدَاقَةٍ جدِيْدةٍ بَيْنَ الْبَلَدَيْنِ.	دونوں ملکوں کے درمیان نئی دوستی کے معاہدے پر اتفاق کیا گیا۔
• أُحِبُّ قِرَاءَةَ الشِّعْرِ سَوَاءٌ أَكَانَ قَدِيْمًا أَمْ حَدِيْثًا.	مجھے شاعری کا مطالعہ پسند ہے خواہ شاعری قدیم ہو یا جدید۔
• أُرجِئُ هَذَا الْمَوْضُوعَ إِلَى مُنَاسَبَةٍ أُخرى أَرجُو أَنْ تَكُونَ قَرِيبَةً.	میں اس موضوع کو کسی قریبی موقعہ کے لیے مؤخر کرتا ہوں۔
• أُطْلِقَتِ الصَّوَارِيْخُ لَيْلاً بِمُنَاسَبَةِ العِيْدِ الْوَطَنِيِّ.	قومی تہوار کے موقع پر رات کو گولے چھوڑے گئے۔
• أُقِيْمَ لَهُ حَفْلُ تَكْرِيْمٍ عِنْدَ صُدُوْرِ كِتَابِهِ.	اس کی کتاب کی اشاعت پر ایک اعزازی تقریب منعقد کی گئی۔
• أُقِيْمَتْ مَصَانِعُ عِدَّةٌ تُجَمَّعُ فِيْهَا السَّيَّارَاتُ.	بہت سے کارخانے قائم کئے گئے ہیں جہاں کاریں تیار کی جاتی ہیں۔
• أُلْقِيَتْ مُحَارَبَةُ الْغَلَاءِ عَلَى كَاهِلِ الْحُكُوْمَةِ.	مہنگائی سے لڑنے کی ذمہ داری حکومت کے کاندھوں پر ڈالی گئی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أُنْشِدُكُمْ بِالَّذِي خَلَقَكُمْ أَنْ لَاتَفْعَلُوا هٰذَا.

میں تمہیں خدا کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ تم ایسا مت کرو۔

• بِمَا أَنَّكَ لَمْ تَحْضُرْ فِي الْمَوْعِدِ قَرَّرْنَا تَأْجِيلَ النَّظَرِ فِي طَلَبِكَ إِلَى الْإِجْتِمَاعِ الْقَادِمِ.

جب تم مقررہ وقت پر نہیں آئے تو ہم نے یہ طے کیا کہ تمہاری درخواست پر غور آئندہ اجتماع پر مؤخر کر دیا جائے۔

• بِمَا أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ الطَّرِيْقَ اِسْتَأْجَرَ دَلِيْلاً.

کیوں کہ وہ راستے سے واقف نہیں تھا اس لیے اس نے ایک رہ نما اجرت پر حاصل کر لیا۔

• بِنَاءً عَلَى مَا جَاءَ فِي قَرَارِ مَجْلِسِ الْأَمْنِ تَقَرَّرَ وَقْفُ إِطْلَاقِ النَّارِ.

سلامتی کمیٹی کی تجویز کے مطابق جنگ بندی کا فیصلہ ہو گیا ہے۔

• بَاتَ الطَّالِبُ يُوَاصِلُ دِرَاسَتَهُ بِالرَّغْمِ مِنْ وَضْعِهِ الْاِقْتِصَادِيِّ السَّيِّءِ.

طالب علم نے خراب اقتصادی حالت کے باوجود اپنی تعلیم جاری رکھی۔

• بَادَرَتِ الْحُكُوْمَةُ الْجَدِيْدَةُ إِلَى التَّشَاوُرِ مَعَ الْأَحْزَابِ الْمُعَارِضَةِ.

نئی حکومت نے اپوزیشن پارٹیوں کے ساتھ مشاورت کے لیے پہل کی ہے۔

• بَالَغَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ فِي التَّرْحِيبِ بِالضُّيُوْفِ وَإِكْرَامِهِم.

اہل شہر نے مہمانوں کا زبردست استقبال و اعزاز کیا۔

• بَانَتْ عَلَيْهِ بَوَادِرُ الْفَشَلِ وَالْخَيْبَةِ.

اس پر ناکامی کے آثار ظاہر ہوئے۔

• بَاءَتِ الْحَرَكَةُ بِالْفَشَلِ وَالْخَيْبَةِ.

تحریک ناکام ہو گئی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• بَثَّ فِي الشُّبَّانِ رُوحَ الْحَمَاسَةِ وَحَسَّنَ لَهُمْ التَّطَوُّعَ فِي مَيْدَانِ الخَدَمَاتِ الإجْتِمَاعِيَّةِ.	انہوں نے نوجوانوں میں جوش وجذبہ پیدا کیا اور ان کو اجتماعی خدمات کے میدان میں کام کرنے کی ترغیب دی۔
• بَحَثَ الْمؤَلِّفُ فِي دَوْرِ الْمَرْأةِ الْمُتَعَلِّمَةِ.	مصنف نے تعلیم یافتہ عورت کے رول پر گفتگو کی۔
• بَحَثْنَا عَنِ الإنْسَانِ الْحَقِيْقِيّ فَلَمْ نَجِدْ لَه عَيْنًا وَلاَ أَثَرًا.	ہم نے حقیقی انسان تلاش کیا مگر ہمیں اس کا سراغ نہ مل سکا۔
• بَخِلَ عَلَيْهِ بِالمَعْلُوْمَاتِ الْمُتَوَافِرَة لَدَيْه.	جو معلومات اس کے پاس تھیں اس نے ان کی فراہمی میں بخل سے کام لیا۔
• بَدَأَ الطُّلاَّبُ بِحَزْمِ حقَائِبِهِم استِعْدَادًا لِلعَودَة إِلَى ذَوِيهِم.	طلبہ نے اپنے گھر والوں کے پاس واپس جانے کے لیے اپنا سامان باندھنا شروع کر دیا۔
• بَدَأَ الْمُجْتَمَعُ العَرَبِي يَسْعَى لِتَبْدِيْلِ الأَوْضَاعِ بِأَسْرَعِ الطُّرُق.	عرب معاشرہ تیزی کے ساتھ حالات کی تبدیلی کے لیے کوشاں ہے۔
• بَدَأَتِ الْحَيَاةُ تَعُودُ الَى وَضْعِهَا الطَبِيعيّ.	زندگی اپنے فطری دھرے پر لوٹ آئی۔
• بَدَأَتِ الْمَرْأَةُ تَخْطُو خُطَوَاتٍ وَاسِعَةً نَحو التَّعْلِيْم.	عورت تعلیم کی طرف تیزی کے ساتھ قدم اٹھا رہی ہے۔
• بَدَأَ مُهِمَّتَه فِي	کسی چیز کے سلسلے میں اپنی سرگرمی شروع کرنا۔
• بَدَتْ بَوَادِرُ النَّهْضَةِ وَظَهَرَتْ طَلاَئِعُهَا.	ترقی کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• بَـدَتْ عَلَـى ثَغْرِتِـهِ ابْتِـسَامَةٌ سَاخِرَةٌ.	اس کے چہرے پر استہزائیہ مسکراہٹ نمودار ہوئی۔
• بَـذَرَ بُـذُوْرَ الْحِقْـدِ وَالْكَرَاهَـةِ فِي النُّفُوْسِ.	دلوں میں نفرت کے بیج بونا۔
• بَـذَلَ مَجْهُـودَه فِي إِكْمَـالِ عَمَلِه عَلَى أَحْسَنِ وَجْهٍ.	اپنے کام کو بہتر طریقے پر انجام دینے کے لیے اس نے بڑی جدوجہد کی۔
• بَذْلُ الثِّقَةِ لِأَحَدٍ وَوَضْعُهَا فِيْهِ.	کسی پر اعتماد کرنا۔
• بَرِئَ الشَّيْءُ مِنَ النَّفْعِ وَخَلَا مِنَ الْفَائِدَةِ.	کسی چیز کا خالی از فائدہ ہونا۔
• بَرَعَ الْمِصْرِيُّوْنَ الْقُدَمَاءُ فِيْ نَحْتِ التَّمَاثِيْلِ وَبِنَاءِ الْأَهْرَامِ.	قدیم مصری باشندے مجسمہ سازی اور اہرام کی تعمیر میں ماہر تھے۔
• بَزَغَـتْ عَلَـى الْأُفُـقِ وَمَـضَاتُ النَّهْضَةِ الْحَدِيْثَةِ.	افق پر عصری ترقیات کی کرنیں نمودار ہوئیں۔
• بَـسَطَ رُوحَ الْمَحَبَّـةِ وَالْعَدَالَـةِ وَالتَّضَامُنِ بَيْنَ جَمِيْعِ أَفْرَادِ الْبَشَرِ.	تمام انسانوں کے درمیان محبت، انصاف اور اتحاد کی فضا قائم کرنا۔
• بَعَثَ الرَّئِيْسُ مُسَاعِدَه فِي مُهِمَّةٍ خَاصَّةٍ.	صدر نے اپنے معاون کو ایک خاص مہم پر بھیجا۔
• بَعَثَ الْإِسْلَامُ فِي الْعَرَبِ شُعُوْرًا جَدِيْـدًا كَـانَ الـسَّبَبَ فِي تَوْحِيْدِهِمْ.	اسلام نے عربوں میں ایک ایسا شعور پیدا کیا جو ان کی صفوں میں اتحاد کا باعث قرار پایا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• بَعَثَ بِرِسَالَةٍ إِلَى الْمُدِيْرِ الَّذِيْ يَهُمُّهُ الأَمْرُ.	اس نے متعلقہ ڈائرکٹر کو ایک خط روانہ کیا۔
• بَعُدَ بِهِ مَنْهَجُهُ فِي الْبَحْثِ عَنِ الْهَدَفِ الْمَقْصُوْدِ.	بحث کے دوران اس کے طریقہ کار نے اسے اصل مقصد سے دور کر دیا۔
• بَقِيَ بُرْهَةً صَامِتًا لَايَتَكَلَّمُ.	وہ کچھ دیر چپ رہا۔
• بَقِيَ لَه سُعَالٌ يُعَاوِدُه مِنْ حِيْنٍ لِآخَرَ.	اسے کھانسی ہے جو کبھی کبھی آتی ہے۔
• بَلَغَ بِه التشَاؤمُ إِلَى حَدّ الْيَأْس.	بدفالی نے اسے مایوسی تک پہنچادیا۔
• بَلَغَ عَدَدُهُمْ مَا يَقْرُبُ مِنْ أَلْفِ رَجُلٍ.	ان کی تعداد ایک ہزار کے قریب پہنچ گئی۔
• بَلَغَ إِعْجَابُه قِمَّتَه.	اس کا تعجب انتہا کو پہنچ گیا، اسے بیحد تعجب ہوا۔
• بَلَغَتِ الدَّوْلَةُ فِي الصِّنَاعَةِ أَوْجَهَا.	ملک صنعت میں انتہائی بلندی پر پہنچ گیا۔
• بَلَغَنِي نَبَأُ نَجَاحِكَ فَبَهِجْتُ بِهِ كَثِيْرًا.	مجھے تمہاری کامیابی کی خبر سن کر بے حد خوشی ہوئی۔
• بَلَّطَتِ الْحُكُوْمَةُ عَدَدًا كَبِيْرًا مِنْ شَوَارِعِ الْمُدُنِ وَطُرُقِهَا.	حکومت نے شہروں کی بہت سی سڑکیں اور راستے سمنٹیڈ بنوادیے ہیں۔
• بَلَّغَ الشُّرْطِيُّ الْمُتَّهَمَ أَمْرَ الْحُضُوْرِ إِلَى الْمُحْكَمَةِ.	کانسٹبل نے ملزم کو عدالت میں حاضری کا حکم پہنچایا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

- بَيَّنَ الكَاتِبُ أَهَمَّ الأَسْبَابِ الَّتِيْ أَدَّتْ الى حَرْبِ حَزِيْرَان ۱۹۶۷.

مصنف نے وہ اہم ترین اسباب بیان کئے ہیں جن کے نتیجے میں جون ۱۹۶۷ء کی جنگ چھڑی۔

- بَيْنَا نَحْنُ نُنَاقِشُ الْمَشْرُوعَ أَعْلَنَ رَئِيْسُ الْجَلْسَةِ تَأْجِيْلَ الاِجْتِمَاعِ.

ابھی ہم منصوبے پر بحث ومباحثہ ہی کر رہے تھے کہ صدر جلسہ نے میٹنگ مؤخر کرنے کا اعلان کر دیا۔

- بَيْنَهُمَا مَسَافَةُ مَا يَقْرُبُ مِنْ خَمْسِيْنَ مِتْرًا.

ان دونوں کے درمیان تقریباً پچاس میٹر کا فاصلہ ہے۔

- بُنُودُ الاِتِّفَاقِيَةِ لاَتَزَالُ قَيْدَ الْكِتْمَانِ.

معاہدے کی دفعات ابھی تک راز میں ہیں۔

- بُوِّبَ الْكِتَابُ تَبْوِيْبًا حَسَنًا.

کتاب کے ابواب کی ترتیب اچھی رکھی گئی ہے۔

- تَجِدُوْنَ رِفْقَ هَذَا الْكِتَابِ نُسْخَةً مِنَ القَرَارِ.

اس خط کے ساتھ تمہیں تجویز کی ایک کاپی بھی ملے گی۔

- تَجَنَّبِ الاغْتِيَابَ فَلَيْسَ فِيْهِ سِوَى مَضْيَعَةِ الوَقْتِ وَالجُهْدِ وَرَاحَةِ البَالِ.

غیبت سے بچو کہ اس میں وقت، طاقت اور دل کے سکون کی اضاعت کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

- تَحَقَّقَ لَنَا أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ مَسْؤُولاً عَمَّا حَدَثَ.

ہم پر یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ جو کچھ ہوا اس کی ذمہ داری اس پر نہیں ہے۔

- تُخَرِّجُ الْجَامِعَاتُ كُلَّ عَامٍ عَدَدًا كَبِيْرًا مِنَ الْمُخْتَصِّيْنَ فِي الْعُلُوْمِ وَالْآدَابِ.

یونی ورسٹیوں سے ہر سال علم وادب کے ماہرین کی بڑی تعداد فارغ ہوتی ہے۔

Telegram Channel : New Madarsa

• تدعيمُ اقتصادِ الْبِلادِ.
ملک کی اقتصادیات مضبوط کرنا۔

• تَفَاوَضَ الْوَفْدَانِ حَوْلَ عَدَدٍ مِنَ الأُمُورِ الَّتِي تَهُمُّ الْبَلَدَيْنِ.
دونوں وفدوں نے ان متعدد امور پر تبادلۂ خیال کیا جن کا تعلق دونوں ملکوں سے ہے۔

• تَقُومُ الأَعْمِدَةُ فِي الشَّوَارِعِ كَأَنَّهَا الأَشْجَارُ الْبَاسِقَةُ.
سڑکوں پر کھمبے بلند و بالا درختوں کی طرح کھڑے ہوئے ہیں۔

• تكلَّمَ بلَهْجَةٍ جَافَّةٍ.
وہ خشک لہجے میں بولا۔

• تلمِيذٌ ذكِيٌّ يَتَلَقَّفُ كَلامَ مُعَلِّمِهِ.
ذہین طالب علم اپنے استاذ کی تقریر ذہن نشین کر لیتا ہے۔

• تَأْبَى الْمَرْأَةُ الْوَاعِيَةُ أَنْ تَكُوْنَ أُنُوثَتُهَا وَسِيْلَةً لِتَقَدُّمِهَا فِي الْمُجْتَمَعِ.
سمجھدار خاتون نہیں چاہتی کہ اس کی نسوانیت معاشرے میں اس کی ترقی کا وسیلہ بنے۔

• تَأَسَّسَتْ هَذِهِ الْجَامِعَةُ سَنَةَ ١٣٩٠هـ.
یہ یونی ورسٹی ١٣٩٠ھ میں قائم ہوئی۔

• تَأَكَّدَ لِي أَنَّهُ لا يَبْغِي سِوَى الْخَيْرِ.
اس نے مجھے یقین دلایا کہ وہ صرف خیر کا متلاشی ہے۔

• تَأَكَّدَ أَنَّهُ سَيُسَافِرُ غَدًا.
اس نے یقین دلایا ہے کہ وہ کل سفر کرے گا۔

• تَأَثَّرَ بِهِ إِلَى حَدٍّ قَرِيْبٍ أَوْ إِلَى حَدٍّ بَعِيْدٍ.
وہ کسی حد تک یا بڑی حد تک اس سے متأثر ہوا۔

• تَأَخَّرَ عَنْ حُضُوْرِ الاِجْتِمَاعِ لِأَسْبَابٍ اضْطِرَارِيَّةٍ.
چند ناگزیر اسباب کی بنا پر میٹنگ کے اندر حاضری میں تاخیر ہوگئی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- تَأَخَّرَ اجْتِمَاعُ القِمَّةِ بِسَبَبِ خِلَافَاتٍ وَقَعَتْ حَوْلَ جَدْوَلِ الأَعْمَالِ.

ایجنڈے پر ہونے والے اختلافات کے باعث چوٹی کانفرنس ملتوی کردی گئی ہے۔

- تَأَلَّمَ الجُنُودُ لِمَا أَصَابَهُم مِنْ هَزِيمَةٍ.

فوجیوں کو شکست سے بڑا دکھ ہوا۔

- تَأَمَّلَ فِي الْمَوْضُوعِ قَبْلَ أَنْ يُصْدِرَ حُكْمَهُ عَلَيْهِ.

اس نے کوئی رائے قائم کرنے سے پہلے موضوع پر اچھی طرح غور وفکر کیا۔

- تَبَادَلَ الرُّؤَسَاءُ وَالْمُلُوكُ بَرْقِيَاتِ التَّهَانِي بِمُنَاسَبَةِ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ.

سربراہان مملکت اور بادشاہوں نے عیدالفطر المبارک کے موقع پر مبارکباد کے تار یا ٹیلی گرام کا تبادلہ کیا ہے۔

- تَبَادُلُ الخِبْرَاتِ.

تجربات کا تبادلہ۔

- تَبَارَىٰ الْفَرِيْقُ السَّعُوْدِيُّ لِكُرَةِ السَّلَّةِ مَعَ الْفَرِيْقِ الْكُوَيْتِيِّ.

بیڈمنٹن کی سعودی ٹیم نے کویت کی ٹیم سے مقابلہ کیا۔

- تَبَرَّعَ بِمَبْلَغٍ كَبِيْرٍ لِلْمَشَارِيعِ الخَيْرِيَّةِ.

انہوں نے رفاہی منصوبوں کے لیے ایک خطیر رقم عطا کی ہے۔

- تَبَعْثَرَتِ الجُهُوْدُ بِسَبَبِ إِهْمَالِنَا التَّخْطِيْطَ.

منصوبہ بندی کو نظر انداز کرنے کی بناپر تمام کوششیں رائیگاں چلی گئیں۔

- تَبَلْوَرَ التَّفْكِيْرُ الدِّيْنِيُّ فِي القُرآنِ وَالْحَدِيْثِ.

قرآن وحدیث میں دینی فکر روشن انداز میں موجود ہے۔

- تَبَنَّتِ الشَّرِكَةُ سِيَاسَةً جَدِيْدَةً فِي تَعْيِيْنِ مُوَظَّفِيهَا.

کمپنی نے ملازمین کی بھرتی کے سلسلے میں نئی پالیسی بنائی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

- تَبُثّ الإذَاعَةُ بَرَامِجَها مِنَ السَّاعةِ السَّابعةِ مَساءً حَتَّى منتَصَفِ اللَّيْل.
- تَبْدَأُ الإذَاعَةُ بَرَامِجَهَا بِتِلاَوَةٍ من آيِ الذِّكْرِ الْحَكِيْم.
- تَبْدُو حَسَنَاتُ النِّظَام النِّيَابِي إِذَا تَنَاوَلْنَاه جُمْلَةً وَأَحَطْنَاهُ بِنَظْرَةٍ شَامِلَةٍ.
- توالت الحرُوبُ والهزَّاتُ السيّاسِيَّةُ فِي الشَّرْقِ الأَوْسَط مُنْذُ أَنْ أُقِيمَتْ دَوْلَةُ إِسْرَائِيل.
- تَتَجَدَّدُ حَاجَاتُ الإِنْسَانِ وَالمجْتَمعِ وِفْقاً لِسُنَّةِ التَّطَوُّر.
- تَتَجَلَّى الْمُسَاوَاة بأَجْلَى صُوَرِهَا أَيَّامَ الْحَجِّ.
- تَتَمَايَلُ الزُّهُوْرُ مَعَ النَّسِيْمِ كَأَنَّهَا تَتَحَمَّمُ بِأَشِعَّةِ الشَّمْسِ.

ریڈیو اپنا پروگرام شام سات بجے سے نصف شب تک نشر کرتا ہے۔

ریڈیو اپنے پروگرام قرآنی آیات کی تلاوت سے شروع کرتا ہے۔

پارلیمانی نظام کی خوبیاں اسوقت نمایاں ہوتی ہیں جب ہم اسے بحیثیت مجموعی لاگو کریں اور اس کا دائرہ دور تک وسیع کریں۔

اسرائیلی مملکت کے قیام کے بعد مشرق وسطی میں جنگیں اور سیاسی اُتھل پتھل پے در پے ہونے لگی۔

تبدیلیوں کے فطری تقاضوں کے مطابق انسان اور انسانی معاشرے کی ضرورتیں بدلتی رہتی ہیں۔

حج کے ایام میں مساوات اپنے واضح تصور کے ساتھ نمایاں نظر آتی ہے۔

نسیم صبح کے ساتھ پھول کچھ اس طرح اٹھکیلیاں کرتے ہیں گویا وہ سورج کی کرنوں میں غسل کر رہے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَتَمَيَّزُ هَذِهِ الأَرْضُ بِالخُصُوبَةِ وَوَفْرَةِ الإِنْتَاجِ.	یہ زمین سرسبزی وشادابی اور پیداوار کی کثرت کے لیے ممتاز ہے۔
• تَتَفِقُ الحَرَكَاتُ العَرَبِيَّةُ فِي أُمُورٍ وتَخْتَلِفُ فِي أُخرى.	عرب تحریکیں بعض امور میں باہم متفق ہیں اور بعض میں مختلف۔
• تَثَقَّفَ ثَقَافَةً إِسْلَامِيَّةً وَثَقَافَةً غَرْبِيَّةً.	اس نے اسلامی اور مغربی دونوں طرح کی تعلیم حاصل کی۔
• تَثْبِيتُ الْعَقِيدَةِ فِي النُّفُوسِ وَتَرْكِيزُهَا.	قلوب میں عقیدہ راسخ کرنا۔
• تَثْبِيطُ الْهِمَمِ.	ہمتیں پست کرنا۔
• تَجِدُ الْمُصَلَّيَاتِ فِي كُلِّ مَكَانٍ حَتَّى فِي الْغَابَةِ.	تمہیں مُصلّی (نماز کے لیے مخصوص جگہیں) ہر جگہ مل جائیں گی یہاں تک کہ جنگل میں بھی۔
• تَجِدُ فِي كِتَابَاتِ بَعضِ الْمُؤَلِّفِينَ كَثِيرًا مِنَ التَّكْرَارِ وَالْحَشْوِ لِغَيْرِ ضَرُورَةٍ أو فَائِدَةٍ.	تمہیں بعض مصنفین کی کتابوں میں بہت زیادہ غیر ضروری، اور غیر مفید تکرار ملے گا۔
• تَجَدَّدَتِ الاِضْطِرَابَاتُ وَحَوَادِثُ الفِتنَةِ فِي البِلَادِ.	ملک میں شرانگیزی کے واقعات اور فسادات کا نیا سلسلہ شروع ہوا ہے۔
• تَجَرَّدَ عَنْ حُظُوظِ النَّفْسِ.	نفس کی لذتوں سے خالی ہونا۔
• تَجَشَّمَ الْمَشَقَّةَ فِي سَبِيلِ...	مشقت برداشت کرنا۔
• تَجَشَّمَ عَنَاءَ السَّفَرِ لِزِيَارَةِ ابْنِهِ.	اس نے اپنے بیٹے سے ملاقات کے لیے سفر کی مشقت برداشت کی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- تَجَلَّتْ عَبْقَرِيَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ فِي هذه الحَرْبِ فِي أَرْوَعِ مَظَاهِرِهَا.

اس جنگ میں مسلمانوں کی عبقریت اپنی اعلیٰ شکل میں ظاہر ہوئی۔

- تَجَلَّى الشَّيْءُ عَلَى أَكْمَلِ صُوْرَةٍ.

کسی چیز کا پوری طرح واضح اور ظاہر ہونا۔

- تَجَرَّدَ عَنِ الأَغْرَاضِ.

مفادات سے خالی ہونا۔

- تَجْدِيْدُ الذِّكْرَيَاتِ وَإِعَادَتُهَا.

یادیں تازہ کرنا۔

- تَجْدِيْفُ السَّفِيْنَةِ فِي عَوَاصِفَ هَوْجَاءَ وَأَمْوَاجٍ عَاتِيَةٍ.

آندھیوں اور طوفانوں میں کشتی چلانا۔

- تَجْمُدُ الأَنْهَارُ أَحْيَانًا فِي الْمَنَاطِقِ البَارِدَة.

ٹھنڈے علاقوں میں بعض اوقات نہریں منجمد ہو جاتی ہیں۔

- تَحْرِيْرُ العقُولِ مِنَ الأَغْلاَلِ.

عقلوں کو قیود سے آزاد کرنا۔

- تَحْرِيكُ ضَمِيرِ الإِنْسَانِ بَدَلَ سُوقِهِ بِالْقُوَّةِ الْقَاهِرَةِ.

ڈنڈے کے زور سے ہانکنے کے بجائے انسان کے ضمیر کو جھنجھوڑنا۔

- تَحَسَّنَ الوَضْعُ الاِقْتِصَادِيُّ فِي الْبِلاَدِ.

ملک میں اقتصادی پوزیشن بہتر ہو گئی۔

- تَحَقَّقَ الإِخَاءُ الإِنْسَانِيُّ بِمَعْنَاهُ السَّامِيِّ النَّبِيْلِ.

انسانی اخوت اپنے اعلیٰ ترین مفہوم کے ساتھ پائی گئی۔

- تَحَاوَلَ بَعْضُ الْبُلْدَانِ التَّحَوُّلَ مِنَ الزِّرَاعَةِ إِلَى الصِّنَاعَةِ الثَّقِيْلَةِ.

بعض ملکوں نے زراعت کے بجائے بھاری صنعت کی طرف توجہ دینے کی کوشش کی ہے۔

- تَحَدَّثَ بِصِفَتِهِ مُمَثِّلاً لِلجَامِعَةِ الْعَرَبِيَّة.

اس نے عرب لیگ کی نمائندگی کرتے ہوئے گفتگو کی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَحَدَّثَ عَنْكَ فِي اخْتِصَاصٍ.	اس نے تمہارے متعلق خاص طور پر گفتگو کی۔
• تَحَدَّثْتُ إِلَيْهِ بِنَجْوَى الضَّمِيرِ وَلَكِنَّهُ لَمْ يُؤْتَمَنْ عَلَيْهِ.	میں نے اسے دل کا راز دیا لیکن اس نے اس کی حفاظت نہیں کی۔
• تَحَدَّى الشَّعْبُ قُوَى الشَّرِّ الَّتِي أَرَادَتْ تَمْزِيْقَ وَحْدَتِه.	قوم نے ان قوتوں کو للکارا جو اس کی وحدت کو پارہ پارہ کرنا چاہتی تھیں۔
• تَحَصَّلَ فُلَانٌ عَلَى قَرْضٍ بِوَاسِطَةِ مُدِيرِ الْبَنْكِ.	فلاں شخص نے بینک منیجر کے ذریعے قرض حاصل کیا۔
• تَحَطَّمَتْ أَسْوَارُ الضَّلَالِ وَالظَّلَامِ.	گمراہی اور ضلالت کی دیواریں گر پڑیں۔
• تَحَلَّلَ مِنْ جَمِيْعِ الْقُيُوْدِ.	تمام بندھنوں سے آزاد ہونا۔
• تَحَمَّلَ صُعُوْبَاتٍ كَبِيْرَةً فِي سَبِيْلِ تَأْدِيَةِ رِسَالَتِه.	اپنی ذمہ داری ادا کرنے کی خاطر اس نے بڑی مشقتیں برداشت کی ہیں۔
• تَحَمَّلَ كُلَّ الْأَعْبَاءِ فِي سَبِيْلِ الدِّرَاسَةِ وَالتَّعْلِيْمِ.	اس نے تعلیم کے راستے میں تمام مشقتیں برداشت کیں۔
• تَحَوَّلَتِ الصَّحَافَةُ إِلَى صِنَاعَةٍ وَتُسْتَغَلُّ كَمَصْدَرٍ لِلرِّبْحِ.	صحافت اب صنعت کی شکل اختیار کر گئی ہے، اور اس سے نفع اٹھایا جاتا ہے۔
• تَحْتَاجُ الْبِلَادُ إِلَى الْأَيْدِ الْعَامِلَةِ فِي مَجَالَاتِ الصِّنَاعَةِ.	ملک صنعت و حرفت کے میدان میں مزدوروں کا محتاج ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَحْتَفِلُ الحُكُومَةُ - جَرْيًا عَلَى عَادَتِهَا - بِذِكْرَى الْمَوْلِدِ النَّبَوِيِّ الشَّرِيْف.

حکومت اپنی عادت کے مطابق عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منایا کرتی ہے۔

• تَحْتَوِي "أَلْفُ لَيْلَةٍ وَلَيْلَة" عَلَى حِكَايَاتٍ أُسْطُورِيَّةٍ.

الف لیلہ ولیلہ دیومالائی کہانیوں پر مشتمل ہے۔

• تَحْرِيْكُ الشُّعُوْرِ الدَّاخِلِيِّ الدَّفِيْن.

مردہ احساس بیدار کرنا۔

• تَحْسِيْنُ الْعَلاقَةِ بَيْنَ الْمُسْتَخْدِمِ وَالْمُسْتَخْدَمِ ضَرُوْرَةٌ إِجْتِمَاعِيَّةٌ اِقْتِصَادِيَّةٌ.

اجیر اور مستجیر کے درمیان تعلقات کا بہتر ہونا اجتماعی اقتصادی ضرورت ہے۔

• تَخْتَلِفُ مَفَاهِيْمُ الجَمَالِيَّةِ مِنْ أَدَبٍ إِلَى أَدَبٍ أَوْ مِنْ عَصْرٍ إِلَى عَصْر.

جمالیات کا مفہوم ایک دور کے ادب اور دوسرے دور کے ادب میں بدلتا رہتا ہے۔

• تَدْرُسُ الْحُكُوْمَةُ مَشْرُوْعاً جَدِيْداً لِمُكَافَحَةِ الأُمِّيَّةِ.

حکومت ناخواندگی دور کرنے کے لیے ایک نئے منصوبے پر کام کر رہی ہے۔

• تَدْعُوا القَومِيَّةُ العَرَبِيَّةُ إِلَى وَحْدَة العَرَبِ أَمَّا الْحَرَكَاتُ الإِسلاَمِيَّةُ فَتَسعى إِلَى تَوْحِيْدِ الْمُسْلِمِيْنَ.

عرب قوم پرستی وحدتِ عرب کی داعی ہے، جب کہ اسلامی تحریکیں اتحاد بین المسلمین کے لیے کوشاں ہیں۔

• تَذَكَّرَ وَالِدَه وَقَدْ تَجَسَّمَتْ أَمَامَه صُوْرَتُه وَهُوَ يَعْمَلُ فِي الْحَقْلِ.

اسے اپنے والد کی یاد آئی اور کھیت میں کام کرتا ہوا ان کا چہرا مجسم ہو کر اس کے سامنے آگیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَـرى الإِدَارَاتُ الْمَحَلِّيَّـةُ أَنَّ لَهَـا الأَحْقِيَّـةَ فِي الإِشْـرَافِ عَلَـى التَّعْلِيْمِ فِي أَقَالِيْمِهَـا أَكْثَـرَ مِـنَ الحُكُوْمَة الْمَرْكَزِيَّة.

مقامی ادارے سمجھتے ہیں کہ اپنے علاقوں میں تعلیم کی نگرانی کا حق مرکزی حکومت سے زیادہ ان کا ہے۔

• تَرَى مَتَى تَتَحَقَّقُ الأُمْنِيَّةُ؟

کیا تمہیں معلوم ہے تمنا کب پوری ہوگی؟

• تَـرَابَطَ الْمُـسْلِمُوْنَ بِفَـضْلِ عَقِيْدَتِهِمْ.

مسلمان اپنے عقیدے کی بنیاد پر متحد ہیں۔

• تَـرَدَّدَ فِي الـسَّفَرِ؛ لأَنـهُ كَـانَ يَـسْتَبْعِدِ الْمَسَافَةَ التِي يَجِبُ أن يقطعَهَا.

وہ سفر کرنے میں پس و پیش کر رہا ہے، کیوں کہ اس کے خیال میں جو مسافت اسے طے کرنی ہے وہ بہت زیادہ ہے۔

• تَـرَى الحُكُوْمَـةُ مِـنْ حَقِّهَا أن تُشَرِّعَ مَا تَشَاءُ مِنْ غَيْرِ أَن يَكُوْنَ عَلَيْهَا حَسِيْبٌ أو رَقِيبٌ.

حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جو چاہے قانون بنائے نہ اس پر کوئی نگراں ہے نہ اس کا کوئی محاسبہ کرنے والا ہے۔

• تَرْسُفُ هَذِهِ الشُّعُوْبُ فِيْ أَغْلاَلِ الإِسْتِعْبَادِ.

یہ قومیں غلامی کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہیں۔

• تَـرْكُ الْحُرِّيَّةِ لِلشَّابِّ وَالشَّابَّةِ بِلاَ حَدٍّ جَرَّ إِلَى هَـذَا الْفَسَادِ الذِي يَشكُو مِنْه الغربِيُّوْنَ.

جوان لڑکوں اور لڑکیوں کو بلا روک ٹوک آزادی دینے ہی سے یہ بگاڑ پیدا ہوا ہے جس سے اہل مغرب نالاں ہیں۔

• تَرْمِي بَعْضُ الحَرَكَاتِ السِّيَّاسِيَّةِ إِلَى تَبْدِيْلِ الأَوْضَاعِ الإِجْتِمَاعِيَّةِ وَالإِقْتِصَادِيَّة.

بعض سیاسی تحریکیں اجتماعی اور اقتصادی حالات میں تبدیلی چاہتی ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَزَوَّدَ مِنَ الْعِلْمِ وَكَرِعَ مِنَ الْمَعْرِفَةِ.	علم حاصل کرنا۔
• تَسِيرُ الأُمُوْرُ سِيْرَتَهَا الْقَدِيْمَةَ.	حالات اپنے ڈھنگ پر ہیں۔
• تَسْتَخْدِمُ الدُّوَلُ النَّفْطِيَّةُ عَائِدَاتِهَا مِنَ النَّفْطِ فِي تَحْسِيْنِ أَحْوَالِ مُوَاطِنِيهَا.	پٹرول والے ممالک؛پٹرول سے ہونے والی آمدنی اپنے باشندگان کے حالات سدھارنے پر خرچ کرتے ہیں۔
• تَسْعَى شُعُوبُ العَالَمِ الثَّالِثِ إِلَى التَّحَرُّرِ مِنْ سُلْطَانِ الْقُوى الكُبْرَى ونُفُوْذِهَا.	تیسری دنیا کی قومیں بڑے ملکوں کے تسلط اور ان کی مداخلت سے آزاد ہونے کی کوشش کر رہی ہیں۔
• تَسْعَى دُوَلُ العَالَمِ الثَّالِث إِلَى تَخْفِيفِ حِدَّةِ التَّوَتُّرِ الدُّوَلِي.	تیسری دنیا کے ممالک بین الاقوامی کشیدگی کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔
• تَسْلِيْطُ الضَّوْءِ عَلَى شَيْءٍ.	کسی چیز پر روشنی ڈالنا۔
• تَسْمعُهم يُجَعْجِعُوْنَ وَيُهَدِّدُوْنَ ولاَ تَرَى لَهُمْ فِي الْوَاقِعِ أثراً يُذْكر.	تم انہیں بکواس کرتے ہوئے اور دھمکی دیتے ہوئے سنتے ہو لیکن حقیقت میں ان کا کوئی قابل ذکر اثر نہیں ہوتا۔
• تَشْتَدُّ الحَرْبُ البَارِدَةُ بَيْنَ النِّظَامَيْنِ الرَّأْسَمَالِي وَالإِشْتِرَاكِي.	سرمایہ درانہ نظام اور اشتراکیت کے درمیان سرد جنگ شدت اختیار کر رہی ہے۔
• تَصِلُ الطَّائِرَةُ مِنَ "دِلهي" إلى "لَنْدَن" بِدُوْنِ توقُّف.	ہوائی جہاز دہلی سے لندن بغیر رکے پہنچتا ہے۔
• تَصِلُ الطَّائرة فِي السَّاعَة العَاشِرَة صَبَاحًا.	جہاز صبح دس بجے پہنچے گا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

• تَضَرَّمَ غَضَبًا وَغَيْظًا.	غصہ سے آگ بگولا ہونا۔
• تَضْطَرُّنَا الضَّرُوْرَة إِلَى الْقِيَامِ بِمَا لَا نَرْتَضِيْه مِنَ الأَعْمَالِ.	ضرورت ہمیں ناپسندیدہ کام کرنے پر بھی مجبور کر دیتی ہے۔
• تَظَافَرَتِ الجُهُوْدُ وَالْعَوَامِلُ.	اسباب اور کوششیں اکٹھا ہو گئیں۔
• تَعَاقَبَتْ أَحْدَاثٌ تَلَتْهَا أَحْدَاثٌ.	یکے بعد دیگرے حوادث رونما ہوئے۔
• تَعَاهَدَ الصَّدِيْقَانِ عَلَى الحِفَاظِ عَلَى السِرِّ.	دونوں دوستوں نے رازداری کا عہد کیا۔
• تَعَدَّدَتِ الثَّوْرَاتُ فِي الْعَالَمِ ضِدَّ التَّسَلُّطِ وَالظُّلْمِ، وَيُقَالُ ثَوْرَةٌ شَعْبِيَّةٌ وَثَوْرَةٌ أَهْلِيَّة.	دنیا میں ظلم اور بالادستی کے خلاف بہت سی بغاوتیں ہوئی ہیں، جنہیں عوامی بغاوت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔
• تَعَوَّدَ الغربُ الْمبالاَةَ بِالإِسْلَامِ وَمَا تَحْتَوِيْه عَقِيْدَتُه مِنَ الْمُقَاوَمة أَوِ الْمُسَالَمَةِ لِلْمَذَاهِبِ الإِجْتِمَاعِيَّة.	مغرب کو اسلام، اس کے عقیدے اور اس کے دفاعی پہلو اور اجتماعی مذاہب کے ساتھ امن پسندی کے اس تصور پر توجہ دینے کی عادت ہو گئی۔
• تَعْتَمِدُ الزِّرَاعَةُ فِي بَعْضِ الْمَنَاطِقِ الصَّحْرَاوِيَّة عَلَى مِيَاهِ الآبَار.	بعض صحرائی علاقوں میں کاشت کا دار و مدار کنووں کے پانی پر ہے۔
• تَعْتَمِدُ دُوَلُ الخَلِيْجِ عَلَى عَدَدٍ كَبِيْرٍ مِنَ الْعُمَّالِ الأَجَانِب.	خلیجی ممالک بڑی تعداد میں غیر ملکی مزدوروں پر تکیہ کرتے ہیں۔
• تَعْرِيْفُ الإِنْسَانِ بِقِيْمَتِهِ وَمَرْكَزِه فِي الحَيَاةِ.	انسان کو اس کی قیمت اور زندگی میں اس کے مقام سے واقف کرانا۔

Telegram Channel : New Madarsa
Pinterest I'd : @ New Madarsa
Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَعْلُو الْوُجُوهَ عَاطِفَةُ الْحُبِّ وَالْوَفَاءِ.	چہروں پر محبت اور وفا کے جذبات چھائے ہوئے ہیں۔
• تَعْمَلُ الجَالِيَاتُ العَرَبِيَّةُ فِي أَمْرِيْكَا عَلَى تَوْطِيْدِ صِلاَتِهَا بِالْوَطَنِ الأُمِّ.	عرب تارکین وطن امریکہ میں اپنے مادر وطن اور امریکہ کے درمیان تعلقات کے استحکام کے لیے جدوجہد کرتے ہیں۔
• تَغَيَّرَ وَجْهُهُ.	اس کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔
• تَغَيَّرَتْ مَعَالِمُ الْحَيَاةِ الإِنْسَانِيَّةِ.	انسانی زندگی کے پیمانے بدل گئے۔
• تَغْطِيَةُ النَّفَقَاتِ.	اخراجات پورے کرنا۔
• تَغْطِيَةُ الْعَجْزِ فِي الْمِيزَانِيَّةِ.	بجٹ کی کمی پوری کرنا۔
• تَغْلُبُ عَلَيْنَا إنْفِعَالاَتُ الإِسْتِبْشَاعِ وَالإِسْتِنْكَارِ دُوْنَ أَنْ نَقُوْمَ بِعَمَلٍ إِيْجَابِيٍّ.	کوئی مثبت قدم اٹھانے کے بجائے ہم پر ناپسندیدگی اور نفرت کے تاثرات غالب ہیں۔
• تَغْيِيْرُ الْمَصِيْرِ إِلَى الأَفْضَلِ.	اچھا مستقبل بنانا۔
• تَغْيِيْرُ مَجْرَى الْحَوَادِثِ.	حادثات کا رخ موڑ دینا۔
• تَفَاقَمَ الدَّاءُ.	مرض سنگین ہو گیا۔
• تَفَرَّقَتْ كَلِمَتُهُمْ وَتَمَزَّقَ شَمْلُهُمْ.	ان کا شیرازہ بکھر گیا۔
• تَفَقَّدَ القَائِدُ القَوَّاتِ الْمُحْتَشِدَةَ فِي الْجَبْهَةِ الْجُنُوْبِيَّةِ.	جنرل نے جنوبی محاذ پر جمع فوج کا معائنہ کیا۔
• تَفَوَّقَ فِيْ جَمِيْعِ مَوَادِّ الدِّرَاسَةِ عَلَى زُمَلاَئِهِ.	وہ تمام درسی مضامین میں اپنے ساتھیوں سے ممتاز ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- تَفْصِلُ بَيْنَهُمْ هُوَّةٌ عَمِيقَةٌ.
  ایک گہری کھائی ان کے درمیان حدّ فاصل ہے۔
- تَقِفُ الأُمَّةُ الإِسْلَامِيَّةُ فِي مَفْرَقِ الطُّرُقِ الْيَوْمَ.
  امت مسلمہ آج چوراہے پر کھڑی ہے۔
- تَقَاسَمَتِ الدَّوْلَتَانِ العَظِيْمَتَانِ مَنَاطِقَ النُّفُوْذِ فِي العَالَمِ.
  دونوں بڑے ملکوں نے دنیا میں اپنے زیر اثر علاقے تقسیم کر لئے ہیں۔
- تَقَالِيْدُهُمْ فِي الأَفْرَاحِ تَخْتَلِفُ عَنْ تَقَالِيْدِنَا.
  خوشی کے مواقع پر ان کی روایات ہماری روایات سے جداگانہ ہیں۔
- تَقَدَّمَتِ الْمَطَاعِمُ إِلَى أَنْوَاعٍ جَدِيْدَةٍ مِنَ الْمَأْكُوْلَاتِ وَالْمَشْرُوْبَاتِ.
  ہوٹلوں نے کھانے پینے کی نئی ڈشیں پیش کی ہیں۔
- تَقَدُّمُ الشَّيْءِ بِخُطًى سَرِيْعَةٍ.
  کسی چیز کا تیزگامی کے ساتھ آگے بڑھنا۔
- تَقَشَّعَ الْمُتَظَاهِرُوْنَ بَعْدَ تَدَخُّلِ الشُّرْطَةِ.
  پولیس کی مداخلت کے بعد مظاہرین چھٹ گئے۔
- تَقَطَّبَتْ جِبَاهُهُمْ.
  ان کی پیشانیاں شکن آلود ہو گئیں۔
- تَقَعُ الْمَدِيْنَةُ عَلَى بُعْدِ خَمْسِيْنَ مِيْلاً.
  شہر پچاس میل کے فاصلے پر واقع ہے۔
- تَقَعُ مَسْئُوْلِيَّةُ الفَشَلِ عَلَيْكَ.
  ناکامی کی ذمہ داری آپ پر ہے۔
- تَقَعُ الْجَامِعَةُ عَلَى مَسَافَةِ مِيْلَيْنِ مِنْ هُنَا.
  یونی ورسٹی یہاں سے دو میل کے فاصلے پر ہے۔
- تَقَعُ الْمَصَانِعُ فِي جُنُوْبِ الْمَدِيْنَةِ وَفِي شِمَالِهَا.
  فیکٹریاں شہر کے جنوب اور شمال میں واقع ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَقُومُ الْهِنْد الآنَ بِتَصْنِيعِ الأَسْلِحَةِ الثَّقِيلَة.	ہندوستان اب بھاری ہتھیار بنا رہا ہے۔
• تَقْرِيرُ الْحُرِّيَّةِ الدِّينِيَّةِ.	مذہبی آزادی دینا۔
• تَكَلَّمَ جُزَافًا.	بلا سوچے سمجھے بات کرنا، اوٹ پٹانگ ہانکنا۔
• تَكَوَّنَ لَدَيْنَا جِيلٌ قَوِيٌّ مَتِينٌ.	ہمارے یہاں مضبوط اور طاقتور نسل تیار ہو گئی۔
• تَكَوَّنَتْ جَبْهَةٌ وَطَنِيَّةٌ تُمَثِّلُ الأَحْزَابَ وَالْكُتَلَ السِّيَاسِيَّةَ الْمُعَارِضَةَ لِلْحُكْمِ.	ایک قومی فرنٹ تشکیل پایا ہے جس میں حکومت مخالف سیاسی گروپوں اور جماعتوں کی نمائندگی ہے۔
• تَكَهْرَبَ جَوُّ الإِجْتِمَاعِ مِنْ أَجْلِ عُنْفِ الْمُتَدَخِّلِينَ.	مداخلت کرنے والوں کی شدت پسندی کی وجہ سے جلسے کی فضا دھماکہ خیز ہو گئی۔
• تَكْثُر بَسَاتِيْنُ النَّخِيلِ فِي مَنَاطِقِ العِرَاقِ الجَنُوبِيَّة.	جنوبی عراق کے علاقوں میں کھجور کے باغات بہت ہیں۔
• تَلَفَّظَ بِعِبَارَاتٍ بَذِيئَةٍ لاَيَسْتَطِيعُ القَارِئُ أَنْ يَتَصَوَّرَهَا وَلاَ حَاجَةَ بِنَا إِلَى ذِكْرِهَا.	اس نے اتنے رکیک الفاظ استعمال کئے ہیں کہ پڑھنے والا ان کا تصور نہیں کر سکتا اور ہم بھی ان کا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتے۔
• تَلَقَّى صَاحِبُ الجَلاَلَة / جَلاَلَةُ الْمَلِك بَرْقِيَاتِ التَّهَانِي.	سلطان المعظم نے مبارک باد کے پیغامات وصول کئے۔
• تَلَقَّيْتُ بِمَزِيدٍ مِنَ الأَلَمِ نَبَأَ وَفَاةِ الْمَرْحُومِ.	میں نے مرحوم کے انتقال کی خبر بڑے دکھ کے ساتھ سنی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَلُوحُ عَلى مُحَيَّاهُ آثَارُ النَّجَابَةِ وَالشَّرَفِ.	اس کی پیشانی پر شرافت کے آثار نمایاں ہیں۔
• تَلْمَعُ عَلَى الْجَبِيْنِ قَطَرَاتُ الْعَرَقِ.	پیشانی پر پسینے کے قطرات چمک رہے ہیں۔
• تَمْيِيْزُ مَاهُوَ مَحْظُوْرٌ مِمَّا هُوَ مُبَاحٌ.	حرام کو حلال سے ممتاز کرنا۔
• تَمَرَّدَتْ بَعْضُ الْقُرَى فَعَاقَبَهَا الْمُحْتَلُّوْنَ بِاسْتِبَاحَةِ أَمْوَالِهِم وَحَرْقِ مَسَاكِنِهِم وَدَكَاكِيْنِهِمْ.	بعض قصبات نے سرکشی اختیار کی تو قابضین نے ان کے اموال کو اپنے لیے جائز کر کے اور ان کے مکانوں دکانوں کو جلا کر ان کو سزا دی۔
• تَمُرُّ الأُمَّةُ الْمُسْلِمَةُ الْهِنْدِيَّةُ بِمَرْحَلَةٍ سِيَاسِيَّةٍ خَطِيْرَةٍ.	ہندوستانی مسلمان اہم ترین سیاسی مرحلے سے گزر رہے ہیں۔
• تَمَيَّزَتِ الْحَاصِلَاتُ الزِّرَاعِيَّةُ فِي هٰذَا العَامِ بِالْجَوْدَةِ وَالْوَفْرَةِ.	اس سال کی زرعی پیداوار عمدگی اور زیادتی ہر اعتبار سے فائق رہی۔
• تَمَّ الإِتِّفَاقُ بِصُوْرَةٍ إِجْمَاعِيَّةٍ عَلَى الْمَشْرُوْعِ الجَدِيْدِ.	نئے منصوبے پر اجماعی طور پر اتفاق ہو گیا۔
• تَمَّ تَوْزِيْعُ الأَرَاضِي عَلَى الْفَلاَّحِيْنَ.	کاشت کاروں کو زمین کی تقسیم کا عمل پایہ تکمیل کو پہنچا۔
• تَمَّ وَضْعُ خُطَّةٍ جَدِيْدَةٍ لِمُكَافَحَةِ الأُمِّيَّةِ.	ناخواندگی کے خلاف ایک نیا پلیٹ فارم وجود میں آگیا۔
• تَمْتَدُّ بَسَاتِيْنُ النَّخِيْلِ فِي "الْبَصْرَةِ" مَسَافَاتٍ طَوِيْلَةً.	بصرے میں کھجور کے باغات دور تک پھیلے ہوئے ہیں۔
• تَمْثِيْلُ الدَّوْرِ الخَاصِّ فِي الْمَسْرَحِيَّةِ.	ڈرامے میں خاص رول ادا کرنا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَمْهِيدُ الطَّرِيقِ أَوِ السَّبِيلِ لِكَذَا.

کسی چیز کے لیے راہ ہموار کرنا۔

• تَنَاوَلَتِ الْمُبَاحَثَاتُ بَيْنَ الوَفْدَيْنِ أَزْمَةَ "الشَّرْقِ الأَوْسَطِ".

دونوں وفدوں کے درمیان بات چیت میں مشرق وسطی کا بحران زیر بحث آیا۔

• تَنَاثَرَتْ جُثَثُ الْقَتْلَى مِنَ الْفَرِيقَيْنِ عَلَى أَرْضِ الْمَعْرِكَةِ.

جنگ کے میدان میں دونوں متحارب گروپوں کے مقتولین کی لاشیں بکھری ہوئی ہیں۔

• تَنَازَلَ الْمَلِكُ عَنِ الْعَرْشِ وَتَلَاهُ فِي الحُكْمِ أَحَدُ قُوَّادِ الجَيْشِ.

بادشاہ تخت حکومت سے اتر گئے اور ان کے بعد اقتدار ایک فوجی جنرل کے پاس آگیا۔

• تَنَاسَقَتْ خُطْبَةُ الإِمَامِ فِي عِبَارَةٍ مُؤَثِّرَةٍ.

امام کا خطبہ مؤثر عبارتوں سے آراستہ تھا۔

• تَنَاقَلَتْ وِكَالَاتُ الأَنْبَاءِ خَبَرَ الهُدْنَةِ بَيْنَ الأَطْرَافِ الْمُتَحَارِبَةِ.

خبر رساں ایجنسیوں نے متحارب گروپوں کے درمیان قیامِ امن کی خبر شائع کی ہے۔

• تَنَاوَلَ الكَاتِبُ الْفَقْرَ وَالْجَهْلَ وَالْمَرَضَ وَمَا إِلَى ذٰلِكَ مِنْ عَوَامِلِ التَّأَخُّرِ.

قلم کار نے غربت، جہالت اور بیماری جیسے پس ماندگی کے اسباب کو موضوع بنایا ہے۔

• تَنَاوَلَتِ الْمُحَادَثَاتُ مَوْضُوعَ الْعَلَاقَاتِ بَيْنَ الْبَلَدَيْنِ بِعَامَّةٍ وَمُشْكِلَةَ الحُدُودِ بِخَاصَّةٍ.

بات چیت میں دونوں ملکوں کے تعلقات اور بالخصوص سرحدوں کا مسئلہ زیر بحث آیا۔

• تَنَبَّأَتِ النَّشْرَةُ الجَوِّيَّةُ بِتَهَاطُلِ الأَمْطَارِ.

موسمیات کی خبروں میں بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

• تَنَغَّصَتْ حَيَاةُ العَائِلَةِ بَعْدَ غَلَاءِ الْمَعِيشَةِ.

مہنگائی کی وجہ سے گھریلو زندگی مکدر ہو کر رہ گئی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَـنُصُّ إتفَاقِيَّـةُ التَّـضَامُنِ العَـرَبِيّ عَلَى إِيْمَانِ الْحُكُوْمَاتِ الْمتَعَاقِدَة بِـضَرُوْرَةِ التَّـضَامُنِ لِـلدِّفَاعِ عَـنْ حُقُوْقِ الْعَرَبِ.

عرب اتحاد کے معاہدہ سے ثابت ہوتا ہے کہ جن ملکوں نے معاہدہ کیا ہے وہ عرب حقوق کے دفاع کے لیے اتحاد کی ضرورت پر یقین رکھتے ہیں۔

• تَنْتَـشِرُ الأَخْبَـارُ بِـسُرْعَةٍ مُذْهِلَـةٍ بِوَاسِطَةِ أجْهِزَةِ الإعْلاَم.

میڈیا کے ذریعے خبریں حیرت انگیز برق رفتاری کے ساتھ پھیل جاتی ہیں۔

• تَنْسِيْقُ الْخُطَي وَتَوْحِيْدُ الْمَوَاقِفِ.

اتحاد فکر و عمل۔

• تَنْشَأ أَحْلاَمُ اليَقْظَة عَنْ نَقْصِ الإنْتِبَاه لِلْحَيَاة فَيَنْسَى صَاحِبُهَا حَاضِرَهٗ وَيَفْقِدُ صِلَتَه بِالْوَاقِعِ.

جاگتی آنکھوں کے خواب کا مطلب یہ ہے کہ زندگی میں تیقظ کی کمی ہے، ایسے میں خواب دیکھنے والا اپنے حال کو فراموش کر دیتا ہے اور حقیقت واقعہ سے اپنا ناطہ توڑ لیتا ہے۔

• تَنْشُرُ الـصُّحُفُ بَـرَامِجَ الإذَاعَـةِ وَالتِّلْفِزْيُوْنِ فِي صَفْحَةٍ خَاصَّةٍ.

اخبارات؛ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام ایک خاص صفحے پر شائع کرتے ہیں۔

• تَنْقُـصُه الـرُّوْحُ وَالْحَيَـاةُ وَالْقُـدْرَةُ عَلَى التَّحَدُّثِ إِلَى غَيْرِه.

اس میں روح، حیات اور دوسرے سے بات کرنے کی قدرت کی کمی ہے۔

• تَوَارَى الشَّيءُ فِي ظِلِّ...

چھپنا، اوجھل ہونا۔

• تَوْقِيْـتُ العَمَـلِ فِي الإِدَارَةِ مِـنَ الثَّامِنَـةِ صَـبَاحًا إِلَى الثَّانِيَـةِ بَعْـدَ الظُّهْرِ.

ادارے میں کام کے اوقات صبح آٹھ بجے سے دوپہر دو بجے تک ہیں۔

• تَهَانَيْنَا بِمُنَاسَـبَةِ عِيْـدِ الأَضْـحَى الْمبَارَك.

ہم نے عید الاضحی المبارک کے موقع پر ایک دوسرے کو مبارک باد پیش کی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَهَلَّلَ الرَّجُلُ مَسْرُوْرًا.

خوشی سے کھل اٹھا۔

• تَهْدِفُ الدُّوَلُ الْكُبْرَى إِلَى تَأْمِيْنِ مَصَالِحِهَا فِي مِنْطَقَةِ "الشَّرْقِ الأَوْسَطِ".

بڑے ممالک؛ مشرقِ وسطی میں اپنے مفادات کا تحفظ چاہتے ہیں۔

• تَهْدِفُ سِيَاسَةُ العَدُوِّ إِلَى إِقَامَةِ الْمُسْتَعْمَرَاتِ فِي الأَرَاضِي الْمُحْتَلَّة.

دشمن کا سیاسی مقصد مقبوضہ اراضی پر نوآبادیات قائم کرنا ہے۔

• تَيَقَّظَ لِلْخَطَرِ قَبْلَ وُقُوْعِهِ.

خطرے سے پہلے ہی اس کا ادراک کرلیا۔

• تَيَّارُ التَّجْدِيْدِ فِي الشِّعْرِ الْمُعَاصِرِ مُثْقَلٌ بِالْخُبُرَاتِ الثَّقَافِيَّةِ الْمُجَرَّدَةِ أَكْثَرُ مِنَ الْخُبُرَاتِ الإِنْسَانِيَّةِ الحَيَّةِ.

شاعری میں جدت پسندی کی لہر زندہ انسانی تجربوں کے بجائے خالص ثقافتی تجربوں سے بوجھل ہے۔

• تُخَصِّصُ بَعْضُ الصُّحُفِ صَفَحَاتٍ كَامِلَةً لِلإِعْلانَات.

بعض اخبارات پورے پورے صفحے اشتہارات کے لیے مخصوص کردیتے ہیں۔

• تُذَاعُ نَشَرَاتُ الأَخْبَارِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ الْفُصْحَى.

خبریں فصیح عربی زبان میں نشر کی جاتی ہیں۔

• تُرْجِمَ الْكِتَابُ إِلَى الإِنْجِلِيْزِيَّةِ وَكَانَ قَدْ تُرْجِمَ إِلَى الْفَرَنْسِيَّةِ وَالإِيطَالِيَّةِ أَيْضاً.

کتاب کا انگلش میں ترجمہ کیا گیا ہے، اس کا فرانسیسی اور اٹالین زبانوں میں بھی ترجمہ ہوچکا ہے۔

- أَرْجُوْا أَنَّنِيْ قُمْتُ بِبَعْضِ وَاجِبِي. — میں امید کرتا ہوں کہ میں نے کچھ ذمہ داری ادا کی ہے۔
- أَرْجُوْكَ أَنْ تُخْبِرَنِي. — براہ کرم مجھے بتلا دیجیے۔
- أَسِفَ عَلَى وَفَاةِ صَدِيقِهِ. — وہ اپنے دوست کے انتقال پر افسردہ ہے۔
- أَسِفْتُ لِمَا وَقَعَ بَيْنَنَا مِنْ سُوءِ فَهْمٍ. — غلط فہمی کی بنیاد پر جو کچھ ہمارے درمیان واقع ہوا مجھے اس پر افسوس ہے۔
- أَسَفًا، أَنَا مُتَأَسِّفٌ. — مجھے افسوس ہے۔
- أَسْدِلِ اليَدَ وَكُنْ مُسْتَقِيمًا. — ہاتھ چھوڑ کر سیدھے کھڑے ہو جاؤ۔
- أَسْرَعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَة إِلَى التَّرْحِيْب بِهِ. — اہل شہر اس کو خوش آمدید کہنے کے لیے تیزی کے ساتھ پہنچے۔
- أَسْكَتَهُ عِنْدَ الْمُخَاصَمَة. — جھگڑے میں چپ کر دیا۔
- أَشْعِلِ النُّوْرَ. — لائٹ جلائیے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- أَشْكُرُكَ عَلَى مَشَاعِرِكَ الطَّيِّبَةِ نَحْوِي.
  میں اپنے لیے آپ کے پاکیزہ جذبات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔
- أَشْكُرُكَ كَثِيْرًا جِدًّا.
  میں آپ کا بے حد شکر گزار ہوں۔
- أَصَابَه فَالِجٌ أَلْزَمَهُ الْفِرَاشَ.
  اسے فالج نے صاحب فراش کر دیا۔
- أَصَابَ مِنَ الْعِلْمِ نَصِيْبًا.
  اسے علم کا کچھ حصہ مل گیا۔
- أَصْبَحَ الْمَوْضُوْعُ بَالِيًا.
  موضوع پرانا ہو گیا ہے۔
- أَصْبَحَ فِيْ حَالٍ يُرْثَى لَهَا.
  وہ قابل رحم حالت کو پہنچ گیا۔
- أَصْبَحَتِ الحَقِيْقَةُ ظَاهِرَةً لِلْجَمِيْعِ.
  حقیقت سب پر منکشف ہو گئی۔
- أَضَعْتُ ثِقَتِيْ فِيْكَ.
  تم نے میرا اعتماد مجروح کر دیا۔
- أَضَعْتُ طَرِيْقِي فِي الظَّلَامِ.
  میں اندھیرے میں راستہ بھول گیا ہوں۔
- أَعُوْدُ أَشْكُرُكُمْ.
  میں آپ کا دوبارہ شکریہ ادا کرتا ہوں۔
- أَعْتَقِدُ أَنَّهُ عَلَى خَطَأٍ.
  میرے خیال سے وہ غلطی پر ہے۔
- أَعْرِفُهُ مُنْذُ الصِّبَا.
  میں اسے بچپن سے جانتا ہوں۔
- أَعْطِنِي مُهْلَةً كَيْ أُفَكِّرَ.
  مجھے سوچنے کا موقع دیجیے۔
- أَعْطَاه كَلِمَةَ شَرَفٍ.
  ان کی خدمت میں سپاس نامہ پیش کیا۔
- أَعْطَاهُ اللهُ عِلْمًا وحِكْمَةً.
  اللہ نے اسے علم و حکمت سے نوازا ہے۔
- أَكْبَرَ الْمشكلَةَ وهِيَ صغيْرَة.
  مسئلے کو بڑا سمجھا حالاں کہ وہ چھوٹا تھا۔
- أَلَا تَتَفَضَّلُ بِقَبُولِ دَعْوَتِنَا؟
  کیا آپ ہماری دعوت قبول نہیں کریں گے۔
- أَلَا تَكُفُّ عَنِ الإِسَاءَةِ إِلَى أَهْلِكَ؟
  کیا تم اپنے گھر والوں کے ساتھ بد سلوکی سے باز نہیں آؤ گے۔
- أَلَسْتَ مَعِي فِيْ هَذَا الرَّأْيِ؟
  کیا آپ میری رائے سے متفق نہیں ہیں؟

Pinterest I'd : @ New Madarsa
Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَلْقَى مُحَاضَرَةً.	اس نے لیکچر دیا۔
• أَلْقَى الدَّرْسَ.	سبق پڑھایا۔
• أَلْهَجَ لِسَانَهُ بِالشُّكْرِ.	اس نے زبان سے اس کا شکریہ ادا کیا۔
• أَمْرٌ لَا يَتَصَوَّرُهُ الْعَقْلُ.	عقل سے ماوراء معاملہ ہے۔
• أَمْطَرَهُ بِوَابِلٍ مِنَ الشَّتَائِمِ.	اس نے گالیوں کی بوچھار کر دی۔
• أَنَا ابْنُ عِشْرِيْنَ سَنَةً.	میں بیس برس کا ہوں۔
• أَنَا الْغَرِيْقُ فَمَا خَوْفِي مِنَ الْبَلَلِ.	جب میں ڈوب رہا ہوں تو مجھے بھیگنے کا کیا ڈر۔
• أَنَا سَعِيْدٌ لِرُؤْيَتِكَ.	مجھے آپ کی ملاقات سے خوشی ہوئی۔
• أَنَا ضِقْتُ بِكَ ذَرْعًا.	میں تم سے تنگ آ گیا۔
• أَنْتَ الْمَسؤلُ أَوَّلاً وَأَخِيْرًا.	اول و آخر تم ہی ذمہ دار ہو۔
• أَنْتَ بِمَثَابَةِ أَخِي.	تم میرے بھائی کے درجے میں ہو۔
• أَنْتَ تَتَمَتَّعُ بِذَوْقٍ سَلِيْمٍ.	تم اچھا ذوق رکھتے ہو۔
• أَنْتَ فِي غِنًى عَنِ التَّعْرِيْفِ.	آپ محتاجِ تعارف نہیں۔
• أَنْتَ فِيْ خَطَرٍ يَا سَيِّدِيْ!	آپ خطرے میں ہیں جناب!۔
• أَنْتَ فِيْ رِعَايَةِ اللهِ.	خدا حافظ۔
• أَنْتَ فِيْ كَنَفِ اللهِ.	تم اللہ کی حفاظت میں ہو۔
• أَنْتَ لَاتَزَالُ تَمْزَحُ.	تم ہمیشہ مذاق کرتے رہتے ہو۔
• أَنْتَ مُسْؤُوْلٌ عَنْ فَشَلِنَا.	ہماری ناکامی کے ذمہ دار آپ ہیں۔
• أَيُّ طَرِيْقٍ أَقْرَبُ إِلَى الْمَحَطَّةِ؟	کون سا راستہ اسٹیشن سے زیادہ قریب ہے؟
• أَيْنَ تَعِيْشُ؟	آپ کہاں رہتے ہیں؟
• أَيْنَ قَضَيْتَ هٰذَا الْيَوْمَ؟	آپ نے دن کہاں گذارا؟

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَيْنَ كُنْتَ البَارِحَةَ؟	آپ رات کہاں تھے؟
• أَيْنَ هَذَا الشَّيْءُ مِنْهُ؟	یہ اس کے برابر کہاں ہے؟
• أَتْرُكْنِي وَحْدِي مِنْ فَضْلِكَ.	براہ کرم مجھے تنہا چھوڑ دیجئے۔
• أَتْرُكْنِي وَشَأْنِي.	مجھے میرے حال پر چھوڑ دیجئے۔
• أُرِيْدُ الذَّهَابَ.	میں جانا چاہتا ہوں۔
• أُسْكُتْ مِنْ فَضْلِكَ.	براہ کرم خاموش رہئے۔
• أُغْلِقَ بَابُ الْمُفَاوَضَاتِ.	بات چیت کا دروازہ بند ہو گیا ہے۔
• بِالرَّغم من إِهْمَاله قد نَجَحَ.	لاپرواہی کے باوجود کامیاب ہو گیا۔
• بِاللهِ عَلَيْكُمْ.	آپ کو خدا کی قسم۔
• بِحَالَتِه الرَّاهِنَةِ.	بحالت موجودہ۔
• بِقَدْرِ ما يَجْتَهِدُ الطَّالِبُ يُكَافأُ.	طالب علم جس قدر محنت کرے گا اسی قدر صلہ پائے گا۔
• بَارَكَ اللهُ عَلَيْكَ.	اللہ برکت دے۔
• بَدتْ عَلَيْهِ أَمَارَاتُ التَّعَبِ.	اس پر تھکاوٹ کے آثار نمایاں ہیں۔
• بَشَّرَ صَدِيقَه بِخَبَرِ نَجَاحِه.	اس نے اپنے دوست کو اپنی کامیابی کی خوش خبری سنائی۔
• بَعُدَ عَهْدُنَا بِكَ.	آپ سے ملے ہوئے مدت گزر گئی۔
• بَقِيَ فِيْ مَكَانِهِ لَايَتَحَرَّكُ.	وہ اپنی جگہ بے حس و حرکت کھڑا رہا۔
• بَلَغَ مِنِّي التَّعبُ مَبْلَغه.	مجھے بہت زیادہ تھکن ہو گئی ہے۔
• بَلْ بِالْعَكْسِ.	بلکہ اس کے برعکس۔
• بَيْنَهُمَا شُعُوْرٌ مُشْتَرَكٌ.	ان کے درمیان مشترک احساس ہے۔
• بَيْنَهُمَا صَدَاقَةٌ مُنْذُ الصِّغَرِ.	ان کے درمیان بچپن سے دوستی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• بَيْنَهُمَا عَلاقَةٌ رُوحِيَّةٌ.	ان دونوں کے درمیان روحانی رشتہ ہے۔
• تتحسَّن صِحَّتُه يَوْمًا عَنْ يَوْمٍ.	اس کی صحت دن بہ دن اچھی ہوتی جارہی ہے۔
• تَجَنَّبْ مُرافَقة الأَشْرَارِ.	بروں کی صحبت سے گریز کرو۔
• تقَارَبَتْ وِجْهَتَا النَّظَرِ.	دونوں نقطۂ نظر ملتے جلتے ہیں۔
• تميَّزَ الكِتَابُ بِجِدَّةِ مَوْضُوعِه.	موضوع کی جدت کے لحاظ سے کتاب امتیازی شان رکھتی ہے۔
• تأَخَّرْتُ كَثِيْرًا.	میں بہت لیٹ ہوگیا ہوں۔
• تَجَنَّبِ الْكِذْبَ فَهُوَ أُمُّ الرَّذَائِلِ.	جھوٹ سے بچو یہ برائیوں کی جڑ ہے۔
• تجْتَازُ الأُمَّةُ الاسْلامِيَّة مُنْعَطَفاً خَطِراً.	امت مسلمہ خطرناک موڑ سے گزررہی ہے۔
• تَحَتَّمَ عَلَيْهِ أنْ....	اس پر ضروری ہے کہ....
• تَحَدَّثَ عَنْهُ بِالسُّوءِ.	اس کا ذکر برائی کے ساتھ کیا۔
• تَرَاجَعَ عَنْ رَأْيِهِ.	اس نے اپنی رائے بدل دی۔
• تَرَدَّدَ اِسْمُهُ عَلَى الشِّفَاهِ.	اس کا نام زبانوں پر ہے۔
• تَصْحَبُكَ السَّلاَمَةُ.	خدا حافظ۔
• تَضَلَّعَ مِنَ الْعُلُوْمِ وَالْفُنُوْنِ.	اس نے علوم وفنون میں مہارت حاصل کی۔
• تَعَالَ مَعِي إِلَى هُنَاكَ.	میرے ساتھ وہاں تک چلو۔
• تَعَالَوْا مِنْكُمْ مَنْ يُبَارِزُ؟	آؤ کون ہے مقابلے پر؟
• تَعَسَّرَ الْجَزْمُ بِهِ....	یقین کے ساتھ کچھ کہنا مشکل ہے....
• تَفَضَّلْ!	تشریف لائیے۔
• تَكَرَّمْ بِالرَّدِّ عَلَى رِسَالَتِهِ.	اس کے خط کا جواب عطا کیا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَكَرَّمَ عَلَيْهِ بِهَدِيَّةٍ ثَمِيْنَةٍ.	اسے قیمتی ہدیے سے نوازا۔
• تَكَلَّمَ أمَامَه بِصَوْتٍ خَفِيْضٍ.	اس کے سامنے آہستگی سے بولا۔
• تَكَلَّمَ بِكُلِّ رَزَانَةٍ وَرَوِيَّةٍ.	وہ پوری سنجیدگی کے ساتھ اور غور وفکر کرنے کے بعد بولا۔
• تَكَلَّمَ بِصَوْتٍ يَنِمُّ عَنِ الْحُزْنِ.	وہ غمگین آواز میں بولا۔
• تَكَلَّمَ فِيْ إِيْجَازٍ..	اختصار کے ساتھ بات کی۔
• تَكُوْنُ مَسْرُوْرًا جِدًّا إِذَا قَابَلْتَهُ.	تم اس سے مل کر بہت خوش ہوگے۔
• تَلَوَّنَ وَجْهُهُ وَاحْمَرَّ مِنَ الْخَجَلِ.	شرمندگی سے اس کے چہرہ کا رنگ بدل کر سرخ ہوگیا۔
• تَنَاوَلْ عَشَاءَ كَ مُبَكِّرًا.	رات کا کھانا سویرے کھالو۔
• تَوَفَّرَتْ فِيْهِ جَمِيْعُ الصِّفَاتِ.	اس میں تمام اوصاف پائے جاتے ہیں۔
• تَوَقَّفَتِ الْجَرِيْدَةُ عَنِ الصُّدُوْرِ.	اخبار نکلنا بند ہوگیا۔
• تُحِيْطُهُ هَالَةٌ مِنَ الْقَدَاسَةِ.	تقدس کی کرنیں اسے گھیرے ہوئے ہیں۔
• ثِقْ بِأَنَّكَ سَتَنْدَمُ عَلَى....	یقین رکھو تمہیں نادم ہونا پڑے گا۔
• جَرَى نِقَاشٌ عَقِبَ الْمُحَاضَرَةِ.	لکچر کے بعد بحث چلی۔
• جَاءَ فِيْ وَقْتٍ مُتَأَخِّرٍ مِنَ اللَّيْلِ.	وہ رات کے آخری پہر آیا۔
• جَائَتْنَا الْأَنْبَاءُ عَنْ مِصْرَ....	ہمیں مصر سے خبر ملی ہے کہ....
• جَرَى بَيْنَهُمَا أَخْذٌ وَرَدٌّ.	ان دونوں کے درمیان لین دین کا سلسلہ ہے۔
• جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا بِمَا فَعَلْتَ؟	اللہ جزائے خیر دے۔
• جَعَلَه طَوْعَ أَمْرِهِ.	اسے اپنا غلام بنالیا ہے۔
• جَعَلَه لُقْمَةً سَائِغَةً.	اسے تر نوالہ سمجھا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• حَنَى رَأْسَه احترامًا.	اس نے احتراماً سر جھکایا۔
• حَارَبَ الإِسْلَامُ الرِّقَّ.	اسلام نے غلامی کے خلاف جنگ لڑی۔
• حَاشَا لَكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا.	خبردار تم ایسا نہ کرنا۔
• حَافِظُوْا عَلَى أَوْقَاتِكُمْ.	اپنے اوقات کی حفاظت کیجیے۔
• حَافِظْ عَلَى صِحَّتِكَ.	اپنی صحت کی حفاظت کرو۔
• حَافِظْ عَلَى كَرَامَتِكَ.	اپنی عزت کی حفاظت کرو۔
• حَالَتُه النَّفْسِيَّةُ تَدْعُو لِلرِّثَاءِ.	اس کی نفسیاتی کیفیت قابل رحم ہے۔
• حَانَتِ الصَّلَاةُ.	نماز کا وقت ہو گیا۔
• حَانَ وَقْتُ الذَّهَابِ.	جانے کا وقت ہو گیا۔
• حَسَنٌ أَنْ تَقُوْلَ....	بہتر ہے کہ یہ کہو....
• حَسْبُكَ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ أَنْ	اس وقت تمہارے لیے صرف یہ کافی ہے۔
• حَضَرَ الْمَدْعُوُّوْنَ جَمِيْعًا.	تمام مدعو حضرات تشریف لے آئے۔
• حَضَرَ جَمِيْعُ النَّاسِ.	تمام لوگ حاضر ہوئے۔
• حَضَرَ كُبَرَاءُ الْبَلَدِ وَأَعْيَانُهَا.	شہر کے بڑے بڑے لوگ تشریف لائے۔
• حَظِيَ بِالتَّقْدِيْرِ العَامِّ.	اسے پورا پورا احترام ملا۔
• حَظُّكَ فِي القِمَّةِ.	آپ کا ستارہ بلندی پر ہے۔
• حَقَّقَ أَهْدَافَه بِوَسَائِلِه الشَّخْصِيَّةِ.	اس نے اپنے ذاتی وسائل سے اپنے مقاصد کی تکمیل کی۔
• حَلُّ الْمُشْكِلَةِ مَنُوْطٌ بِكَ.	مسئلے کا حل تم پر موقوف ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• حَضَرَ جَمْعٌ غَفِيرٌ مِنَ النَّاسِ فِي جَنَازَةِ الشَّيْخِ.	شیخ کے جنازے میں عوام کا جم غفیر موجود تھا۔
• خَرَجْتُ فِي رِفْقَةٍ مِنَ الأَصْدِقَاءِ.	میں دوستوں کی معیت میں نکلا۔
• خَطَبَ فِي مَلَأٍ مِنَ النَّاسِ.	لوگوں کے مجمع میں تقریر کی۔
• دَامَ الزِّلْزَالُ بعضَ ثوانٍ فِيْ مَدِيْنَةِ الأَصْنَامِ بِالْجَزَائِرِ.	جزائر کے شہر اصنام میں چند سیکنڈ تک زلزلہ رہا۔
• دَعا إِلَى الإِسْلاَمِ.	اسلام کی دعوت دی۔
• دَعِ التَّرَدُّدَ وَخُذْ بِالْعَزْمِ.	تردد چھوڑو اور عزم وہمت سے کام لو۔
• دَعَوْتُ صَدِيْقِي إِلَى الْعَشَاءِ.	دوست کو ڈنر پر مدعو کیا۔
• ذَهَبَ رَيْعَانُ الشَّبَّابِ.	جوانی کی رونق ختم ہو گئی۔
• ذَلِكَ كُلُّهُ حَقِيْقَةٌ وَاقِعَةٌ.	یہ سب حقیقت واقعہ ہے۔
• رَدَّ عَلَيْهِ بِلَهْجَةٍ حَاسِمَةٍ.	فیصلہ کن لہجے میں جواب دیا۔
• رَأَيْتُهُ حَائِراً لاَ يَدْرِي مَاذَا يَفْعَلُ.	میں نے اسے حیران پریشان دیکھا، اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ وہ کیا کرے۔
• رَأَى هَذَا الأَمْرَ مِنْ زَاوِيَةٍ أُخْرَى.	اس نے اس معاملے کو دوسرے پہلو سے دیکھا۔
• رَأَيْتُ الهِلاَلَ بَيْنَ السَّحَابِ.	میں نے چاند بادلوں کے درمیان دیکھا۔
• رَجَاءً هَاتِ الْكِتَابَ.	براہ مہربانی کتاب دیجیے۔
• رَجَعَ صِفْرَ الْيَدَيْنِ.	خالی ہاتھ واپس لوٹا۔
• رَجُلٌ لَهُ اعْتِبَارُهُ وَمَكَانَتُهُ فِي الْمُجْتَمَعِ.	معاشرے میں اس شخص کا مقام اور اعتماد ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• رَخَّص الشَّرْعُ لَنَا فِي تَرْكِ الصَّوْمِ أَثْنَاءَ السَّفَرِ.	شریعت نے ہمیں سفر کے دوران روزہ چھوڑنے کی اجازت دی ہے۔
• رَدَّ عَلَيْه بِخُشُونَة.	اس نے سختی سے جواب دیا۔
• رَطُبَ لِسَانِي بِذِكْرِكَ.	میری زبان تمہارے ذکر سے تر ہے۔
• رَقَّ لَه قَلبُه.	اس کا دل پسیج گیا۔
• زِيَادَةً عَلَى ذَلِكَ.	مزید براں۔
• زَادَكَ اللّٰهُ عِلْمًا.	اللہ تمہیں زیادہ سے زیادہ علم عطا کرے۔
• سَامَحَكَ اللّٰهُ.	اللہ آپ کو معاف کرے۔
• سَأَرَاكَ غَدًا بِإِذْنِ اللّٰهِ.	اللہ نے چاہا تو میں کل آپ سے ملوں گا۔
• سَأَكتبُ عُنْوَانَكَ فِي مُفَكِّرَتِي.	میں اپنی یادداشت کی کاپی میں تمہارا پتہ لکھ لوں گا۔
• سَأَبْدَأُ الْمَشْرُوْعَ مِنَ الْغَدِ.	میں پروجیکٹ پر کل سے کام شروع کروں گا۔
• سَأَزُوْرك بَاكِرًا.	میں صبح آپ سے ملاقات کروں گا۔
• سَأَلَ الْمُحْتَاجُ الْبَخِيْلَ فَلَمْ يُعْطِهِ شَيْئًا.	سائل نے کنجوس سے مانگا اس نے کچھ نہ دیا۔
• سَدِّدَ أَقْسَاطَ السَّيَّارَة.	گاڑی کی قسطیں ادا کیں۔
• سَرْعَانَ مَا لَاحَ لِي.	جلد ہی مجھ پر واضح ہو گیا۔
• سَكَتَ عَنِ الْكَلَامِ لَحْظَةً.	وہ کچھ دیر کے لیے خاموش رہا۔
• سَلَكَ طَرِيْقَ الصَّوَابِ وَالْحَقِّ.	وہ حق کے راستے پر گامزن ہے۔
• سَمِعْتُ الْيَوْمَ نَبَأً سَيُفْرِحُكَ.	میں نے آج ایک ایسی خبر سنی ہے جس سے تمہیں خوشی ہوگی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• سَمَا بِهِ عِلْمُهُ.	علم اسے بلندی پر لے گیا۔
• سَنَلْتَقِي عَمَّا قَرِيبٍ.	ہم بہت جلد ملیں گے۔
• سَيُلْقِي بَيَانًا.	وہ بیان دے گا۔
• سَيُنْشَرُ الْمَقَالُ فِي عَدَدٍ ص	مقالہ اگلے شمارے میں شائع کیا جائے گا۔
• سُرِرْتُ بِمَعْرِفَتِكَ.	مجھے آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔
• شَهِدَ الْحَفْلَ خَلْقٌ كَثِيْرُوْنَ.	جلسے میں ایک بڑی خلقت نے شرکت کی۔
• شَدَّ رَأْسَهُ بِالْعِصَابَةِ.	اس نے اپنے سر پر پٹی باندھی۔
• شَرِبَ دَوَاءه جُرْعَةً وَاحِدَةً.	وہ اپنی دوا ایک گھونٹ میں پی گیا۔
• شَكَرَه شُكْرًا جَزِيْلًا.	اس نے بے حد شکریہ ادا کیا۔
• شُكْرًا عَلَى مَشَاعِرِكَ.	آپ کے احساسات کا شکریہ۔
• صَادَفَ صَدِيْقَه فِي الطَّرِيْقِ.	دوست سے سرِ راہ اچانک ملاقات ہوئی۔
• صَفَّقَ الْمُجْتَمِعُوْنَ لِلْخَطِيبِ.	حاضرین نے مقرر کو تالیاں بجا کر داد دی۔
• صَوَّبَ الْمُعَلِّمُ أَخْطَاءَ التَّلَامِيْذِ.	استاذ نے طلبہ کی غلطیاں درست کیں۔
• صَمَتُّ لَحْظَةً ثُمَّ اسْتَأْنَفْتُ الْحَدِيْثَ.	میں ایک لمحے کے لیے خاموش رہا، پھر میں نے دوبارہ گفتگو شروع کی۔
• ضَحِكَ مِلْءَ شِدْقَيْهِ.	باچھیں پھاڑ کر ہنسنا۔
• ضَرَبَهُ فِي مَكَانٍ حَسَّاسٍ مِنْ جِسْمِه.	اس نے بدن کے حساس مقامات پر چوٹ ماری۔
• ضَرَبْتُ يَدِيْ عَلَى جَيْبِي فَلَمْ أَجِدْ مِحْفَظَةَ نُقُودِي.	میں نے اپنا ہاتھ جیب پر مارا تو پیسوں کا بٹوا غائب ملا۔
• ضَمَّهُ إِلَى صَدْرِهِ.	اسے اپنے سینے سے لگایا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• طَعْمُه مُرٌّ كَالحَنظَلِ.	اس کا ذائقہ ایلوے کی طرح کڑوا ہے۔
• طَالَ الزَّمَنُ أَوْ قَصُرَ.	دیر سویر۔
• ظَلَّ حَزِيْنًا بَائِسًا بَعْدَ وَفَاةِ وَالِدِهِ.	وہ اپنے والد کی وفات کے بعد پریشان اور غمگین رہنے لگا۔
• ظَفِرَ بِمَا أَرَادَ.	وہ اپنے ارادے میں کامیاب ہے۔
• ظَهَرَتِ الكُولِيرَا فِي الاقْلِيْمِ الشِّمَالِي.	شمالی صوبے میں کالرا پھیل گیا ہے۔
• عِلْمُ هَذَا كُلِّه عِنْدَ اللهِ.	واللہ اعلم، اللہ جانتا ہے۔
• عِنْدَ الشَّدَائِدِ يُعْرَفُ الإِخْوَانُ.	دوستوں کی پہچان مصیبت کے وقت ہوتی ہے۔
• عِنْدَهُ خِبْرَةٌ طَوِيْلَة.	اسے طویل تجربہ ہے۔
• عِنْدَهُ شُغْلٌ كَثِيْرٌ.	وہ بہت مشغول ہے۔
• عَادَ إِلَى مَوْضُوْعِه.	موضوع پر واپس آیا۔
• عَادَ فِي لَمْحِ الْبَصَرِ.	پلک جھپکتے ہی واپس آ گیا۔
• عَادَ إِلَى بَيْتِهِ فَرِحًا مَسْرُوْرًا.	خوش خوش گھر لوٹا۔
• عَادَتْ إِلَيْهِ عَافِيَتُه بَعْدَ مَرَضٍ طَوِيْلٍ.	طویل بیماری کے بعد صحت لوٹ آئی۔
• عَادَتِ الطَّمَأْنِينَةُ إِلَى نَفْسِهِ.	اس کا دل مطمئن ہو گیا۔
• عَاشَ عِيْشَةً رَاضِيَةً.	اس نے آرام دہ زندگی گزاری۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- عَاضَهُمُ اللّٰهُ أَفْضَلَ مِمَّا فَقَدُوا.
  اللہ نعم البدل عطا کرے۔
- عَالَجَ الْمُشْكِلَةَ بِأَنَاةٍ وَتَجَرُّدٍ.
  اس نے سنجیدگی اور یکسوئی کے ساتھ مسئلے کا حل نکالا۔
- عَبَّرَ لَه عَنْ تَشَكُّرَاتِهِ الْحَارَّةِ.
  اس نے گرم جوشی کے ساتھ شکریہ ادا کیا۔
- عَرَضَ فِكْرَتَه بِأَخْصَرِ عِبَارَةٍ.
  اس نے اپنا نظریہ مختصر الفاظ میں پیش کر دیا۔
- عَرَضَ لَه عَارِضٌ مَنَعَهُ مِنْ حُضُوْرِ الاجْتِمَاعِ.
  کوئی ایسا مانع پیش آگیا جس کی وجہ سے وہ میٹنگ میں شرکت نہ کر سکا۔
- عَرَّضَه لِلْخَطَرِ.
  اپنے آپ کو خطرے میں ڈال دیا۔
- عَفَوْتُ عَنْه احترَامًا لَكَ.
  میں نے اسے آپ کے احترام میں معاف کر دیا۔
- عَفْوًا.
  معاف فرمائیے، معاف کیجیے۔
- عَلَى مَا عِنْدِيْ مِنْ عِلْمٍ مَحْدُوْدٍ.
  اپنے محدود علم کے مطابق۔
- عَلَى نَحْوٍ لَمْ يَعْهَدْ مِنْ قَبْل.
  اس طرح سے پہلے کبھی نہیں ہوا۔
- عَلَى الْمُوَاطِنِيْنَ واجِبَاتٌ وَلَهُمْ حُقُوْق.
  باشندگانِ وطن کے حقوق بھی ہیں اور فرائض بھی۔
- عَلَيْكَ أَنْ تَاخُذَ الْيَوْمَ شَايَ الْمَسَاءِ عِنْدِي.
  آپ آج شام کی چائے میرے ساتھ پئیں۔
- عَلَيْكَ أَنْ لَا تُوْقِعَ الشُّبْهَةَ فِيْ نَفْسِكَ.
  آپ اپنے دل میں کوئی شبہ پیدا نہ کیجیے۔
- عَلَيْكَ بِالصَّبْرِ.
  صبر کرو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• عَلَيْكَ بِالْمَشْوَرَةِ فِي كُلِّ أُمُوْرِكَ.	تمہیں اپنے تمام معاملات میں مشورہ کرنا چاہئے۔
• عَمَلٌ يَسْتَوْجِبُ الشُّكْرَ.	یہ کام شکر ادا کئے جانے کے قابل ہے۔
• عَوَّضَه عَنِ الخَسَائِرِ.	نقصانات کا معاوضہ دیا۔
• عُذْرًا، مَعْذِرَةً، اِعْذِرْنِي.	معذرت کرتا ہوں۔
• عُمْرُهُ يَنُوْفُ عَلَى السِّتِّيْنَ.	اس کی عمر ساٹھ سال سے متجاوز ہے۔
• غيَّرَ الجَالِسُوْنَ مَجْرَى حَدِيْثِهِم.	بیٹھنے والوں نے اپنی بات کا رخ بدل دیا۔
• غَفَرَلَهُ زَلَّتَهُ.	اس کی خطا بخش دی۔
• غَيْرَ أَنَّ الأَمْرَ لَمْ يَقِفْ عِنْدَ هَذِهِ الحُدُوْدِ.	مگر یہ بات یہیں تک محدود نہیں رہی۔
• غَيْرَ أَنَّهُ مِمَّا لَا شَكَّ فِيْهِ.	تاہم بلاشبہ۔
• فِي التَّأَنِّي السَّلَامَةُ وَفِي الْعُجْلَةِ النَّدَامَة.	آہستہ روی میں سلامتی اور جلد بازی میں ندامت ہے۔
• فِي أَخْلَاقِهِ كَثِيْرٌ مِنَ التَّعْقِيْدِ.	اس کے اخلاق بہت زیادہ خراب ہیں۔
• فِي أَقْرَبِ وَقْتٍ مُمْكِنٍ.	جلد سے جلد۔
• فِي أَقْصَرِ وَقْتٍ مُمْكِنٍ.	کم سے کم مدت میں۔
• فِي أَقْوَالِهِ تَنَاقُضَاتٌ عَدِيْدَةٌ.	اس کی باتوں میں بڑا تضاد ہے۔
• فِي جَامِعَتِنَا كَثِيْرٌ مِنَ الطُّلَّابِ الأَجَانِبِ.	ہماری یونی ورسٹی میں غیر ملکی طلبہ بہت ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• فَرَغَ صَبْرُهَا بَعد انتظَارٍ طَوِيْلٍ.	طویل انتظار کے بعد اس کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔
• فَعَلَ ذٰلِكَ عَلَى رَغْمِ أَنْفِهِ.	اس نے مجبوراً ایسا کیا۔
• فَعَلْتُ الْكَثِيْرَ مِنْ أَجْلِكَ.	میں نے آپ کی خاطر بہت کچھ کیا ہے۔
• فَعَلَه بِمَرْأًى مِنَ الْجَمِيْعِ.	سب کے سامنے ایسا کیا۔
• فَكِّرْ فِي غَدِكَ.	آنے والے کل کی فکر کرو۔
• فَمَا يَكُوْنُ جَزَاءُ ذٰلِكَ؟	اس کا انجام کیا ہوگا؟
• فُلَانٌ يَصْدُقُ فِيْ حَدِيْثِهِ دَائِمًا.	وہ شخص اپنی گفتگو میں ہمیشہ سچ بولتا ہے۔
• قَدَّمَ الْمَوْضُوْعَ بِصُوْرَةٍ وَاضِحَةٍ.	موضوع کو نہایت وضاحت کے ساتھ پیش کیا۔
• قدّمُوا لَه التَّعَازِيْ بِوَفَاةِ وَالِدِه.	انہوں نے اس کے والد کی وفات پر تعزیت پیش کی۔
• قَضَى مُعْظَمَ حَيَاتِهِ يَتَعَبَّدُ فِي الْمَسْجِدِ.	اس نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ مسجد میں عبادت کرتے ہوئے گزار دیا۔
• قِسْ عَلَى ذٰلِكَ.	اسی پر قیاس کر لیجیے۔
• قَابلَه مُرَحِّبًا.	خوش آمدید کہتے ہوئے ملاقات کی۔
• قَابَلَ الْخَطَرَ بِكُلِّ شَجَاعَة.	اس نے پوری بہادری کے ساتھ خطرے کا سامنا کیا۔
• قَاسَى كَثِيْرًا مِنَ آلَامِ الْمَرَضِ.	اس نے بیماری کے بڑے دکھ اٹھائے ہیں۔
• قَاسَى الْمِحَنَ وَالْمَصَائِبَ.	دکھ جھیلے مصیبتیں اٹھائیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• قَالَ بِصَوتٍ تُمَازِجهُ بُحَّةُ الكِبْرِ.	اس نے ایسی آواز سے کہا جس میں غرور کی آمیزش تھی۔
• قَامَ بِدَوْرٍ رَئِيسيٍّ لِحَلِّ هَذِهِ الْمُشْكِلَةِ.	اس نے اس مسئلے کے حل میں بنیادی رول ادا کیا۔
• قَامَ بِعَمَلِهِ فِي تُؤَدَةٍ.	اس نے یہ کام سنجیدگی کے ساتھ کیا۔
• قَامَ بِوَاجِبِهِ.	اپنی ڈیوٹی انجام دی۔
• قَدَّمَ الأَهَمَّ عَلَى الْمُهِمّ.	اہم پر زیادہ اہم کو ترجیح دی۔
• قَدَّمَ طَلَبًا لِلْحُصُوْلِ عَلَى وَظِيْفَةٍ.	اس نے ملازمت حاصل کرنے کے لیے درخواست دی۔
• قَدَّمَ لِلضَّيْفِ مَا لَذَّ وطَابَ.	مہمان کے سامنے لذیذ اور عمدہ کھانے پیش کیے۔
• قَدَّمَ لَهُ هَدِيَّةً عَلَى سَبِيْلِ التِّذْكَارِ.	اسے یادگار کے طور پر ہدیہ پیش کیا۔
• قَدَّمَ وِجْهَةَ نَظَرِهِ.	اپنا نقطۂ نظر سامنے رکھا۔
• قَدَّمَتِ الدَّولَةُ مَعُوْنَاتٍ لِلْمُتَضَرِّرِيْنَ مِن الفَيَضَان.	حکومت نے سیلاب زدگان کے لیے امداد مہیا کی۔
• قَدْ جَدَّ فِي طَلَبِ العِلمِ مَا اسْتَطَاعَ.	اس نے اپنی ہمت واستطاعت کے بہ قدر حصول علم کے لیے جدوجہد کی۔
• قَذَفَه بِالشَّتَائِمِ.	اسے گالیاں دیں۔
• قَصَّرَ فِي وَاجِبِه.	اس نے اپنی ڈیوٹی میں کوتاہی برتی۔
• قَصَّرَ فِي عَمَلِهِ.	کام میں کوتاہی کی۔
• قَضَى الْفُرْصَةَ الصَّيْفِيَّةَ فِي بَلَدٍ مُجَاوِرٍ.	گرمی کی چھٹی پڑوسی ملک میں گزاری۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- قَضَى أَيَّامًا هَانِئَةً.
  پُر سکون دن گزارے۔
- قَضَى شَهْرَ الْعَسَلِ فِي الْخَارِجِ.
  ہنی مون بیرون ملک جاکر منایا۔
- قَضَى عُطْلته فِي أُوْرُوْبًّا.
  اس نے چھٹیاں یورپ میں گزاریں۔
- قَضَى فَترة طُفُوْلَتِه بَعِيْدًا عَنْ أَبَوَيْهِ.
  اس نے اپنا بچپن والدین سے دور رہ کر گزارا۔
- قَضَى مُدَّة الْعُقُوْبَة.
  سزا کی مدت پوری کرلی۔
- قَضَى مُعْظَمَ حَيَاتِه سَجِينًا.
  اس نے اپنی عمر کا بڑا حصہ قید میں گزارا۔
- قُبْحًا لَكَ.
  تیرا ناس ہو۔
- كَانَ الحَظُّ حَلِيْفَهُ.
  خوش قسمتی اس کے ہم رکاب تھی۔
- كَانَ الشَّيْءُ مَوْضِعَ إِعْجَابِ الجَمِيْعِ.
  وہ چیز سب کو پسند آئی۔
- كَانَ الطَّقْس بَارِدًا بِالْأَمْسِ.
  کل موسم سرد تھا۔
- كَانَ الْعَدُوُّ أكْثَرَ مِنَّا عَدَدًا وَعُدَّة.
  دشمن ہم سے تعداد اور تیاری ہر اعتبار سے آگے ہے۔
- كَانَ الْوَقْتُ لَيْلاً.
  رات کا وقت تھا۔
- كَانَ الإِنْسَانُ الْقَدِيْمُ يَسْكُنُ فِي الْمَغَاوِرِ.
  قدیم دور کا انسان غاروں میں رہا کرتا تھا۔
- كَانَ جَادًّا فِي كَلَامِهِ.
  وہ اپنی گفتگو میں سنجیدہ تھا۔
- كَانَ ذَا سِيْرَةٍ حَسَنَةٍ.
  وہ اچھے کردار کا حامل تھا۔
- كَانَ رَفِيْقُهُ فِي الْمَدْرَسَةِ.
  وہ مدرسے میں اس کا ساتھی تھا۔
- كَانَ عَدَدُ الحَاضِرِيْنَ فِي القَاعَةِ كَبِيْرًا.
  ہال میں حاضرین کی بڑی تعداد تھی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• كَانَ عَلَى عَتَبَةِ الشَّبَابِ.	وہ جوانی کی دہلیز پر تھا۔
• كَانَ كَلَامُهُ مُبْهَمًا.	اس کی گفتگو مبہم تھی۔
• كَانَ لِقَاؤُنَا مُجَرَّدَ مُصَادَفَةٍ.	ہماری ملاقات محض اتفاق تھی۔
• كَانَ لِزَامًا عَلَيْهِ أَن يفعلَ كَذَا.	اسے یہ کام ہر حال میں کرنا چاہئے تھا۔
• كَانَ لِكَلَامه وَقْعٌ حَسَن.	اس کی بات کا اچھا اثر پڑا۔
• كَانَ موضعَ حفاوةٍ وَتَقْدِيرٍ.	لائق احترام اور قابل تعظیم تھا۔
• كَانَ مِنْ حُسْنِ حَظِّيْ أَن....	میری خوش قسمتی تھی کہ.....
• كَانَ مِنْ إِلْفِهِ....	اس کی عادت تھی....
• كَانَ مَوْتُ الرَّئِيسِ فَاجِعَةً كَبِيْرَةً لِلْأُمَّة.	قوم کے لیے صدر کی وفات ایک الم ناک حادثہ تھا۔
• كَانَ مُجْتَهِدًا جِدًّا.	وہ بڑا محنتی تھا۔
• كَانَ يَوْمُ فتحِ مَكَّةَ يَومَ الْمَرْحَمَة.	فتح مکہ کا دن رحم کا دن تھا۔
• كَانَتِ الابْتِسَامَةُ لَا تُفَارِقُ شَفَتَيْهِ.	مسکراہٹ اس کے لبوں سے جدا ہی نہیں ہوتی تھی۔
• كَانَتِ الْفُرْصَةُ مُوَاتِيَةً لَهُ.	اسے فرصت میسر تھی۔
• كَثِيْرًا مَا أَزورُكَ وَلَاتَزُوْرُنِي.	میں آپ کے پاس اکثر آتا ہوں آپ میرے پاس نہیں آتے۔
• كَثِيْرًا مَا يَرِدُ عَلَى فِكْرِيْ وَيَخْطُرُ بِبَالِي.	اکثر مجھے خیال آتا ہے۔
• كَثُرَ الْمَطَرُ فَزَادَ الخِصْبُ.	بارش زیادہ ہونے سے ہریالی میں اضافہ ہوا۔
• كَشَفَ عَنْ مَكْنُون صَدْرِهِ.	اس نے اپنے دل کا راز کہہ ڈالا۔
• كَمْ سِنُّكَ؟	آپ کی عمر کیا ہے؟

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• كَيْفَ أَتَيْتَ إِلَى هُنَا؟	آپ یہاں کس لیے تشریف لائے ہیں؟
• كُلُّ شَيْءٍ سَيُعْلَنُ فِي حِيْنه.	ہر چیز کا اعلان اپنے وقت پر ہوگا۔
• كُنْ عَطُوفًا عَلَى الْفُقَرَاءِ.	محتاجوں پر شفقت کرو۔
• كُنْ عَلَى ثِقَةٍ.	اطمینان رکھو۔
• كُنْ يَقِظًا فَخَصْمُكَ يَتَغَفَّلُكَ.	بیدار رہو دشمن تمہاری غفلت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔
• كُنْتُ مَعَهُ فِي الْمَدْرَسَةِ فِيْ فَصْلٍ وَاحِدٍ.	میں اس کے ساتھ مدرسے میں ایک ہی جماعت میں تھا۔
• لَا أَبْغِيْ بِهِ عِوَضًا.	میں اس کا بدلہ نہیں چاہتا۔
• لَا أَذْكُرُه الآنَ.	میں اب اس کا ذکر نہیں کروں گا۔
• لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَقُوْمَ بِشُكْرِهِ.	میں اس کا شکریہ ادا نہیں کر سکتا۔
• لَا أَعْرِفُ.	مجھے معلوم نہیں۔
• لَا تَبْصُقْ فِي الطَّرِيْقِ.	راستے میں مت تھوکو۔
• لَا تَرى لَه مَثِيلًا عَلَى وَجْهِ الأَرْضِ.	روئے زمین پر تمہیں اس کی مثال نہیں ملے گی۔
• لَا تَقُلْ إِلَّا الْحَقَّ.	صرف حق بات کہو۔
• لَا تُسِيْءُ إِلَى مَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ.	جو تم پر احسان کرے اس کے ساتھ برا سلوک مت کرو۔
• لَا حِيْلَةَ لَه فِي الرُّجُوْعِ.	واپسی کا اس کے پاس کوئی بہانہ نہیں ہے۔
• لَا حَاجَةَ بِنَا إِلَى الإِطَالَةِ أَكْثَرَ مِنْ هٰذَا.	ہمیں اس سے زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں۔
• لَا حَاجَةَ بِهِ إِلَيَّ.	مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- لاَ حَاجَةَ إِلَى ذَلِكَ. — اس کی ضرورت نہیں ہے۔
- لاَ شَأْنَ لِي بِذَلِكَ. — مجھے اس سے کوئی مطلب نہیں ہے۔
- لاَ غِنَىً عَنْهُ. — اس سے چھٹکارہ نہیں۔
- لاَ مَنَاصَ مِنْ دَفْعِ الدَّيْنِ. — ادائیگی قرض کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہے۔
- لاَ يُجْدِي نفعاً. — اس سے کوئی نفع نہ ہوگا۔
- لاَ يُفِيْد وَلاَ يَضُرُّ. — نہ فائدہ دے نہ نقصان پہنچائے۔
- لاَ يَخْتَلِفُ فِيْهِ اثْنَانِ. — اس میں دو رائے نہیں ہو سکتیں۔
- لاَ بَأْسَ. — کوئی حرج نہیں۔
- لاَ تَجْزَعْ. — گھبراؤ مت۔
- لاَ تَعْجَلْ فِيْ مَشْيِكَ. — چلنے میں جلدی نہ کرو۔
- لاَ تَفْزَعْ! إِنَّهَا مَسْأَلَةٌ بَسِيطَةٌ جِدًّا. — گھبرائیے مت! معاملہ بہت آسان ہے۔
- لاَ تَكَلَّمْ مَعِي أَبَدًا. — میرے ساتھ کبھی نہ بولئے۔
- لاَ تَكُنْ عَنِيْفًا. — تم شدت پسند مت بنو۔
- لاَ تُضَيِّعْ وَقْتَكَ. — اپنا وقت ضائع مت کیجئے۔
- لاَ تُؤَاخِذُوْنِي إِنَّنِيْ صَرِيْحٌ. — معاف کیجئے، میں بہت صاف گو ہوں۔
- لاَ حَ لِيْ أَنَّهُ مُصِيبٌ. — مجھے ایسا لگتا ہے کہ وہ غلطی پر نہیں ہے۔
- لاَزَمَ الفِرَاشَ بِسَبَبِ مَرَضِهِ. — بیماری کے باعث صاحب فراش ہوگیا۔
- لاَ سَمَحَ اللهُ. — خدانخواستہ۔
- لاَ شَيْءَ. — کوئی بات نہیں۔
- لاَ يَسَعُ السَّيْفَيْنِ غِمْدٌ. — ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لاَيَفعَلُ هَذَا إلاَّ مَعْتُوهٌ.	یہ کام کوئی پاگل ہی کر سکتا ہے۔
• لاَيَفهَمُ مَا يُقَالُ لَهُ.	جو کہا جاتا ہے وہ سمجھتا نہیں ہے۔
• لاَيُرْجَى مِنْهُ الخَيْرُ.	اس سے خیر کی توقع نہیں۔
• لاَتُضمِرْ لِأَحَدٍ ضَغِينَةً أوْ كَرَاهِيَةً.	تم کسی کے خلاف نفرت یا حسد نہ رکھو۔
• لاَيُغْنِي عَنْكَ النَّدَمُ.	ندامت سے کوئی فائدہ نہیں۔
• لاَيُقَدِّمُ وَلاَيُؤَخِّرُ.	نہ آگے بڑھائے نہ پیچھے ہٹائے۔
• لهَذِهِ الْفَاكِهَةِ طَعْمٌ لَذِيْذٌ.	یہ میوہ مزے دار ہے۔
• لِلْبَاطِلِ جَوْلَةٌ ثُمَّ يَضْمَحِلُ.	باطل کا ایک ہی وار ہوتا ہے پھر وہ کمزور پڑ جاتا ہے۔
• لِلْقِصَّةِ عَاقِبَةٌ لاَتُحْمَدُ.	کہانی کا انجام اچھا نہیں ہے۔
• لِلْمُؤَلِّفِ حَوَالَيْ مِائَةِ كِتَابٍ.	مصنف کی تقریباً سو کتابیں ہیں۔
• لِي أشْغَالٌ كَثِيْرَةٌ.	مجھے بڑی مصروفیات ہیں۔
• لاَحَ لَهُ بَصِيصٌ مِنَ الأَمَلِ.	اسے امید کی کرن نظر آگئی۔
• لَدَيَّ مَشَاغِلُ كَثِيْرَةٌ فِي هَذِهِ الأَيَّامِ.	ان دنوں مجھے بڑی مشغولیات ہیں۔
• لَدَيْهِ كَلِمَةٌ يُرِيْدُ أنْ يَقُولَهَا.	وہ کچھ کہنا چاہتا ہے۔
• لَعَلَّكَ لاَتُصَدِّقُنِي إذَا قُلْتُ لَكَ.	اگر میں یہ کہوں تو شاید تم میری تصدیق نہ کرو۔
• لَقَدْ أضْنَاهُ الْمَرَضُ.	بیماری نے اسے کمزور کر دیا۔
• لَكَ قَدْرٌ يَجِبُ أنْ يُحْفَظَ.	تمہاری ایک عزت ہے اس کی حفاظت کرنی چاہئے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- لَمْ أَجِدْ لِحَدِّ السَّاعَةِ جَوَابًا. — مجھے اب تک کوئی جواب نہیں ملا۔
- لَمْ أَرَكَ مِنْ قَبْلُ. — میں نے پہلے کبھی آپ کو نہیں دیکھا۔
- لَمْ أَرَهُ مُنْذُ شَهْرٍ. — میں نے اسے ایک مہینے سے نہیں دیکھا۔
- لَمْ يَتَزَحْزَحْ عَنْ مَوْقِفِهِ قَيْدَ شَعْرَةٍ. — وہ اپنے موقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹا۔
- لَمْ يَتَأَذَّ بِالْحَادِثِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ. — خدا کے فضل سے حادثے سے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچی۔
- لَمْ يَتَبَرَّعْ لِوَجْهِ الْخَيْرِ بَلْ حُبًّا فِي الظُّهُوْرِ. — اس نے خیر کے جذبے سے نہیں بلکہ شہرت کی خواہش میں دادودہش کی ہے۔
- لَمْ يَتْـرُكْ لِعَقِبِـهِ إِلاَّ قَلِـيْلاً مِـنَ الْمَالِ. — اس نے اپنے پیچھے تھوڑا بہت مال چھوڑا۔
- لَمْ يَذُقْ لِلْحَيَاةِ طَعْمًا. — اس نے زندگی کا کوئی لطف نہیں اٹھایا۔
- لَمْ يَشْعُرْ بِهِ أَحَدٌ. — کسی نے محسوس نہیں کیا۔
- لَنْ أَبْرَحَ عَامِلاً بِمَشْوَرَتِكَ. — میں تمہارے مشورہ پر عمل کرتا رہوں گا۔
- لَـنْ أَسْـتَطِيْعَ أَنْ أَقُوْمَ بِـشُكْرِكُمْ فَضْلاً عَنْ أُوْفِي حَقَّكُمْ. — میں آپ کا شکر ادا نہیں کر سکتا چہ جائیکہ آپ کا حق ادا کروں۔
- لَنْ أَنْسَى مَعْرُوْفَكَ. — میں آپ کا احسان کبھی فراموش نہیں کروں گا۔
- لَهُ ذِكْرٌ فِي النَّاسِ. — لوگوں میں اس کا چرچا ہے۔
- لَيْتَكَ تَأْكُلُ مَعِي. — کاش آپ میرے ساتھ کھانا تناول فرماتے۔
- لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ اخْتِلاَفٌ كَبِيْرٌ. — میرے اور ان کے درمیان کوئی بڑا اختلاف نہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لَيْسَ عَلَيْكَ أَنْ تَسْتَصْغِرَ نَفْسَكَ.	تمہیں اپنے آپ کو حقیر نہ سمجھنا چاہئے۔
• مِنَ الصَّوَابِ أَنْ لَا تَفْعَلَ هَذَا.	اچھا یہ ہے کہ تم یہ کام نہ کرو۔
• مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟	آپ کہاں سے تشریف لائے ہیں؟
• مِنْ حُسْنِ الْحَظِّ.	خوش قسمتی سے۔
• مِنْ فَضْلِكَ، رَجَاءً، أَرْجُوكَ.	براہ کرم، براہ مہربانی۔
• مَا الَّذِيْ جَرَى لَكَ؟	آپ کو کیا ہوا؟
• مَا أَنْتَ وَذَاكَ يَا فُلَانُ؟	تمہیں اس سے کیا مطلب؟
• مَا أَجْمَلَ هَذَا الْعَمَلَ!.	یہ کام کتنا اچھا ہے۔
• مَا أَنْ وَصَلْتُ إِلَى هَذِهِ النَّتِيْجَةِ حَتَّى	میں ابھی اس نتیجے پر پہنچا ہی تھا کہ....
• مَا بِيَدِي حِيْلَةٌ.	میں کچھ نہیں کر سکتا۔
• مَا جَاءَ بِكُمْ إِلَيْنَا؟	تم ہمارے پاس کیوں آئے ہو؟
• مَا رَأَيْتُهُ مُنْذُ الْغَدِ.	میں نے اسے کل سے نہیں دیکھا۔
• مَا كَانَ أَحْسَنَ لَوْ عَفَوْتَ.	کتنا اچھا ہوتا اگر تم معاف کر دیتے۔
• مَا هُوَ جَانِبُ التَّعَجُّبِ وَالاسْتِغْرَابِ فِيْهِ؟	اس میں حیرت اور تعجب کی کیا بات ہے؟
• مَادَامَ الأَمْرُ كَذَلِكَ لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ....	جب تک یہ بات ہے میرے بس میں نہیں کہ....
• مَاذَا حَدَثَ؟	کیا ہوا؟
• مَاذَا سَأَلْتَنِيْ؟	آپ نے مجھ سے کیا دریافت کیا؟

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• مَاذَاقَ طَعْمَ الرَّاحَة.	اس نے راحت ہی نہیں پائی۔
• مَازِلْتُ عِنْدَ رَأْيِكَ.	میں ہمیشہ تمہاری رائے کے ساتھ ہوں۔
• مَاهِيَ الْمسْخَطَةُ؟	ناراضگی کا سبب کیا ہے؟
• مَتَى عِيْدُ مِيْلَادِكَ؟.	آپ کی برتھ ڈے کب ہے۔
• مَرَّتْ نَوْبَتُكَ.	تمہاری باری گذر گئی۔
• مَضَى فِيْ سُلُوْكِهِ عَلَى غِرَارِ أَبِيْهِ.	وہ اپنے چال چلن میں والد کے نقش قدم پر رہا۔
• مَكَثَ يَتَرَقَّبُهُ مُدَّةَ سَاعَتَيْنِ.	وہ دو گھنٹے تک اس کا انتظار کرتا رہا۔
• مَنِ الَّذِيْ لَا يَعْرِفُكَ.	آپ کو کون نہیں جانتا۔
• مَنْ أَجْمَلَ قِيلاً سَمِعَ جَمِيْلاً.	جس نے اچھی بات کی اس نے اچھی بات سنی۔
• مَنْ عَلَى الْبَابِ؟	دروازے پر کون ہے؟
• مَهْمَا يَكُنْ رَأْيُ الْآخَرِيْنَ.	دوسروں کی رائے کچھ بھی ہو۔
• نَتَغَدَّى كُلَّ يَوْمٍ فِي السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ بَعْدَ الظُّهْرِ.	ہم ہر روز دن کا کھانا ظہر کے بعد دو بجے کھاتے ہیں۔
• نَجَحَ الطَّالِبُ الْمُجِدُّ نَجَاحًا بَاهِرًا فِي الامْتِحَانِ.	محنتی طالب علم نے امتحان میں زبردست کامیابی حاصل کی۔
• نَجَحَ بِدَرَجَةٍ جَيِّدَةٍ.	اس نے بہترین کامیابی حاصل کی۔
• نَجْمُهُ فِيْ صُعُوْدٍ.	اس کا ستارہ بلندی پر ہے۔
• نَحْنُ أَحْرَارٌ فِيْ اِتِّجَاهَاتِنَا.	ہم اپنے خیالات ورجحانات میں آزاد ہیں۔
• نَرْجُوْكَ عَفْوًا إِنْ سَاءَكَ الشَّيْءُ مِنَّا.	اگر کوئی بات ناگوار گذری ہو تو ہم معافی چاہتے ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- نَزَلَتْ بِهِمْ فَاجِعَةٌ.
  انہیں المناک حادثہ پیش آیا ہے۔
- نَفِدَتِ الطَّبْعَةُ الأُوْلَى مِنَ الْكِتَابِ.
  کتاب کا پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا۔
- نُعَزِّيكَ فِي مُصَابِكَ الجَلَلِ.
  اس بڑے حادثے پر ہم تمہیں تعزیت پیش کرتے ہیں۔
- وَجَّهَ إِلَيْهِ أَسْئِلَةً لَمْ تَكُنْ فِي الحُسْبَانِ.
  اس نے اس سے کچھ ایسے سوالات کئے جو اس کے گمان میں بھی نہ تھے۔
- وضَعَ اقْتَرَاحَاتٍ مُفِيْدَةً.
  مفید تجاویز مرتب کیں۔
- وَافَقَتْ أَغْلَبِيَّةُ الأَعْضَاءِ عَلَى القَرَارِ.
  زیادہ تر اراکین نے تجویز سے اتفاق کیا۔
- وَافَقَهُ عَلَى رَأْيِه.
  اس کی رائے سے اتفاق کیا۔
- وَافَقَهُ فِي الطَّرِيْقِ.
  راستے میں اس کے ساتھ رہا۔
- وَالسَّبِيْلُ إِلَى ذَلِكَ وَاحِدَةٌ لَيْسَتْ لَهَا ثَانِيَةٌ وَهِيَ....
  صرف ایک ہی راستہ ہے دوسرا نہیں اور وہ ہے....
- وَاللهُ عَلَى مَا أَقُوْلُ شَهِيْدٌ.
  اللہ شاہد ہے، خدا گواہ ہے۔
- وَاللهِ إِنِّي لَمُتَأَسِّفٌ بِكَثِيْرٍ.
  خدا کی قسم مجھے بے حد افسوس ہے۔
- وَالأَمْرُ فِيْمَا نَحْسِبُ وَاضِحٌ لَا يَحْتَاجُ إِلَى مَزِيْدٍ مِّنَ البَيَانِ.
  ہمارے خیال میں یہ معاملہ بالکل واضح ہے، مزید وضاحت کی ضرورت نہیں۔
- وَالحَالَةُ هَذِه.
  دراں حالیکہ۔
- وَاهًا لَكَ.
  ماشاء اللہ، بہت خوب۔
- وَأَيًّا مَا كَانَ الأَمْرُ....
  اور بات کچھ بھی ہو....

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• وَسَّعَ نِطَاقَ عَمَلِهِ.	اپنے کام کے دائرے کو وسعت دی۔
• وَصَلَ الْمَدِيْنَةَ فِي الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ.	وہ صبح سویرے شہر پہنچا۔
• وَعَلَى الرَّغْمِ مِنْ ذٰلِكَ.	اس کے باوجود۔
• وَقَاكَ اللهُ كُلَّ مَكْرُوْهٍ.	اللہ ہر پریشانی سے محفوظ رکھے۔
• وَقَعَ فَرِيْسَةً سَهْلَةً فِيْ أَيْدِي أعدائه.	وہ اپنے دشمن کے ہاتھوں میں آسان شکار بن گیا۔
• وَقَفَ أمامَ الْحَاضِرِيْنَ يَخْطُبُ فِيْهِمْ.	وہ حاضرین کے سامنے تقریر کے لیے کھڑا ہوا۔
• وَقَفَ أَمَامَ عَتَبَةِ الْبَابِ.	دروازے کے سامنے کھڑا ہوا۔
• وَمِمَّا يُلَاحَظُ أَنَّ هٰذَا الْعَمَلَ مُفِيْدٌ.	قابل غور بات یہ ہے کہ یہ عمل سود مند ہے۔
• وَمِنَ الْمَقْطُوْعِ بِهِ أَنْ	اور یہ بات طے شدہ ہے کہ....
• وَمَا الْأَمْرُ بِسِرٍّ حَتّٰى يَحْتَاجَ إِلَى اكْتِشَافٍ.	بات کوئی راز نہیں کہ انکشاف کی ضرورت ہو۔
• وَمَا ذٰلِكَ بِعَزِيْزٍ وَلَا بِمُسْتَحِيْلٍ.	اور یہ مشکل یا محال نہیں۔
• وَنَتَجَ عَنْ ذٰلِكَ أَنَّ	اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ....
• وَهُنَا مُلَاحَظَةٌ دَقِيْقَةٌ.	اور یہاں ایک باریک نکتہ ہے۔
• وُلِدَ فِي أُسْرَةٍ ذَاتِ مَجْدٍ أَثِيْلٍ.	وہ ایک اعلیٰ اور عزت دار گھرانے میں پیدا ہوا۔
• هَاجَرَ مِنْ بَلَدِهِ طَمَعًا فِيْ أَنْ يَغْنٰى.	مال دار بننے کے شوق میں اس نے اپنا ملک چھوڑا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• هَلْ اسْتَعْدَدْتَ لِلاِمْتِحَانِ.	کیا تم نے امتحان کی تیاری کرلی۔
• هَلْ أَنْتَ هِنْدِيٌّ؟	کیا آپ ہندوستانی ہیں؟
• هَلْ تَسْتَطِيعُ أنْ تُعَاوِنَنِي؟	کیا تم میری مدد کرسکتے ہو؟
• هَلْ تَسْمَحُ لِي بِالدُّخُولِ؟	کیا میں اندر آسکتا ہوں؟
• هَلْ تَفْهَمُنِي؟	کیا آپ میری بات سمجھتے ہیں؟
• هَلْ سَمِعْتَ بِمَا حَدَثَ؟	کیا آپ نے حادثے کے متعلق کچھ سنا ہے۔
• هَنَّأَهُ بِنَجَاحِهِ فِي الاِمْتِحَانِ.	امتحان میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔
• هَوِّنْ عَلَيْكَ.	تم فکر مت کرو۔
• هُنَاكَ وَازِعٌ يَمْنَعُنَا.	یہاں ایک مانع موجود ہے۔
• هُوَ على ثِقَةٍ بِأَنَّهُ مُخْطِئ.	اسے یقین ہے کہ وہ غلطی پر ہے۔
• هُوَ مَتِيْنُ الخَلْقِ.	وہ مضبوط جسامت کا ہے۔
• هَذِهِ فِكْرَةٌ سَدِيْدَةٌ.	یہ درست نظریہ ہے۔
• هَـذِهِ فُرْصَـةٌ قَيِّمَـةٌ لِتَحْقِيْـقِ أَهْدَافِنَا.	حصولِ مقاصد کا یہ بہترین موقع ہے۔
• هَذِهِ مَسْأَلَة صَغِيْرَةٌ فَلَا تُعَظِّمْهَا.	یہ چھوٹا سا معاملہ ہے اسے بڑھاوا مت دو۔
• هَذِهِ مُشْكِلَةٌ عَوِيْصَةٌ.	یہ انتہائی پیچیدہ مسئلہ ہے۔
• هَذِهِ الْقَضِيَّةُ تُنَافِي تِلْكَ.	یہ جھگڑا دوسرا ہے۔
• هَذِهِ مَسْأَلَةٌ رَئِيْسِيَّةٌ.	یہ بنیادی مسئلہ ہے۔
• هَذَا الأَمْرُ يَصْلُحُ لَكَ.	یہ بات تمہارے لیے بہتر ہے۔
• هَذَا الْبَيْتُ مُؤَمَّنٌ عَلَيْهِ.	یہ گھر بیمہ شدہ ہے۔
• هَذَا الْعَالِمُ فَرْدٌ فِيْ حَقْلِهِ.	یہ عالم اپنے میدان میں منفرد ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• هَـذَا الْعَمَـلُ يَتَعَـارَضُ مَـعَ الْقَانُوْنِ.	یہ کام قانون کے خلاف ہے۔
• هَذَا رَجُلٌ يُحْسِنُ التَّعْبِيرَ عَمَّا فِي نَفْسِهِ.	یہ شخص اپنے دل کی بات اچھی طرح بیان کردیتا ہے۔
• هَذَا شَيْءٌ لَايُعْتَدُّ بِهِ.	یہ ایک معمولی چیز ہے۔
• هَذَا عُذْرٌ غَيْرُ مَقْبُولٍ.	یہ عذر قبول نہیں کیا جاسکتا۔
• هَذَا لَا يُوَافِقُ مِزَاجِي.	یہ میرے مزاج کے مطابق نہیں ہے۔
• هَذَا لَايُعْنَى...	اس کے معنی یہ نہیں ہیں....
• هَذَا وَقتُ الرَّاحَة بِالنِّسْبَةِ لِي.	جہاں تک میرا معاملہ ہے تو یہ وقت آرام کا ہے۔
• هَذَا وَإِنْ كَانَ يَسْتَحِقُّ الإِعْجَابَ وَالتَّقْدِيْرَ وَلَكِنَّهُ....	یہ اگرچہ لائق تحسین ہے مگر....
• هَذَا يُعْنَى....	اس کے معنی یہ ہیں....
• يأتَمُّ الْمُؤْمِنُ بِالسَّلَفِ الصَّالِحِ.	مؤمن سلف صالحین کا اتباع کرتا ہے۔
• يُرِيد العودَةَ إِلَى بَلَدِهِ.	وہ وطن واپسی کا ارادہ کر رہا ہے۔
• يَتَحَسَّرُ عَلَى مَا أَضَاعَ مِنَ الْفُرَصِ.	فرصت کے اوقات ضائع ہونے پر اسے افسوس ہے۔
• يَتَهَادَى النَّاسُ فِي الأَعْيَادِ.	لوگ عید کے موقع پر ایک دوسرے کو ہدیہ دیتے ہیں۔
• يَجِبُ أَنْ تَتَحَمَّلَ مَشَقَّاتِ السَّفَرِ.	تمہیں سفر کی مشقتیں برداشت کرنی چاہئیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- يَجِبُ أَنْ نَفعَلَ بِدُوْنِ ضَيَاعِ مَزِيْدٍ مِنَ الْوَقْتِ.
  ہمیں یہ کام مزید وقت ضائع کئے بغیر کرلینا چاہئے۔
- يَسْتَطِيْبُ الْجُلُوْسَ مَعَ أَصْدِقَائِهِ.
  اسے دوستوں کی ہم نشینی اچھی لگتی ہے۔
- يَسْتَلْزِمُ هَذَا الأَمرُ عِنَايَةً خَاصَّةً.
  اس معاملے پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔
- يَشْكُوْنَ سُوْءَ التَّغْذِيَةِ.
  انہیں خرابی غذا کی شکایت ہے۔
- يَصْدُقُ عَلَيْهِ....
  اس پر یہ بات صادق آتی ہے....
- يَطِيْبُ لِيْ أَنْ أُرَحِّبَ بِكُمْ.
  میں آپ کا استقبال کرتے ہوئے خوشی محسوس کررہاہوں۔
- يَظْهَرُ أَنَّكَ لَمْ تَعرِفْ.
  ایسا لگتاہے کہ آپ واقف نہیں ہیں۔
- يَعْمَلُ صَبَاحَ مَسَاءَ.
  وہ صبح وشام کام کرتاہے۔
- يَقُوْمُ بِجُهْدِهِ قَدْرَ الْمُسْتَطَاعِ.
  وہ اپنی طاقت کے بہ قدر جدوجہد کرتاہے۔
- يَلْهَجُ بفضلِ أُسْتَاذِهِ.
  وہ اپنے استاذ کی تعریف میں رطب اللسان ہے۔
- يَنْتَظِرُه مُسْتَقْبلٌ مُظْلِمٌ.
  تاریک مستقبل اس کے انتظار میں ہے۔
- يُبَاهِي بِهِمُ الْمَلَائِكَةَ.
  ان پر ملائکہ فخر کرتے ہیں۔
- يُسْتَعْمَلُ هَذَا الدَّوَاءُ عِنْدَ اللُّزُوْمِ.
  یہ دوا ہر حال میں استعمال کرنی ہوگی۔
- يُعَدُّ كِتَابُهُ مَصْدَراً ثَمِيْناً.
  اس کی کتاب ایک قیمتی ماٰخذ سمجھی جاتی ہے۔
- يُمْكِنُ أَنْ أُسَاعِدَكَ؟
  کیامیں آپ کی مدد کرسکتاہوں؟
- يُؤْسِفُنِي أَنْ لَا أَسْتَطِيْعَ تَلْبِيَةَ دَعْوَتِكَ.
  مجھے افسوس ہے کہ میں تمہاری دعوت قبول نہیں کرسکتا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

عبارات رائعة ونصائح قيمة

دل کش عبارتیں اور قیمتی نصیحتیں

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

تَحْقِيْقُهَا مِنَ الْمُسْتَحِيْلَاتِ وَكُلَّ مَا تَقْتَرِبُ مِنْهَا خُطْوَةً تَبْعُدُ عَنْكَ أَلْفَ خُطْوَةٍ فَلَاتُضَيِّعْ وَقْتَكَ بِاتِّبَاعِ الْأَوْهَامِ.

ناممکنات میں سے ہے، تم ان کی طرف ایک قدم بڑھاؤگے وہ تم سے ہزار قدم دور ہو جائیں گی، اپنا وقت توہمات کے پیچھے ضائع نہ کرو۔

• اَلشَّمْسُ: عَلَّمَتْنِي الشَّمْسُ أَنَّ هُنَاكَ مَنْ يُضِيءُ دُرُوْبَنَا، وَتَجِدُهُ دَائِمًا إِلَى جَانِبِكَ يَتْعَبُ وَيَشْقَى مِنْ أَجْلِ رَاحَتِكَ، وَهَلْ هُنَاكَ مَنْ يُفْدِيكَ بِحَيَاتِهِ لِأَجْلِ سَلَامَتِكَ حَتَّى لَوْ كَانَ لَا يَمُتُّ إِلَيْكَ بِأَيِّ صِلَةٍ، فَالشَّمْسُ تَحْتَرِقُ بِدَاخِلِهَا أَلْفَ مَرَّةٍ لِكَيْ تَبُثَّ إِلَيْنَا ضِيَائَهَا.

سورج: سورج سے مجھے یہ سبق ملتا ہے کہ یہاں کوئی ایسا بھی ہے جو ہمارے راستوں کو روشن کرتا ہے، تم اسے ہمیشہ اپنی طرف بھاگتے دوڑتے دیکھتے ہو، وہ تمہاری راحت کی خاطر مشقتیں برداشت کرتا ہے، کوئی ہے ایسا جو تمہاری زندگی کی خاطر خود کو قربان کردے اور وہ بھی کسی صلے کے بغیر، سورج اپنے اندر سے ہزار بار جلتا ہے تاکہ ہمیں روشنی پہنچا سکے۔

• اَلشَّوَاطِئُ: عَلَّمَتْنِي شَوَاطِئُ الْبِحَارِ أَنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ بِدَايَةً وَنِهَايَةً سَوَاءٌ كَانَتْ سَعِيْدَةً أَمْ حَزِيْنَةً فَلَابُدَّ أَنْ تَصِلَ إِلَى هَدَفِكَ وَإِلَى نُقْطَةِ النِّهَايَةِ.

ساحل: سمندر کے ساحل ہمیں بتلاتے ہیں کہ ہر چیز کی ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی، چاہے وہ خوشی کی ہو یا غم کی، اس لیے تم اپنے مقصد کے حصول میں لگے رہو اور نقطۂ اختتام تک پہنچنے کی کوشش کرو۔

• اَلضَّبَابُ: عَلَّمَنِي الضَّبَابُ أَنَّ الْإِنْسَانَ قَدْ يَمُرُّ لِلَحَظَاتٍ عَصِيْبَةٍ وَمَصَائِبَ وَأَزَمَاتٍ، لَكِنْ لَابُدَّ

کہرا: کہرے نے مجھے یہ سکھلایا ہے کہ انسان بعض اوقات مشکل ترین لمحات سے بھی گزرتا ہے، اسے مشکلات اور مصائب بھی پیش آتے ہیں لیکن اللہ کی طرف سے تنگی

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

أَنْ يَأْتِي الْفَرَجُ مِنَ اللهِ وَيَعُوْدَ كُلُّ شَيْءٍ كَمَا كَانَ.

کے بعد کشادگی بھی آتی ہے اور حالات پہلے جیسے ہو جاتے ہیں۔

• اَلنُّجُوْمُ: عَلَّمَتْنِي النُّجُوْمُ أَنْ أَكُوْنَ مُمَيَّزًا بِحُضُوْرِي، أَحْتَرِمُ كُلَّ مَنْ حَوْلِي وَأَنْ أُزَيِّنَ كُلَّ مَجْلِسٍ أَحْضُرُهُ بِأَدَبِي وَأَخْلَاقِي كَمَا تُزَيِّنُ النُّجُوْمُ السَّمَاءَ الصَّافِيَةَ بِجَمَالِهَا وَرَوْعَتِهَا.

ستارے: ستاروں سے یہ سبق ملتا ہے کہ میں اپنے وجود سے ممتاز نظر آؤں، اپنے ارد گرد کے لوگوں کو احترام دوں، اور ہر اس مجلس کو جس میں میری حاضری ہو اپنے ادب اور اخلاق سے مزین کر دوں جس طرح ستارے صاف آسمان کو اپنی خوب صورتی اور دل کشی سے زینت بخشتے ہیں۔

• اَلْأَشْجَارُ: عَلَّمَتْنِي الْأَشْجَارُ أَنْ أَكُوْنَ ثَابِتَةً وَقَوِيَّةً فِي الرَّخَاءِ وَالشِّدَّةِ، وَإِذَا ضُرِبْتُ بِحَجَرٍ أُعْطِي ثَمَرًا، حَتَّى أَكُوْنَ عِبْرَةً لِلْآخَرِيْنَ، وَهٰذَا لَيْسَ مِنَ الضُّعْفِ، لٰكِنْ إِذَا أَحْسَنْتَ إِلَى النَّاسِ سَتُجْبِرُهُمْ عَلَى احْتِرَامِكَ وَتَكُوْنُ لَهُمْ قُدْوَةً يُقْتَدَى بِهَا.

درخت: درختوں سے مجھے یہ سبق ملتا ہے کہ تنگی اور خوش حالی دونوں حالتوں میں مضبوط اور ثابت قدم رہوں، جب مجھ پر کوئی پتھر مارتا ہے میں اسے پھل دیتا ہوں، میرے اس عمل سے دوسروں کو بھی سبق ملتا ہے، میرا یہ عمل کسی کمزوری کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ اس احساس کی وجہ سے ہے کہ اگر تم لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کرو گے تو تم انہیں اپنا احترام کرنے پر مجبور کر دو گے اور ان کے لیے قابل تقلید نمونہ بن جاؤ گے۔

• اَلْأَنْهَارُ: عَلَّمَتْنِي الْأَنْهَارُ الصَّفَاءَ وَالنَّقَاءَ وَالْعُذُوْبَةَ وَأَنَّ الْإِنْسَانَ الْمِثَالِيَّ يَكُوْنُ نَقِيًّا مِنَ الدَّاخِلِ

نہریں: نہروں نے مجھے صفائی، پاکیزگی اور حلاوت کا درس دیا، اور یہ بتلایا کہ مثالی انسان اپنے باطن میں نہروں کی طرح پاکیزہ ہوتا

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

كَنقَاوَةِ الأنْهَارِ، لاَ يَعْرِفُ حِقْدًا وَلاَ حَسَدًا، إنسَانٌ مُسَالِمٌ شَفَّافٌ وَاضِحٌ، فَلِمَاذَا لاَتَكُن مِثْلَهُ؟

ہے، نہ اس میں کینہ ہوتا ہے اور نہ حسد، صلح جو، صاف ستھرا اور کھرا انسان، تم اس جیسا کیوں نہیں بنتے۔

• اَلْبِحَارُ: عَلَّمَتْنِي الْبِحَارُ أَنْ أَكْتِمَ أَسْرَارَ النَّاسِ، فَإِنْ كُنتَ إِنسَانًا أَمِينًا، سَيَلْجَأُ إِلَيْكَ الْكَثِيرُ لِلْبَوْحِ بِإِخْزَانِهِمْ، كَمَا يَلْجَئُوْنَ لِلْبَحْرِ لِرَمْيِ هُمُوْمِهِمْ.

سمندر: سمندروں سے یہ سبق ملتا ہے کہ میں لوگوں کے راز چھپاؤں، اگر تم امانت دار شخص ہو تو بہت سے لوگ تمہارے پاس آکر اپنے غم بانٹیں گے جس طرح لوگ سمندروں کے پاس جا کر اپنے غم پھینک آتے ہیں۔

• اَلْبَرَاكِيْنُ: عَلَّمَتْنِي ثَوْرَةُ الْبَرَاكِيْنِ أَنَّ هُنَاكَ مَنْ يُمْسِكُ غَضَبَه لِأَيَّامٍ أَوْ سِنِيْنَ، لٰكِنْ بِلَحْظَةٍ سَيَفْجُرُّ كُلَّ مَا فِيْهِ، فَعَلَيْكَ أَنْ تُنَفِّسَ عَنْ نَفْسِكَ وَتُخْرِجَ كُلَّ مَا تُحِسُّ بِهِ قَبْلَ أَنْ تَصِلَ لِهٰذِهِ اللَّحْظَةِ، وَعَلَّمَتْنِي أَنَّ مَن يَتَعَرَّضُ لِلظُّلْمِ سَيُدَافِعُ عَنْ نَفْسِهِ بِكُلِّ قُوَّةٍ لِإِثْبَاتِ حَقِّهِ.

آتش فشاں: آتش فشاں پہاڑوں کی آتش فشانی سے یہ سبق ملتا ہے کہ کچھ لوگ ہیں جو اپنے غصے کو چند دنوں یا چند سالوں تک دبائے رکھتے ہیں، کسی بھی لمحے وہ پھٹ پڑیں گے، اس سے پہلے کہ یہ لمحہ آئے تمہیں چاہئے کہ تم اپنے دل کا یہ غبار نکالتے رہا کرو، ان پہاڑوں سے یہ سبق بھی ملتا ہے کہ ظلم سہنے والا اپنا حق حاصل کرنے کے لیے پوری قوت کے ساتھ اپنا دفاع کرتا ہے۔

• اَلْجِبَالُ: عَلَّمَتْنِي الْجِبَالُ الرَّاسِيَةُ الشُّمُوْخَ وَالثَّبَاتَ أَمَامَ مَهَبِّ الْمَصَاعِبِ وَالْأَحْزَانِ وَأَنْ لاَ

پہاڑ: مضبوط پہاڑوں سے مجھے یہ سبق ملا ہے کہ میں مشکلات اور پریشانیوں کے سامنے ڈٹا رہوں اور اپنے خالق کے علاوہ کسی کے

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

أَنْحَنِي لِأَحَدٍ غَيْرِ خَالِقِيْ، فَاعْلَمْ أَنَّ لِكُلِّ أَزْمَةٍ مَخْرَجًا وَلِكُلِّ هَمٍّ فَرَجًا.

سامنے نہ جھکوں، یہ بات ذہن نشین رہنی چاہئے کہ ہر بحران سے نکلنے کا راستہ موجود ہے اور ہر پریشانی کے بعد راحت ہے۔

• اَلْقَمَرُ: عَلَّمَنِي الْقَمَرُ بِأَنَّ كُلَّ شَيْءٍ لَهُ جَانِبٌ مُضِيءٌ وَجَانِبٌ مُعْتِمٌ، جَانِبٌ إِيْجَابِيٌّ وَجَانِبٌ سَلْبِيٌّ، فَانْظُرْ دَائِمًا إِلَى الْجَانِبِ الْمُضِيِّ وَقَاوِمْ تِلْكَ السَّلْبِيَّاتِ حَتَّى تَكُوْنَ إِنْسَانًا إِيْجَابِيًّا وَمُتَفَائِلاً.

چاند: چاند سے مجھے یہ سبق ملتا ہے کہ ہر چیز کا ایک روشن پہلو ہوتا ہے اور ایک تاریک، ایک سلبی پہلو ہوتا ہے اور ایک ایجابی، تم ہمیشہ روشن پہلو پر نظر رکھو اور سلبیات سے مقابلہ کرو تاکہ تم ایک ایجابی اور پُر امید انسان بن سکو۔

• اَلْمَطَرُ: عَلَّمَنِيْ الْمَطَرُ كَيْفَ أَغْسِلُ هُمُوْمِي وَأَحْزَانِيْ وَكَيْفَ أُجَدِّدُ حَيَاتِي كَمَا تَغْسِلُ قَطَرَاتُ الْمَطَرِ أَوْرَاقَ الشَّجَرِ وَتُعِيْدُ لَهَا الْحَيَاةَ.

بارش: بارش مجھے سکھلاتی ہے کہ میں کس طرح اپنے رنج و غم دھو ڈالوں اور کس طرح اپنی زندگی کو نیا رخ دوں، جس طرح بارش کے قطرے درخت کے پتوں کو دھو دیتے ہیں اور انہیں حیات نو بخشتے ہیں۔

• أَمْوَاجُ الْبِحَارِ: عَلَّمَتْنِي أَمْوَاجُ الْبِحَارِ الدَّائِمَةُ الْحَرَكَةِ أَنَّ الإِنْسَانَ الطَّمُوْحَ يَجِبُ عَلَيْهِ أَنْ يَبْحَثَ دَائِمًا عَنْ تَحْقِيْقِ نَجَاحِه وَلَايَقِفُ عِنْدَ حَدٍّ مُعَيَّنٍ فَالْفَشَلُ وَارِدٌ فَحَاوِلْ مَرَّةً وَاثْنَتَيْنِ حَتَّى تَصِلَ إِلَى هَدَفِكَ، وَالْحَيَاةُ تَجَارِبُ فَاسْتَفِدْ مِنْهَا.

سمندر کی موجیں: سمندر کی ہمیشہ متحرک رہنے والی موجوں سے مجھے یہ سبق ملتا ہے کہ بلند حوصلہ انسان کو چاہئے کہ وہ اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے ہمیشہ جستجو کرتا رہے، اور کسی ایک حد پر جا کر نہ ٹھہرے، ناکامی ہو سکتی ہے، اس صورت میں ایک مرتبہ کوشش کرے، دوسری مرتبہ کرے یہاں تک کہ اپنے مقصد تک پہنچ جائے، زندگی تجربوں کا نام ہے، ان تجربوں سے فائدہ اٹھاؤ۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• عَلَّمَتنَا الحَيَاةُ: أَنْ نَقُوْلَ لِأنْفُسِنَا قَبْلَ أَنْ نَنَامَ: إِنَّنَا لَسْنَا الحُزَانَى الوَحِيْدِيْن فِي هَذَا العَالَمِ وَلَيْسَ كُلُّ النَّاسِ سُعَدَاءُ كَمَا نَظُنُّ.

زندگی ہمیں یہ سکھلاتی ہے کہ ہم سونے سے پہلے اپنے دل میں یہ سوچیں کہ اس دنیا میں تنہا ہم ہی غم زدہ نہیں ہیں اور نہ تمام لوگ ہی خوش و خرم ہیں جیسا کہ ہم سوچتے ہیں۔

• عَلَّمَتْنِي الحَيَاةُ: أن أَجْعَلَ قَلْبِي مَدِينَةً بُيُوْتُهَا الحُبُّ وَطُرُقَاتُهَا التَّسَامُحُ، فَأَجْمَلُ هَنْدَسَةٍ فِيْ الحَيَاةِ هِيَ: بِنَاءُ جِسْرٍ مِنَ الأَمَلِ فَوْقَ بَحْرٍ مِنَ اليَأسِ.

زندگی نے مجھے بتلایا ہے کہ میں اپنے دل میں ایک ایسا شہر آباد کروں جس کے مکانات محبت کے نغمات سے معمور ہوں اور جس کے راستوں پر رواداری کی شمعیں روشن ہوں، زندگی میں خوب صورت انجینئرنگ یہ ہے کہ مایوسی کے سمندر پر امیدوں کا پُل تعمیر کیا جائے۔

• عَلَّمَتْنِي الحَيَاةُ: لَيْسَ الحُبُّ أَنْ تَكُوْنَ بِقُرْبِ مَنْ تُحِبُّ وَلَكِنَّ الحُبَّ أَنْ تَثِقَ أَنَّكَ فِيْ قَلْبِ مَنْ تُحِبُّ.

زندگی سے مجھے یہ سبق ملا ہے کہ محبت یہ نہیں ہے کہ تم اپنے محبوب کے قریب ہو بلکہ محبت یہ ہے کہ تمہیں اپنے محبوب کے دل میں ہونے کا یقین ہو۔

• عَلَّمَتْنِي الحَيَاةُ: أَنَّ مَنْ وَضَعَ نَفْسَهُ فِي مَوْقِعِ الشُّبُهَاتِ فَلَا يَلُوْمَ مَنْ أَسَاءَ بِهِ الظَّنَّ.

زندگی سے مجھے یہ سبق ملا ہے کہ جس شخص نے خود کو شبہات کے دائرے میں رکھا تو وہ شخص بدگمانی کرنے والوں کو ملامت نہ کرے۔

• الصَّدَاقَةُ بِئْرٌ يَزْدَادُ عُمْقًا كُلَّمَا أَخَذْتَ مِنْه.

دوستی کنویں کی طرح ہوتی ہے جتنا تم اس میں سے پانی نکالو گے اتنا ہی وہ گہرا ہو گا۔

• اَلْمَالُ خَادِمٌ جَيِّدٌ وَلَكِنَّه سَيِّدٌ فَاسِدٌ.

مال بہترین خادم لیکن بدترین حاکم ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• المِزَاحَةُ تُذْهِبُ الْمَهَابَة.

مذاق سے رُعب ختم ہو جاتا ہے۔

• النُّفُوسُ الْقَوِيَّةُ لاَتَعْرِفُ الْيَأْسَ!

مضبوط دلوں پر مایوسی اثر انداز نہیں ہوتی۔

• الْجَزَعُ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ مُصِيْبَةٌ أُخْرَى.

مصیبت کے وقت واویلا کرنا دوسری مصیبت ہے۔

• الْعَمَلُ مَصْدَرُ كُلِّ كَمَالٍ.

ہر کمال کا منبع عمل ہے۔

• إِبْتَسِمِ الْآنَ، فَغَدًا سَوْفَ يَكُوْنُ أسوأ.

اب مسکرالو، ہو سکتا ہے کل آج سے زیادہ بُرا ہو۔

• إِحْتَرِسْ مِنَ الْبَابِ الَّذِيْ لَهُ مَفَاتِيْحُ كَثِيْرَةٌ.

جس دروازے کی بہت سی چابیاں ہوں اس کا دھیان رکھو۔

• إِحْذَرُوْا صَوْلَةَ الْكَرِيْمِ إِذَا جَاعَ، وَاللَّئِيْمِ إِذَا شَبِعَ.

شریف آدمی کے قہر سے ڈرو جب وہ بھوکا ہو اور کمینے کے قہر سے بچو جب وہ پیٹ بھرا ہوا ہو۔

• إِحْذَرْ عَدُوَّكَ مَرَّةً وَاحْذَرْ صَدِيْقَكَ أَلْفَ مَرَّةٍ، فَلَرُبَّمَا انْقَلَبَ الصَّدِيْقُ فَكَانَ أَعْلَمَ بِالْمَضَرَّةِ.

اپنے دشمن سے ایک بار اور اپنے دوست سے ہزار بار احتیاط رکھو۔ اگر دوست بدل گیا تو وہ نقصان (پہنچانے کے طریقے) زیادہ جانتا ہے۔

• إِخْتَرْ كَلاَمَكَ قَبْلَ أَنْ تَتَحَدَّثَ وَاعْطِ لِلْاخْتِيَارِ وَقْتًا كَافِيًا لِيَنْضِجَ الْكَلاَمُ، فَالْكَلِمَاتُ كَالثِّمَارِ تَحْتَاجُ لِوَقْتٍ كَافٍ حَتَّى تَنْضِجَ.

بولنے سے پہلے سوچ لیا کرو اور سوچنے میں بھی کافی وقت صرف کرو تاکہ کلام پختہ ہو جائے، اس لیے کہ الفاظ پھلوں کی طرح ہوتے ہیں جن کے پکنے میں کافی وقت لگتا ہے۔

• إِذَا اخْتَرْتَ الْحَيَاةَ عَلَى الْهَامِشِ فَاعْلَمْ أَنَّكَ سَتَمُوْتُ بِدُوْنِ عُنْوَانٍ!

اگر تم نے حاشیے پر زندگی گزارنا پسند کرلیا تو سمجھ لو کہ تم گمنامی میں موت کو گلے لگاؤ گے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إِذَا ازْدَادَ الْغُرُوْرُ نَقَصَ السُّرُوْرُ.

جب کبر و غرور بڑھ جاتا ہے تو مسرت کم ہو جاتی ہے۔

• إِذَا ازْدَحَمَ الْجَوَابُ خَفِيَ الصَّوَابُ.

جب جوابات زیادہ ہو جاتے ہیں تو حقیقت کا پتہ نہیں چلتا۔

• إِذَا اسْتَشَارَكَ عَدُوُّكَ فَقَدِّمْ لَهُ النَّصِيْحَةَ، لِأَنَّهُ بِالاسْتِشَارَةِ قَدْ خَرَجَ مِنْ مُعَادَاتِكَ إِلَى مُوَالَاتِكَ.

اگر تمہارا دشمن تم سے مشورہ طلب کرے تو اس کی خیر خواہی مقدم رکھو اس لیے کہ مشورہ مانگنے سے وہ تمہاری دشمنی سے نکل کر دوستی کے دائرے میں آچکا ہے۔

• إِذَا التَّجْرِبَةُ نَجَحَتْ، فِي الْمَرَّةِ الْأُوْلَى فَلَاتُجَرِّبْ مَرَّةً أُخْرَى.

اگر تجربہ پہلی مرتبہ کام یاب ہوگیا تو اب دوبارہ تجربہ مت کرو۔

• إِذَا الْمَرْءُ لَمْ يُدَنَّسْ مِنَ اللُّوْمِ عِرْضُهُ فَكُلُّ رِدَاءٍ يَرْتَدِيْهِ جَمِيْلٌ

اگر آدمی اپنی آبرو پر داغ نہ لگنے دے تو جو چادر وہ اپنے بدن پر ڈالے گا وہی خوب صورت لگے گی۔

• إِذَا الْإِيْمَانُ ضَاعَ فَلَا حَيَاةَ لَهُ وَلَا دُنْيَا لِمَنْ لَمْ يُحْيِ دِيْنًا.

اگر ایمان ہی باقی نہیں تو دنیا بے کار ہے، جو شخص دین کو باقی نہ رکھ سکے اس کے لیے دنیا نہیں ہے۔

• إِذَا انْتَظَرْتَ "الْحَظَّ" فَقَدْ يَأْتِيْكَ يَوْمًا وَلَكِنْ قَدْ تَكُوْنُ غَيْرَ مَوْجُوْدٍ!!.

اگر تم خوش قسمتی کے منتظر ہو تو یہ تمہیں ایک دن ملے گی ضرور لیکن ہو سکتا ہے تم اس وقت موجود نہ ہو۔

• إِذَا اخْتَفَى الْعَدْلُ مِنَ الْأَرْضِ لَمْ يَعُدْ لِوُجُوْدِ الْإِنْسَانِ قِيْمَةٌ.

اگر زمین پر انصاف باقی نہ رہے تو انسان کے وجود کی کوئی قیمت نہیں۔

• إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا اِبْتَلَاهُ، فَإِنْ صَبَرَ اِجْتَبَاهُ، وَإِنْ رَضِيَ

جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے اسے آزمائش میں ڈال دیتا ہے، اب اگر وہ صبر

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

اِصْطَفَاهُ.

کرے تو اللہ تمہیں اپنا مقرب بندہ بنا لے گا اور اگر تم راضی رہے تو تمہیں اپنا دوست منتخب کر لے گا۔

إِذَا أَرَدْتَّ أَنْ تَعْرِفَ وَفَاءَ الرَّجُلِ، وَدَوَامَ عَهْدِهِ فَانْظُرْ إِلَى حَنِيْنِهِ إِلَى أَوْطَانِهِ.

اگر تم کسی شخص کی وفاداری اور وعدے کی پاس داری دیکھنا چاہو تو دیکھو کہ اسے اپنے وطن سے کتنی محبت ہے۔

إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَحْتَفِظَ بِصَدِيْقٍ فَكُنْ أَنْتَ أَوَّلًا صَدِيْقًا.

اگر تم کسی کو دوست رکھنا چاہتے ہو تو پہلے خود دوست بن کر دکھاؤ۔

إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَعِيْشَ سَعِيْدًا اِنْزَعِ الْحِقْدَ مِنْ قَلْبِكَ!

اگر تم خوش و خرم زندگی گزارنا چاہتے ہو تو اپنے دل سے کینہ اور حسد نکال پھینکو۔

إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَعْرِفَ شَيْأً عَنْ شَخْصٍ إِسْأَلْهُ هُوَ بَدَلَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَهُ فَأَعْدَاءُ التَّأْلِيْفِ كَثِيْرُوْنَ.

اگر تم کسی شخص کے متعلق کچھ جاننا چاہتے ہو تو دوسرے سے پوچھنے کے بجائے خود اسی سے پوچھ لو اس لیے کہ محبت کے دشمن بہت ہیں۔

إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَفْهَمَ حَقِيْقَةَ الْمَرْأَةِ فَانْظُرْ إِلَيْهَا وَأَنْتَ مُغْمِضُ الْعَيْنَيْنِ.

اگر تم عورت کی حقیقت سمجھنا چاہتے ہو تو اس کی طرف آنکھیں بند کر کے دیکھو۔

إِذَا أَعْطَيْتَ فَقِيْرًا سَمَكَةً تَكُوْنُ قَدْ سَدَّدْتَ جُوْعَهُ لِيَوْمٍ وَاحِدٍ فَقَطْ، أَمَّا إِذَا عَلَّمْتَهُ كَيْفَ يَصْطَادُ السَّمَكَ تَكُوْنُ قَدْ سَدَّدْتَ جُوْعَهُ طُوْلَ الْعُمْرِ.

اگر تم نے کسی غریب کو ایک مچھلی دے دی تو گویا تم نے اس کے ایک دن کے کھانے کی ضرورت پوری کر دی، ہاں اگر تم اس کو مچھلی شکار کرنے کا طریقہ بتلا دیتے تو زندگی بھر کے لیے اس کی غذا کی ضرورت پوری کر دیتے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إِذَا أَقْبَلَتِ الدُّنْيَا عَلَى امْرِئٍ أَعْطَيْتَهُ مَحَاسِنَ غَيْرِهِ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ عَنْهُ سَلَبَتْ مِنْهُ مَحَاسِنَ نَفْسِهِ.

جب کسی کو دنیا ملتی ہے تو دوسرے کے محاسن بھی اس کے ہو جاتے ہیں اور جب کسی سے دنیا روٹھتی ہے تو اس کے محاسن بھی چھن جاتے ہیں۔

• إِذَا أَنْتَ أَكْرَمْتَ الْكَرِيْمَ مَلَكْتَهُ وَإِنْ أَنْتَ أَكْرَمْتَ اللَّئِيْمَ تَمَرَّدَ عَلَيْكَ.

اگر تم کسی شریف انسان کا اعزاز کروگے تو تم اس کے مالک بن سکتے ہو، اور اگر کسی کمینے کا اکرام کروگے تو وہ تم سے سرکشی اختیار کرے گا۔

• إِذَا بَلَغْتَ القِمَّةَ فَوَجِّه نَظَرَكَ إِلَى السَّفْحِ لِتَرَى مَنْ عَاوَنَكَ فِي الصُّعُوْدِ إِلَيْهَا وَانْظُرْ إِلَى السَّمَاءِ لِيُثَبِّتَ اللهُ أَقْدَامَكَ عَلَيْهَا.

جب تم بلندی پر پہنچ جاؤ تو نیچے کی طرف بھی نظر ڈال لیا کرو یہ دیکھنے کے لیے کہ تمہیں بلندی تک پہنچانے میں کس کس نے تمہاری مدد کی ہے، اور آسمان کو بھی دیکھ لیا کرو تاکہ اللہ تمہیں اس بلندی پر ثابت قدم رکھے۔

• إِذَا تَذَكَّرْتَ شَخْصًا وَأَنْتَ وَحْدَكَ تَبْتَسِمُ فَاعْلَمْ أَنَّ بَيْنَكُمَا مَحَبَّةً صَادِقَةً.

اگر تمہیں کوئی شخص یاد آئے اور تم تنہا مسکرانے لگو تو سمجھو تمہارے درمیان سچا پیار ہے۔

• إِذَا تَشَاجَرَ كَلْبَانِ عَلَى غَنِيْمَةٍ تَكُوْنُ مِنْ نَصِيْبِ الذِّئْبِ الَّذِيْ يَأْتِيْ عَلَى صِيَاحِهِمَا.

اگر دو کتے کسی مال غنیمت پر لڑ رہے ہیں تو یہ مال بھیڑیے کے حصے میں آئے گا جو ان کے بھونکنے کی آواز سن کر پہنچے گا۔

• إِذَا جَارَيْتَ فِيْ خُلُقٍ دَنِيًّا فَأَنْتَ وَمَنْ تُجَارِيْهِ سَوَاءٌ.

اگر تم بد خلقی میں کسی رذیل سے برابری کرو تو تم میں اور اس میں کیا فرق ہے۔

• إِذَا ذَهَبَ شَخْصٌ إِلَى مَخْزَنٍ وَتَمَكَّنَ صَاحِبُهُ أَنْ يَبِيْعَهُ مَا هُوَ

کوئی شخص کسی تاجر کے گودام میں جاکر اسے اس کی ضرورت کی اشیاء فروخت کردے تو یہ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

بِحَاجَةٍ إِلَيْهِ فَهٰذِهِ بَرَاعَةٌ، أَما إِذَا تَمَكَّنَ مِنْ أَنْ يَبِيعَهُ مَا لَيْسَ بِحَاجَةٍ إِلَيْهِ فَهٰذِهِ عَبْقَرِيَّةٌ.

مہارت کی بات ہے اور اگر اس کو غیر ضروری چیزیں فروخت کرڈالے تو یہ عبقریت ہے۔

• إِذَا رَأَيْتَ أَنْيَابَ اللَّيْثِ بَارِزَةً فَلَاتَظُنَّنَّ أَنَّ اللَّيْثَ يَبْتَسِمُ.

جب تم شیر کی کچلیاں کھلی دیکھو تو تم ہرگز یہ گمان مت کرنا کہ وہ مسکرارہا ہے۔

• إِذَا ضَحِكَ لَكَ الزَّمَانُ فَكُنْ عَلَى حَذَرٍ لِأَنَّ الزَّمَانَ لَايَضْحَكُ طَوِيلاً

اگرزمانہ تمہاری خوشی میں شریک ہو تو ہشیار رہنا، زمانہ بہت زیادہ دیر تک خوش نہیں ہوتا۔

• إِذَا عَظُمَتْ أُمُوْرُكُمْ فَتَوَاضَعُوْا.

اگر تمہیں عزت وعظمت حاصل ہوجائے توانکساری اختیار کرو۔

• إِذَا قَرَّرَ الرَّجُلُ الزَّوَاجَ فَقَدْ يَكُوْنُ هٰذَا آخِرَ قَرَارٍ يُسْمَحُ لَهُ بِاتِّخَاذِهِ.

اگرکسی شخص نے شادی کا فیصلہ کرلیا تو یہ اس کا آخری فیصلہ ہوگا جسے وہ روبہ عمل لاسکتا ہے۔

• إِذَا كَانَ الْغُرَابُ دَلِيْلَ قَوْمٍ يَمُرُّ بِهِمْ عَلَى جِيَفِ الْكِلَابِ

اگر کوا کسی قوم کا رہنما ہے تو وہ انہیں مردار کتوں کے قریب لے کر جائے گا۔

• إِذَا كَانَ لَدَيْكَ رَغِيْفَانِ فَكُلْ أَحَدَهُمَا وَاشْتَرِ بِالْآخَرِ زُهُوْراً.

اگرتمہارے پاس دوروٹیاں ہوں توایک کھالو اوردوسری کے بدلے پھول خریدلو۔

• إِذَاكَانَ لَكَ قَلْبٌ رَقِيْقٌ كَالْوَرْدِ وَإِرَادَةٌ صُلْبَةٌ كَالْفُوْلَاذِ وَيَدٌ مَفْتُوْحَةٌ كَالْبَحْرِ وَعَقْلٌ كَبِيْرٌ كَالسَّمَاءِ فَأَنْتَ مِنْ صُنَّاعِ الْأَمْجَادِ.

اگرتمہارے پاس پھول جیسانرم ونازک دل ہو، فولادجیساعزم وارادہ ہو، سمندر جیساکشادہ ہاتھ ہواورآسمان جیسی بڑی عقل ہوتوتم عظیم کارنامے انجام دینے والے ہو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إذا كانَ مِنْ حَقِّكَ أَنْ لَا يُؤْذِيَكَ الآخَرُوْنَ، فَإِنَّ مِنْ حَقِّ الآخَرِيْنَ أَنْ لَا تُؤْذِيَهُمْ.	جس طرح تمہارا یہ حق ہے کہ دوسرے تمہیں ایذا نہ دیں اسی طرح دوسروں کا یہ حق ہے کہ تم ان کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔
• إذا كانَتِ النُّفُوْسُ كِبَارًا تَعِبَتْ فِي مُرَادِهَا الأَجْسَامُ	اگر آدمی اپنے نفس سے بڑا بنا کرتا تو اسے پانے میں لوگوں کے جسم تھکا کرتے۔
• إذا كُنْتَ تَخْشَى الْوَحْدَةَ فَلَا تَتَزَوَّجْ.	اگر تم تنہائی سے خوف زدہ ہو تو شادی مت کرو۔
• إذا كُنْتَ تَعْتَقِدُ أَنَّ التَّعْلِيْمَ ثَمَنُهُ بَاهِضٌ؛ جَرِّبِ الْجَهْلَ قَدْ يَكُوْنُ أَقَلَّ كُلْفَةً.	اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ تعلیم مہنگی ہے تو جہالت کا تجربہ کرلو اس پر خرچ کم آئے گا۔
• إذا كُنْتَ غَنِيًّا فَتَنَاوَلْ طَعَامَكَ مَتَى شِئْتَ، وَإِذَا كُنْتَ فَقِيْرًا فَتَنَاوَلْ طَعَامَكَ مَتَى اِسْتَطَعْتَ.	اگر تم دولت مند ہو تو جب چاہے کھاؤ، اور اگر محتاج و تنگ دست ہو تو جب استطاعت ہو تب کھاؤ۔
• إذا لَمْ تَجِدْ عَدْلًا بِمَحْكَمَةِ الدُّنْيَا فَارْفَعْ مِلَفَّكَ لِمَحْكَمَةِ الآخِرَةِ.	اگر تمہیں دنیا کی عدالت میں انصاف نہ ملے تو اپنی فائل آخرت کی عدالت میں پیش کردو۔
• إذا لَمْ تَخْشَ عَاقِبَةَ اللَّيَالِي وَلَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَاتَشَاءُ.	اگر تم رات کے انجام سے نہیں ڈرتے اور (برائی کے کاموں سے) شرم نہیں کرتے تو جو چاہے کرو۔
• إزْرَعِ الْمَكَارِمَ فِي الأَرْضِ سَتَجِدْ ثِمَارَهَا فِي السَّمَاءِ.	زمین میں اچھائیوں کا بیج ڈالو، آسمان میں اُن کا پھل ملے گا۔
• إصْبِرْ عَلَى كَيْدِ الْحَسُوْدِ فَإِنَّ صَبْرَكَ قَاتِلُهُ. فَالنَّارُ تَأْكُلُ	حاسد کے مکر وفریب پر صبر کرو کہ تمہارا صبر خود ہی اسے ہلاک کرڈالے گا، آگ کو اگر کچھ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

بَعْضَهَا إِنْ لَمْ تَجِدْ مَا تَأْكُله.	نہیں ملتا تو وہ خود کو کھالیتی ہے۔
• إِصْنَعْ جَمِيْلاً وَلَوْ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِهِ فَلَنْ يَضِيْعَ جَمِيْلٌ أَيْنَمَا وُضِعَ.	اچھائی کا کام کرو خواہ بے موقع ہی کیوں نہ ہو نیکی کہیں بھی کی جائے ضائع نہیں جاتی۔
• إِعْطَاءُ أَحَدِهِمْ فُرْصَةً ثَانِيَةً مِثْلَ إِعْطَائِهِ رَصَاصَةً إِضَافِيَّةً؛ لِأَنَّهُ لَمْ يُصِبْكَ فِي الْمَرَّةِ الأُوْلَى.	کسی کو دوبارہ موقع دینے کا مطلب ہے اس کے ہاتھ میں اضافی گولی پکڑا دینا کہ پہلا نشانہ چوک گیا تھا۔
• إِعْمَلْ خَيْرًا وَأَلْقِهِ فِي الْبَحْرِ.	نیکی کر دریا میں ڈال۔
• إِعْمَلْ فِي الْمَمَرِّ لِدَارِ الْمَقَرِّ.	دنیا کی گزرگاہ میں آخرت کے دائمی گھر کے لیے عمل کر۔
• إِعْمَلْ لِلْآخِرَةِ، أَوَّلُهَا بَقَاءٌ وَأَوْسَطُهَا عَطَاءٌ وآخِرهَا بَقَاءٌ.	آخرت کے لیے عمل کرو، اس کی ابتدا لقائے محبوب ہے، درمیانی حصہ عطاء و بخشش ہے اور انجام بقا ہے۔
• إِنِّي لَآمَلُ مِنْكَ خَيْرًا عَاجِلاً وَالنَّفْسُ مُولَعَةٌ بِحُبِّ الْعَاجِلِ	دل عجلت پسند ہوتا ہے اس لیے میں تم سے خیر عاجل (جلد ملنے والی بھلائی) کی امید کرتا ہوں۔
• إِنَّ أَسْوَأَ مَا يُصِيبُ الإِنْسَانَ أَنْ يَكُوْنَ بِلَا عَمَلٍ أَو حُبٍّ.	انسان کے لیے بدترین المیہ یہ ہے کہ وہ عمل اور محبت سے عاری ہو۔
• إِنَّ بَيْتًا يَخْلُوْ مِن كِتَابٍ هُوَ بَيْتٌ بِلَا رُوْحٍ.	جو گھر کتابوں سے خالی ہو وہ روح سے خالی گھر کی طرح ہے۔
• إِنَّ الذَّهَبَ يُجَرَّبُ بِالنَّارِ، وَإِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَرَّبُ بِالْبَلَاءِ.	سونے کو آگ کی کسوٹی پر رکھ کر اور مؤمن کو مصائب میں مبتلا کر کے کندن بنایا جاتا ہے۔
• إِنَّ الشَّرَفَ فِي كَمَالِ الأَدَبِ لَا	شرف وفضیلت کمالِ ادب میں ہے نہ کہ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

فِيْ زَيْـنِ الـذَّهَـبِ، وَفِي جَلاَئِـلِ الْأَعْمَالِ لاَ فِي حَمْلِ الْمَالِ.

سکّوں کی جھنکار میں، اونچے اور بڑے اعمال میں ہے نہ کہ مال ڈھونے اور اٹھانے میں۔

• إِنَّ اللهَ لاَ يَخْـذُلُ عَبْـدًا بَكَـى، عَبْدًا شَكَى، عَبْدًا حَنَى رَأْسَهُ ثُمَّ دَعَا.

اللہ تعالیٰ اپنے کسی ایسے بندے کو رسوا نہیں کرتا جو روتا ہو، بارگاہ ایزدی میں شکوہ پیش کرتا ہو، اپنا سر جھکا کر دعا مانگتا ہو۔

• إِنَّ الَّـذِيْ يَـصْحَبُكَ لاَيَنْـصَحُكَ وَالَّذِيْ يَنْصَحُكَ لاَيَصْحَبُكَ.

جو تمہارے ساتھ رہنا چاہتا ہے وہ تمہیں نصیحت نہیں کرتا اور جو نصیحت کرتا ہے وہ ساتھ رہنا نہیں چاہتا۔

• إِنَّ الْحَيَاةَ عَقِيْدَةٌ وَجِهَادٌ.

زندگی عقیدہ وجہاد کا نام ہے۔

• إِنَّ الْقُلُـوْبَ إِذَا تَنَـافَرَتْ مِثْـلَ الزُّجَاجِ تَكَسَّرَتْ.

جب دل شیشے کی طرح ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں تو ٹوٹ جاتے ہیں۔

• إِنَّ الْوَقْـتَ قَـصِيْرٌ، فَاسْـتَثْمِرْهُ فِي التَّعْبِيْرِ عَنْ نَفْسِكَ تَعْبِيْرًا حَسَنًا، لاَتَعْبِيْرًا سَيِّأً.

وقت کم ہے، اسے زندگی کی اچھی تعبیر سے سنوارو نہ کہ بری تعبیر سے برا بناؤ۔

• إِنَّ الْهَوَى شَرِيْكُ الْعَمَيِ وَالْهَوَانِ.

نفسانی خواہشات گمراہی اور ذلت کے ساتھی ہیں۔

• إِنَّ مَـصِيْرَ الْأَجْيَـالِ الَّـتِيْ تُغَـادِرُ الْمَدْرَسَةَ لِلْاِلْتِحَاقِ بِالْحَيَاةِ الْعَمَلِيَّةِ فِي وَقْـتٍ مُبَكِّـرٍ، لَـنْ يَكُـوْنَ شَيْئًا آخَرَ غَيْرَ الْعَوْدَةِ عَلَى الْأُمِّيَّةِ.

وقت سے پہلے ہی عملی زندگی میں قدم رکھنے والی نسلوں کا مستقبل اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ وہ پھر جہالت کی طرف لوٹیں۔

إِنَّ مَـنْ يَـذْكُرُ الـصَّدَاقَةَ دَائِمًـا

جو شخص دوستی کو ہمیشہ یاد رکھتا ہے اور کبھی

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

وَلاَيَنْسَ أَبَدًا لاَشَكَّ أَنَّه مِنْ اَوْفَى الأَصْدِقَاءِ.

- إِنَّ هَذَا الدِّيْنَ مَتِيْنٌ فَأَوْغِلُوْا فِيْهِ بِرِفْقٍ.
- إِنَّكُمْ إِلَى إِعْرَابِ الأَعْمَالِ أَحْوَجُ مِنْكُمْ إِلَى إِعْرَابِ الأَقْوَالِ.
- إِنَّمَا النَّاسُ أَحَادِيْثُ فَإِنْ اِسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُوْنَ أَحْسَنَهُمْ حَدِيْثًا فَافْعَلْ.
- إِنَّمَا الْعِبْرَةُ بِالنِّهَايَةِ.
- إِنَّمَا الْعَمَلُ الْجَبَّارُ أَنْ لاَ تَعُوْدَ لِلْخَطَإِ أَبَدًا.
- إِنَّمَا أَوْلاَدُنَا أَكْبَادُنَا تَمْشِيْ عَلَى الأَرْضِ.
- إِنَّمَا الْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْنِ: قَلْبِهِ وَلِسَانِهِ.
- إِنَّنَا بِحَاجَةٍ لِلْخِلاَفَاتِ أَحْيَانًا لِمَعْرِفَةِ مَا يُخْفِيْهِ الآخَرُوْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ، قَدْ تَجِدُ مَا يَجْعَلُكَ فِيْ ذُهُوْلٍ وَقَدْ تَجِدُ مَنْ تَبْتَسِمُ لَهُ اِحْتِرَامًا.

فراموش نہیں کرتا وہ شخص نہایت وفادار دوست ہے۔

یہ دین مضبوط و مستحکم دین ہے اس میں نرمی وسہولت کے ساتھ داخل ہو۔

تم واضح قول سے زیادہ واضح عمل کے زیادہ محتاج ہو۔

لوگ محض باتیں بناتے ہیں اگر تم اچھا بننا چاہو تو باتوں کے ساتھ عمل بھی کرو۔

انجام کا اعتبار ہوتا ہے۔

عظیم عمل یہ ہے کہ تم کبھی غلطی نہ دہراؤ۔

ہمارے بچے ہمارے جگر ہیں جو زمین پر پھر رہے ہیں۔

انسان کی آزمائش دو چھوٹے اعضاء؛ دل اور زبان کے ذریعے ہوتی ہے۔

بعض اوقات ہمیں جھگڑے بھی اٹھانے پڑتے ہیں تاکہ ہم یہ دیکھ سکیں کہ دوسروں کے دلوں میں ہمارے لیے کیا پوشیدہ ہے، بعض اوقات آپ دوسروں کا رویہ دیکھ کر حیرت میں رہ جاتے ہیں اور بعض اوقات ان کے احترام میں تبسم ریز ہو جاتے ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• إِنْ تَـذَكَّرتْ الـشَّيْطَانَ فَيَحْـضُرُ فَوْرًا.	اگر تم شیطان کو یاد کروگے وہ فوراً حاضر ہو جائے گا۔
• إِنْ شِئْتَ أَنْ تَعْرِفَ مَنْ أَنْتَ فَانْظُرْ إِلَى أَعْمَالِكَ.	اگر تم خود کو جاننا چاہو کہ تم کون ہو؟ تو اپنے اعمال پر نظر ڈالو۔
• إِنْ كُنْتَ لاَتَدْرِي فَتِلْكَ مُصِيْبَةٌ أَوْ كُنْتَ تَدْرِي فَالْمُصِيْبَةُ أَعْظَمُ.	اگر تجھے پتہ نہ تھا تو اکہری مصیبت تھی، لیکن اگر جانتا تھا تو مصیبت بہت بڑی تھی۔
• إِنْسَانٌ بِلاَ مَبَادِئَ كَسَاعَةٍ بِلاَ عَقَارِب.	اصولوں کے بغیر انسان سوئیوں کے بغیر گھڑی کی طرح ہے۔
• إِيَّاكَ وَالْمُرْتَقَى السَّهْلَ إِذَا كَانَ الْمُنْحَدَرُ وَعِرًا.	اگر اُترنے کا راستہ خطرناک ہو اور چڑھائی کا راستہ آسان ہو تو اوپر چڑھنے سے گریز کرو۔
• إِيَّاكُمْ وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ.	خود پسندی سے بچو۔
• إِنَّ الأَحْدَاثَ السِّيَاسِيَّةَ فِي الدَّوْلَةِ وَما يُعَاقِبُهَا مِنْ ثَوْرَاتٍ أَوْ حُرُوْبٍ تَشْبَهُ الْعَوَاصِفَ، تَشْعُرُ بِهُبُوْبِهَا دُوْنَ أَنْ تَكْشِفَ النِّقَاب عَنْ مَصْدَرِهَا.	ملک میں سیاسی واقعات اور ان کے نتیجے میں برپا ہونے والی بغاوتیں اور جنگیں آندھیوں کی طرح ہوتی ہیں، جن کے چلنے کا تو احساس ہوتا ہے لیکن وہ کس جگہ سے اٹھ رہی ہیں اس کا پتہ نہیں چلتا۔
• إِنَّ الْبَتَّ وَالْحَزْمَ وَالْحَسْمَ هُوَ الَّذِيْ يُزِيْلُ أَلْوَانَ الْفَسَادِ.	قطعیت، مضبوطی اور فیصلہ کن اقدام سے ہر طرح کا بگاڑ صحیح ہو جاتا ہے۔
• أَحْسِنْ إِلَى مَنْ أَسَاءَ إِلَيْكَ.	جو تم سے برا سلوک کرے تم اس کے ساتھ حسن سلوک کرو۔
• أَصْدَقُ الْحُزْنِ: إِبْتِسَامَةٌ فِيْ عَيْنٍ تَدْمَعُ.	سچا غم: روتی ہوئی آنکھ میں مسکراہٹ کی کرن۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- أَعْرِضْ عَنِ الدُّنْيَا تَنَعَّمْ.
  دنیا سے اعراض کر وخوش حال رہو گے۔
- أَفْضَلُ الْعُلُوْمِ الْعَمَلُ بِالْمَعْلُوْمِ.
  بہترین علم معلوم پر عمل کرنا ہے۔
- اَلْأُمُّ مَدْرَسَةٌ إِذَا أَعْدَدْتَهَا أَعْدَدْتَ شَعْبًا طَيِّبَ الْأَخْلَاقِ.
  ماں مدرسے کی طرح ہے اگر تم نے اس کی صحیح پرورش کی تو وہ بااخلاق قوم تیار کرے گی۔
- اَلتَّارِيْخُ مَجْمُوْعَةٌ مِنَ الْأَكَاذِيْبِ مَاكَانَ يُمْكِنُ أَنْ يَّكُوْنَ لَهَا وُجُوْدٌ لَوْ كَانَ الْمَوْتَى يَتَكَلَّمُوْنَ.
  تاریخ جھوٹ کا پلندہ ہے اس کا وجود ہی ممکن نہ ہوتا اگر مرنے والے بول سکتے۔
- اَلتَّحِيَّةُ وَالسَّلَامُ يُعْنَى أَنَّ أَرْضَ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ، فَلْنَمْلَأْهَا حُبًّا وَلْنَزْرَعْهَا قَمْحًا وَلْنَسْتَخْرِجِ مِنْهَا مَا يَنْفَعُنَا.
  سلام کا مطلب ہے کہ اللہ کی کشادہ زمین کو ہم محبت سے بھر رہے ہیں، اس میں گیہوں کے بیج ڈال کر نفع بخش پیداوار حاصل کر رہے ہیں۔
- اَلتَّدْبِيْرُ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ.
  تدبیر اختیار کرنے سے زندگی کے آدھے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔
- اَلتَّسْلِيْمُ بِقَضَاءِ اللّٰهِ وَقَدْرِهِ هُوَ سَعَادَةُ لِمَنْ لَا سَعَادَةَ لَهُمْ.
  بد نصیبوں کے لیے اصل سعادت یہ ہے کہ وہ قضا وقدر کے فیصلوں پر راضی رہیں۔
- اَلتَّعَاطُفُ أَسَاسُ الْأَخْلَاقِ.
  لطف وکرم ہی اخلاق کی خشتِ اول ہے۔
- اَلْجَمَالُ لَا يَجْلِبُ لَكَ إِلَّا أَصْدِقَاءَ الشَّهْوَةِ.
  حسن وجمال سے شہوت پرست دوست ملتے ہیں۔
- اَلصِّدْقُ لُغَةُ التَّفَاهُمِ.
  سچائی مفاہمت کی زبان ہے۔
- اَلنَّفْسُ كَالطِّفْلِ إِنْ تُهْمِلْهُ شَبَّ عَلَى حُبِّ الرَّضَاعَةِ وَإِنْ تَفْطِمْهُ
  نفس بچے کی طرح ہوتا ہے اگر اسے دودھ پلاتے رہے تو وہ دودھ پیتے پیتے جوان ہو جائے

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

يَنْقَطِع.	گا اور اگر تم اس کا دودھ چھڑا دوگے تو وہ چھوڑ دے گا۔
• اَلْأَخْلَاقُ لَا يَجْلِبُ لَكَ إِلَّا أَصْدِقَاءَ الْعُمْرِ.	اخلاق سے زندگی بھر ساتھ نبھانے والے دوست ملتے ہیں۔
• اَلْمَعْرِفَةُ هِيَ الْحَيَاةُ.	علم ہی زندگی ہے۔
• اَلتَّضْحِيَةُ طَرِيقُ النَّصْرِ.	قربانی فتح کی شاہراہ ہے۔
• اَلتُّفَّاحَةُ الْعَفِنَةُ تُفْسِدُ جَارَاتِهَا.	سڑا ہوا سیب دوسرے سیب بھی خراب کردیتا ہے یعنی ایک مچھلی پورے تالاب کو گندہ کردیتی ہے۔
• اَلدُّنْيَا سَاعَةٌ فَاجْعَلْهَا طَاعَةً.	دنیا ایک گھڑی کی ہے اسے طاعت میں بسر کرو۔
• اَلدُّنْيَا سَاعَةٌ فَاجْعَلْهَا طَاعَةً وَعَوِّدْ نَفْسَكَ الطَّمَّاعَةَ عَلَى الْقَنَاعَةِ.	دنیا ایک گھڑی کی ہے اسے اطاعت میں گزارو اور اپنے حریص نفس کو قناعت پسندی کا عادی بناؤ۔
• اَلدُّنْيَا مَحَطَّاتٌ لِلدُّمُوْعِ اَجْمَلُ مَا فِيْهَا اللِّقَاءُ وَاَصْعَبُ مَا فِيْهَا الْفِرَاقُ لٰكِنَّ الذِّكْرٰى هِيَ الرِّبَاطُ.	دنیا آنسوؤں کا ٹھکانہ ہے، اس دنیا میں سب سے خوب صورت چیز محبوب کی ملاقات ہے، اور سب سے دشوار معاملہ جدائی ہے؛ البتہ یادیں وجہ سکون ہوا کرتی ہیں۔
• اَلذُّلُّ أَنْ تَتَعَرَّضَ لِمَا فِي يَدِ غَيْرِكَ وَأَنْتَ فِي الْوُصُوْلِ إِلَيْهِ عَلَى خَطَرٍ يَسِيْرٍ.	رسوائی کی بات یہ ہے کہ تم کسی دوسرے کی چیز پر نظر رکھو حالاں کہ تھوڑی مشقت سے وہ چیز تمھیں مل سکتی ہے۔
• اَلرِّيْشُ الْجَمِيْلُ لَيْسَ كَافِيًا لِتَصْنَعَ مِنْهُ طَائِرًا جَمِيْلًا.	خوب صورت پرندہ بنانے کے لیے خوب صورت پروں کا ہونا کافی نہیں ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• الرَّاحةُ كَالسَّرَابِ كُلَّمَا اِقْتَرَبْنَا مِنْهَا اِبْتَعَدَ مِنَّا وَلَنْ نَصِلَ إِلَيْهَا اِلاَّ فِي الْجَنَّةِ فَلْنَتْرُكِ الرَّاحَةَ وَلْنَبْحَثْ عَنِ الْجَنَّةِ.

راحت کی مثال سراب کی سی ہے، ہم جتنا اس کے قریب جاتے ہیں اتنا ہی وہ ہم سے دور ہو جاتی ہے، اصل راحت تو جنت ہی میں ملے گی، ہمیں راحت کی تلاش چھوڑ کر جنت کی جستجو کرنی چاہیے۔

• الرَّاضِي بِالدُّونِ هُوَ مِنْ رَضِيَ بِالدُّنْيَا، وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ خُصُوْمَةٍ لَمْ يَأْسَفْ عَلَى مَا تَرَكَهَا.

جو کم لینے پر راضی ہو گیا اس نے دنیا کی خوشی پالی اور جس نے کسی جھگڑے سے کنارہ کشی اختیار کی اسے اپنے اس عمل پر افسوس نہ ہوگا۔

• الرَّجُلُ التَّافِهُ يَحْرِمُكَ مِنَ الْعَزْلَةِ دُوْنَ أَنْ يُوَفِّرَ لَكَ جَلْسَةً مُمْتِعَةً.

کم عقل انسان تمہیں دل چسپ اور مفید مجلس فراہم کئے بغیر تنہائی سے محروم کر دے گا۔

• الرَّغْبَةُ فِي الدُّنْيَا تُوْرِثُ الْهَمَّ وَالْحُزْنَ، وَالزُّهْدُ فِيْهَا يُرِيْحُ الْقَلْبَ وَالْبَدَنَ.

دنیا کی محبت حزن وملال کا سبب ہے، اور دنیا سے بے رغبتی دل وجان کے لیے باعث راحت ہے۔

• السِّيْرَةُ الْحَسَنَةُ كَشَجَرَةِ الزَّيْتُوْنِ لاَتَنْمُو سَرِيْعًا وَلَكِنَّهَا تَعِيْشُ طَوِيْلاً.

اچھی سیرت زیتون کے درخت کی طرح ہے جو جلدی نہیں بڑھتا لیکن دیر تک رہتا ہے۔

• السَّعِيْدُ مَنْ هَيَّأَ السَّعَادَةَ لِغَيْرِهِ.

خوش بخت وہ ہے جو دوسروں کو خوشیاں مہیا کرے۔

• السَّعَادَةُ: يَنْبُوْعٌ يَتَمَنَّى الْجَمِيْعُ أَنْ يَصِلُوْا إِلَيْهِ، وَهُمْ لاَ يَعْرِفُوْنَ أَنَّهَا تَحْتَ أَقْدَامِهِمْ.

خوشی: ایک ایسا چشمہ ہے جس تک سب پہنچنا چاہتے ہیں، حالاں کہ وہ یہ نہیں جانتے کہ چشمہ ان کے پاؤں تلے ہیں۔

• السَّعَادَةُ فِي اِثْنَيْنِ: الطَّاعَةِ وَالتَّقْوَى.

دو چیزوں میں سعادت ہے، اطاعت اور پرہیز گاری میں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلسَّعَادَةُ هِيَ حُكْمُ الْعَقْلِ عَلَى النَّفْسِ.

دل پر عقل کی حکمرانی ہی نیک بختی ہے۔

• اَلسَّفَرُ: هَوَايَةٌ عَظِيْمَةٌ لَهَا فَوَائِدُ، اِلاَّ إِذَا كَانَ السَّفَرُ لِلْعَالَمِ الْآخِرِ.

سفر ایک زبردست مشغلہ ہے اس کے بہت سے فائدے ہیں اگر یہ سفر عالم آخرت کا نہ ہو۔

• اَلسَّلَامُ ضِدُّ الْحَرْبِ، وَالْحَرْبُ تُعْنَى الْفَسَادَ وَالدَّمَارَ وَالتَّشَرُّدَ وَإِهْلَاكَ الْحَرْثِ وَالنَّسْلِ وَفَنَاءَ الْمَوْجُوْدِ وَالْمَوْرُوْثِ وَالنَّافِعِ لِلْبَشَرِيَّةِ جَمْعَاءَ.

امن جنگ کی ضد ہے، جنگ کا مطلب فتنہ وفساد، افتراق وانتشار، تباہی، جان ومال کی ہلاکت، اور تمام انسانیت کے لیے موجود اور موروثی اور نفع بخش چیزوں کی بربادی۔

• اَلشَّبَابُ إِكْلِيْلٌ مِنَ الْوَرْدِ.

جوانی گلاب کے پھولوں کا تاج ہے۔

• اَلشَّجَرَةُ الْعَاقِرِ لَايَقْبِذِفُهَا أَحَدٌ بِحَجَرٍ.

بنجر درخت پر کوئی پتھر نہیں مارتا۔

• اَلشَّمْعَةُ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُنِيْرَ غُرْفَةً كَامِلَةً، وَالصَّدِيْقُ الْحَقِيْقِيُّ يُنِيْرُ حَيَاةً كَامِلَةً: شُكْرًا لِأَشِعَّةِ صَدَاقَتِكَ الْمُضِيْئَةِ.

چراغ ایک پورے کمرے کو روشن کر سکتا ہے اور حقیقی دوست پوری زندگی کو روشن بنا دیتا ہے، تیری دوستی کی روشن کرنوں کا شکریہ۔

• اَلشَّيْءُ الْوَحِيْدُ الَّذِيْ يَسْتَحِقُّ الْحُزْنَ هُوَ تَقْصِيْرُنَا فِيْ إِطَاعَةِ رَبِّنَا.

صرف ایک ہی چیز پر غم ہونا چاہئے اور وہ ہے اپنے رب کی اطاعت میں ہماری کوتاہی۔

• اَلصِّحَّةُ هِيَ الشَّيْءُ الَّذِيْ يَجْعَلُكَ تَشْعُرُ بِأَنَّ الْيَوْمَ الَّذِيْ تَعِيْشُهُ، هُوَ أَفْضَلُ وَقْتٍ فِي السَّنَةِ.

صحت تمہیں یہ احساس دلاتی ہے کہ وہ آج جس میں تم سانس لے رہے ہو سال کا بہترین وقت ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلصِّحَّةُ مِثْلُ الْمَالِ لَاتَعْرِفُ قِيْمَتَهَا اِلاَّ حِيْنَ تَفْقِدُهَا!

صحت مال کی طرح ہے تم اس کی قیمت کا اندازہ اسے کھونے کے بعد ہی کر پاؤ گے۔

• اَلصِّدْقُ عِزٌّ وَالْكِذْبُ ذُلٌّ.

سچائی میں عزت ہے اور دروغ گوئی میں رسوائی اور ذلت۔

• اَلصِّدْقُ وَالأَمَانَةُ مِنْ أَهَمِّ قَوَاعِدِ السَّلَامَةِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

صدق وامانت دنیا وآخرت میں سلامتی کی اہم بنیادیں ہیں۔

• اَلصَّادِقُوْنَ فِيْ عَوَاطِفِهِمْ لَايُبَالُوْنَ بِالْمَظَاهِرِ!

سچے جذبات رکھنے والے لوگ ظاہری چیزوں کی پرواہ نہیں کرتے۔

• اَلصَّبْرُ حِيْلَةُ مَنْ لَا حِيْلَةَ لَهُ.

جس کے پاس کوئی چارۂ کار نہ ہو صبر ہی اس کا حیلہ ہے۔

• اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ.

صبر کشادگی اور وسعت کی کنجی ہے۔

• اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ مَا يُرْجَى وَكُلُّ صَعْبٍ بِهِ يَهُوْنُ.

صبر، آرزوؤں کی کلید اور مصائب سے چھٹکارا پانے کا راستہ ہے۔

• اَلصَّدِيْقُ جَمِيْلٌ إِذَا كَانَ جَدِيْدًا، وَاجْمَلُ إِذَا كَانَ صَادِقًا، وَأَكْثَرُ جَمَالًا إِذَا كَانَ أَنْتَ.

دوست خوب صورت ہے اگر نیا ہو، زیادہ خوب صورت ہے اگر وہ دوستی میں کھرا ہو اور انتہائی حسین وخوب صورت ہے اگر وہ تم ہو۔

• اَلصَّدِيْقُ مِثْلُ الْكِتَابِ يَجِبُ اَنْ نَقْرَأَهُ لِنَقْدِرَ جَمَالَهُ، وَهٰذَا أَنْتَ يَاصَدِيْقِيْ مِنْ اَجْوَدِ الْكُتُبِ وَكَمْ أَتَمَنَّى أَنْ أُعِيْدَ قِرَاءَتَكَ.

دوست کی مثال کتاب کی سی ہے، اس کے جمال کا اندازہ کرنے کے لیے اسے پڑھنا چاہئے، اے دوست تو بہترین کتاب ہے، میری یہ تمنا رہتی ہے کہ میں تجھے بار بار پڑھوں۔

• اَلصَّدِيْقُ يُمْتَحَنُ فِي الضِّيْقِ.

دوست کی آزمائش پریشانی میں ہوتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

بعضها إن لم تجد ما تأكله.

نہیں ملتا تو وہ خود کو کھا لیتی ہے۔

• اصنع جميلاً ولو في غير موضعه، فلن يضيع جميل أينما وضع.

اچھائی کا کام کرو خواہ بے موقع ہی کیوں نہ ہو نیکی کہیں بھی کی جائے ضائع نہیں جاتی۔

• إعطاء أحدهم فرصة ثانية مثل إعطائه رصاصة إضافية؛ لأنه لم يصبك في المرة الأولى.

کسی کو دوبارہ موقع دینے کا مطلب ہے اس کے ہاتھ میں اضافی گولی پکڑا دینا کہ پہلا نشانہ چوک گیا تھا۔

• اعمل خيرًا وألقه في البحر.

نیکی کر دریا میں ڈال۔

• اعمل في الممر لدار المقر.

دنیا کی گزرگاہ میں آخرت کے دائمی گھر کے لیے عمل کر۔

• اعمل للآخرة، أولها بقاء وأوسطها عطاء وآخرها بقاء.

آخرت کے لیے عمل کرو، اس کی ابتدا لقائے محبوب ہے، درمیانی حصہ عطاء و بخشش ہے اور انجام بقا ہے۔

• إني لآمل منك خيرًا عاجلاً والنفس مولعة بحب العاجل

دل عجلت پسند ہوتا ہے اس لیے میں تم سے خیر عاجل (جلد ملنے والی بھلائی) کی امید کرتا ہوں۔

• إن أسوأ ما يصيب الإنسان أن يكون بلا عمل أو حب.

انسان کے لیے بدترین المیہ یہ ہے کہ وہ عمل اور محبت سے عاری ہو۔

• إن بيتًا يخلو من كتاب هو بيت بلا روح.

جو گھر کتابوں سے خالی ہو وہ روح سے خالی گھر کی طرح ہے۔

• إن الذهب يجرب بالنار، وإن المؤمن يجرب بالبلاء.

سونے کو آگ کی کسوٹی پر رکھ کر اور مؤمن کو مصائب میں مبتلا کر کے کندن بنایا جاتا ہے۔

• إن الشرف في كمال الأدب لا

شرف وفضیلت کمالِ ادب میں ہے نہ کہ

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلنَّاسُ أَعْدَاءُ مَا جَهِلُوْا.

لوگ ان چیزوں کی مخالفت کرتے ہیں جن سے وہ واقف نہیں ہوتے۔

• اَلنَّجَاحُ أَنْ تَظْفَرَ بِمَا تُرِيْد.

اصل کامیابی یہ ہے کہ جو تم چاہو اس میں کامیاب رہو۔

• اَلاِبْتِسَامَةُ هِيَ جَوَازُ السَّفَرِ إِلَى الْقُلُوْبِ!

مسکراہٹ دلوں کے سفر کا پاسپورٹ ہے۔

• اَلاِبْتِسَامَةُ كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ مِنْ غَيْرِ حُرُوْفٍ!

مسکراہٹ حروف والفاظ کے بغیر پاکیزہ کلمہ ہے۔

• اَلإِنْسَانُ الطَّيِّبُ دَائِمًا مُبْتَسِمٌ يَضْحَكُ كَثِيْرًا وَلَا يُبَالِي لِشَيْءٍ يُسَامِحُ كَثِيْرًا، يَتَجَاهَلُ كُلَّ مَا يُؤْلِمه، لَكِنْ قَلِيْلُوْنَ مَنْ يَعْلَمُوْنَ مَا بِدَاخِلِه.

اچھا انسان ہمیشہ مسکراتا رہتا ہے، وہ کسی ناگوار بات کو اہمیت نہیں دیتا، بہت زیادہ عفو ودر گزر سے کام لیتا ہے، ہر اذیت ناک چیز کو نظر انداز کرتا ہے لیکن ایسے لوگ بہت کم ہیں جو اس کے اندر کا حال جانتے ہوں۔

• اَلإِنْسَانُ النَّاجِحُ هُوَ الَّذِيْ يُغْلِقُ فَمَهُ قَبْلَ أَنْ يُغْلِقَ النَّاسُ آذَانَهُمْ وَيَفْتَحُ أُذُنَيْهِ قَبْلَ أَنْ يَفْتَحَ النَّاسُ أَفْوَاهَهُمْ.

کامیاب انسان وہ ہے جو اپنا منہ بند کرلے اس سے پہلے کہ لوگ اپنے کان بند کریں اور اپنے کان بند کرلے اس سے پہلے کہ لوگ اپنی زبانیں کھولیں۔

• اَلإِنْسَانُ الْحَسَّاسُ أَكْثَرُ النَّاسِ فَهْمًا وَأَقَلُّهُمْ إِسَاءَةً لِلْآخَرِيْنَ.

حساس انسان زیادہ سمجھدار ہوتا ہے اور وہ دوسروں کو کم سے کم تکلیف پہنچاتا ہے۔

• اَلإِنْسَانُ لَا لَحْمُهُ يُؤْكَلُ، وَلَا جِلْدُهُ يُلْبَسُ، فَمَاذَا فِيْهِ غَيْرُ حَلَاوَةِ اللِّسَانِ.

انسان کا نہ گوشت کھایا جاتا ہے اور نہ اس کی کھال پہنی جاتی ہے، پھر اس میں زبان کی مٹھاس کے علاوہ کیا رکھا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- اَلْأَحْدَاثُ الآتِيَةُ تُنْبِئُ عَنْ ظِلَالِهَا.

آنے والے حوادث کا پتہ ان کے سائے دے دیتے ہیں۔

- اَلْأَفْعَالُ أَبْلَغُ مِنَ الأَقْوَالِ.

عمل، قول سے زیادہ موثر ہوتا ہے۔

- اَلْأَمَانِي لَاتُدْرَكُ بِالتَّمَنِّيَاتِ.

تمنائیں، محض تمنا کرنے سے پوری نہیں ہوتیں۔

- اَلْأَدَبُ كَنْزٌ عِنْدَ الْحَاجَةِ، عَوْنٌ عَلَى الْمُرُوءَةِ، صَاحِبٌ فِي الْمَجْلِسِ، أَنِيسٌ فِي الْوَحْدَةِ، تَعْتَمِرُ بِهِ الْقُلُوبُ الْوَاهِيَةُ وَتَحْيَا بِهِ الأَلْبَابُ الْمَيِّتَةُ وَيَنَالُ بِهِ الطَّالِبُوْنَ مَاحَاوَلُوْا.

ادب ضرورت کے وقت بیش قیمت دولت، اخلاق حسنہ کا حامل بننے پر معین و مددگار، مجلس کا ساتھی، تنہائی کا غم گسار ہے، ادب سے دل معمور ہو جاتے ہیں، مردہ عقلیں جی اٹھتی ہیں اور طالب وہ سب کچھ حاصل کر لیتے ہیں جس کے لیے وہ کوشاں ہوتے ہیں۔

- اَلْأَشْيَاءُ الْجَمِيلَةُ بِدَاخِلِنَا وَلَيْسَتْ فِي الْوَاقِعِ الْمُشَاهَدِ، فَعِنْدَمَا نَمْتَلِكُ عَيْنًا جَمِيلَةً فَنَحْنُ نَرَى كُلَّ شَيْءٍ جَمِيلًا، وَعِنْدَمَا نَمْتَلِكُ نَفْسًا رَاضِيَةً سَنَرْضَى وَلَوْ بِالْقَلِيلِ.

خوب صورت چیزیں ہمارے اندر ہوتی ہیں نہ کہ ظاہر کے مشاہدے میں، اگر ہمارے پاس خوب صورت آنکھ ہو تو ہمیں ہر چیز خوب صورت نظر آتی ہے، اگر ہم خوش رہنے والا دل رکھتے ہیں تو ہم ہمیشہ خوش رہ سکتے ہیں۔

- اَلْأَصْدِقَاءُ الْحَقِيقِيُّوْنَ كَالنُّجُوْمِ، لَاتَرَاهَا دَوَامًا؛ لٰكِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهَا مَوْجُوْدَةٌ فِي السَّمَآءِ.

حقیقی دوست ستاروں کی طرح ہیں، آپ انہیں ہمیشہ نہیں دیکھتے لیکن اتنا جانتے ہیں کہ یہ آسمان میں موجود ہیں۔

- اَلْأَصْدِقَاءُ الْحَقِيقِيُّوْنَ يَصْعُبُ إِيْجَادُهُمْ، يَصْعُبُ تَرْكُهُمْ، وَيَسْتَحِيلُ نِسْيَانُهُمْ.

حقیقی دوست بنانا مشکل، ان کو چھوڑنا مشکل اور ان کو بھولنا ناممکن ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْأَلْقَابُ لَيْسَتْ سِوى وِسَامٍ لِلْحُمَقَاءِ وَالرِّجَالُ العِظَامُ لَيْسُوا بِحَاجَةٍ لِغَيْرِ اسْمِهِم.

القاب صرف احمقوں کے لیے تمغے ہیں، جو بڑے ہوتے ہیں انھیں اپنے اصل نام کے سوا کسی چیز کی ضرورت نہیں ہے۔

• اَلْأَنْهَارُ الأَكْثَرُ عُمْقًا هِيَ الأَكْثَرُ هُدُوْءًا.

دریا جتنے گہرے ہوتے ہیں اتنے ہی پُر سکون ہوتے ہیں۔

• اَلْأَيَادِي ثَلاَثٌ: يَدٌ بَيْضَاءُ وَهِيَ الْبَادِئَةُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَيَدٌ خَضْرَاءُ وَهِيَ طَالِبَةُ الْمُكَافَأَةِ لِلْمَعْرُوْفِ وَيَدٌ سَوْدَاءُ وَهِيَ الَّتِي تَمُنُّ بِالْمَعْرُوْفِ.

ہاتھ تین طرح کے ہوتے ہیں، ایک سفید ہاتھ، حسن سلوک میں ابتدا کرنے والا، دوسرا سبز ہاتھ، حسن سلوک کا بدلہ طلب کرنے والا اور سیاہ ہاتھ احسان کرکے جتلانے والا۔

• اَلْأَيَّامُ ثَلاَثَةٌ: يَوْمٌ مَفْقُوْدٌ: وَهُوَ أَمْسُكَ الَّذِي مَضَى بِمَا فَرَّطْتَ فِيْهِ، وَيَوْمٌ مَشْهُوْدٌ: وَهُوَ يَوْمُكَ الَّذِيْ أَنْتَ فِيْهِ فَلاَتُضَيِّعْهُ، وَيَوْمٌ مَوْلُوْدٌ: وَهُوَ غَدُكَ وَلاَ تَدْرِي مَا اللّٰهُ قَاضٍ فِيْهِ.

دن تین طرح کے ہوتے ہیں، ایک گم شدہ دن: یہ وہ تمہارا گزرا ہوا کل ہے جو تمہاری تمام کوتاہیوں کے ساتھ گزر گیا، موجودہ دن: یہ وہ تمہارا آج ہے جس میں تم سانس لے رہے ہو اسے ضائع مت کرنا، پیدا ہونے والا دن: یہ وہ تمہارا کل ہے جس کے متعلق تمھیں یہ پتہ نہیں کہ کل کیا ہونے والا ہے۔

• اَلْبَحْرُ: أَشْعُرُ أَمَامَهُ أَنَّهُ لاَ حُدُوْدَ لِهٰذَا الكَوْن.

سمندر: اس کے سامنے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس دنیا کی کوئی حد نہیں ہے۔

• اَلْبَسْمَةُ لاَبُدَّ أنْ تَظْهَرَ وَإِنْ طَالَ زَمنُ الجُرْحِ وَمَهْمَا عَاشَ الْحُزْنُ فِيْ أَعْمَاقِنَا لاَبُدَّ مِنْ لَحْظَةِ فَرَحٍ

مسکرانا بہرحال ضروری ہے خواہ زخموں کا وقفہ طویل ہی کیوں نہ ہو، خواہ غم کی لہریں ہمارے دل کی گہرائیوں میں کیوں نہ اٹھ رہی

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

تُنسينا الأيّامَ الحَزِينَة.

ہوں، خوشی کا ایک لمحہ غم کے لمحات کو فراموش کردے گا۔

• اَلْبُستَانُ الْجَمِيلُ لاَ يَخْلُو مِنَ الأفَاعِي.

خوب صورت باغ سانپوں سے خالی نہیں ہوتا۔

• اَلْبُكَاءُ ضَرُورِيٌّ وَلَكِنَّهُ لَيْسَ حَلاً لِمُشْكِلَةٍ.

رونا ضروری ہے لیکن یہ کسی پریشانی کا حل نہیں ہے۔

• اَلْبُكَاءُ وَالضَّحْكُ لُغَةُ كُلِّ الْبَشَرِ.

رونا اور ہنسا ہر انسان کی زبان ہے۔

• اَلْجِهَادُ أَفْضَلُ الأَشْيَاءِ بَعْدَ الْفَرَائِضِ.

فرائض کے بعد جہاد افضل ترین عمل ہے۔

• جَاذِبِيَّةُ الْجَمَالِ تَدَغْدَغُ أَوْتَارَ الْقَلْبِ.

حسن کی کشش دل کے تار جھنجھوڑ دیتی ہے۔

• اَلْجَمَالُ جَمَالُ النَّفسِ.

حقیقی خوب صورتی دل کی خوب صورتی ہے۔

• اَلْجُوعُ كَافِرٌ.

بھوک کافر تک بنا دیتی ہے۔

• اَلْجَهْلُ هُوَ الْمَوْتُ.

جہالت موت ہے۔

• اَلْحِرْصُ قَائِدُ الْحِرْمَانِ.

حرص و طمع محرومی کا پیش رو ہے۔

• اَلْحِكْمَةُ فِي حُسْنِ الإِصْغَاءِ وَالسُّلْطَةُ فِي دِقَّةِ الْقَوْلِ.

دانائی کا تقاضا یہ ہے کہ اچھی طرح توجہ کے ساتھ سنے اور دل دماغ پر قدرت کا تقاضا یہ ہے کہ واضح اور مضبوط بات کہے۔

• اَلْحِكْمَةُ لَيْسَ لَهَا وَطَنٌ.

علم و حکمت کا کوئی مستقل وطن نہیں ہوتا۔

• اَلْحَقُّ أَبْلَجُ وَالْبَاطِلُ لَجْلَجٌ.

حق روشن اور باطل ڈھلمل ہوتا ہے۔

• اَلْحَنِيْنُ إِلَى ذِكْرَيَاتِ الْمَاضِي يَعْنِي أَنَّا لاَنُجِيدُ صُنْعَ الْحَاضِرِ.

ماضی کی یادوں کے ساتھ شغف کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنا حال خوش گوار نہیں بنانا چاہتے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْحَيَاءُ أَكْبَرُ مُعَلِّمٍ.
شرم و حیاء سب سے بڑا معلم ہے۔

• اَلْحَيَاءُ جَمَالٌ فِي الْمَرْأَةِ وَفَضِيلَةٌ فِي الرَّجُلِ.
حیاء عورت کی خوب صورتی اور مرد کا کمال ہے۔

• اَلْحَيَاءُ أَسَاسُ الْكَمَالِ.
حیاء کمال کی بنیاد ہے۔

• اَلْحَيَاةُ آلَةٌ وَقُوْدُهَا الأَمَلُ وَالْعَمَلُ.
زندگی ایک مشین ہے جس کو امید و عمل سے توانائی ملتی ہے۔

• اَلْحَيَاةُ بِغَيْرِ الْحُرِّيَّةِ كَجِسْمٍ بِغَيْرِ رُوْحٍ.
آزادی کے بغیر زندگی روح کے بغیر جسم کی طرح ہے۔

• اَلْحَيَاةُ تُحِبُّ مَنْ يُحِبُّهَا.
زندگی اُسے چاہتی ہے جو اسے عزیز رکھتا ہے۔

• اَلْحَيَاةُ شَرِيْطٌ وَالذِّكْرَى مُحْتَواه، وَالْمَاضِي صَفْحَةٌ وَالْحَاضِرُ طَوَاهُ، وَالْفِرَاقُ اَلَمٌ وَاللِّقَاءُ دَوَاه.
زندگی کیسیٹ کی طرح ہے، یادیں اس کی ریل ہیں، ماضی ایک صفحہ ہے، جسے حال لپیٹ کر رکھ دیتا ہے، جدائی تکلیف ہے جس کا علاج وصل سے ہی ممکن ہے۔

• اَلْحَيَاةُ فَتْرَةُ شَقَاءٍ بَيْنَ الْوِلَادَةِ وَالْمَوْتِ.
زندگی، پیدائش اور موت کے درمیان بدبختی کا ایک وقفہ ہے۔

• اَلْحَيَاةُ قَصِيْرَةٌ، إِنْ لَمْ تَسْتَغِلْهَا ضَاعَتْ عَلَيْكَ الْفُرْصَةُ
زندگی مختصر ہے، اگر تم نے اسے کارآمد نہ بنایا تو موقع ہاتھ سے چلا جائے گا۔

• اَلْحَيَاةُ كَالْوَرْدَةِ.
زندگی گلاب کے پھول کی مانند ہے۔

• اَلْحَيَاةُ مَاضِيْهَا ذِكْرَيَاتٌ، وَحَاضِرُهَا مُشْكِلَاتٌ وَمُسْتَقْبَلُهَا أُمْنِيَّاتٌ.
زندگی کا ماضی یادیں، حال مشکلات اور مستقبل تمنائیں ہیں۔

• اَلْحُبُّ: مَرَضٌ يَبْدَأُ بِالتَّنَهُّدَاتِ وَيَنْتَهِي بِالتَّثَاوُبِ.
محبت: ایسا مرض ہے جس کی ابتدا ٹھنڈی سانسوں سے ہوتی ہے اور انتہا جمائیوں پر۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْحُبُّ كَالإِبْرَةِ لَهُ عَيْنٌ وَلَه وَخزَاتٌ تُدْمِي!.

محبت سوئی کی طرح ہوتی ہے جس کی آنکھ بھی ہے اور جس کے چبھنے سے خون بھی ٹپکتا ہے۔

• اَلْحُبُّ يَشْبَهُ الزئبق فِي اليَدِ، وَهُوَ يَبْقى حَتَّى لَوْ تَرَكْتَ أَصابعَ اليَدِ مَفْتُوحَةً وَلَكِنْ عِنْدَمَا تَضْغُطُ عَلَيْهِ بِإِحْكَامٍ فَإِنَّهُ يَنْدَفِع بِقُوَّةٍ.

محبت مقناطیس کی طرح چپکی رہتی ہے چاہے تم ہاتھ کی انگلیاں کھلی چھوڑ دو جب بھی مقناطیس چپکا رہے گا، لیکن اگر تم نے اس کو سختی کے ساتھ دبایا تو وہ پوری قوت سے جھٹک کر دور جا گرے گا۔

• اَلْحُرِّيَّةُ هِيَ حُرِّيَّةُ الرُّوحِ لاَحُرِّيَّةُ الْجَسَدِ.

اصل آزادی روح کی آزادی ہے نہ کہ جسم کی۔

• اَلْخَصْمُ يُفِيْدُ مَعَهُ حُسْنُ الْخُلْقِ.

دشمن کے ساتھ اچھا سلوک مفید ہے۔

• اَلْعِبْرَةُ بِالأَعْمَالِ وَلَيْسَتْ بِالأَقْوَالِ.

اعتبار عمل کا ہے قول کا نہیں۔

• اَلْعِزُّ فِي الْمَجْلِسةِ بِقِلَّةِ الْكَلاَمِ وَسُرْعَةِ الْقِيَامِ.

مجلس میں کم گوئی اور مختصر نشینی ہی سے عزت ہوتی ہے۔

• اَلْعَلاَقَاتُ لاَتُقَاسُ بِطُوْلِ الْعِشْرَةِ، إِنَّما تقَاسُ بِجَمِيْلِ الأَثَرِ وَجَمِيْلِ الأَخْلاَقِ، فَكَمْ مِنْ مَعْرِفَةٍ قَصِيْرَةِ الْمَدَى بِجَمَالِهَا وَهُدُوْئِهَا أَعْمَقُ وَأَنْقَى مِنْ أَطْوَلِ مَعْرِفَةٍ.

تعلقات کی نوعیت کا اندازہ طویل مدت تک ساتھ رہنے سے نہیں لگایا جاسکتا، بلکہ اس کا اندازہ خوب صورت تأثر اور عمدہ اخلاق سے ہوتا ہے، مختصر جان پہچان اپنی خوب صورتی اور دھیمے پن میں بعض اوقات لمبی شناسائی کے مقابلے میں زیادہ گہری اور زیادہ صاف شفاف ہوتی ہے۔

• اَلْعِلْمُ فِي الصِّغَرِ كَالنَّقْشِ عَلَى الْحَجَرِ.

نو عمری میں حاصل ہونے والا علم پتھر پر نقش کی طرح ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْعِلْمُ يُقْبَضُ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ.	علماء کی وفات سے علم بھی اٹھ جاتا ہے۔
• اَلْعَاقِلُ لاَيُشِيْرُ عَلَى الْمُعْجَبِ بِرأيِهِ.	عقلمند انسان خود پسندی میں مبتلا کسی شخص کو مشورہ نہیں دیا کرتا۔
• اَلْعَانِسُ: فَتَاةٌ إِسْتَخْدَمَتْ كِلَمَةَ (لاَ) كَثِيْرًا.	عانس: (زیادہ عمر کی غیر شادی شدہ عورت) وہ لڑکی ہے جس نے لفظ ''نہیں'' کا زیادہ استعمال کیا ہے۔
• اَلْعَبْدُ يُقْرَعُ بِالْعَصَا، وَالْحُرُّ تَكْفِيْهِ الْمَلاَمَةُ.	غلام کو لاٹھی سے سیدھا کیا جاتا ہے اور آزاد کے لیے صرف ملامت کے دو لفظ ہی کافی ہیں۔
• اَلْعَيْنُ بِالْعَيْنِ وَالسِّنُّ بِالسِّنِّ.	آنکھ کے بدلے آنکھ اور دانت کے بدلے دانت۔
• اَلْعُلَمَاءُ غُرَبَاءُ لِكَثْرَةِ الْجُهَّالِ بَيْنَهُمْ.	اہل علم اپنے درمیان موجود جاہلوں کی وجہ سے اجنبی سے لگتے ہیں۔
• اَلْعُمْرُ هُوَ الشَّيْءُ الْوَحِيْدُ الَّذِي كُلَّمَا زَادَ نَقَصَ.	تنہا عمر ہی ایک ایسی چیز ہے جتنی بڑھتی ہے اتنی ہی گھٹتی ہے۔
• اَلْعُيُوْنُ لاَتَرى أَبَدًا، عِنْدَمَا يَرْغَبُ لَهَا الْقَلْبُ الْعَمَى.	اگر دل اندھا ہو تو آنکھیں کبھی نہیں دیکھ پاتیں۔
• اَلْغِيَابُ يَجْعَلُ الْقُلُوْبَ أَكْثَرَ وُلُوْعًا.	نگاہوں سے اوجھل ہونا بھی دل میں زیادہ محبت پیدا کر دیتا ہے۔
• اَلْغَائِبُ عُذْرُهُ مَعَهُ.	غائب کے ساتھ عذر رہتا ہے۔
• اَلْغَايَةُ تُبَرِّرُ الْوَسِيْلَةَ.	مقصد وسیلہ ڈھونڈ لیتا ہے۔
• اَلْفِتْنَةُ يَنْبُوْعُ الأَحْزَانِ.	فتنہ عشق غم واندوہ کا سرچشمہ ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْفَقْرُ وَالْحُبُّ ضِدَّانِ لَايَجْتَمِعَانِ.	افلاس اور عشق دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں، کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔
• اَلْفُرْصَةُ سَرِيْعَةُ الْمُرُوْرِ بَطِيئَةُ الْعَوْدَةِ.	فرصت جلدی گزر جاتی ہے اور دیر میں واپس آتی ہے۔
• اَلْفُرْصَةُ نَادِرًا مَّا تَأْتِي مَرَّتَيْنِ.	موقع کبھی کبھار ہی دوبار ملتا ہے۔
• اَلْقَلَقُ خَطَرٌ عَلَى الْعُقُوْلِ.	اضطراب وبے چینی عقل وخرد کے لیے خطرناک ہے۔
• اَلْقَلْبُ ذُوْ لَطَافَةٍ، وَالْجِسْمُ ذُوْ كَثَافَةٍ، وَالْكَثِيْفُ يَحْفَظُ اللَّطِيْفَ.	دل لطیف ہوتا ہے اور جسم کثیف، کثیف شیٔ لطیف کی حفاظت کرتی ہے۔
• اَلْقُلُوْبُ الَّتِيْ تَغْسِلُهَا الدُّمُوْعُ لَايَتَرَاكَمُ عَلَيْهَا الصَدَأُ.	جن دلوں کو آنسو دھو دیتے ہیں ان پر کبھی زنگ نہیں لگتا۔
• اَلْقُلُوْبُ أَوْعِيَةٌ وَالشِّفَاهُ أَقْفَالُهَا وَالألْسُنُ مَفَاتِيْحُهَا فَلْيَحْفَظْ كُلُّ إِنْسَانٍ مِفْتَاحَ سِرِّه.	دل بند منھ کے برتن کی طرح ہوتے ہیں، ہونٹ ان کے قفل ہیں، اور زبانیں ان کی کنجیاں ہیں، ہر انسان کو چاہئے کہ وہ اپنے راز کی کنجی کی حفاظت کرے۔
• اَلْقُوَّةُ هِيَ أَنْ تُغَالِبَ نَفْسَكَ فَتَغْلِبَهَا.	اصل بہادری یہ ہے کہ تم نفس پر غلبہ پانے کی کوشش کرو اور اس پر غالب آجاؤ۔
• اَلْكَلْبُ الْوَفِيُّ يَهُزُّ ذَيْلَهُ، وَالمُنَافِقُ يَهُزُّ لِسَانَهُ.	وفادار کتا اپنی دُم اور منافق اپنی زبان ہلاتا ہے۔
• اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ جَوَازُ مُرُوْرٍ إِلَى كُلِّ الْقُلُوْبِ.	اچھی بات تمام دلوں تک پہنچنے کا اجازت نامہ ہے۔
• اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ كَالشَّجَرَةِ الطَّيِّبَةِ.	بہترین بات پاکیزہ درخت کی طرح ہوتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْكُـرْهُ لاَ مَـوْطِنَ لَـهُ إِلاَّ فِي الأَجْسَادِ الَّتِيْ خَلَتْ مِنَ الْقُلُوْبِ وَالْعُقُـوْلِ، فَالنَّـاسُ فُطِـرُوا عَلَـى الْحُـبِّ وَلَـيْسَ لِلْكُـرْهِ مَكَـانٌ فِي قُلُـوْبِهِمْ، فَأَيُّـهَا الحَاقِـدُ وَالْكَـارِهُ اِبْحَثْ عَنْ قَلْبٍ صِنَاعِيٍّ وَضَعْهُ مَكَـانَ قَلْبِـكَ، فَـلاَ حَاجَـةَ لَـكَ بِقُلُوْبٍ طَبِيْعِيَّةٍ مِنْ صُنْعِ الْخَالِقِ عَزَّوَجَلَّ.

نفرت کی صحیح جگہ وہ جسم ہیں جو دل اور عقل سے خالی ہوں، انسان کی فطرت محبت ہے، اس کے دل میں نفرت کی گنجائش نہیں ہے، حسد کرنے والے اور نفرت کرنے والے کو چاہئے کہ وہ کوئی مصنوعی دل لائے اور اسے اپنے دل کی جگہ رکھ دے، ایسے لوگوں کو اللہ رب العزت کے تخلیق کردہ طبعی دلوں کی ضرورت نہیں ہے۔

• اَلْمَـالُ لاَيَجْلِبُ لَـكَ إِلاَّ أَصْـدِقَاءَ الْمَصْلَحَةِ.

مال سے صرف مفاد پرست دوست ملتے ہیں۔

• اَلْمَـسَاجِدُ بِالْمَجَّـانِ وَلَكِنَّـهَـا فَارِغَـةٌ، وَالمَرَاقِصُ بِالْمَالِ وَلَكِنَّهَا مُمْتَلِئَـةٌ، شَـيْءٌ غَرِيْـبٌ إِنَّ النَّـاسَ يَتَجَـاهَلُوْنَ الْحُـصُوْلَ عَلَـى جَنَّـةٍ بِالْمَجَّـانِ وَلَكِنَّـهُمْ يَشْتَرُوْنَ النَّـارَ بِالْمَالِ.

مسجدوں میں داخلہ مفت ہے، لیکن خالی ہیں، رقص گاہوں میں داخلہ ٹکٹ سے ہے لیکن بھری ہوئی ہیں، عجیب بات ہے لوگ فری میں جنت خریدنا نہیں چاہتے اور پیسے دے کر دوزخ خرید رہے ہیں۔

• اَلْمَعْرِفَةُ مَعْرِفَةُ الرَّجُلِ نَفْسَهُ.

اصل معرفت یہ ہے کہ آدمی خود کو پہچانے۔

• اَلْمَقَـابِرُ: مَـسَاكِنُ يَقْطُنُـهَا فَرِيْـقٌ مِـنَ النَّـاسِ، كَـانُوْا يَعْتَقِـدُوْنَ أَنَّ الْعَالَمَ لَمْ يَبْدُوْا نَاقِصًا بِدُوْنِهِمْ.

قبرستان: وہ دیار ہے جہاں کچھ لوگ رہتے ہیں، ان کو یہ خوش گمانی تھی کہ دنیا ان کے بغیر ناقص ہو جائے گی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلْمُتَكَبِّرُ كَالْوَاقِفِ عَلَى جَبَلٍ يَرَى النَّاسَ صِغَارًا وَيَرَونَه صَغِيرًا.

مغرور انسان ایسا ہے جیسے پہاڑ پر کھڑا ہوا شخص کہ لوگوں کو بہت چھوٹا دیکھتا ہے حالاں کہ لوگ اسے بہت چھوٹا دیکھتے ہیں۔

• اَلْمُحْسِنُ حَيٌّ وَإِنْ نَقَلَ إِلَى دَارِ الْبَقَاءِ.

محسن ہمیشہ زندہ رہتا ہے اگرچہ مر ہی کیوں نہ گیا ہو۔

• اَلْمُسْتَقْبَلُ: شَبَحٌ يُؤَرِّقُ كُلَّ عَيْنٍ إِذَا نَامَتْ.

مستقبل: ایک سایہ ہے جو ہر آنکھ کو جب وہ محو خواب ہو سبز باغ دکھلاتا ہے۔

• اَلْوِدَاعُ: حَفْلُ تَأْبِيْنٍ لِعَلَاقَةٍ مَاتَتْ، وَلَمْ يَمُتْ أَصْحَابُهَا بَعْدُ.

الوداع: تعلق کی موت پر تعزیتی جلسہ ہے حالاں کہ ابھی یہ تعلق رکھنے والے زندہ ہیں۔

• اَلْوِسَادَةُ تَحْمِلُ رَأْسَ الْغَنِيِّ وَالْفَقِيْرِ، الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ، الْحَارِسِ وَالأَمِيْرِ، لَكِن لَايَنَامُ بِعُمْقٍ سِوَى مُرْتَاحِ الضَّمِيْرِ.

تکیہ امیر، غریب، چھوٹے بڑے، حاکم، دربان سب کے سر کا بوجھ اٹھاتا ہے، لیکن گہری نیند صرف وہ شخص سوتا ہے جس کا ضمیر مطمئن ہو۔

• اَلْيَأْسُ: نُقْطَةٌ سَوْدَاءُ فِي عَالَمٍ مُضِيٍّ.

مایوسی: گذرے ہوئے زمانے میں ایک سیاہ نقطہ۔

• اَلإِخْلَاصُ شِيْمَةُ الأَفَاضِلِ.

اخلاص بڑے لوگوں کی خصلت ہے۔

• اَلإِرَادَةُ تَحْقِيْقُ الْمُسْتَحِيْلِ.

ارادے سے ناممکن کام بھی ممکن بن جاتا ہے۔

• اَلإِسْتِغْفَارُ وَطَنٌ لِلْخَائِفِيْنَ ضَمَادٌ لِلْبَائِسِيْنَ، سَعَادَةٌ لِلتَّائِهِيْنَ، فَرَجٌ لِلْمَكْرُوْبِيْنَ، غُفْرَانٌ لِلْمُذْنِبِيْنَ.

استغفار، ڈرنے والوں کے لیے گوشۂ عافیت، زخم خوردہ دلوں کے لیے مرہم، پریشان حالوں کے لیے سامانِ راحت، مصیبت زدہ لوگوں کے لیے وجہ تسلی اور گنہ گاروں کے لیے سبب مغفرت ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• اَلإِنْسَانُ: كَائِنٌ أَرْضِيٌّ، مِنَ التُّرَابِ خَرَجَ، وَعَلَى التُّرَابِ عَاشَ، وَمَعَ التُّرَابِ تَعَامَلَ، وَإِلَى التُّرَابِ يَعُوْدُ.	انسان: ایک زمینی مخلوق ہے، مٹی سے نکلا، مٹی پر رہا، مٹی کے ساتھ مشغول رہا، اور مٹی ہی میں واپس جائے گا۔
• اَلإِنْسَانُ بِدُوْنِ أَخْلاَقٍ لَيْسَ إِنْسَانًا عَلَى الإِطْلاَقِ.	اخلاق سے عاری انسان؛ مطلقاً انسان ہی نہیں ہے۔
• اَلإِنْسَانُ عَبْدُ مَا يَجْهَلُ وَسَيِّدُ مَا يَعْرِفُ.	آدمی جہالت کا غلام اور معرفت کا سردار ہے۔
• اَلإِيْمَانُ بِاللهِ يُعْطِيْ لِلْحَيَاةِ مَعْنَاهَا الْحَقِيْقِيَّ.	ایمان باللہ کے ذریعے زندگی کو حقیقی معنی حاصل ہوتے ہیں۔
• أَمُوْتُ مَحْبُوْبًا خَيْرٌ لِي مِنْ أَنْ أَعِيْشَ مَكْرُوْهًا.	ناپسندیدہ بن کر زندہ رہنے سے بہتر یہ ہے کہ میں محبوب بن کر مر جاؤں۔
• أَنَاقَةُ اللِّسَانِ هِيَ تَرْجَمَةٌ لِأَنَاقَةِ الرُّوْحِ.	زبان کی شائستگی در اصل روح کی پاکیزگی کا عکس ہے۔
• أَنْ يُكْرِهَكَ النَّاسُ وَأَنْتَ تَثِقُ بِنَفْسِكَ وَتَحْتَرِمُهَا أَهْوَنُ كَثِيْرًا مِنْ أَنْ يُحِبَّكَ النَّاسُ وَأَنْتَ تَكْرَهُ نَفْسَكَ وَلاَتَثِقُ بِهَا.	یہ زیادہ آسان ہے کہ لوگ تمہیں ناپسند کریں اور تم خود پر اعتماد کرو اور خود کو عزت دو اس سے کہ لوگ تمہیں چاہیں اور تم خود سے نفرت کرو اور خود کو غیر معتبر سمجھو۔
• أَوْلَى لَكَ أَنْ تَتَأَلَّمَ لِأَجْلِ الصِّدْقِ، مِنْ أَنْ تُكَافَأَ لِأَجْلِ الْكِذْبِ.	جھوٹ کا صلہ پانے کے بجائے سچ کی پاداش میں تکلیف اٹھانا زیادہ بہتر ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أُطْلُبُوا الْعِلْمَ طَلَبًا لَايَضُرُّ بِالْعِبَادَةِ، وَاطْلُبُوا الْعِبَادَةَ طَلَبًا لَايَضُرُّ بِالْعِلْمِ.

اتنا علم حاصل کرو جو عبادت میں حائل نہ ہو اور اتنی عبادت کرو جو علم کے لیے مخل نہ ہو۔

• أتمنّى يا أمّي لَوْ أنني كُنْتُ وَاعِياً فِيْ صِغري لَأَكْتُمُ الصَّيْحَاتِ الَّتِي تُوْقِضُكِ، وأُخَبِّئُ الْمَرَضَ الَّذِيْ يَرْعَدُكِ وَأَرْفُضُ كُلَّ صَدْرٍ يَنْكَفِئُ عَلَيّ سِوَى صَدْرِكِ.

امی جان کاش میں بچپن میں سمجھدار ہوتا تو ان چیخوں کو محفوظ کرلیتا جو آپ کو نیند سے اٹھا دیتی تھیں، اور اس بیماری کو چھپالیتا جو آپ کو پریشان کردیتی تھی، اور میں آپ کے سینے پر سر رکھنے کے علاوہ ہر سینے کو ٹھکرا دیتا۔

• أُحِبُّ الاسْتِمَاعَ إِلَى الْكِذْبِ عِنْدَمَا أَكُوْنُ مُتَأَكِّدًا مِنَ الْحَقِيْقَةِ.

جب مجھے حقیقت کا پوری طرح علم ہوتا ہے تو جھوٹ سننا اچھا لگتا ہے۔

• أَكْثَرُ الْأَشْيَاءِ أَهَمِّيَّةً هِيَ تِلْكَ الَّتِيْ تَسْكُنُ خَيَالَنَا قَبْلَ النَّوْمِ.

زیادہ اہم وہ چیزیں ہیں جو سونے سے پہلے بھی ہمارے دل ودماغ پر چھائے رہتی ہیں۔

• أمّي دَائِمًا تَقُوْلُ لِي أَنَّ الثَّرَاءَ لَايُقَاسُ بِالْمَالِ وَإِنَّمَا بِالأَصْدِقَاءِ.

میری والدہ مجھ سے ہمیشہ یہ کہا کرتی تھیں کہ دولت مندی کا پیمانہ مال نہیں ہے بلکہ دوست ہیں۔

• أنْظُرْ لِلْحَيَاةِ مِنْ مِنْظَارِكَ الْخَاصِّ وَلاَ تَدَعِ الْمُتَطَفِّلِيْنَ يُفْسِدُوْنَ مِزَاجَكَ وَيُخَرِّبُوْنَ أَمَلَكَ فِي الْحَيَاةِ.

زندگی کو اپنے خاص زاویۂ نگاہ سے دیکھو اور طفیلی دوستوں پر نہ چھوڑو کہ وہ تمہارا دماغ خراب کردیتے ہیں اور زندگی میں تمہاری امیدوں کا محل مسمار کردیتے ہیں۔

• أَحَبُّ شَيْءٍ إِلَى الإِنْسَانِ مَا مُنِعَ.

انسان کو جس چیز سے منع کیا جائے اسے وہ چیز زیادہ محبوب ہوتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَحَبُّ إِخْوَانِي إِلَيَّ مَنْ أَهْدَى إِلَيَّ عُيُوْبِي.

میرا محبوب ترین بھائی وہ ہے جو میرے عیوب بتلاتا رہے۔

• أَحْيَانًا أُجْبِرُ نَفْسِي عَلَى تَصْغِيْرِ عَقْلِي وَتَظَاهُرِي بِالْغَبَاءِ لَيْسَ لِضُعْفِ شَخْصِيَّتِي وَإِنَّمَا رَأْفَةً بِمَنْ هُمْ لَايَصِلُوْنَ لِتَفْكِيْرِي.

بعض اوقات میں زبردستی خود کو کم عقل باور کراتا ہوں اور اپنی کند ذہنی کا مظاہرہ کرتا ہوں، اس لیے نہیں کہ میری شخصیت میں کچھ جھول ہے، بلکہ محض ان لوگوں پر ترس کھا کر جو میری فکر سے ہم آہنگ نہیں ہیں۔

• أَرْبَعَةٌ تَسُوْدُ: اَلْعِلْمُ وَالْأَدَبُ وَالصِّدْقُ وَالْأَمَانَةُ.

چار چیزیں چھا جاتی ہیں، علم، ادب، صدق اور امانت۔

• أَسْمَعُ جَعْجَعَةً وَلَا أَرَى طَحْنًا.

میں چکی کا شور تو سنتا ہوں لیکن اس کے پیسنے کا عمل نہیں دیکھتا۔

• أَسْهَلُ كَثِيْرًا أَنْ يُصَدِّقَ الإِنْسَانُ كِذْبَةً لَمْ يَسْمَعْهَا مِنْ قَبْلُ مِنْ أَنْ يُصَدِّقَ حَقِيْقَةً سَمِعَهَا اَلْفَ مَرَّةٍ.

یہ بہت آسان ہے کہ انسان کسی ایسے جھوٹ کی تصدیق کرے جس کو اس نے کبھی نہیں سنا اس حقیقت کی تصدیق کے بجائے جس کو اس نے ہزار بار سنا ہے۔

• أَشَدُّ مَا عَلَى السَّخِيِّ عِنْدَ ذَهَابِ مَالِهِ مَلَامَةُ مَنْ كَانَ يَمْدَحُهُ وَجَفَاءُ مَنْ كَانَ يَبِرُّهُ.

کسی سخی کے پاس سے مال چلا جائے تو اس کے لیے تعریف کرنے والوں کی ملامت اور اچھی طرح پیش آنے والوں کی بے مہری سے بڑھ کر کوئی سخت چیز دوسری نہیں ہے۔

• أَصْعَبُ الْأُمُوْرِ أَنْ يَعْرِفَ الإِنْسَانُ نَفْسَهُ، وَأَسْهَلُهَا أَنْ يَعْرِفَ الْآخَرِيْنَ.

انتہائی مشکل کام خود کو پہچاننا ہے اور انتہائی آسان کام دوسروں کو جاننا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- أَصْعَبُ مَا عَلَى النَّفْسِ أَنْ تَرَى مَنْ تُحِبُّ يَقَعُ فِي حُبِّ شَخْصٍ آخَرَ.

جس شخص کی محبت میں تم مبتلا ہوا گر وہ کسی دوسرے کی محبت میں گرفتار ہو تو یہ بات دل پر بڑی گراں گزرتی ہے۔

- أَطْوَلُ النَّاسِ نَصِيبًا الحَرِيْصُ إِذَا طَمِعَ وَالْحَقُوْدُ إِذَا مُنِعَ.

انتہائی بد نصیب شخص دو ہیں، ایک حریص اور دوسرا حاسد۔

- أَعْذَبُ النَّاسِ مَنْ يَمُرُّ فِيْ حَيَاتِنَا وَيَتْرُكُ خَلْفَهُ ذِكْرَيَاتٍ جَمِيْلَةً.

شہد آگیں انسان وہ ہے جو ہماری زندگی میں آئے اور اپنے پیچھے خوب صورت یادیں چھوڑ جائے۔

- أَعْظَمُ الْمَصَائِبِ انْقِطَاعُ الرَّجَاءِ.

امیدوں کا خاتمہ سب سے بڑی مصیبت ہے۔

- أَعْظَمُ إِهَانَةٍ تُلْحِقُهَا امْرَأَةٌ بِرَجُلٍ قَوْلُهَا لَهُ: أَنَّهَا تَزَوَّجَتْ مِنْهُ شَفَقَةً عَلَيْهِ لاَ حُبًّا فِيْهِ.

اس سے بڑھ کر مرد کے لیے توہین کی بات کوئی دوسری نہیں ہو سکتی کہ عورت اس سے یہ کہے کہ میں نے تم سے ترس کھا کر شادی کی ہے، محبت کی وجہ سے نہیں کی۔

- أَعْلَمُ النَّاسِ مَنْ جَمَعَ النَّاسَ إِلَى عِلْمِهِ.

بڑا عالم وہ ہے جو لوگوں کو اپنے علم کی وجہ سے جمع کرلے۔

- أَفْتَخِرُ أَنَّنِيْ كُنْتُ وَلاَزِلْتُ إِنْسَانًا يَحْمِلُ قَلْبًا طَيِّبًا لِأُنَاسٍ لاَيَفْهَمُوْنَ.

مجھے ہمیشہ فخر رہے گا کہ میں کم عقل اور بے شعور لوگوں کے لیے صاف دل رکھتا ہوں۔

- أَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الصَّبْرُ وَالصَّمْتُ وَانْتِظَارُ الْفَرَجِ.

بہترین عبادت صبر و سکوت اور کشادگی کا انتظار ہے۔

- أَقَلُّ النَّاسِ رَاحَةً الحَقُوْدُ.

سب سے کم راحت حاسد کی قسمت میں ہے۔

- أَلاَ كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلاَ اللهَ بَاطِلُ، وَكُلُّ نَعِيْمٍ لاَمُحَالَةَ زَائِلُ.

اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے اور ہر نعمت بہر حال ختم ہونے والی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- أَلاَ لَيْتَ الشَّبَّابَ يَعُوْدُ يَوْمًا. فَأُخْبِرُهُ بِمَا فَعَلَ الْمَشِيْبُ.

کاش جوانی دوبارہ آتی میں اسے بتاتا کہ بڑھاپے نے کیا ظلم ڈھائے ہیں۔

- أَلْقَاهُ فِي الْيَمِّ مَكْتُوْفًا وَقَالَ لَهُ إِيَّاكَ إِيَّاكَ أَنْ تَبْتَلَّ بِالْمَاءِ.

کسی کو دریا میں اوندھے منہ ڈال کر یہ کہنا کہ خبردار اگر پانی میں بھیگ گئے تو!

- أَنَا سَعِيْدٌ لِأَنَّ الصَّدَاقَةَ لاَتَأْتِي بِسِعْرٍ، وَلَوْ أَتَتْ فَلَنْ أَسْتَطِيْعَ أَنْ أَجْمَعَ ثَمَنَ شَخْصٍ رَائِعٍ مِثْلَكَ.

میں خوش قسمت ہوں کیوں کہ دوستی پیسوں سے نہیں ملتی، اگر پیسوں سے ملا کرتی تو میں تم جیسے شاندار شخص کی قیمت زندگی بھر جمع نہ کر پاتا۔

- أَنْوَمُ مِنْ فَهْدٍ، لِأَنَّ الْفَهْدَ يُضْرَبُ بِهِ الْمَثَلُ فِي كَثْرَةِ النَّوْمِ.

چیتے سے زیادہ سونے والا، زیادہ سونے میں چیتے کی مثال دی جاتی ہے۔

- أَنْ تُضِيءَ شَمْعَةً صَغِيْرَةً خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ تُنْفِقَ عُمْرَكَ تَلْعَنَ الظَّلاَمَ.

تمام عمر تاریکی کو برا بھلا کہنے کے بجائے ایک چھوٹا سا دیا روشن کر دو یہ زیادہ بہتر ہے۔

- أَنْ تَمُوْتَ وَاقِفًا أَفْضَلُ مِنْ أَنْ تَعِيْشَ تَحْتَ الأَقْدَامِ!.

پاؤں تلے زندہ رہنے سے بہتر یہ ہے کہ کھڑے رہ کر مر جاؤ۔

- أَوَّلُ الْعِلْمِ الصَّمْتُ، وَالثَّانِي الاِسْتِمَاعُ، وَالثَّالِثُ الحِفْظُ، وَالرَّابِعُ العَمَلُ، وَالْخَامِسُ النَّشْرُ.

علم کا پہلا مرحلہ خاموشی، دوسرا حسن سماعت، تیسرا حفظ، چوتھا عمل اور پانچواں اس کی اشاعت ہے۔

- أَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَآخِرُهُ نَدَامَةٌ.

غضب کی ابتدا جنون سے اور انتہا ندامت پر ہوتی ہے۔

- أَهَذَا الشَّاكِي وَمَا بِكَ دَاءٌ.

اے شکوہ کنندہ! تجھے کیا بیماری ہے۔

- أَيْقَنْتُ أَنَّ الْمُسْتَحِيْلَ ثَلاَثَةٌ الغَوْلُ وَالْعَنْقَاءُ وَالْخِلُّ الوَفِيُّ.

مجھے یقین ہے کہ تین چیزوں کا وجود ناممکن ہے، چھلاوہ، عنقاء اور وفادار دوست۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أُعَلِّمُه الرِّمَايَةَ كُلَّ يَوْم فَلَمَّا اشْتَدَّ سَاعِدُهُ رَمَانِي وَكَمْ عَلَّمْتُهُ نَظْمَ الْقَوَافِي فَلَمَّا قَالَ قَافِيَةً هَجَانِي.

میں اسے ہر روز تیر اندازی سکھلاتا تھا جب اس کا نشانہ سدھ گیا تو اس نے مجھے ہی نشانہ بنا ڈالا، میں نے شعر کہنا سکھایا جب وہ شعر کہنے پر قادر ہوا تو میری ہی ہجو لکھ ڈالی۔

• أُكِلْتُ يَوْمَ أُكِلَ الثَّوْرُ الأَبْيَضُ، يُقَالُ لِمَنْ يُعْطِي لِغَيْرِهِ الْفُرْصَةَ لِيَنَالَ مِنْه.

میں اس دن کھایا گیا جس دن سفید بیل کھایا گیا تھا، یہ مقولہ اس شخص کے لیے بولا جاتا ہے جو کسی کو اُسے ضرر پہنچانے کا موقع فراہم کرے۔

• بَرَكَةُ الْعُمْرِ حُسْنُ الْعَمَلِ.

حُسنِ عمل سے عمر میں برکت ہوتی ہے۔

• بَطْنُ الْمَرْءِ عَدُوُّه.

آدمی کا دشمن اس کا پیٹ ہے۔

• بَعْضُ النَّاسِ يَجْعَلُوْنَ حَيَاتَكَ سَعِيْدَةً، بِإِدْخَالِ الْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ فِيْهَا.

آپ کو خوشی دے کر بعض لوگ آپ کی زندگی کو خوش گوار بنا دیتے ہیں۔

• بَعْضُ الْحِوَارَاتِ تَكْشِفُ لَنَا تَبَايُنًا بَيْنَ الْمُحَاوِرِ الْمُتَّزِنِ وَالْمُحَاوِرِ الْمُنْفَعِلِ، هَذَا بِأُسْلُوْبِهِ الْحَضَارِيِّ يُحَاوِلُ عَرْضَ رَأْيِه، وَذَلِكَ بِأُسْلُوْبِهِ الْمُتَشَنِّجِ يُحَاوِلُ فَرْضَ رَأْيِه.

لوگوں کی گفتگو سے اندازہ ہوتا ہے کہ سنجیدہ گفتگو اور جذباتی گفتگو کا فرق موجود ہے، سنجیدہ گفتگو تہذیبی اقدار کا آئینہ دار ہوتی ہے جس میں صرف رائے پیش کی جاتی ہے، اور جذباتی گفتگو میں رائے تھوپی جاتی ہے۔

• بَعْضُ الْعَلاَقَاتِ مِثْلُ الْعَطْسَةِ نَحْمَدُ اللهَ عِنْدَ إِنْهَائِه.

بعض رشتے چھینک کی طرح ہوتے ہیں جس کے اختتام پر الحمد للہ کہا جاتا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• بَلَغَ السَّيْلُ الزُّبَى، أي تفاقم الأَمْرُ وَاشْتَدَّ الْحَرَجُ وَالزُّبَى هِيَ الرَّوَابِي الَّتِي لاَيَعْلُوهَا الْمَاءُ.

سیلاب بلندیوں تک آ پہنچا، یعنی معاملہ انتہائی دشوار ہو گیا، زُبیٰ زمین کے اس بالائی حصے کو کہتے ہیں جہاں پانی نہیں پہنچتا۔

• بَيْنَ السَّعَادَةِ وَالْكَرَاهِيَّةِ خَيْطٌ مِنْ دُخَانٍ قَدْ يَنْقَطِعُ بِنَسْمَةِ هَوَاءٍ.

خوشی اور ناخوشی کے درمیان دھویں کی ایک لکیر ہے جو ہوا کے ایک جھونکے سے ختم ہو سکتی ہے۔

• بَيْنَ كُرْسِيَّيْنِ سَوْفَ يَسْقُطُ الشَّخْصُ.

دو کرسیوں پر بیٹھنے والا گر جاتا ہے۔

• تَأْتِي الْمَكَارِهُ حِينَ تَأْتِي جُمْلَةً وَأَرَى السُّرُوْرَ يَأْتِي فِي الْفَلَتَاتِ

پریشانیاں ایک دم آجاتی ہیں اور خوشی ٹکروں میں بٹ کر آتی ہے۔

• تَجْرِي الرِّيَاحُ بِمَا لاَ تَشْتَهِي السُّفُن.

ہوائیں کشتیوں کے مخالف چلتی ہیں۔

• تَحْقِيقُ الآمَالِ سَهْلٌ مَيْسُوْرٌ لِمَنِ امْتَلَكَ نَفْسًا عَظِيْمَةً وَإِرَادَةً قَوِيَّةً وَتَجَاوَزَ الأَحْزَانَ إِلَى السَّعَادَةِ الدَّائِمَةِ الْكَامِلَةِ فِي رِضَى اللّٰهِ، وَهُوَ مُسْتَحِيْلٌ عَلَى مَنْ قُيِّدَتْ حُرِّيَّتُهُ، وَذَلَّتْ نَفْسُهُ، وَقُهِرَ رَغْمَ أَنْفِهِ عَلَى الْحَيَاةِ وِفْقَ أُسْلُوْبِ لاَيَتَّفِقُ مَعَ صَفَاءِ رُوْحِهِ وَسُمُوِّ مَشَاعِرِهِ.

جو شخص مضبوط و مستحکم ارادے اور قلب عظیم کا مالک ہوتا ہے اور جو شخص اللہ کی خوشنودی کے سائے میں حصول سعادت کی تلاش وطلب میں پر مشقت راستے طے کرتا ہے اس کے لیے آرزوؤں کا حصول انتہائی آسان ہے، اور اس شخص کے لیے دشوار ترین ہے جس کی آزادیٔ فکر قید ہو چکی ہو، جس کی عزت پامال ہو چکی ہو، اور جو لہٰی مرضی کے علی الرغم ایسی زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکا ہو جو اس کی روح کے اجلے پن اور جذبات کی بلندی کے ساتھ ہم آہنگ نہیں ہوتی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَذَكَّرْ دَائِمًا أَنَّ الطَّرِيقَ لَيْسَ لَكَ وَحْدَكَ، وَإِنَّمَا هُوَ لِلْجَمِيعِ فَأَعْطِ النَّاسَ حَقَّ الطَّرِيقِ.

ہمیشہ یاد رکھو کہ راستہ صرف تمہارے لیے نہیں ہے یہ سب کے لیے ہے، لوگوں کو راستے کا حق دو۔

• تَذَكَّرْ حِيْنَ تُوَبِّخُ ابْنَكَ أَنْ تُشْعِرَهُ بِأَنَّكَ تُحِبُّهُ، وَلَكِنْ لَاتُحِبُّ سُلُوْكَهُ فَقَطْ، بِهَذَا يُحَاوِلُ طِفْلُكَ تَطْوِيْرَ سُلُوْكِهِ نَحْوَ الْأَفْضَلِ.

یاد رکھو جب تم اپنے بیٹے کو ڈانٹو تو اسے یہ احساس ضرور کرادو کہ تم اس سے محبت کرتے ہو، تمہیں اس کا چال چلن ناپسند ہے بس، اس طرح تمہارا بچہ اپنے چال چلن میں اچھی تبدیلی لانے کی کوشش کرے گا۔

• تَعَلَّمْ فَنَّ التَّسَامُحِ وَعِشْ بِمَنْطِقِ الْهُدُوءِ.

عفو ودرگزر کا فن سیکھو اور سکون سے زندگی گزارو۔

• تَعَلَّمْ كَيْفَ تَسْتَنْبِتُ مِنَ الآمِكَ طَاقَةً مُخْلِصَةً تَدْفَعُكَ فِي طَرِيْقِ الصَّوَابِ لِتَعْمَلَ وَتَعْمَلَ دُوْنَ أَنْ تَدَعِ الْيَأْسَ يَسْتَعْبِدُكَ وَيُثْنِيْكَ عَنِ الْمَضْيِ إِلَى الْأَمَامِ.

یہ دیکھو کہ تم اپنے تفکرات سے ایک مخلصانہ طاقت کس طرح کشید کر سکتے ہو جو تمہیں صحیح راستے پر چل کر عمل کرنے کی تحریک دے، اور جو تمہیں ایسے مایوس کن حالات سے محفوظ رکھے جو تمہیں اپنے شکنجے میں جکڑ کر آگے بڑھنے سے روک دیں۔

• عَلِمْتُ أَنَّ النَّجَاحَ لَا يُقَاسُ بِالْمَرْتَبَةِ الَّتِي اجْتَازَهَا أَثْنَاءَ مُحَاوَلَتِهِ لِلنَّجَاحِ.

مجھے معلوم ہے کہ کامیابی حاصل کرنے کے دوران جو مرحلے عبور کیے جاتے ہیں ان پر کامیابی کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

• تَعْتَقِدُ بَعْضُ النِّسَاءِ اَنَّ الزَّوَاجَ هُوَ الْفُرْصَةُ الْوَحِيْدَةُ لِلْاِنْتِقَامِ مِنَ الرَّجُلِ.

بعض عورتیں یہ سمجھتی ہیں کہ مردوں سے انتقام لینے کا واحد موقع شادی کرنا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- تُحِبُّ الْمَرْأَةُ الرجُلَ الذِيْ يَرْحَمُ ضُعْفَهَا أَكْثَرَ مِنَ الرَّجُلِ الَّذِيْ يُعْجَبُ بِمَظْهَرِهَا وَإِمْكَانَاتِهَا.

جو شخص عورتوں کی صنفی نزاکتوں کی وجہ سے انہیں قابل رحم تصور کرتا ہو عورت اسے اس شخص سے زیادہ پسند کرتی ہے جو اس کے ظاہری حسن اور صلاحیتوں پر فریفتہ ہو۔

- ثِقْ بِرَبِّكَ، ثُمَّ بِنَفْسِكَ، فَلَيْسَ لَدى النَّاسِ سِوَى أَلْسِنَتِهِمْ.

اپنے رب پر بھروسہ کرو، پھر خود پر بھروسہ رکھو، لوگوں کے پاس تو صرف زبان ہی زبان ہے۔

- جَالِسِ الْعُقَلَاءَ أَعْدَاءً كَانُوْا أَمْ أَصْدِقَاءَ فَإِنَّ الْعَقْلَ يَقَعُ عَلَى الْعَقْلِ.

اہل دانش کے پاس اٹھو بیٹھو خواہ وہ دشمن ہوں یا دوست، اس لیے کہ عقل؛ عقل ہی کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔

- جُرْأَةُ الوَلَدِ عَلَى وَالِدِهِ فِي صِغَرِهِ، تَدْعُوْا إِلَى العُقُوْقِ فِيْ كِبَرِهِ.

بچپن میں بچے کا اپنے والد کے تئیں جری ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ بڑا ہو کر نافرمانی کرے گا۔

- حِيْنَمَا نَكْذِب فَإِنَّنَا نَكْذِبُ عَلَى أَنْفُسِنَا.

جب ہم جھوٹ بولتے ہیں تو دراصل خود سے جھوٹ بولتے ہیں۔

- حَافِظْ عَلَى الصَّدِيْقِ وَلَوْ فِي الْحَرِيْقِ.

دوست کی حفاظت کرو اگرچہ آگ پر چل کر ہی کیوں نہ کرنی پڑے۔

- حَقٌّ يَضُرُّ خَيْرٌ مِنْ بَاطِلٍ يَسُرُّ.

مسرت انگیز جھوٹ ضرر رساں سچ سے بہتر ہے۔

- حَيَاتُنَا مُجَرَّدُ ذِكْرَيَاتٍ يَوْمِيَّةٍ وَسِجِلُّ وَقَائِعِ الأَحْدَاث.

ہماری زندگی روزانہ کی یادداشتوں کی ڈائری اور واقعات وحوادث کا رجسٹر ہے۔

- حُسْنُ السِّيْرَةِ تَعْبِيْرٌ عَنْ حُسْنِ السَّرِيْرَة.

حسن سیرت حسن فطرت کی عکاس ہوتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ.

حسن ظن بھی عبادت ہے۔

• حُسْنُ الْخُلْقِ يَسْتُرُ كَثِيْرًا مِنَ السَّيِّآتِ كَمَا أَنَّ سُوْءَ الْخُلْقِ يُغَطِّيْ كَثِيْرًا مِنَ الْحَسَنَاتِ.

خوش اخلاقی بہت سی برائیوں پر پردہ ڈال دیتی ہے اسی طرح بد خلقی بہت سی اچھائیوں کو چھپا لیتی ہے۔

• حِيْنَمَا يُصِيْبُنِي الْمَلَلُ أنظر إِلَى السَّمَآءِ وَأَقولُ إِلٰهِي أَعْلَمُ بِأَنَّكَ تُخَبِّئُ لِي شَيْأً أَفْضَلَ.

جب دل پر مایوسی کے بادل چھا جاتے ہیں تو میں آسمان کی طرف دیکھتا ہوں اور کہتا ہوں یا اللہ! مجھے معلوم ہے کہ تو نے میرے لیے بہترین چیزیں چھپا کر رکھی ہے۔

• خَلْفَ كُلِّ فَرْحَةٍ دَعْوَةُ أُمٍّ.

ہر خوشی کے پیچھے ماں کی دُعا ہے۔

• خَاطِبِ النَّاسَ عَلَى قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ.

لوگوں سے ان کی عقلوں کے مطابق کلام کرو۔

• خَاطَبُوا النَّاسَ عَلَى قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ.

لوگوں سے ان کی عقل کے مطابق بات کرو۔

• خَيَانَةُ الصَّدِيْقِ أَشَدُّ مِنْ أَلْفِ طَعْنَةِ سَيْفٍ.

دوست کی غداری تلوار کے ہزار وار سے سخت ہے۔

• خَيْرُ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ.

بہترین تونگری نفس کی تونگری ہے۔

• خَيْرُ الزَّادِ التَّقْوَى.

بہترین زادِ راہ تقوی ہے۔

• خَيْرُ الْقَوْلِ مَا صَدَّقَهُ الْعَقْلُ.

بہترین بات وہ ہے جو عقل کی کسوٹی پر کھری اترے۔

• خَيْرُ الْكَلَامِ مَا قَلَّ وَجَلَّ وَدَلَّ وَلَمْ يُمِلَّ.

بہترین کلام وہ ہے جو مختصر ہو، بہترین ہو، مکمل ہو، اور اکتاہٹ میں مبتلا کرنے والا نہ ہو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- خَيْرُ بَيْتٍ فِيْهِ يَتِيْمٌ يُحْسَنُ تَرْبِيَّتُهُ، وَشَرُّ بَيْتٍ فِيْهِ يَتِيْمٌ يُسَاءُ إِلَيْهِ.

بہترین گھر وہ ہے جہاں یتیم کی بہتر تربیت ہو اور بدترین گھر وہ ہے جس میں یتیم کے ساتھ برا سلوک کیا جائے۔

- خَيْرُ مَوَازِيْنِ الأُمَمِ أَخْلاَقُهَا.

قوموں کا بہترین معیار ان کا اخلاق ہے۔

- خَيْرٌ لَكَ أَنْ تَسْأَلَ مَرَّتَيْنِ مِنْ أَنْ تُخْطِئَ مَرَّةً.

ایک مرتبہ غلطی کرنے سے بہتر یہ ہے کہ دو مرتبہ پوچھ لے۔

- دَعِ النَّمَائِمَ فَإِنَّ أَوَّلَهَا سَمَائِمُ، وَآخِرَهَا مَآثِمُ.

چغل خوری نہ کرو کہ اس کی ابتدا (جذبۂ حسد کے) زہریلے اثرات سے ہوتی ہے اور اس کا انجام گناہ پر ہوتا ہے۔

- دَعِ الْكَلْبَ النَّائِمَ مُسْتَلْقِيًا يَعْنِي لاَتَبْحَثْ عَنِ الْمَشَاكِلِ.

سوئے ہوئے کتے کو پڑا رہنے دو یعنی مشکلات تلاش نہ کرو۔

- دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلَى مَا لاَ يُرِيْبُكَ.

موہومات چھوڑ کر یقینیات کی طرف آؤ۔

- دَقِيْقَةُ الألَمِ سَاعَةٌ وَسَاعَةُ اللَّذَةِ دَقِيْقَةٌ.

غم کی گھڑی لمبی اور لذت کی گھڑی مختصر ہوتی ہے۔

- دَقَّاتُ الْقَلْبِ قَائِلَةٌ لَهُ إِنَّ الْحَيَاةَ دَقَائِقُ وَثَوَانِي.

دل کی دھڑکنیں کہتی ہیں کہ زندگی بس چند لمحوں اور چند سیکنڈوں کی ہے۔

- رَبِّ امْنَحْنِي قَلْبًا مُبتسماً مَغْمُوْرًا بِالصَّبْرِ لاَيَضْعُفُ أَمَامَ شَيْءٍ سِوَاكَ.

اے اللہ! مجھے صبر سے معمور، خوشی سے بھرپور دل عطا کر، ایسا دل جو تیرے علاوہ کسی کے سامنے نہ جھکے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• رَاحَةُ الْجِسْمِ فِي قِلَّةِ الطَّعَامِ وَرَاحَةُ النَّفْسِ فِي تَرْكِ الآثَامِ وَرَاحَةُ الْقَلْبِ فِي قِلَّةِ الاهْتِمَامِ وَرَاحَةُ اللِّسَانِ فِي قِلَّةِ الْكَلَامِ.

جسم کی راحت کم کھانے میں ہے، نفس کی راحت ترکِ گناہ میں ہے، دل کی راحت کم سے کم اہتمام کرنے میں ہے اور زبان کی راحت کم بولنے میں ہے۔

• رَحِمَ اللّٰهُ إِمْرَأً عَرَفَ قَدْرَ نَفْسِهِ.

اللہ اس شخص پر رحم کرے جس نے اپنی قیمت جان لی۔

• رَغَبَاتُنَا هِيَ كَصِغَارِ الأَطْفَالِ، كُلَّمَا تَسَاهَلْنَا مَعَهَا أَكْثَرَ زَادَتْ طَلَبَاتُهَا مِنَّا؟

ہماری خواہشات بھی چھوٹے بچوں کی طرح ہوتی ہیں جب بھی ہم ان کی طرف زیادہ توجہ دیتے ہیں ان کے مطالبے بڑھ جاتے ہیں۔

• رُبَّ أَخٍ لَمْ تَلِدْهُ أُمُّكَ.

بہت سے بھائی ایسے ہوتے ہیں جن کو تمہاری ماں نے نہیں پیدا کیا۔

• رُبَّ صَدَفَةٍ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ مِيْعَادٍ.

بہت سے اتفاقات طے شدہ امور سے بہتر ہوتے ہیں۔

• رُبَّ ضَرَّةٍ نَافِعَةٌ.

بہت سی نقصان دہ چیزیں سود مند بھی ہوتی ہیں۔

• رُبَّ مُخَوَّفٍ يُنَالُ، وَمَرْجُوٍّ لَايُنَالُ.

بسا اوقات جس کی چاہت نہیں ہوتی وہ مل جاتا ہے اور جس کی خواہش ہوتی ہے وہ نہیں ملتا۔

• سِيْرَةُ الْمَرْءِ تُنْبِئُ عَنْ سَرِيْرَتِهِ.

آدمی کی سیرت اس کے باطن کی آئینہ دار ہوتی ہے۔

• سَأَلَ الْمُمْكِنُ الْمُسْتَحِيْلَ: أَيْنَ تُقِيْمُ؟ فَأَجَابَهُ فِي أَحْلَامِ الْعَاجِزِ.

ممکن نے محال سے پوچھا کہ تو کہاں رہتا ہے؟ اس نے جواب دیا عاجز انسان کے خوابوں میں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- سَبَقَ السَّيْفُ الْعَذْلَ، أي اللَّوْمَ وَالْعِتَابَ، يُضْرَبُ هَذَا الْمِثَالُ لِلشَّيْءِ الَّذِيْ فَاتَ وَلَايُسْتَدْرَكُ.

اب تلوار ملامت وعتاب سے بھی آگے بڑھ گئی، یہ مثال اس وقت دی جاتی ہے جب کوئی چیز دائرۂ اختیار میں نہ رہے۔

- سَعَادَةُ الْمَرْءِ تُوْجَدُ فِي نِسْيَانِ الْمَاضِيْ.

انسان کی خوش بختی ماضی کو فراموش کرنے میں ہے۔

- مَا أَشْوَقَهُ إِلَى إِخْوَانِهِ وَمَا أَبْكَاهُ عَلَى مَا مَضَى مِنْ زَمَانه.

وہ اپنے دوستوں سے ملنے کا کس قدر مشتاق رہتا ہے اور وہ اپنے ماضی پر کس قدر آنسو بہاتا ہے۔

- صَدِيْقُكَ مَنْ يُّصَارِحُكَ بِأَخْطَائِكَ لَا مَنْ يُّجَمِّلُهَا لِيَكْسِبَ رِضَاكَ.

تمہارا حقیقی دوست وہ ہے جو تمہاری کمیوں کی نشان دہی کرے نہ کہ تمہاری خوشنودی حاصل کرنے کے لیے تمہاری جھوٹی تعریف کرے۔

- صَعْبٌ جِدًّا أن يُّحِبَّ الإِنْسَانُ بِصَمْتٍ وَيُفَارِقَ بِصَمْتٍ وَيَشْتَاقَ بِصَمْتٍ وَيَتَأَلَّمَ بِصَمْتٍ بِلاَ صُرَاخٍ وَيَبْكِيَ بِلاَدُمُوْعٍ وَيَتَعَذَّبَ بِلاَ مُؤَاسٍ وَيَعِيْشَ بِلاَ أَمَلٍ.

بہت مشکل ہے کہ انسان خاموشی کے ساتھ محبت کرے، خاموشی سے جدا ہوجائے، خاموشی سے کسی کا دیوانہ بنا رہے، بغیر آہ وبکا کے تکلیفیں اٹھائے، آنسوؤں کے بغیر روئے، کسی غم خوار کے بغیر دکھ جھیلے، کسی اُمید کے بغیر زندہ رہے۔

- صَلاَحُ الْعَمَلِ فِي صَلاَحِ النِّيَّةِ.

عمل کی بہتری نیت کی بہتری میں ہے۔

- مَوْتُ الْجَاهِلِ هُوَ الْمَحَطَّةُ الأَخِيْرَةُ فِيْ رِحْلَةِ الْحَيَاةِ، وَمَوْتُ الْعَالِمِ هُوَ الْمَحَطَّةُ الاولَى فِي رِحْلَةِ الْفِكْرِ.

جاہل کی موت زندگی کے سفر کا آخری پڑاؤ ہے، اور عالم کی موت فکر کے سفر کا پہلا پڑاؤ ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• صُن غيرك ليصان حضورك وغيابك.

تم دوسرے کے ناموس کی حفاظت کرو تاکہ تمہاری موجودگی اور غیر موجودگی میں تمہارے ناموس کی حفاظت کی جائے۔

• ضع ضِفدعاً عَلَى كُرسيٍّ مِنْ ذَهَبٍ سَتَجِده يَقفِزُ إِلَى الْمُستَنقَعِ هَكَذَا بَعْضُ الْبَشَرِ مَهْمَا تَرْفَعُ مِنْ شَأْنِهِ سَيَعُوْدُ لِلْمَكَانِ الَّذِي أَتَى مِنه.

سونے کی کرسی پر مینڈک کو بٹھا دیجئے وہ پھدک کر جوہڑ میں جا گرے گا، اسی طرح بعض لوگ ہوتے ہیں، آپ ان کو کتنی ہی عزت کیوں نہ دیں وہ اسی جگہ پہنچ جائیں گے جہاں سے آئے ہیں۔

• طَلاَقَةُ الْوَجْهِ تَدُلُّ عَلَى السَّخَاءِ.

خندہ روئی جود و سخا کی دلیل ہے۔

• طَلَبُ الْخَيْرِ شَدِيْدٌ، وَتَرْكُ الشَّرِّ أَشَدُّ، لِأَنَّهُ لَيسَ كُلُّ خَيرٍ يَلْزَمُ الْعَمَلُ بِهِ، وَلَكِنَّ الشَّرَّ كُلَّهُ يَلْزَمُ تَرْكُهُ.

خیر کا حصول ضروری ہے، اور شر کو چھوڑنا اس سے بھی زیادہ ضروری ہے، کیوں کہ ہر خیر پر عمل کرنا لازم نہیں ہے، البتہ ہر شر کو چھوڑنا لازم ہے۔

• ظُلْمُ الأَقَارِبِ أَشَدُّ مَضَضًا مِنْ وَقْعِ السَّيْفِ.

اپنوں کا ظلم تلوار کے وار سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔

• ظُلْمُ ذَوِي الْقُرْبَى أَشَدُّ مَضَاضَةً، عَلَى الْمَرْءِ مِنْ وَقْعِ الْحُسَامِ الْمُهَنَّدِ.

رشتہ داروں کی زیادتی انسان کے لیے تلوار کے وار سے زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

عِبَارَاتٌ رَائِعَةٌ جَمِيْلَةٌ.

خوب صورت اور دلکش جملے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- عِشْ كَرِيمًا وَمُتْ كَرِيمًا.

شریفانہ زندگی گزارو اور شرافت کی موت مرو۔

- عِلْمٌ لَا يَنْفَعُ كَدَوَاءٍ لَايَنْجَعُ.

وہ علم جو سود مند نہ ہو اس دوا کی طرح ہے فائدہ نہ دے۔

- عِنْدَ الْحِوَارِ لَاتَرْفَعْ صَوْتَكَ بَلِ ارْفَعْ مُسْتَوَى كَلِمَاتِكَ.

بحث و مباحثے کے موقع پر اپنی آواز بلند نہ کرو بلکہ اپنے الفاظ کا معیار اونچا کرو۔

- عِنْدَ مَا يَقُوْلُ لَكَ إِنْسَانٌ إِنَّهُ يُحِبُّكَ مِثْلَ أَخِيْهِ الشَّقِيْقِ تَذَكَّرْ قَابِيْلَ وَهَابِيْلَ.

جب کوئی شخص تم سے یہ کہے کہ میں تم سے اپنے سگے بھائی کی طرح محبت کرتا ہوں تو ہابیل و قابیل کو یاد کرلو۔

- عِنْدَ مَا يَمْدَحُ النَّاسُ شَخْصًا، قَلِيْلُوْنَ يُصَدِّقُوْنَ ذٰلِكَ، وَعِنْدَ مَا يَذُمُّونَه فَالْجَمِيْعُ يُصَدِّقُوْنَ.

جب لوگ کسی کی تعریف و توصیف کرتے ہیں تو بہت کم لوگ اس کی تائید کرتے ہیں اور جب کسی کی برائی کرتے ہیں تو سب لوگ اس کی تائید کرتے ہیں۔

- عِنْدَمَا تَتَعَثَّرُ الْأُمْنِيَّاتُ وَتَنْتَشِرُ الأَحْلَامُ.

جب خواب بکھر جاتے ہیں اور تمنائیں ٹوٹ جاتی ہیں۔

- عِنْدَمَا تَجِدُ نَفْسَكَ وَحِيْدًا لَا أَحَدَ بِجَانِبِكَ، تَذَكَّرْ أَنَّ اللهَ يُرِيْدُكَ أَنْ تَلْجَأَ إِلَيَّ، هُوَ اللهُ يُخَفِّفُ عَنْكَ مَا أَنْتَ فِيْهِ.

جب تم تنہا ہو اور کوئی تمہارے پاس نہ ہو تو یہ سمجھ لو کہ اللہ چاہتا ہے کہ تم اس کی پناہ میں آجاؤ، اللہ ہی تمہاری اس تنہائی کا مداوا کرسکتا ہے۔

- عِنْدَمَا تَرىٰ نَفْسَكَ لَمْ تَعُدْ تَهْتَمُّ بِأَحَدٍ فَاعْلَمْ أَنَّهُ قَدْ خَابَ ظَنُّكَ بِالْكَثِيْرِ.

جب تم یہ دیکھو کہ تم کسی پر نگاہ التفات نہیں کرتے تو سمجھ لو کہ اکثر لوگوں کے متعلق تمہارا اندازہ فیل ہو چکا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- عِنْدَمَا تَسْتَحْكِمُ دَوْحَةُ الْكَرَمِ وَتَثْبُتُ أُصُوْلُهَا، فَإِنَّ فُرُوْعَهَا تَصِلُ إِلَى السَّمَاءِ وَإِذَا شِئْتَ اَنْ تَتَمَتَّعَ بِثِمَارِهَا، فَلاَ تَضَعْ مِنْشَارَ الْمَنِّ عَلَى جُذُوْرِهَا.

جب کرم کا درخت تندرست و توانا ہو جاتا ہے اور اس کی جڑیں زمین میں پیوست ہو جاتی ہیں تو اس کی شاخیں آسمان تک دراز ہو جاتی ہیں، اگر تم اس درخت کے پھل کھانا چاہو تو اس کی جڑوں پر احسان کی آری مت چلاؤ۔

- عِنْدَمَا تَكْذِبُ لاَتَحْلِفْ يَكْفِيْكَ ذَنْبٌ وَاحِد.

جب جھوٹ بولو حلف اٹھا کر نہ بولو، بس ایک ہی گناہ کافی ہے۔

- عِنْدَمَا يَبْكِيْ الرِّجَالُ، تَأَكَّدْ أَنَّ الْعَالَمَ لَيْسَ بِخَيْرٍ؟

جب مرد رونے لگیں تو سمجھو کہ دنیا سے خیر رخصت ہو گیا۔

- عِنْدَمَا يَمْشِي الْكَسَلُ فِي الطَّرِيْقِ فَلاَبُدَّ أَنْ يَلْحَقَ بِهِ الْفَقْرُ.

جب کسی کو راستے میں سستی آجاتی ہے تو اسے یقینی طور پر غربت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

- عِنْدَمَا يُغْلَقُ بَابٌ يُفْتَحُ الْآخَرُ.

جب ایک دروازہ بند ہو جاتا ہے تو دوسرا کھل جاتا ہے۔

- عَالِمٌ أَفْضَلُ مِنْ عَابِدٍ.

عالم کو عابد پر فضیلت حاصل ہے۔

- عَامِلِ النَّاسَ كَمَا تُحِبُّ أَنْ يُّعَامِلُوْكَ.

لوگوں کے ساتھ ایسا معاملہ کرو جیسا تم اپنے ساتھ چاہتے ہو۔

- عَظَمَةُ عَقْلِكَ تَخْلُقُ لَكَ الْحُسَّادَ وَعَظَمَةُ قَلْبِكَ تَخْلُقُ لَكَ الأَصْدِقَاءَ.

عقل کی زیادتی سے حاسدین پیدا ہوتے ہیں اور دل کی وسعت سے دوست بنتے ہیں۔

- عَلَى قَدْرِ أَهْلِ الْعَزْمِ تَأْتِي الْعَزَائِمُ وَتَأْتِي عَلَى قَدَرِ الْكِرَامِ الْمَكَارِمُ

اہل عزم کے حوصلے کے مطابق ہی عزائم تکمیل پاتے ہیں، اور اصحاب شرف کی عظمت کے لحاظ سے ہی عظمتیں حاصل ہوتی ہیں،

Pinterest I'd : @ New Madarsa
Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

وَتَعْظُمُ فِيْ عَيْنِ الصَّغِيْرِ صِغَارُهُ
وَتَصْغُرُ فِيْ عَيْنِ الْعَظِيْمِ الْعَظَائِمُ.

چھوٹے آدمی کی نگاہ میں اس کے چھوٹے چھوٹے کام بھی بڑے ہوتے ہیں، جب کہ بڑے لوگوں کی نظر میں ان کے بڑے کاموں کی بھی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔

- عَلَى قَدْرِ لِحَافِكَ مُدَّ رِجْلَيْكَ.

اپنی چادر کے بہ قدر پیر پھیلاؤ۔

- عَوِّدْ أُذُنَكَ حُسْنَ الإِسْتِمَاعِ.

اپنے کانوں کو حسنِ سماعت کا عادی بناؤ۔

- عَيْنُ الرِّضَا عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيْلَةٌ
وَعَيْنُ السَّخَطِ تُبْدِيْ الْمَسَاوِئَ

خوشنودی کی آنکھ ہر عیب کے معاملے میں رات کی طرح ہوتی ہے کہ جس طرح رات میں کچھ نظر نہیں آتا اسی طرح اپنے ممدوح کا عیب بھی ظاہر نہیں ہوتا لیکن ناراضگی کی آنکھ برائیاں ظاہر کر دیتی ہے۔

- فِي الزَّوَاجِ لَيْسَ هُنَاكَ سِوَى يَوْمَيْنِ جَمِيْلَيْنِ، يَوْمُ دُخُوْلِ الْقَفَصِ وَيَوْمُ الْخُرُوْجِ مِنْهُ.

شادی میں کچھ بھی نہیں سوائے دو خوبصورت دنوں کے، پنجرے میں داخل ہونے کا دن اور پنجرے سے نکلنے کا دن۔

- فِي بَلَدِ الْعُمْيَانِ، اَلْأَعْوَرُ يَكُوْنُ مَلِكًا.

اندھوں میں کانا راجا ہوتا ہے۔

- فِي سَعَةِ الخَلَّاقِ كُنُوْزُ الأَرْزَاقِ.

خالق کائنات کے قبضۂ قدرت میں رزق کے خزانے ہیں۔

- فَاتُوْرَةُ التِّلِيْفُوْن هِيَ اَبْلَغُ دَلِيْلٍ عَلَى أَنَّ الصَّمْتَ أَوْفَرُ بِكَثِيْرٍ مِنَ الْكَلَامِ.

ٹیلی فون کے بل سے یہ بات زیادہ بہتر طریقے سے ثابت ہوتی ہے کہ بات چیت کی بہ نسبت خاموشی سے زیادہ بچت ہوتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• فَقْدُ الأَحِبَّةِ غُرْبَةٌ.

احباب کو کھو دینا بڑی حرماں نصیبی ہے۔

• فَهُنَاكَ الْعَدْلُ وَالدَّعْوَةُ مَحْفُوظَةٌ وَالشُّهُودُ مَلاَئِكَةٌ وَالْقَاضِي أَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ.

وہاں عدل ہے، تمہارا دعوی محفوظ ہے، فرشتے گواہ ہیں اور حاکموں کا حاکم فیصلہ کرنے والا ہے۔

• قِمَّةُ التَّحَدِّي أَنْ تَضْحَكَ بَيْنَمَا يَنْتَظِرُ مِنْكَ الآخَرُوْنَ الْبُكَاءَ.

سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ تم اس وقت مسکراؤ جب تم سے لوگ رونے کی توقع کر رہے ہوں۔

• قِيْلَ إِخْزِنْ لِسَانَكَ كَمَا تَخْزِنُ ذَهَبَكَ وَفِضَّتَكَ، فَرُبَّ كَلِمَةٍ نِعِمَةٍ جَلَبَتْ نَقْمَةً، وَقِيْلَ أَيْضًا إِنَّ حُبَّ الْخَيْرِ خَيْرٌ وَإِنْ عَجَزْتَ عَنْهُ الْمَقْدَرَةُ، وَبُغْضَ الشَّرِّ خَيْرٌ وَإِنْ فَعَلْتَ أَكْثَرَهُ.

کہا گیا ہے کہ اپنی زبان کو محفوظ رکھو جس طرح تم اپنے سونے چاندی کو محفوظ رکھتے ہو، بہت سی اچھی باتیں بھی مصیبت بن جاتی ہیں، یہ بھی کہا گیا ہے کہ خیر کی محبت میں خیر ہی ہے اگرچہ اسے پانے کی قدرت نہ ہو، اسی طرح شر کو ناپسند کرنا بھی خیر ہے، اگرچہ شر پر عمل پیرا ہی کیوں نہ ہو۔

• قِيْلَ لِبَعْضِ الْحُكَمَاءِ: مَا هُوَ الشَّيْءُ الَّذِي لاَيَجُوْزُ أَنْ يُقَالَ وَإِنْ كَانَ حَقًّا؟ قَالَ: ذِكْرُ الرَّجُلِ مَآثِرَهُ.

کسی دانش ور سے پوچھا گیا وہ کیا بات ہے جو ظاہر نہ کرنی چاہئے اگرچہ مبنی بر حقیقت ہو، دانش ور نے جواب دیا آدمی کا اپنے کارناموں کا تذکرہ۔

• قَالَ أَحَدُ الْحُكَمَاءِ: الإِنْسَانُ بِآدَابِهِ لاَبِزِيِّهِ وَثِيَابِهِ.

کسی دانش ور نے کہا ہے کہ انسان کی پہچان حسن ادب سے ہے نہ کہ جبہ و دستار سے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• قَالَ حَكِيْمٌ: الصَّوَابُ فِي قِلَّةِ الْكَلَامِ، الثَّرْثَرَةُ مَجْلَبَةٌ لِكُلِّ الْعُيُوْبِ وَالنَّقَائِصِ.

کسی دانا کا قول ہے کہ کم بولنا ہی بہتر ہے، زیادہ بکواس سے عیوب اور نقائص سامنے آجاتے ہیں۔

• قَالَ حَكِيْمٌ: أَصْعَبُ الأُمُوْرِ أَنْ يَعْرِفَ الإِنْسَانُ نَفْسَهُ، وَأَسْهَلُهَا أَن يَعِظَ غَيْرَهُ.

کسی دانش ور کا کہنا ہے کہ انسان کے لیے خود شناسی سب سے مشکل کام ہے اور دوسروں کو نصیحت سے نوازنا سب سے آسان۔

• قَالَ عَظِيْمٌ مِنْ عُظَمَاءِ التَّارِيْخِ: لَقَدْ عَلَّمَتْنِي النَّمْلَةُ الثَّبَاتَ فِي مَوَاقِفِ الصُّعُوْبَاتِ.

تاریخ کی ایک عظیم ہستی کا قول ہے کہ مشکل حالات میں ثبات قدمی کا درس مجھے چیونٹی سے ملا ہے۔

• قَالُوْا: مِسْكِيْنٌ مَنْ لاَّ يَعْرِفُ الإِنْجلِيْزِيَّةَ! قَدْ يُوَاجِهُ صُعُوْبَةً فِيْ فَهْمِ كَلَامِ النَّاسِ وَأَقُوْلُ: مِسْكِيْنٌ مَنْ لاَ يَعْرِفُ الْعَرَبِيَّةَ قَدْ يُوَاجِهُ صُعُوْبَةً فِيْ فَهْمِ كَلَامِ رَبِّ النَّاسِ.

کہنے لگے بڑا محروم ہے وہ شخص جو انگلش نہیں جانتا، بعض اوقات لوگوں کی بات سمجھنے میں پریشانی ہوتی ہے، میں کہتا ہوں! محروم تو وہ ہے جو عربی نہیں جانتا، ایسے لوگوں کو رب کی بات سمجھنے میں دشواری ہوتی ہے۔

• قَدْ تَلْسَعُ حَشَرَةٌ جَوَاداً أَصِيْلاً لَكِنَّ الحَشَرَةَ تَبقَى حَشَرَةً وَالْجَوَادُ يَبْقَى أَصِيْلاً.

بعض مرتبہ کوئی موذی جانور اصیل گھوڑے کو ڈس لیتا ہے، لیکن اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، موذی جانور؛ جانور ہی رہتا ہے اور اصیل گھوڑا؛ گھوڑا ہی رہتا ہے۔

• قَدْ تَنْدَمُ لَحْظَةً إِذَا سَئَلْتَ وَلَكِنَّكَ سَتَنْدَمُ طُوْلَ عُمْرِكَ إِذَا لَمْ تَسْأَلْ!

اگر تم نے پوچھا تو ایک لمحے کی ندامت ہے نہ پوچھا تو ہو سکتا ہے پوری زندگی ندامت میں گزرے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• قَدْ تَنْسَى مَنْ شَارَكَكَ الضِّحْكَ وَلٰكِنَّكَ لَنْ تَنْسَى مَنْ شَارَكَكَ الْبُكَاءَ!.

تم اسے بھول سکتے ہو جو تمہاری خوشی میں شریک تھا مگر اسے نہیں بھول سکتے جو تمہارے غم میں شریک رہا۔

• قَدْ يَجْمَعُ الْمَالَ غَيْرُ آكِلِهِ. وَيَأْكُلُ الْمَالَ غَيْرُ مَنْ جَمَعَهُ.

کبھی مال نہ کھانے والا جمع کرتا ہے اور جمع نہ کرنے والا کھاتا ہے۔

• قَلِيلٌ مِنَ الْعِلْمِ مَعَ الْعَمَلِ بِهِ أَنْفَعُ مِنْ كَثِيرٍ مِنَ الْعِلْمِ مَعَ قِلَّةِ الْعَمَلِ بِهِ.

تھوڑا علم عمل کے ساتھ عمل کے بغیر بہت سے علم سے زیادہ نفع بخش ہے۔

• قَلْبُ الأَحْمَقِ فِي فَمِهِ، وَفَمُ الْحَكِيمِ فِي قَلْبِهِ.

بے وقوف کا دل منہ میں اور عقل مند کی زبان دل میں ہوتی ہے۔

• قِمَّةُ الْحُزْنِ: اَنْ تَبْتَسِمَ وَفِي عَيْنَيكَ اَلْفُ دَمْعَةٍ.

غم کی انتہا یہ ہے کہ تم اس حال میں مسکراؤ کہ تمہاری آنکھوں میں ہزاروں آنسو ہوں۔

• قَنَاعَةُ الإِنْسَانِ وَاخْتِيَارُهُ دَلِيلٌ عَلَى حَظِّهِ مِنَ الْعَقْلِ وَالإِيْمَانِ.

انسان کی قناعت پسندی، اور حسن انتخاب اس بات کی دلیل ہے کہ وہ عقل وایمان سے حظ وافر رکھتا ہے۔

• قُلِ الْحَقَّ وَلَوْ عَلَى نَفْسِكَ.

سچ بولو اگرچہ بات اپنے خلاف ہی پڑے۔

• قُلُوبُ النَّاسِ لَيْسَتِ الْجَنَّةَ فَلَاتُتْعِبْ نَفْسَكَ مِنْ أَجْلِ الْبَقَاءِ فِيْهَا.

لوگوں کے دل جنت نہیں ہوتے، ان میں موجود رہنے کے لیے خود کو ہلکان نہ کرو۔

• قُوَّةُ السِّلْسِلَةِ تُقَاسُ بِقُوَّةِ اَضْعَفِ حَلَقَاتِهَا.

زنجیر کی مضبوطی کا اندازہ اس کے کمزور ترین حلقے کی مضبوطی سے لگایا جاتا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• قِيلَ لِأَحَدٍ: وَمَا الْمَذَلَّةُ؟ قَالَ: وُقُوفُ الشَّرِيفِ بِبَابِ الدَّنِيءِ ثُمَّ لَايُؤْذَنُ لَه.

کسی سے پوچھا گیا: ذلت ناک بات کیا ہے اس نے کہا کسی شریف آدمی کا کمینے کے دروازے پر کھڑے رہنا اور اسے اجازت نہ ملنا۔

• كَأَنَّ عَلَى رُؤُوسِهِمِ الطُّيُوْرُ.

گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔

• كَثْرَةُ الطَّبَّاخِيْنَ تَحْرِقُ الطَّبْخَةَ.

پکانے والوں کی کثرت پکنے والی چیز کو جلا دیتی ہے۔

• كَفَاكَ فِي مُجَاهَدَةِ نَفْسِكَ أَنْ تَكُوْنَ لِمُغَالَبَتِهَا سَاعِيًا، وَعَلَى أَهْوِيَتِهَا مُحَارِبًا.

مجاہدۂ نفس کے لیے صرف اتنا کافی ہے کہ تم ہمیشہ اس پر غلبہ پانے کی کوشش کرو اور اس کی خواہشات کے ساتھ برسرپیکار رہو۔

• كَلَامُ النَّاسِ يُدِيْرُ الوَسْوَاسَ، وَيُقَلِّبُ الذَّهَبَ النُّحَاسَ.

لوگوں کی باتیں وسوسوں میں مبتلا کر دیتی ہیں اور سونے کو پیتل بنا دیتی ہیں۔

• كَمَا تَزْرَعُ تَحْصُدُ.

جو بوؤ گے وہ کاٹو گے۔

• كَمَا تَقُوْلُ يُقَالُ عَنْكَ شِئْتَ أَمْ أَبَيْتَ.

تم کسی کے بارے میں کچھ کہو گے تو تمہارے بارے میں بھی کہا جائے گا چاہے تم چاہو یا نہ چاہو۔

• كَمْ مَنْزِلٍ فِي الأَرْضِ يَأْلَفُهُ الْفَتَى وَحَنِيْنُهُ أَبَدًا لِأَولِ مَنْزِلِ

کئی پڑاؤ ایسے ہوتے ہیں جہاں جوان ٹھہرنا چاہتا ہے لیکن اس کے دل میں پہلی منزل ہی کا شوق جاگزیں رہتا ہے۔

• كَيْفَ أُعَاهِدُكَ وَهَذَا أَثَرُ فَأْسِكَ، يُقَالُ لِمَنْ يَغْدِرُ فِي عَهْدِهِ.

میں تم سے کس طرح عہد و پیمان کروں کہ تمہاری چوٹ کا نشان یہ ہے (یہ بات اس شخص سے کہی جاتی ہے جو عہد شکن ہو)۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• كُلُّ ابنِ آدمَ خطَّاء.
ہر انسان خطا کا پُتلا ہے۔

• كُلُّ شَوْكَةٍ حَقِيقَةٌ.
ہر کانٹا ایک حقیقت ہے۔

• كُلُّ الظَّلامِ الَّذِيْ فِي الدُّنْيَا لَايَسْتَطِيْعُ اَنْ يُخْفِي ضَوْءَ شَمْعَةٍ مُضِيئَةٍ.
دنیا کی تمام تاریکیاں مل کر بھی کسی روشن چراغ کی روشنی نہیں بجھا سکتیں۔

• كُلُّ الأَشْيَاءِ الْجَمِيْلَةِ تَنْتَهِي يَعْنِي السَّعَادَةُ لَاتَدُوْمُ طَوِيْلاً.
تمام اچھی چیزیں ختم ہو جاتی ہیں یعنی خوشی کے لمحات زیادہ مدت تک باقی نہیں رہتے۔

• كُلُّ الأُمُوْرِ عَلَى مَا يُرَامُ فِي النِّهَايَةِ، إِنْ لَّمْ تَكُنْ كَذَلِكَ، فَتِلْكَ لَيْسَتْ بِنِهَايَةٍ.
جملہ امور کا اختتام خواہش کے مطابق ہونا چاہیے، اگر ایسا نہ ہو تو سمجھیے اختتام نہیں ہوا۔

• كُلُّ الْمُخْتَرَعَاتِ الْعَظِيْمَةِ اُكْتُشِفَتْ بِالْخَطَأِ.
تمام بڑی ایجادات غلطی سے وجود میں آتی ہیں۔

• كُلُّ إِمرِئٍ مَأْخُوْذٌ بِلِسَانِهِ وَيَدَيْهِ.
ہر آدمی اپنی زبان اور ہاتھوں کے عمل کی سزا بھگتے گا۔

• كُلُّ وَرَقَةٍ مِنْ وَرْدَةٍ خَيَالٌ.
پھول کی ہر پنکھڑی خیال ہے۔

• كُنِ النَّخِيْلَ بَرِيْئًا عَنِ الأَحْقَادِ مُرْتَفِعًا يُرْمَى بِالصَّخْرِ فَيُلْقِي بِأَطْيَبِ الثَّمَرِ
کھجور کے درخت کی طرح بنو جذبۂ حسد سے عاری، اس پر پتھر اچھالے جاتے ہیں اور وہ عمدہ پھل گراتا ہے۔

• كُنَّا سَنَكُوْنُ بِخَيْرٍ لَو تَجَاهَلْنَا كَلِمَةَ: "يَقُوْلُوْنَ".
ہم سب خیر وعافیت کے ساتھ رہ سکتے ہیں اگر ہم ایک لفظ "لوگ کہتے ہیں" نظر انداز کر دیں۔

• كُنْ جَمِيْلاً تَرَى الْوُجُوْدَ جَمِيْلاً.
اچھے رہو ساری دنیا اچھی نظر آئے گی۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• كُنْ حَذِرًا مِنَ الْكَرِيْمِ إِنْ أَهَنْتَهُ وَمِنَ اللَّئِيْمِ إِنْ أَكْرَمْتَهُ وَمِنَ الْعَاقِلِ إِنْ أَحْرَجْتَهُ وَمِنَ الأَحْمَقِ إِنْ مَازَحْتَهُ.

شریف انسان کی اہانت کرنے، کمینے شخص کا اعزاز کرنے، عقل مند کو دشواری میں ڈالنے اور بے وقوف کے ساتھ مذاق کرنے کے بعد احتیاط سے رہنا۔

• كُنْ شَامِخًا فِي تَوَاضُعِكَ، وَمُتَوَاضِعًا فِي شُمُوْخِكَ، فَتِلْكَ وَاحِدَةٌ مِنْ صِفَاتِ الْعُظَمَاءِ.

اپنی انکساری میں بلند رہو اور اپنی بلندی میں متواضع بنو، عظیم لوگوں کا ایک وصف یہ بھی ہے۔

• كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ.

دنیا میں راہ رو اور مسافر کی طرح رہو۔

• كُنْ قَلْبًا وَرُوْحًا تَمُرُّ بِسَلَامٍ عَلَى الدُّنْيَا حَتَّى يَأْتِيَ يَوْمُ رَحِيْلِكَ إِلَى الآخِرَةِ فَتَجِدُ مَنْ يَبْكِيْ عَلَيْكَ مِنَ الأَعْمَاقِ لَا مَنْ يَبْكِيْ عَلَيْكَ بِحُكْمِ الْعَادَاتِ وَالتَّقَالِيْدِ.

تم روحانی اور قلبی طور پر سلامتی کے ساتھ دنیا میں زندگی گزارو، تاکہ جب تمہارے سفر آخرت کا وقت آئے تو لوگ دل کی گہرائیوں کے ساتھ تم پر روئیں، نہ کہ رسمی طور پر اشک بہائیں۔

• كُنْ مُسْتَمِعًا جَيِّدًا لِتَكُنْ مُتَحَدِّثًا لَبِقًا.

بہترین سامع بنو تاکہ ماہر گفتگو کرنے والے بن جاؤ۔

• لَا أَظُنُّ أَنَّ الْكِتَابَةَ وَحْدَهَا كَافِيَةٌ، فَبَعْضُ مَا نُحِسُّهُ لَا يَصِفُهُ حَرْفٌ وَلَا يَمْلَؤُهُ سَطْرٌ لِأَنَّهُ يَظِلُّ عَالِقًا فِيْ فَرَاغِ صُدُوْرِنَا لَا نَسْتَطِيْعُ التَّعْبِيْرَ عَنْهُ أَوِ الشُّعُوْرَ بِهِ بِالْقَدْرِ

میرے خیال میں لکھنے سے کام نہیں چل سکتا، کیوں کہ بعض احساسات الفاظ اور جملوں کے ذریعے بیان نہیں کیے جاسکتے، وہ ہمارے دل کی گہرائیوں میں اس طرح پیوست ہوتے ہیں کہ نہ ہم ان کی صحیح تعبیر کر سکتے ہیں اور نہ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

الْكَافِي لِلْكِتَابَةِ عَنْهُ.

انہیں اس قدر محسوس کر سکتے ہیں کہ انہیں لکھنا کافی ہو سکے۔

• لَا تَبْنِ عُشَّكَ عَلَى مَقْرَبَةٍ مِّنْ قَصْرٍ.

اپنا جھونپڑا کسی محل کے قریب مت بناؤ۔

• لَا تَتَحَدَّثْ عَنْ نَفْسِكَ كَثِيْرًا فَالْكُتُبُ الْمَفْتُوْحَةُ لَاتَجْذِبُ الْقُرَّاءَ.

اپنے بارے میں زیادہ باتیں مت کرو اس لیے کہ کھلی کتابوں میں قارئین کے لیے زیادہ کشش نہیں ہوتی۔

• لَا تَدْرِيْ مَتَى يَكُوْنَ الرَّحِيْلُ رُبَّمَا يَكُوْنُ اَقْرَبَ مِنْ شُرْبَةِ الْمَاءِ أَوْ اَقْرَبَ مِنْ أَنْفَاسِ الْهَوَاءِ.

تمہیں کیا پتہ، موت کب آئے گی، ہو سکتا ہے وہ پانی کا ایک گھونٹ پینے یا ہوا میں چند سانس لینے سے بھی زیادہ قریب ہو۔

• لَا تَسْأَلْ صَدِيْقَكَ لِمَاذَا يُحِبُّكَ؟ فَكَثِيْرًا مَا يَجْهَلُ الصَّدِيْقُ الْوَفِيُّ عَنْ أَسْبَابِ حُبِّهِ لَكَ.

اپنے دوست سے یہ نہ پوچھو کہ وہ تمہیں کیوں چاہتا ہے، بسا اوقات مخلص دوست کو تمہاری محبت کا سبب معلوم ہی نہیں ہوتا۔

• لَا تَقِفْ كَثِيْرًا عِنْدَ أَخْطَاءِ مَاضِيْكَ، لِأَنَّهَا سَتُحِيْلُ حَاضِرَكَ جَحِيْمًا، وَمُسْتَقْبَلَكَ حُطَامًا.

اپنے ماضی کی غلطیوں کی زیادہ کھود کرید نہ کرو کیوں کہ اس سے تمہارا حال جہنم بن جائے گا اور مستقبل جہنم کا ایندھن۔

• لَا تُكْثِرْ مِنَ الشَّكْوَى فَيَأْتِيْكَ الْهَمُّ، وَلَكِنْ أَكْثِرْ مِنَ الْحَمْدِ لِلّٰهِ تَأْتِيْكَ السَّعَادَةُ.

شکوہ شکایت زیادہ مت کیا کرو اس سے پریشانی بڑھتی ہے بلکہ اللہ کا شکر زیادہ کیا کرو اس سے خوش حالی آتی ہے۔

• لَا تُفَكِّرْ فِي الْمَفْقُوْدِ حَتَّى لَا تَفْقُدِ الْمَوْجُوْدَ.

جو کھو گیا اس کے بارے میں مت سوچو ورنہ جو موجود ہے اسے بھی کھو دو گے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لاَ تُقَاسُ الْعُقُوْلُ بالأَعْمَارِ فَكَمْ مِنْ صَغِيْرٍ عَقْلُهُ بَارِعٌ وَكَمْ مِنْ كَبِيْرٍ عَقْلُهُ فَارِغٌ.

عقل مندی کا عمر سے کوئی تعلق نہیں ہے، بہت سے کم سن نہایت زیرک اور ہوشیار ہوتے ہیں، اور بہت سے عمر رسیدہ لوگ عقل سے بالکل کورے ہوتے ہیں۔

• لاَ تُؤلِمْ نَفْسَكَ بِكَثْرَةِ التَّفْكِيْرِ؛ لِمَاذَا قَالُوْا ذَلِكَ؟ لِمَاذَا فَعَلُوْا ذَلِكَ؟

زیادہ سوچ میں پڑ کر خود کو اذیت مت دو کہ انہوں نے یہ کیوں کہا؟ انہوں نے یہ کیوں کیا؟

• لاَ خَابَ مَنِ اسْتَشَارَ.

جس نے مشورہ کیا وہ ناکام نہیں رہا۔

• لاَ خَيْرَ فِي الْقَوْلِ إِلاَّ مَعَ الْعَمَلِ وَلاَ خَيْرَ فِي الصَّدَقَةِ إِلاَّ مَعَ النِّيَّةِ وَلاَ خَيْرَ فِي الْفِقْهِ إِلاَّ مَعَ الْوَرَعِ، وَلاَ خَيْرَ فِي الْمَالِ إِلاَّ مَعَ الْجُوْدِ، وَلاَ خَيْرَ فِي الصَّدَاقَةِ إِلاَّ مَعَ الْوَفَاءِ، وَلاَ خَيْرَ فِي الْحَيَاةِ إِلاَّ مَعَ السُّرُوْرِ.

عمل کے بغیر قول میں، نیت کے بغیر صدقے میں، ورع وتقوی کے بغیر تفقہ میں، سخاوت کے بغیر مال ودولت میں، وفا کے بغیر دوستی میں اور خوشی کے بغیر زندگی میں کوئی خیر نہیں ہے۔

• لاَ خَيْلَ عِنْدَكَ تُهْدِيْهَا وَلاَ مَالَ فَلْيُسْعِدِ النُّطْقَ إِنْ لَمْ يَسْعَدِ الْحَالُ

نہ تمہارے پاس گھوڑے ہیں کہ تم انہیں کسی کو ہدیہ کر دو نہ مال ہے، اگر حالات اچھے نہیں ہیں تو کم از کم زبان تو اچھی رکھو۔

• لاَ دَاعِيَ لِلْخَوْفِ مِنْ صَوْتِ الرَّصَاصِ فَالرَّصَاصَةُ الَّتِي تَقْتُلُكَ لَنْ تَسْمَعَ صَوْتَهَا.

گولی کی آواز کا خوف بلا سبب ہے کیوں کہ جو گولی تمہاری قاتل ہے اس کی آواز تم نہیں سنتے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- لَا شَيْءٌ أَشْجَعَ مِنَ الْحِصَانِ الأَعْمَى.

اندھے گھوڑے سے زیادہ کوئی طاقت ور نہیں ہوتا۔

- لَا يَحْزُنْكَ أَنَّكَ فَشَلْتَ مَادُمْتَ تُحَاوِلُ الْوُقُوفَ عَلَى قَدَمَيْكَ مِنْ جَدِيْدٍ.

جب تک تم اپنے پیروں پر از سر نو کھڑے ہونے کی کوشش کرتے رہو گے اس وقت تک تمہیں ناکامی کا دکھ نہ ہونا چاہیے۔

- لَا يُوْجَدُ رَجُلٌ فَاشِلٌ وَلَكِنْ يُوْجَدُ رَجُلٌ بَدأَ مِنَ الْقَاعِ وَبَقِيَ فِيْهِ.

کوئی ناکام شخص نہیں پایا جاتا البتہ ایسا شخص پایا جاتا ہے جس نے سطح زمین سے سفر شروع کیا اور وہیں کا وہیں کھڑا رہ گیا۔

- لَاتَبْكِ عَلَى مَنْ لَايَبْكِي عَلَيْكَ.

جو تمہاری خاطر اشک نہ بہائے تم اس کے لیے آنسو نہ بہاؤ۔

- لَاتَتَجَهَّمْ، أَنْتَ لَاتَعْلَمُ مَنْ سَيَقَعُ فِي حُبِّ ابْتِسَامَتِكَ.

ترش روئی اختیار نہ کرو، تمہیں نہیں معلوم کہ کون تمہاری مسکراہٹ کی محبت میں گرفتار ہو جائے گا۔

- لَاتَتَخَيَّلْ كُلَّ النَّاسِ مَلَائِكَةً فَتَنْهَارُ أَحْلَامُكَ وَلَاتَجْعَلْ ثِقَتَكَ بِهِمْ عَمْيَاءَ.

تمام لوگوں کو فرشتہ مت سمجھو تمہارے خواب بکھر جائیں گے اور نہ ان پر آنکھ بند کر کے بھروسہ کرو۔

- لَاتَتَّكِلْ عَلَى طُوْلِ الصُّحْبَةِ، فَطُوْلُ الصُّحْبَةِ إِذَا لَمْ يَتَعَهَّدْ دَرَسَتِ الْمُوَدَّةَ.

طویل ہم نشینی پر تکیہ مت کرنا اس لیے کہ طول صحبت اگر اہتمام و توجہ کے ساتھ نہ ہو تو پیار و محبت کو ختم بھی کر دیتی ہے

- لَاتَثِقْ بِمَنْ يُذِيْعُ سِرَّكَ.

جو تمہارے راز افشا کر دے اس پر بھروسہ مت کرو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لاتَجْعَلِ الْمَاضِي يَعُوقُكَ، سَيُلْهِيكَ عَنِ الأُمُورِ الجَمِيلَةِ فِي الحَيَاةِ.

اپنے ماضی کو اپنے لیے رکاوٹ نہ بناؤ، یہ عمل تمہیں زندگی کے خوب صورت پہلوؤں سے غافل کردے گا۔

• لاتَجْعَلْ قَلْبَكَ مُسْتَوْدَعًا لِلْكُرْهِ وَالْحِقْدِ وَالْحَسَدِ وَالظَّلامِ.

اپنے دل کو نفرت، کینہ، حسد اور تاریکی کا مسکن نہ بناؤ۔

• لاتَحْزَنْ عَلَى الدُّنْيَا أَوَّلُهَا بُكَاءٌ وَأَوْسَطُهَا عَنَاءٌ وَآخِرُهَا فَنَاءٌ.

دنیا پر غم نہ کرو، اس کی ابتدا رونے سے ہوتی ہے درمیان میں محنت ومشقت ہے اور انجام فنا ہونا ہے۔

• لاتَدَعِ الْيَأسَ يَسْتَوْلِي عَلَيْكَ، أُنْظُرْ إِلَى حَيْثُ تَشْرُقُ الشَّمْسُ كُلَّ فَجْرٍ جَدِيْدٍ، لِتَتَعَلَّمَ الدَّرْسَ الَّذِيْ أَرَادَ اللهُ لِلنَّاسِ أَنْ يَتَعَلَّمُوْهُ، إِنَّ الْغُرُوْبَ لاَيَحُوْلُ دُوْنَ الشُّرُوْقِ مَرَّةً أُخْرَى فِي كُلِّ صُبْحٍ جَدِيْدٍ.

مایوسی کو اپنے اوپر حاوی نہ ہونے دو، سورج کو دیکھو ہر صبح طلوع ہوتا ہے، تاکہ تم اس سے وہ سبق سیکھو جو اللہ اپنے بندوں کو سکھانا چاہتا ہے، غروب کا عمل سورج کے دوبارہ طلوع ہونے کے مابین حائل نہیں ہو پاتا۔

• لاتَدَعْ لِسَانَكَ يُشَارِكُ عَيْنَيْكَ عِنْدَ إِنْتِقَادِ عُيُوْبِ الآخَرِيْنَ، فَلاَ تَنْسَ أَنَّهُمْ مِثْلُكَ، لَهُمْ عُيُوْنٌ وَأَلْسِنَةٌ.

دوسروں کی عیب جوئی کے وقت اپنی آنکھوں کے ساتھ اپنی زبان کو شریک مت کرو، یہ مت بھولو کہ ان کے پاس بھی تمہاری طرح آنکھیں اور زبانیں ہیں۔

• لاتَسْتَقِلْ عَدُوًّا وَاحِدًا وَلاَتَسْتَكْثِرْ أَلْفَ صَدِيْقٍ.

کسی سے ہمیشہ دشمنی مت رکھو اور نہ ہزاروں دوست بناؤ۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لَاتَضْرِبِ الْمَرْأَةَ وَلَوْ بِزَهْرَةٍ.	عورت کومت مارو چاہے پھول ہی سے کیوں نہ ہو۔
• لَاتَتَكَلَّمْ وَأَنْتَ غَاضِبٌ، فَسَتَقُوْلُ أَعْظَمَ حَدِيْثٍ تَنْدَمُ عَلَيْهِ طَوَالَ حَيَاتِكَ.	غصے کی حالت میں مت بات کرو، اس لیے کہ تم کوئی ایسی بڑی بات کہہ جاؤگے کہ زندگی بھر اس پر شرمندہ رہوگے۔
• لَاتَكُنْ عَبْدَ غَيْرِكَ وَقَدْ جَعَلَكَ اللّٰهُ حُرًّا .	کسی دوسرے کی غلامی اختیار نہ کرو اللہ نے تمہیں آزاد بنایا ہے۔
• لَاتَلْتَمِسِ الْعَطْفَ مِنْ أَحَدٍ.	کسی سے مہربانی کی امید مت رکھو۔
• لَاتَنْتَظِرِ النَّجَاحَ إِذَا بَقِيتَ مُحْتَمِيًا تَحْتَ شَجَرَةِ الْعَائِلَةِ.	اگر تم گھر میں گھسے بیٹھے رہے تو کامیابی کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں۔
• لَاتَنْدَمْ عَلَى نِيَّةٍ صَادِقَةٍ مَنَحْتَهَا ذَاتَ يَوْمٍ لِأَحَدٍ لَمْ يُقَدِّرْهَا بَلْ اِفْتَخِرْ أَنَّكَ كُنْتَ وَمَازِلْتَ إِنْسَانًا يَحْمِلُ قَلْبًا طَيِّبًا وَأَبيضَ بَيْنَ نَاسٍ لَا يَفْقَهُوْنَ.	اگر تم نے کسی کے تئیں اچھی نیت رکھی اور اچھا معاملہ کیا اور اس نے قدر نہ کی تو ندامت محسوس مت کرنا بلکہ اس بات پر فخر کرنا کہ تم ناسمجھ انسانوں کے درمیان ایسے انسان ہو جس کے سینے میں پاکیزہ اور روشن دل دھڑک رہا ہے۔
• لَاتَنْظُرْ إِلَى صِغَرِ الْخَطِيئَةِ، وَلَكِنِ انْظُرْ إِلَى عِظَمِ مَنْ عَصَيْتَ.	گناہ چھوٹا ہے یہ نہ دیکھو، اس کی عظمت پیش نگاہ رکھو جس کی تم نے نافرمانی کی ہے۔
• لَاتَنْهَ أَحَداً عَنْ شَيْءٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ.	کسی کو کسی ایسے کام سے مت روکو جسے تم خود کرتے ہو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لاتُجادِلْ بَلِيغًا ولاَسَفِيهًا، فَالْبَلِيغُ يَغْلِبُكَ وَالسَّفِيه يُؤْذِيكَ.

نہ کسی فصیح اللسان سے بحث کرو نہ کسی کم عقل سے، اس لیے کہ اول الذکر اپنی چرب زبانی سے تم پر غالب آجائے گا اور دوسرا تمہیں اذیت دے گا۔

• لاتُشَاوِرْ مَشْغُوْلاً وَإِنْ كَانَ حَازِمًا.

کسی مصروف انسان سے مشورہ نہ کرنے بیٹھ جاؤ اگرچہ وہ صائب الرائے کیوں نہ ہو۔

• لاتُفْضِ سِرَّكَ عِنْدَ مَنْ لاَ سِرَّ لَهُ عِنْدَكَ.

جس کا کوئی راز تمہارے پاس نہ ہو اسے اپنا راز نہ دو۔

• لاتُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ.

خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

• لاتُنَاقِشْ اِمْرَأَةً، عِنْدَمَا تَكُوْنُ تَعِبَةً، وَلاَ عِنْدَمَا تَكُوْنُ مُرْتَاحَةً.

کسی عورت سے بحث نہ کرو اگر وہ تھکی ہوئی ہو اور نہ اس وقت جب وہ خوش ہو۔

• لاتُوْقِظِ الأَسَدَ النَّائِمَ.

سوئے ہوئے شیر کو نہ جگاؤ۔

• لاَشَكَّ أَنَّ الْحَيَاةَ كَانَتْ تَبْدُو رَائِعَةً جَمِيْلَةً لَوْ كُنَّا نُوْلَدُ فِي سِنِّ الثَّمَانِيْنَ وَنَقْتَرِبُ عَلَى مَرِّ الأَعْوَامِ مِنَ الثَّانِيَةَ عَشَرَ.

اگر ہم اسی سال کی عمر میں پیدا ہوا کرتے اور ماہ وسال گزار کر بارہ سال کی عمر کو پہنچا کرتے تو زندگی زیادہ خوب صورت اور حسین ہوتی۔

• لاَيَخْلُو الْمَرْءُ مِنْ وَدُوْدٍ يَمْدَحُ وَعَدُوٍّ يَقْدَحُ.

ہر انسان کا کوئی نہ کوئی مداح دوست اور نکتہ چین دشمن ضرور ہوتا ہے۔

• لاَيَزَالُ الْمَرْءُ فِي مَدْرَسَةِ دَهْرِهِ تِلْمِيْذًا وَلَوْ شَابَ.

آدمی زمانے کے مدرسے میں ہمیشہ شاگرد ہی رہتا ہے اگرچہ وہ بوڑھا ہی کیوں نہ ہو جائے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لاَيَسْلَمُ الشَّرَفُ الرَّفِيعُ مِنَ الأَذٰى حَتّٰى يُرَاقَ عَلَى جَوَانِبِهِ الدَّمُ	بڑا مرتبہ پریشانی کے بغیر نہیں ملتا اس کے چاروں طرف خون تک چھڑکنا پڑتا ہے۔
• لاَيَضِيعُ أَبَدًا العَمَلُ الطَّيِّبُ.	اچھا عمل کبھی ضائع نہیں جاتا۔
• لاَيَعْرِفُ ثَقْبَ الْجَوْرَبِ إلاَّ الْحَذَّاءُ.	موزے کے سوراخ سے صرف موچی ہی واقف ہوتا ہے۔
• لاَيُبَاعُ الْحَطَبُ قَبْلَ قَطْعِهِ وَلاَيُبَاعُ السَّمَكُ فِي الْبُحَيْرَةِ.	لکڑیاں کاٹنے سے پہلے فروخت نہیں کی جاتیں اور نہ مچھلیاں تالاب میں بیچی جاتی ہیں۔
• لاَيُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ.	مؤمن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا۔
• لاَيُوجَدُ حَلٌّ لِلْمُشْكِلَةِ الْحَقِيقِيَّةِ.	حقیقی مسئلے کا کوئی حل نہیں ہے۔
• كُنْ مُتَيَقِّظًا وَإلاَّ سَتَبْكِي يَوْمًا عَلَى سَذَاجَتِكَ.	ہوشیار خبردار رہو ورنہ تم ایک دن اپنی بے وقوفی پر روؤ گے۔
• لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ.	ہر تیز رفتار آدمی ٹھوکر کھاتا ہے۔
• لِكُلِّ شَيْءٍ آفَةٌ مِنْ جِنْسِهِ اُنْظُرِ الْحَدِيدَ يَسْطُو عَلَيْهِ الْمِبرَدُ.	ہر چیز کو اس کی جنس سے پریشانی اٹھانی پڑتی ہے لوہے کو دیکھو کہ اس پر ریتی غالب آجاتی ہے۔
• لِنُسْعِدَ أَيَّامَنَا بِالاِبْتِسَامَةِ بَدَلاً أَنْ نَمْلأَهَا بِالدُّمُوعِ.	ہم اپنے روز و شب کو مسکراہٹوں سے خوش گوار بنائیں بجائے اس کے کہ انہیں آنسوؤں سے بھر دیں۔
• لَذَّةُ الْعَفْوِ أَطْيَبُ مِنْ لَذَّةِ الاِنْتِقَامِ.	انتقام کی لذت سے بہتر عفو و درگزر کی لذت ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لَسْتُ نَادِماً عَلَى نِيَّةٍ صَادِقَةٍ مَنَحْتُهَا ذَاتَ يَوْمٍ لِأَحَدٍ لَمْ يُقَدِّرْهَا.

میں اس جذبۂ صادق پر نادم نہیں ہوں جس کو میں نے ایک دن کسی ایسے شخص کے حوالے کیا جس نے اس کی قدر نہیں کی۔

• لَكَ صَدِيْقٌ تَثِقُ بِهِ وَلِصَدِيْقِكَ صَدِيْقٌ يَثِقُ بِهِ وَلِصَدِيْقِهِ صَدِيْقٌ يَثِقُ بِهِ أَوْ لِصَدِيْقِ صَدِيْقِهِ أَصْدِقَاءُ يَثِقُوْنَ بِهِمْ فَاحْتَفِظْ بِأَسْرَارِكَ لِنَفْسِكَ.

تمہارا کوئی قابل اعتماد دوست ہے، پھر اس دوست کا کوئی قابل اعتماد دوست ہے پھر دوست کے دوست کا کوئی قابل اعتماد دوست ہے یا دوست ہیں، اس لیے اپنے رازوں کی حفاظت خود کرو۔

• لَنْ يَصْبِرَ أَحَدُنَا أَبَدًا مَا لَمْ يُحَرِّقْ عَيْنَيْهِ طُوْلُ السَّهْرِ.

جب تک شب بیداری سے آنکھیں لال انگارہ نہ ہو جائیں اس وقت تک انسان صابر نہیں کہلایا جاسکتا۔

• لَنْ يُصْغِيَ إِلَيْكَ أَحَدٌ حَتَّى تَقُوْلَ شَيْأً خَاطِئاً.

جب تم کوئی غلط بات کہو گے تو لوگ دھیان سے سنیں گے۔

• لَوْ اِمْتَنَعَ النَّاسُ عَنِ التَّحَدُّثِ عَنْ أَنْفُسِهِمْ وَتَنَاوُلِ الْغَيْرِ بِالسُّوْءِ لَأُصِيْبَ الْغَالِبِيَّةُ الْكُبْرَى مِنَ الْبَشَرِ بِالْبَكَمِ.

اگر لوگ اپنی ذات کے بارے میں گفتگو کرنے اور دوسروں کی عیب جوئی کرنے سے رک جائیں تو لوگوں کی بڑی اکثریت گونگے پن میں مبتلا ہو جائے گی۔

• لَوْ أَعْطَيْتَ الْأَحْمَقَ خَنْجَرًا أَصْبَحْتَ قَاتِلاً.

اگر تم کسی احمق کو خنجر تھما دو گے تو قاتل بن جاؤ گے۔

• لَوْ أَنَّ الْإِنْسَانَ عَظَّمَ الْعَظِيْمَ، وَحَقَّرَ الْحَقِيْرَ، وَلَوْ أَنَّ النَّاسَ فَعَلُوْا ذٰلِكَ لَاسْتَقَامَتْ حَيَاتُهُمْ

اگر لوگ عظیم کو عظیم اور حقیر کو حقیر سمجھیں یعنی ہر چیز کو اپنے درجے پر رکھیں تو اُن کی زندگی سدھری رہے گی، ان کے تمام

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

وَانْتَظَمَتْ أُمُوْرُهُمْ عَلَى السَّعَادَةِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَة.

امور دنیا وآخرت کی سعادت کے لیے پابند عہد رہیں گے۔

• لَوْ رَأى أَحَدُكُمْ طَرَفَ الجَنَّةِ لَصُلِبَ ظَهْرُهُ مِنْ كَثْرَةِ الصَّلاةِ.

اگر کوئی جنت کی ایک جھلک بھی دیکھ لے تو نماز کی کثرت سے اس کی کمر جھک جائے۔

• لَيْسَ السَّخَاءُ بِأَنْ تُعْطِيَنِي مَا أَنَا فِي حَاجَةٍ إِلَيْهِ أَكْثَرَ مِنْكَ، بَلِ السَّخَاءُ فِي اَنْ تُعْطِيَنِي مَا تَحْتَاجُ إِلَيْهِ أَكْثَرَ مِنِّي.

سخاوت یہ نہیں ہے کہ تم وہ چیز مجھے دو جس کا میں تمہارے مقابلے میں زیادہ ضرورت مند ہوں بلکہ سخاوت یہ ہے کہ تم وہ چیز مجھے دو جس کے تم زیادہ ضرورت مند ہو۔

• لَيْسَ الْفَقِيْرُ مَنْ مَلَكَ الْقَلِيْلَ، إِنَّمَا الْفَقِيْرُ مَنْ طَلَبَ الْكَثِيْرَ.

غریب وہ نہیں ہے جو تھوڑی سی ملکیت رکھتا ہو، غریب وہ ہے جو زیادہ کا طلب گار ہو۔

• لَيْسَ الْمِيْزَةُ أَنْ تَعْتَرِفَ بِالْخَطَإِ وَتَتَقَبَّلَ النُّصْحَ.

یہ کوئی اچھائی نہیں ہے کہ تم غلطیاں تسلیم کرتے رہو اور نصیحتیں قبول کرتے رہو۔

• لَيْسَ الْقَوِيُّ مَن يَّكْسِبُ الْحَرْبَ دَائِمًا وإِنَّمَا الضَّعِيْفُ مَنْ يَّخْسَرُ السَّلَامَ دَائِمًا.

طاقت ور وہ نہیں ہے جو ہمیشہ لڑائی جھگڑے میں پڑا رہے، ہاں بیچارہ کمزور ہمیشہ امن وسلامتی سے محروم رہتا ہے۔

• لَيْسَ لِمَاءِ الْوَجْهِ ثَمَنٌ.

چہرے کی آب کی کوئی قیمت نہیں۔

• لَيْسَ مِنَ الصَّعْبِ اَنْ تُضَحِّيَ مِنْ أَجْلِ صَدِيْقٍ وَلٰكِنْ مِنَ الصَّعْبِ أَنْ تَجِدَ صَدِيْقًا يَسْتَحِقُّ التَّضْحِيَة.

کسی دوست کی خاطر قربانی دینا مشکل نہیں ہے لیکن قربانی کا استحقاق رکھنے والے دوست کا مل جانا بہت مشکل ہے۔

• لَيْسَتِ السَّعَادَةُ فِي أَنْ تَعْمَلَ دَائِما مَا تُرِيْدُ بَلِ السَّعَادَةُ فِي أَنْ تُرِيْدَ مَا تَعْمَلُه.

خوش بختی اس میں نہیں کہ تم ہمیشہ وہ کرو جو تم چاہتے ہو بلکہ خوش بختی یہ ہے کہ تم یہ دیکھو کہ کیا کر رہے ہو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- لَيْسَتِ الْإِشَاعَاتُ الْكَاذِبَةُ وَحْدَهَا مُؤْذِيَةً، فَهُنَاكَ حَقَائِقُ كَثِيرَةٌ لَايَجُوزُ تَنَاقُلُهَا.

صرف جھوٹی خبریں اور افواہیں ہی تکلیف دہ نہیں ہوتیں بلکہ بہت سی سچی باتیں بھی نقل کرنا مناسب نہیں ہے۔

- مِثْلَمَا تَتْرُكُ بَعْضَ الْأَطْعِمَةِ تَبْرُدُ قَلِيلًا لِيَسْهُلَ عَلَيْكَ أَكْلُهَا اُتْرُكْ بَعْضَ الْخِلَافَاتِ تَهْدَأُ قَلِيلًا لِيَسْهُلَ عَلَيْكَ حَلُّهَا.

جس طرح تم کھانے پینے کی چیزیں ٹھنڈی کرنے کے لیے چھوڑ دیتے ہو تاکہ ان کا کھانا آسان ہو جائے اسی طرح کچھ جھگڑوں کو بھی پر سکون کرنے کے لیے چھوڑ دیا کرو تاکہ ان کا حل آسان ہو جائے۔

- مِنَ الدَّنَاءَةِ وَسُوْءِ الْأَخْلَاقِ أَنْ تَحْتَقِرَ مَنْ يَحْتَرِمُكَ ظَنًّا مِنْكَ أَنَّهُ مُحْتَاجٌ إِلَيْكَ وَهُوَ لَايَقْدِرُ أَنْ يَعِيْشَ بِدُوْنِكَ.

یہ انتہائی بداخلاقی اور کمینگی ہے کہ تم اس شخص کی توہین کرو جو تمہارا احترام کرے اور یہ سوچو کہ وہ تمہارا محتاج ہے اور تمہارے بغیر زندگی نہیں گزار سکتا۔

- مِنَ السَّهْلِ أَنْ تَرَى النَّاسَ عَلَى حَقِيْقَتِهِمْ وَمِنَ الصَّعْبِ أَنْ تَرَى نَفْسَكَ عَلَى حَقِيْقَتِهَا.

لوگوں کی حقیقت تک پہنچنا بہت آسان ہے، لیکن خود اپنی حقیقت تک پہنچنا بہت مشکل ہے۔

- مِنَ السَّهْلِ أَنْ تُحِبَّ النَّاسَ وَلَكِنْ مِنَ الصَّعْبِ أَنْ تُجْبِرَ النَّاسَ عَلَى حُبِّكِ!

لوگوں سے محبت کرنا تو آسان ہے لیکن لوگوں کو اپنی محبت پر مجبور کرنا بڑا مشکل ہے۔

- مِنَ الْمُمْكِنِ التَّصَدِّي لِاجْتِيَاحِ الْجُيُوْشِ وَلَكِنْ لَا يُمْكِنُ التَّصَدِّي لِاجْتِيَاحِ الْأَفْكَارِ.

فوجوں کی طاقت کا شیرازہ بکھیر دینا ممکن ہے لیکن افکار کا قلع قمع کرنا ممکن نہیں ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• مِنَ الْمُؤسَفِ أَنْ نَبْحَثَ عَنِ الْوفَاءِ فِيْ عَصرِ الْخِيَانَةِ وَنَبحَثَ عَنِ الْحُبِّ فِي قُلُوبِ الْجُبَانَةِ.

افسوس اس پر ہے کہ ہم عہد شکنی کے دور میں وفا کو تلاش کرتے ہیں اور بزدلوں کے دلوں میں محبت ڈھونڈتے ہیں۔

• مِنْ عَجَائِبِ الشَّمْسِ أَنَّهَا مَازَالَتْ تَشْرُقُ عَلَى الأَغْنِيَاءِ وَالْفُقَرَاءِ عَلَى حَدٍّ سِوَاءٍ!!

سورج کی عجیب بات یہ ہے کہ یہ امیروں اور غریبوں دونوں کو یکساں روشنی دیتا ہے۔

• مَا أَرْخَصَ الْجَمَلَ لَوْلاَ الْهِرَّةُ، أَرَادَ رَجُلٌ أَنْ يَبِيْعَ الْجَمَلَ بِدِرْهَمٍ وَالْهِرَّةَ بِأَلْفٍ وَلاَيَبِيْعُهُمَا إِلاَّ مَعًا.

اونٹ کس قدر سستا تھا اگر بلی نہ ہوتی، ایک شخص نے ایک درہم کے عوض اونٹ اور ہزار درہم کے عوض بلی فروخت کرنی چاہی مگر شرط یہ رکھ دی کہ دونوں ایک ساتھ فروخت کرے گا۔

• مَا أَسْهَلَ أَنْ تَكُوْنَ عَاقِلاً، بَعْدَ فُوَاتِ الْآوَانِ.

وقت گزرنے کے بعد عقل مند بن جانا بڑا آسان ہے۔

• مَا أَضْيَقَ الْعَيْشَ لَوْلاَ فُسْحَةُ الأَمَلِ.

اگر امید کی کرن نہ ہوتی زندگی اجیرن ہو جاتی۔

• مَا تَبْنِيه الأَيْدِيْ تَهْدِمه أَيْدِي أُخرى.

جو چیز ہاتھ بناتے ہیں اسے دوسرے ہاتھ توڑ ڈالتے ہیں۔

• مَا تَجْلِبُه الرِّيَاحُ تَأخُذُه الزَّوَابِعُ.

جسے ہوائیں اڑا کر لاتی ہیں اسے آندھیاں اڑا کر لے جاتی ہیں۔

• مَا حَكَّ جِلْدَكَ مِثْلُ ظِفرِكَ فَتَوَلَّ أَنْتَ جَمِيْعَ أمْرِكَ.

تمہارے ناخنوں کی طرح کوئی تمہارے جسم کو کھجا نہیں سکتا اس لیے اپنے تمام معاملات کی دیکھ بھال خود کرو۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• مَا قَدْ نَدِمْتُ عَلَى سُكُوتِي مَرَّةً وَلٰكِنْ نَدِمْتُ عَلَى الْكَلَامِ مِرَارًا.

میں خاموش رہنے پر ایک بار بھی نادم نہیں ہوا جب کہ بولنے پر بارہا شرمندہ ہوا۔

• مَا يَأتِي بِسُهُوْلَةٍ يَذْهَبُ بِسُهُوْلَةٍ.

جو چیز آسانی سے ملتی ہے وہ آسانی سے چلی بھی جاتی ہے۔

• مَااِسْتَحَقَّ أَنْ يُوْلَدَ مَنْ عَاشَ لِنَفْسِهِ فَقَطْ.

جو شخص اپنے لیے جئے اسے پیدا ہونے کا حق ہی نہ تھا۔

• مَادَامَتْ صِحَّتِيْ تُسْعِفُنِي بِالْوُقُوْفِ عَلَى سَجَّادَةِ الصَّلَاةِ وَظَهْرِيْ يُسْنِدُنِيْ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ فَأنَا لَمْ أخْسَرْ شَيْئاً حَتَّى الآنَ.

جب تک میری صحت مجھے جائے نماز پر کھڑا ہونے دیتی ہے اور میری کمر مجھے رکوع و سجود کرنے دیتی ہے اس وقت تک میں نے کوئی نقصان نہیں اٹھایا۔

• مَاذَا سَتَفْعَلُ حِيْنَمَا يَكُوْنُ الشَّخْصُ الْوَحِيْدُ الْقَادِرُ عَلَى مَسْحِ دُمُوْعِكَ، هُوَ مَنْ جَعَلَكَ تَبْكِيْ.

تم اس وقت کیا کرو گے جب وہی شخص تمہیں رُلانے بیٹھ جائے جس کے علاوہ کوئی شخص تمہارے آنسو پونچھنے والا نہ ہو۔

• مَارَأَيْتُ دَوَاءً مِثْلَ الصِّدْقِ وَالإِخْلَاصِ يُخْرِجُكَ مِنْ ظُلُمَاتِ الْحَاقِدِيْنَ وَالْحَاسِدِيْنَ وَيَجْعَلُكَ تَعِيْشُ فِيْ جَنَّةٍ لَايَنَالُهَا إِلَّا الصَّادِقُوْنَ وَالْمُخْلِصُوْنَ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ.

صدق واخلاص سے بڑھ کر میں نے ایسا کوئی عمل نہیں دیکھا جو تمہیں حاسدین کی گمراہیوں سے بچا سکے اور جو تمہیں ایسی جنت میں پہنچادے جسے صرف وہ ہی لوگ پاتے ہیں جو دنیا وآخرت میں اخلاص اور سچائی کے خوگر ہوتے ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• مَالاَ يُدْرَكُ كُلُّهُ لاَيُتْرَكُ كُلُّهُ.

جو چیز پوری نہ پاسکو اسے پوری نہ چھوڑو یعنی کچھ تو حاصل کرلو۔

• مَرَرْتُ عَلَى هَذَا الْخَلْقِ وَهُمْ يَطْعَنُ بَعْضُهُمْ فِي بَعْضٍ، وَيَلْعَنُ بَعْضُهم بَعْضًا، وَأَصْلُ هَذَا كُلّهِ الْحَسَدُ، وَقَرَأْتُ قَوْله تعالَى: "نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا" فَتَرَكْتُ الْحَسَدَ وَعَلِمْتُ أن رِزْقِي عِنْدَ اللهِ، وَتَرَكْتُ عَدَاوَةَ الْخَلْقِ عَنِّي.

میں لوگوں کے پاس سے گزرا وہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ رہے تھے، اس طعن و تشنیع کی بنیاد بغض وحسد ہے میں نے اللہ تعالیٰ کا یہ قول بھی پڑھا ہے، "ہم نے ان کے (لوگوں کے) درمیان دنیا کی زندگی میں ان کے رزق کی تقسیم کردی ہے" چنانچہ میں نے حسد کرنا چھوڑ دیا اور یہ سمجھ لیا کہ میرا رزق اللہ کے پاس ہے، اس طرح مخلوق خدا سے میری دشمنی خود بہ خود ختم ہوگئی۔

• مَصِيْرُكَ يَصْحَبُكَ مِثْلُ ظِلِّكَ.

تیرا انجام سائے کی طرح تیرے ساتھ ساتھ ہے۔

• مَصَائِبُ قَوْمٍ عِنْدَ قَوْمٍ فَوَائِدُ.

کسی کی مصیبتیں کسی دوسرے کے یہاں فائدے کی صورت اختیار کرلیتی ہیں۔

• مَن قَنَعَ مِنَ الدُّنْيَا بِالْيَسِيْرِ هَانَ عَلَيْهِ كُلُّ عَسِيْرٍ.

جو شخص تھوڑی سی دنیا پر قانع ہوجاتا ہے اس کے لیے ہر مشکل آسان ہوجاتی ہے۔

• مَن يُحِبُّ الشَّجَرَةَ يُحِبُّ أَغْصَانَهَا.

جو درخت سے محبت کرتا ہے وہ اس کی شاخوں کو بھی چاہتا ہے۔

• مَنِ اشْتَرَى مَالاَ يَحْتَاجُ إِلَيْهِ بَاعَ مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ.

جو غیر ضروری چیز خریدتا ہے اسے ضروری چیز بیچنی پڑتی ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- مِنَ السَّهْلِ أَنْ يَحْتَرِمَكَ النَّاسُ، وَلَكِنْ مِنَ الصَّعْبِ أَنْ تَحْتَرِمَ نَفْسَكَ.

لوگ تمہارا احترام کریں یہ آسان ہے لیکن تم خود اپنا احترام کرو یہ بہت مشکل ہے۔

- مَنْ أَذْنَبَ وَهُوَ يَضْحَكُ دَخَلَ النَّارَ وَهُوَ يَبْكِي.

جو شخص ہنستے ہوئے گناہ کرتا ہے وہ روتے ہوئے دوزخ میں جاتا ہے۔

- مَنْ أَرَادَ الْغِيَابَ عَنَّا يَوْمًا مَا سَيَطْرُقُ النَّدَمُ أَبْوَابَه لِأَنَّنَا كُنَّا أَشْيَائَهُمْ الجَمِيْلَة، وَالأَشْيَاءُ الجَمِيْلَةُ لَاتَعُوْدُ.

جس نے ہم سے دور ہونا چاہا، ندامت ایک روز اس کے دروازۂ دل پر دستک دے گی، کیوں کہ ہم ان کے لیے متاعِ جمیل تھے، اور متاعِ جمیل واپس نہیں آتی۔

- مَنْ أَطَاعَ غَضَبَهُ أَضَاعَ أَدَبَهُ.

جو شخص اپنے غصے میں رہا اس نے اپنی عزت گنوادی۔

- مَنْ رَعَى غَنَمًا فِي أَرْضٍ مَسْبَعَةٍ وَنَامَ عَنْهَا تَوَلَّى رَعْيَهَا الأَسَدُ.

جو درندوں کے علاقے میں ریوڑ چھوڑ کر سو جاتا ہے شیر ہی اس ریوڑ کی نگرانی کرتے ہیں۔

- مَنْ تَزَوَّجَ عَنْ حَجَلٍ نَدِمَ عَلَى مَهْلٍ.

جس نے سونے کی چمک دیکھ کر شادی کی وہ بہت جلد پچھتایا۔

- مَنْ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ لِنَفْسِهِ فَقَلِيْلُهُ يَكْفِيْ، وَمَنْ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ لِلنَّاسِ فَحَاجَاتُ النَّاسِ كَثِيْرَةٌ.

جو شخص اپنی ذات کے لیے علم حاصل کرتا ہے تو تھوڑا علم بھی اسے کافی ہو جاتا ہے، اور جو شخص لوگوں کو (فائدہ پہنچانے کی غرض سے) علم حاصل کرتا ہے تو ان کی ضرورتیں تو بہت ہیں۔

- مَنْ جَارَ عَلَى صِبَاهُ جَارَتْ عَلَيْهِ شَيْخُوْخَتُهُ.

جس نے اپنے بچپن پر ظلم کیا بڑھاپا اس پر ظلم کرے گا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- مَنْ جَدَّ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ، كُوفِيَ بِاحْتِيَاجِ النَّاسِ إِلَيْهِ.

جو شخص طلب علم میں محنت کرتا ہے اسے لوگوں کی ضرورت بنا کر جزادی جاتی ہے۔

- مَنْ حَاسَبَ نَفْسَهُ رَبِحَ.

احتساب نفسی نفع کا سودا ہے۔

- مَنْ حَذَّرَكَ كَمَنْ بَشَّرَكَ.

جس نے تمہیں آگاہ کیا وہ خوش خبری سنانے والے کی طرح ہے۔

- مَنْ دَارَى عَدُوَّهُ هَابَهُ صَدِيقُهُ.

جو شخص اپنے دشمن کی للّو بچو میں لگتا ہے دوست اس سے ڈرنے لگتا ہے۔

- مَنْ رَكِبَ الْحَقَّ غَلَبَ الْخَلْقَ.

جو حق پر رہا وہ مخلوق پر غالب رہا۔

- مَنْ شَابَهُ أَبَاهُ فَمَا ظَلَمَ.

باپ جیسا ہونا برائی نہیں ہے۔

- مَنْ ضَعُفَ عَنْ كَسْبِهِ اِتَّكَلَ عَلَى زَادِ غَيْرِهِ وَمَنِ اتَّكَلَ عَلَى زَادِ غَيْرِهِ طَالَ جُوعُهُ.

جو کمانے پر قادر نہیں وہ دوسرے کے توشے پر بھروسہ کرتا ہے اور جو دوسرے کے توشے پر بھروسہ کرتا ہے اس کی بھوک (کا وقفہ) طویل ہو جاتا ہے (یعنی اسے کچھ ہاتھ نہیں آتا)۔

- مَنْ طَمَعَ فِي اللُّؤْلُؤِ فَلْيَدْفَعِ الثَّمَنَ لِلْبَحْرِ.

جسے موتی کی خواہش ہو اسے چاہئے کہ وہ اس کی قیمت سمندر میں ڈال دے۔

عباراتٌ رائِعَةٌ وَجَمِيلَةٌ فِي مُنَاسَبَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ

مختلف مواقع کے لیے دل کش اور خوب صورت عبارتیں

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

عِبَارَاتٌ عَنْ عِيْدِ الْفِطْرِ وَعِيْدِ الْأَضْحٰى

عید الفطر اور عید الاضحی کے متعلق کچھ عبارتیں

• اَلْعِيْدُ فَرْحَةٌ مَا تَكْمُلُ إِلاّ بِوُجُوْدِكَ، وَالْعِيْدُ بَهْجَةٌ مَا تَحْلُوْ إِلاّ بِقُرْبِكَ، كُلُّ عَامٍ وَأَنْتَ بِخَيْرٍ.

عید کی خوشی تمہارے بغیر مکمل نہیں ہوتی، نہ اس میں تمہارے قرب کے بغیر حلاوت ولذت پیدا ہوتی ہے، تمہاری زندگی کا ہر برس خیر وعافیت کا پیغام بر ہو۔

• فِي دَاخِلِ الأَصْدَافِ يُوْجَدُ اللُّؤْلُؤُ، وَفِي دَاخِلِكُمْ وَجَدتُّ الإِنْسَانَ وَأَجْمَلَ الْقِيَمِ، وَإِنْ كَانَتْ هُنَاكَ أَشْيَاءُ جَمِيْلَةٌ فِي حَيَاتِيْ، فَمِنَ الْمُؤَكَّدِ مَعْرِفَتِيْ بِكُمْ هِيَ وَاحِدَةٌ مِنْ هٰذِهِ الأَشْيَاءِ، وَاللهُ يَحْفَظُ الْوُدَّ بَيْنَنَا وَيَجْعَلُ الْجَنَّةَ دَارَنَا وَيُبَارِكُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْعِيْدِ السَّعِيْدِ.

جس طرح سیپ کے اندر خوب صورت موتی پایا جاتا ہے اسی طرح میں تمہارے اندر ایک شیریں انسان اور خوب صورت اقدار پاتا ہوں، میری زندگی میں بہت سی خوب صورت چیزیں ہیں مگر یہ بات طے شدہ ہے کہ ان چیزوں میں سے ایک تمہاری دوستی ہے، اللہ ہماری دوستی کو برقرار رکھے اور جنت کو ہمارا ٹھکانہ بنائے اور عید سعید میں ہمارے اور تمہارے لیے برکتیں عطا فرمائے۔

• أَدْعُوْلَكَ بِمُنَاسَبَةِ حُلُوْلِ الْعِيْدِ الْمُبَارَكِ أَنْ يُبَلِّغَكَ الْعِيْدَ وَيَكْتُبَ لَكَ فِيْهِ الأَجْرَ وَالثَّوَابَ وَيُعْتِقَكَ مِنَ النَّارِ.

عید سعید کی آمد کے موقع پر میں تمہارے لیے یہ دعا کرتا ہوں کہ تمہیں عید کی خوشیاں سمیٹنے کی توفیق دے اور تمہیں اس دن کا اجر وثواب عطا فرمائے اور تمہیں دوزخ سے نجات دے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَقَبَّلَ اللهُ مِنَّا وَمِنْكُمْ وَجَعَلَنَا مِمَّنْ يَنْظُرُ إِلَيْهِمُ الرَّحْمٰنِ فَيَقُوْلُ اذْهَبُوْا مَغْفُورٌ لَكُمْ، وَعِيْدُكُمْ مُبَارَكٌ.

اللہ تعالیٰ ہمارے اور تمہارے اعمال کو قبول فرمائے اور ہمیں ان لوگوں میں سے بنائے جن پر اللہ کی نظر کرم ہو اور اللہ ان سے کہے جاؤ تمہاری مغفرت ہو چکی ہے، عید مبارک ہو۔

• مِنْ عَادَةِ الْعِيْدِ أَنَّ النَّاسَ يَفْرَحُوْنَ بِالْعِيْدِ، وَلٰكِنَّكَ أَنْتَ بِالْعَكْسِ، فَالْعِيْدُ يَفْرَحُ بِكَ.

عید کی روایت یہ ہے کہ لوگ عید سے خوشی محسوس کرتے ہیں، لیکن تمہارا معاملہ جداگانہ ہے، تم سے عید خوشی محسوس کرتی ہے۔

• كُلُّ عَامٍ وَأَنْتُمْ بِأَلْفِ خَيْرٍ وَكُلُّ سَنَةٍ وَالأُمَّةُ الإِسْلَامِيَّةُ كُلُّهَا بِخَيْرٍ وَسَلَامٍ.

ہماری زندگی کے ماہ و سال میں خیر ہی خیر ہو، امت مسلمہ کے ماہ و سال بھی امن و سلامتی کے ساتھ گزریں۔

• أُهَنِّئُ جَمِيْعَ الْمُسْلِمِيْنَ فِي الْعَالَمِ بِعِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ وَيَارَبِّ يَكُوْنُ عَلَى الْجَمِيْعِ عِيْدَ حُبٍّ وَخَيْرٍ وَسَلَامٍ.

میں دنیا بھر کے مسلمانوں کو عید الفطر کی مبارکباد دیتا ہوں، یا اللہ! اس عید کو محبت، خیر اور سلامتی کی عید بنائے۔

• أَحْلَى مَا فِي الْعِيْدِ ثَلَاثٌ؛ كَثْرَةُ الْخَيْرَاتِ وَتَبَادُلُ الزِّيَارَاتِ وَقَارِئُ هٰذِهِ الْعِبَارَاتِ.

عید میں تین چیزیں زیادہ خوب صورت ہیں، صدقہ و خیرات کی کثرت، باہمی ملاقاتیں، اور اس عبارت کا پڑھنے والا۔

• نُهَنِّئُ الأُمَّةَ الإِسْلَامِيَّةَ فِي كَافَّةِ أَنْحَاءِ الْعَالَمِ بِمُنَاسَبَةِ حُلُوْلِ الْفِطْرِ السَّعِيْدِ، أَعَادَهُ اللهُ عَلَيْنَا بِالْخَيْرِ وَالْيُمْنِ وَالْبَرَكَاتِ.

ہم ساری دنیا کے مسلمانوں کو عید کی آمد کے موقع پر مبارک باد دیتے ہیں، اللہ تعالیٰ اس عید کو خیر و برکت کے ساتھ دوبارہ لائے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أسأَلُ الله أن يَتَقَبَّلَ صِيَامَنَا وَيَبْنِي بِكُلِّ مَنْ صَامَ هَذَا الشَّهْرَ قَصْراً فِي الجَنَّةِ، وَأَعَادَ عَلَيْنَا هَذَا الشَّهْرَ الْمُبَارَكَ وَالْعِيدَ السَّعِيْدَ.

میں اللہ تعالیٰ سے یہ دُعا کرتا ہوں کہ وہ ہمارے روزے قبول فرمائے اور اس ماہ مبارک کے ہر روزہ دار کے لیے جنت میں ایک محل بنائے اور ہماری زندگی میں یہ ماہِ مبارک اور عید سعید دوبارہ آئیں۔

• عِيدٌ مُبَارَكٌ لِجَمِيْعِ الأُمَّةِ الإِسْلَامِيَّةِ تَقَبَّلَ اللهُ مِنَّا وَمِنْكُمْ صَالِحَ الأَعْمَالِ وَغَفَرَلَنَا وَلَكُمْ جَمِيْعَ الذُّنُوبِ وَالْخَطَايَا.

امت مسلمہ کو عید مبارک ہو، اللہ تعالیٰ ہمارے اور تمہارے اعمال قبول فرمائے، ہماری اور تمہاری خطاؤں اور گناہوں کو معاف فرمائے۔

• كُلُّ عِيْدٍ وَأَنْتُمْ إِلَى اللهِ أَقْرَبُ وَعَلَى الطَّاعَةِ أَدْوَمُ وَ مِنَ النَّارِ أَبْعَدُ.

ہر عید اس طرح آئے کہ تم اللہ سے قریب تر ہو، اس کی اطاعت پر تم زیادہ مداومت کرو اور دوزخ کی آگ تم سے بعید تر ہو۔

• كُلُّ عِيْدٍ وَالْخَيْرُ دَرْبُكَ وَمَمْشَاكَ وَالْبَسْمَةُ دَوْمًا مَا تُفَارِقُ شِفَاكَ وَجَنَّةُ رَبِّيْ هِيَ سُكْنَاكَ.

تمہاری ہر عید اس طرح گزرے کہ راہِ خیر تمہاری رہ گزر ہو، مسکراہٹ تمہارے ہونٹوں سے کبھی جدا نہ ہو اور میرے رب کی جنت تمہارا آخری ٹھکانہ ہو۔

الْعِيْدُ هُوَ الْفَرَحُ وَالسَّلَامُ وَالسَّعَادَةُ وَاللِّقَاءُ وَالْمَوَدَّةُ، وَأَنْتَ وَكُلُّ هَؤُلَاءِ مَعًا، أَقُوْلُ لَكَ كُلَّ عَامٍ وَأَنْتَ بِخَيْرٍ.

عید نام ہے خوشی کا، امن و سلامتی کا، پیار محبت کا، میل ملاقات کا، یہ سب چیزیں تمہارے ہم رکاب ہوں، میری دُعا ہے کہ تمہاری زندگی کا ہر برس خیر وعافیت سے گزرے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• انْطَلَقَتْ مِنِّي أحْلَى التَّهَانِي بِالْعِيْدِ فَأَرْجُوْ مِنْ قَلْبِكَ أن يَسْمَحَ لَهَا بِالْهُبُوْطِ.

میں نے عید کی پر خلوص مبارک باد آپ کو بھیجی ہے، براہ کرم اسے اپنے دل میں اترنے کی اجازت مرحمت فرمائیں۔

• رَمَضَانُ رَاحِلٌ وَالْعِيْدُ دَاخِلٌ فَمَنْ نُعَزِّي وَمَنْ نُهَنِّئُ، تَقَبَّلَ اللهُ مِنَّا وَمِنْكُمْ وَعِيْدُكُمْ مُبَارَكٌ.

رمضان رخصت پذیر ہے، عید آیا چاہتی ہے، کس سے تعزیت کریں اور کس کو مبارک باد پیش کریں، اللہ تمہارے اور ہمارے اعمال قبول کرے، عید مبارک ہو۔

• تَقَبَّلَ اللهُ صِيَامَكُمْ وَأَسْعَدَ أيَّامَكُمْ وَكُلَّ عَامٍ وَأَنْتُمْ بِخَيْرٍ.

اللہ تمہارے روزے قبول فرمائے، تمہاری زندگی کے شب وروز خوش گوار بنائے، تم ہمیشہ خیر وعافیت سے رہو۔

• أَسْأَلُ اللهَ أن يَتَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْكُمْ وأن يَجْمَعَنَا فِي الْفِرْدَوْسِ الأَعْلَى.

اللہ سے دُعا ہے کہ وہ ہمارے اور تمہارے اعمال قبول فرمائے اور ہمیں فردوس بریں میں باہم جمع کرے۔

• أَسْأَلُ مَنْ أَعَادَ الْعِيْدَ وَطَوَى الشَّهْرَ الْفَقِيْدَ، أَنْ يُمِدَّكَ بِعُمْرٍ مَدِيْدٍ وَيَجْعَلَ حَيَاتَكَ بِعِيْدٍ.

جس ذات نے عید کا اعادہ کیا اور ماہ مبارک کو رخصت کیا، میں اس ذات سے تمہارے لیے لمبی عمر کی دعا مانگتا ہوں، اللہ تعالیٰ تمہاری زندگی کے ہر لمحے کو عید بنائے۔

• أَسْأَلُ مَنْ أَهَلَّ الْهِلَالَ، وَأَرْسَى الْجِبَالَ أن يَجْعَلَكَ كُلَّ عِيْدٍ وَأَنْتَ فِي أَحْسَنِ حَالٍ.

جس ذات نے پہلا چاند نمودار کیا، جس ذات نے پہاڑوں کو مضبوط بنایا، میں اس ذات سے یہ دُعا کرتا ہوں کہ وہ تمہاری عید کو خوش گوار بنائے۔

• اللّٰهُمَّ اجْعَلْ عِيْدَنَا حُبَّكَ وَطَاعَتَكَ وَرِضَاكَ وَذِكْرَكَ.

اے اللہ ! ہماری عید کو اپنی محبت، اپنی اطاعت، اپنی خوش نودی اور اپنا ذکر بنا دے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ لَبِسَ الْجَدِيْدَ وَإِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ آمَنَ الْوَعِيْدَ، لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ لَبِسَ الْمَلَابِسَ الْفَاخِرَةَ وَإِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ أَمِنَ عَذَابَ الْآخِرَةِ، لَيْسَ الْعِيْدُ لِمَنْ لَبِسَ الرَّقِيْقَ إِنَّمَا الْعِيْدُ لِمَنْ عَرَفَ الطَّرِيْقَ.

عید نئے کپڑے پہننے کا نام نہیں ہے، عید تو وعید سے بچنے کا نام ہے، عید شاندار پوشاک پہننے کا نام نہیں ہے عید تو آخرت کے عذاب سے محفوظ رہنے کا نام ہے، عید ریشمی کپڑے زیب تن کرنے کا نام نہیں ہے، عید تو راہ یاب ہونے کا نام ہے۔

• عِيْدٌ مُبَارَكٌ؛ هَنَّئَكَ اللهُ بِالْقَبُوْلِ، وَأَسْكَنَكَ الْجَنَّةَ مَعَ الرَّسُوْلِ، وَرَزَقَكَ بِالْعِيْدِ بَهْجَةً لَاتَزُوْلُ.

عید مبارک ہو، اللہ تعالیٰ قبول فرمائے، اور آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں جنت کی سکونت عطا فرمائے اور عید کی لازوال خوشیاں نصیب فرمائے۔

• عِنْدَ مَا تَحُلُّ الْمُنَاسَبَاتُ تَتَدَفَّقُ مِنَ الْقَلْبِ أَصْدَقُ الْعِبَارَاتِ وَأَعْذَبُ الْكَلِمَاتِ، وَيَتَبَادَلُهُمَا الْأَحْبَابُ وَالْأَصْحَابُ، كَتَجْدِيْدٍ لِلْمَحَبَّةِ وَإِحْيَاءٍ لِلْمَوَدَّةِ، وَهَا أَنَا بِمُنَاسَبَةِ حُلُوْلِ الْعِيْدِ الْمبارك ومِنْ قَلْبٍ مُخْلِصٍ وَفِيٍّ أَدْعُوْلَكَ، فَأَقُوْلُ: أَسْأَلُ اللهَ الْكَرِيْمَ أن يُبَلِّغَكَ الْعِيْدَ وَيَكْتُبَ لَكَ فِيْهِ الْأَجْرَ الْمَزِيْدَ.

جب خوشی کے مواقع آتے ہیں تو دل سے سچے جملے اور میٹھے بول نکلتے ہیں، دوست احباب تجدید محبت کی خاطر ان جملوں کا تبادلہ کرتے ہیں، میں بھی عید مبارک کی آمد کے موقع پر پُر خلوص اور وفادار دوست کی حیثیت سے تمہارے لیے دعائے خیر کرتا ہوں، اللہ کریم تمہیں عید کی خوشیاں نصیب کرے اور تمہیں زیادہ سے زیادہ اجر وثواب عطا فرمائے۔

• عِيْدٌ مُبَارَكٌ سَعِيْدٌ، تَقَبَّلَ اللهُ

عید مبارک ہو، اللہ تعالیٰ ہمارے روزے اور

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

صِيَامَنَا وَقِيَامَنَا بِمَزِيْدٍ مِنَ الْمَغْفِرَةِ وَالأَجْرِ وَالثَّوَابِ، فَنَتَمَنَّى مِنَ الْعَلِيِّ الْقَدِيْرِ أَنْ يُبَلِّغُهَا شُهُوْراً أُخرَى مِن رَمَضَان ، اَلشَّهْرُ الَّذِيْ فِيْهِ لَيْلَةٌ هِيَ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ، أَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْنَا فَتَقَبَّلْهُ مِنَّا وَاجْعَلْ هٰذا الْعِيْدَ يَوْمَ خَيْرٍ وَبَرَكَةٍ.

ہماری نمازیں زیادہ سے زیادہ اجر و ثواب اور مغفرت کے ساتھ قبول فرمائے، ہم اللہ رب العزت سے یہ امید کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اس مبارک مہینے جیسے دوسرے مہینوں تک بھی پہنچائے گا جس میں قرآن کریم کا نزول ہوا اور جس میں ایک رات ہزار راتوں سے افضل ہے، اے اللہ! ہم نے تیری رضا کے لیے روزہ رکھا ہے اسے قبول فرما اور اس عید کو خیر و برکت کی عید بنا دے۔

• عِيْدٌ مُبَارَكٌ، سَائِلِيْنَ اللهَ تَعَالَى أَنْ يُعِزَّ الإِسْلَامَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَأَنْ يُوَحِّدَ قُلُوْبَهُمْ وَصُفُوْفَهُمْ، وَيُفَرِّجَ كُرُبَاتِهِمْ وَيَقْصِمَ عَدُوَّهُمْ، فَإِنَّهُ وَلِيُّ ذٰلِكَ وَالْقَادِرُ عَلَيْهِ.

عید مبارک ہو، ہم اللہ سے دُعا گو ہیں کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کو عزت عطا فرمائے، مسلمانوں کے دلوں میں اور ان کی صفوں میں اتحاد پیدا کرے، ان کی مشکلات کا خاتمہ فرمائے، ان کے دشمنوں کو برباد کردے، بلاشبہ وہ اس کا اہل ہے اور اس پر قادر ہے۔

• أَللّٰهُمَّ اجْعَلْ كُلَّ أَيَّامِنَا أَعْيَاداً وَتَقَبَّلْ مِنَّا صِيَامَنَا وقِيَامَنَا.

اے اللہ ہمارے تمام دنوں کو عید کے دن بنا اور ہمارے روزے اور نمازیں قبول فرما۔

• مَعَ إِحْرَامِ الْمُحْرِمِيْنَ، وَتَلْبِيَةِ الْمُلَبِّيْنَ وَتَقْوَى الْمُتَّقِيْنَ، وَتَضَرُّعِ الْعَاكِفِيْنَ، وَدُمُوْعِ الْوَاقِفِيْنَ، وَهَدْيِ الْمُضَحِّيْنَ، وَدَعْوَةِ

احرام باندھنے والوں کے احرام، تلبیہ پڑھنے والوں کے تلبیہ، پرہیز گاروں کے تقویٰ، معتکفین کی آہ وزاری، تہجد گزاروں کے آنسو، قربانی کرنے والوں کی قربانی، مخلص

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

الْمُخْلِصِيْنَ وَمَغْفِرَة رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، أُهَنِّئُكَ بِعِيْدِ الْحَجِّ الْمُبَارَكِ.

بندوں کی دعاء، اور رب کائنات کی مغفرت؛ ان سب کے سائے میں؛ میں آپ کو حج کے موقع پر آنے والی عید کی مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

- مَعَ تَوَافُدِ الْحَجِيْجِ، وَإِطْلَالَةِ يَوْمِ الْعِيْدِ أَقُوْلُ لَكَ عِيْدٌ سَعِيْدٌ وَعُمْرٌ مَدِيْدٌ.

حجاج کے قافلوں کی روانگی، اور عید سعید کی آمد کے ساتھ میں تمہیں عید سعید کی مبارک باد اور درازیٔ عمر کی دُعا دیتا ہوں۔

- لَكُمْ مِنِّي أَطْيَبُ التَّحِيَّاتِ وَأَصْدَقُ الدَّعَوَاتِ بِحُلُوْلِ عِيْدِ الأَضْحَى الْمُبَارَكِ.

عید الاضحی کی آمد کے پر مسرت موقع پر نیک تمناؤں اور پر خلوص دعاؤں کا تحفہ پیش کرتا ہوں۔

- أَطْيَبُ تَحِيَّةٍ من قَلْبٍ صَادِقٍ، تَتَقَارَبُ السُّطُوْرُ لِتَحْظَى بِأَوَّلِ اِهْتِمَامَاتِكُمْ، وَتَتَسَابَقُ الأَقْلَامُ لِتَنْثُرَ حِبْرَ مُؤَدَّتِهَا إِلَيْكُمْ، وَتُسَارِعُ الْحُرُوْفُ لِتُعَانِقَ نَوَاظِرَكُمْ، لَكِنَّ الرُّوْحَ تَسْبِقُهَا بِالتَّهْنِئَةِ، وَالْقَلْبُ بِالدُّعَاءِ بِعِيْدِ الاضحَى السَّعِيْدِ وَبِالْفَرَحِ الْمَزِيْدِ.

سچے دل کا پر خلوص سلام قبول کرو، میرے اس خط کی سطریں تمہاری نگاہ التفات حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش میں ہیں، قلم جلد از جلد یہ چاہتا ہے کہ وہ کاغذ پر محبت کی روشنائی بکھیر کر تم تک پہنچادے، الفاظ یہ چاہتے ہیں کہ وہ بہ عجلت تمام تمہاری نظروں میں سماجائیں، لیکن میری روح تمہیں مبارک باد دینے میں اور دل تمہارے لیے خوشی اور مسرت کی دُعا کرنے میں ان سب پر بازی لے گیا ہے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

عِبَارَاتُ تَهْنِئَةٍ بِالزِّوَاجِ

شادی کی مبارک باد پر مشتمل جملے

• مَبْرُوْك أَلْفُ مَبْرُوْك، دَامَتِ الأَفْرَاحُ فِي دُنْيَاكَ ودَامَتِ السَّعَادَةُ فِي حَيَاتِكَ، وَدُمْتُمْ أَحْلَى اثْنَيْنِ فِي الأَبَدِ.

مبارک، ہزار بار مبارک، تمہاری زندگی میں خوشیوں کی بہار ہمیشہ قائم رہے، نیک بختی تم پر ہمیشہ سایہ فگن رہے اور تم اُبد تک ایک دوسرے کے ساتھ شریک محبت بن کر زندگی گزارو۔

• بَارَكَ اللهُ لَكُمْ وَبَارَكَ عَلَيْكُمْ وَجَمَعَ بَيْنَكُمْ فِي خَيْرٍ.

اللہ تمہیں برکت دے، برکات خداوندی تم پر سایہ فگن ہوں، اور تم خیر میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک رہو۔

• أَجْمَلُ التَّهَانِي وَالتَّبْرِيْكَاتِ بِمُنَاسَبَةِ زِوَاجِكَ جَعَلَ اللهُ حَيَاتَكُمْ كُلَّهَا سَعَادَةً وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا بِخَيْرٍ.

تمہاری شادی کے موقع پر پُر خلوص مبارک باد، اللہ تمہاری زندگی کو خوشیوں سے لبریز کرے اور تم دونوں کو رشتۂ خیر میں منسلک کرے۔

• تَتَعَالَى الأَصْوَاتُ، وتَمْتَزِجُ الْعِبَارَاتُ، وتَتحَرَّكُ الأَنَامِلُ لِتَخُطَّ الْكَلِمَاتِ وَلَا أَكْتُبُ سِوَى بِضْعِ كَلِمَاتٍ لِتَرْسُمَ التَّهَانِي وَالتَّبْرِيْكَاتِ، أَسْعَدَكُمَا الإِلَهُ وَوَفَّقَكُمَا، وَرَزَقَكُمَا الذُّرِّيَّةَ،

آوازیں بلند ہو رہی ہیں، جملے خلط ملط ہو رہے ہیں، انگلیاں لکھنے کے لیے حرکت میں ہیں، اور میں ہدیۂ تبریک پیش کرنے کے لیے صرف یہ چند الفاظ لکھ پا رہا ہوں، اللہ تمہاری قسمت اچھی کرے، تمہیں حسن عمل کی توفیق دے اور تمہیں ربّ کائنات کی طرف

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

الصَّالِحَةَ التَّقِيَّةَ النَّقِيَّةَ هِبَةً مِن رَبِّنَا وَرَبِّ الْبَرِيَّةِ.

سے بہ طور تحفہ نیک صالح اور پاکیزہ عادات واطوار کی حامل اولاد عطا ہو۔

• نُقَاوِمُ كُلَّ مَشَاعِرِ السَّعَادَةِ الَّتِي تَعْتَرِيْنَا فِي هَذِهِ اللَّحْظَةِ وَتَمْنَعُ كَلِمَاتِنَا مِنَ التَّدَفُّقِ لِنَكْتُبَ لَكَ عَنْ مَشَاعِرِ الْفَرَحِ والسُّرُورِ الَّتِي تَغْمُرُنَا، وَنَشْدُوْلَكَ بِلَحْنٍ سَعِيْدٍ، بَارَكَ اللهُ لكَ وبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا عَلَى الْخَيْرِ.

ہم مسرت کے ان تمام احساسات کے ساتھ جو اس وقت ہمارا احاطہ کئے ہوئے ہیں نبرد آزما ہیں، اور ہم نے ان الفاظ کو ضبط تحریر میں آنے سے روک رکھا ہے جو ہمارے دلی جذبات کا اظہار کرنے والے ہیں، بس ہم یہ گنگناتے ہیں، اللہ مبارک کرے، اللہ برکت عطا کرے اور تمہیں خیر و عافیت کے ساتھ شیر و شکر رکھے۔

• لِلْعَرُوْسَيْنِ التَّهَانِي، لَهُمَا أَسْمَى الأَمَانِي بِالسَّعَادَةِ وَالمَوَدَّةِ وبِالْحَيَاةِ الْهَنِيئَةِ الدَّائِمَةِ.

دولہا دولہن کو مبارک باد، اور ان کی خدمت میں پیش ہیں خوش گوار اور پُر بہار ازدواجی زندگی کی نیک تمنائیں۔

• اخْتَصَمَتْ أَنَا مِلِي مَعَ دُمُوْعِي، كُلٌّ مِنْهُمَا يُرِيْدُ أن يَنَالَ شَرَفَ التَّهْنِئَةِ لَكَ أَوَّلاً وَكُلٌّ مِّنْهُمَا يُرِيْدُ أن يَّهْمِسَ بِحُبٍّ لَكَ قَبْلَ الكُلِّ.

میری انگلیاں میرے آنسوؤں کے ساتھ جھگڑ رہی ہیں، ان میں سے ہر ایک یہ چاہتا ہے کہ وہ پہلے ہدیہ تہنیت پیش کرے اور ہر ایک کی خواہش یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے اظہار محبت کرے۔

• نَبَضَاتُ قَلْبِي تَهْتِفُ بِكُلِّ دَعَوَاتِ الْخَيْرِ وَالتَّوْفِيْقِ لَكَ بِهَذِهِ الْمُنَاسَبَةِ الْكَرِيْمَةِ أَيُّهَا الْعَرُوْسِ.

اے میرے دولہا دوست اس مبارک و مسعود موقع پر میرے دل کی دھڑکنیں تمہارے لیے خیر اور حسن توفیق کی دعائیں کر رہی ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• فِي كُلِّ سَنَةٍ يَوْمٌ مِن بَيْنِ كُلِّ الأَيَّامِ، يَوْمُ حَفْلِ زِفَافِكُمَا، وَهُوَ الأَحْلَى وَالأَعْذَبُ، أَتَمَّ اللهُ سَعَادَتَكَ وَأَرَاحَ قَلْبَكَ بِمَنْ تَقِرُّ عَيْنُكَ مِنْ زَوْجِكَ وَمَحْبُوبِكَ، وَجَعَلَ السَّكِينَةَ وَالطَّمَانِينَةَ فِي حَيَاتِكَ الجَدِيدَةِ، وَرَزَقَكَ اللهُ الْوَلَدَ الصَّالِحَ، وَأَعْطَاكَ اللهُ الرِّزْقَ الْوَفِيرَ.

سال کے تمام دنوں میں سے ایک خاص دن ہے، اور وہ دن ہے تم دونوں کی شادی کا دن، وہ نہایت خوب صورت اور پیارا دن ہے، اللہ تعالیٰ تمہیں دائمی سعادت سے نوازے اور تمہارے دل کو تمہاری محبوب بیوی سے راحت دے اور تمہاری آنکھوں کو ٹھنڈا رکھے، اور تمہاری نئی زندگی میں سکون واطمینان کا دور دورہ ہو اور تمہیں نیک صالح اولاد عطا کرے اور رزق میں کشادگی پیدا کرے۔

• نَكْتُبُ وَالفَرَحُ يَغْمُرُنَا، وَنَسِيمُ الشَّوْقِ يَمْلَئُوْنَا وَالأَحْرُفُ تَتَرَاقَصُ عَلَى الْوَرَقِ لِتَرْسُمَ لَكَ أَجْمَلَ عِبَارَةٍ تُعَبِّرُ عَنْ مَشَاعِرِنَا.

ہم لکھ رہے ہیں اور مسرت کے جذبات سے ہمارے دل ودماغ لبریز ہیں اور نسیم شوق کے جھونکے ہمیں معطر کر رہے ہیں، کاغذ پر حروف محو رقص ہیں تاکہ آپ کی خدمت میں ہمارے جذبات کے اظہار کے لیے کوئی خوب صورت عبارت پیش کر سکیں۔

• مَبْرُوْكٌ، مَبْرُوْكٌ، لَوْ أَقُوْلُهَا مِرَارًا لَيْلاً ونَهارًا ما تُعَبِّرُ عَنْ سَعَادَتِي لَكَ بِالزَّوَاجِ، أَسْأَلُ اللهَ الَّذِي جَمَعَكُمَا عَلَى الزَّوَاجِ أَنْ يُوَفِّرَ

مبارک ہو، مبارک ہو، مبارک ہو، اگر میں یہ کلمہ بار بار کہوں، دن رات کہوں تب بھی وہ خوشی ظاہر نہیں ہو سکتی جو مجھے تمہاری شادی سے ہوئی ہے، میں اس ذات پاک سے جس نے تمہیں

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

لَكُمَا أحلى السَّعَادَة وَالرَّحْمَةِ.

رشتۂ ازدواج میں منسلک کیا ہے یہ دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہیں بے پناہ خوشیوں سے نوازے اور تم پر اپنی رحمتوں کا سایہ رکھے۔

• أكْتُبُ لَكَ أعْذَبَ التَّبارِيْكِ وَأسَابِقُ الْفَرْحَةَ وَأهَنِّئُكَ، بَارَكَ الله لَكُمَا، بَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خيرٍ.

میں تمہیں مبارک باد کا پیار بھرا تحفہ پیش کرتا ہوں، اور کوشش کرتا ہوں کہ سب سے پہلے تمہاری خوشیوں میں شریک ہوں، اللہ تمہیں برکت عطا کرے، برکات خداوندی تم پر سایہ فگن ہوں، اور تم دونوں خیر کے رشتے میں بندھے رہو۔

• أجْمَلُ التَّهَانِي أرَقُّهَا وَأرْسِلُهَا إلَيكَ يا أحْلَى وَأغْلَى عَرُوْسٍ، ألْفُ مَبْرُوْكٍ لَكَ ولِأسْرَتِكَ جَمِيْعًا.

میں تمہیں مبارک باد کا خوب صورت تحفہ پیش کرتا ہوں اے بیش قیمت اور خوب صورت دولہا، تمہیں اور تمہارے اہل خاندان کو یہ شادی مبارک ہو۔

• أسْمَى آيَاتِ التَّهَانِي والتَّبْرِيْكَاتِ بِمُنَاسَبَةِ الزِّفَافِ الْمَيْمُوْنِ.

شادی کے مبارک موقع پر پر خلوص مبارک باد اور نیک تمنائیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

تَهْنِئَةٌ بِالْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ

بچے کی ولادت پر مبارک باد

• بِأطْيَبِ التَّهَانِي وأجْمَلِ الْعِبَارَاتِ نُبَارِكُ لِصَدِيْقِنَا بِقُدُوْمِ الْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ، وَنَسْأَلُ اللهَ رَبَّنَا أن يَّجْعَلَ الْمَوْلُوْدَ قُرَّةَ عَيْنٍ لِأَبِيْهَا وَأُمِّهَا.

نیک خواہشات اور دلکش کلمات کے ساتھ ہم اپنے دوست کو نو مولود کی آمد پر مبارک باد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ اس بچے کو اس کے ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنا کر رکھے۔

• أَلْفُ مَبْرُوْكٍ عَلَى الْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ، جَعَلَهُ اللهُ مِنْ مَوَالِيْدِ السَّعَادَةِ.

نو مولود کے لیے ہزار ہا ہزار مبارکباد، اللہ تعالیٰ اسے سعادت مند بچہ بنائے۔

• لَقَدْ أَشْرَقَتِ الْأَرْضُ وَازْدَادَتْ وَتَلأْلَأَتْ أَنْوَاراً مِنْ حَوْلِنَا، فَإِذَا بِخَبَرِ قُدُوْمِ مَوْلُوْدِكَ، أدْعُو اللهَ أنْ يَكُوْنَ مِنْ مَوَالِيْدِ السَّعَادَةِ وَأن يَرْزُقَنَّ اللهُ وَوَالِدَتَهُ بِرَّهُ وَصَلَاحَهُ.

چاروں طرف اُجالا پھیل گیا اور ہمارے ارد گرد کا ماحول روشن اور منور ہو گیا جب ہمیں آپ کے بیٹے کی پیدائش کی خبر ملی، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے سعادت مند بچہ بنائے، آپ کو اور اس کی امی کو اس کی نیکی سے نفع پہنچائے۔

• بُوْرِكَ لَكُمَا فِي الْمَوْهُوْبِ، وَرَزَقَكُمُ اللهُ بِرَّهُ وَبَلَغَ أَشُدَّهُ، وَجَعَلَهُ اللهُ مِنْ عِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ.

اللہ تعالیٰ تم دونوں کو اس عطیۂ خداوندی میں برکت عطا فرمائے، اس کی نیکی سے تم دونوں کو نفع پہنچائے، اور اس کو جوانِ رعنا بنائے اور اسے نیک بندوں میں شامل کرے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

- هَلَّتِ الْبَشَائِرُ بِقُدُوْمِ الْمَوْلُوْدِ، وَبِصَوْتِهِ هَزَّ الْمَشَاعِرَ، اللهُ يَحْمِيْهِ مِنَ الْمَخَاطِرِ، وَيَجْعَلُهُ دَوْمًا طَيِّبَ الْخَاطِرِ.

بچے کی آمد سے دل کی کلیاں کھل اٹھیں، اس کی آواز نے جذبات میں ہلچل مچادی، اللہ تعالیٰ اس کو ہر طرح کے خطرات سے محفوظ رکھے، اور اسے ہمیشہ پرسکون ومطمئن رکھے۔

- بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ السَّعِيْدَةِ نَتَقَدَّمُ إِلَيْكُمْ بِأَحَرِّ التَّهَانِي وَأَجْمَلِ الأَمَانِي بِالْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ دَاعِيْنَ لَهُ بِحَيَاةٍ سَعِيْدَةٍ تَحْتَ ظِلِّ أَبَوَيْهِ الأَكْرَمَيْنِ.

اس مبارک ومسعود موقع پر ہم نومولود کے لیے آپ کو گرم جوشی کے ساتھ ہدیہ تبریک اور نیک خواہشات پیش کرتے ہیں اس دعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ اسے اس کے محترم ومکرم والدین کے زیر سایہ خوش گوار زندگی عطا فرمائے۔

- بِبَرَكَةٍ مِنَ اللهِ اِزْدَانَ فِرَاشُكُمَا بِمَوْلُوْدٍ بَهِيِّ الطَّلْعَةِ وَمُشْرِقِ الْوَجْهِ جَعَلَهُ اللهُ مِنْ مَوَالِيْدِ السَّعَادَةِ وَأَقَرَّ بِهِ أَعْيُنَ وَالِدَيْهِ.

اللہ کے فضل وکرم سے حسین وجمیل بچے کی آمد سے تمہارے گھر کی رونق دوبالا ہوگئی، اللہ تعالیٰ اس کا نصیب اچھا کرے اور اسے اپنے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے رکھے۔

- بِمُنَاسَبَةِ وِلَادَةِ اِبْنِكُمْ نَتَقَدَّمُ إِلَيْكُمْ بِأَحَرِّ التَّهَانِي مَعَ تَمَنِّيَاتِنَا بِدَوَامِ أَفْرَاحِكُمْ وَمَسَرَّاتِكُمْ وَمُسْتَقْبَلٍ مُشْرِقٍ لِلْمَوْلُوْدِ.

آپ کے بیٹے کی پیدائش کے موقع پر ہم آپ کی خدمت میں اس آرزو کے ساتھ ہدیہ تہنیت پیش کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی خوشیوں کو دوام عطا فرمائے اور بچے کا مستقبل روشن بنائے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• تَهَانِيْنَا الْقَلْبِيَّةُ بِالْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى سَلَامَتِهِ وَسَلَامَةِ وَالِدَتِهِ، مَبْرُوْكٌ وَأَلْفُ مَبْرُوْكٍ.

نومولود کے لیے دلی مبارک باد، ہم بچے اور اس کی والدہ کی سلامتی پر خدا کا شکر ادا کرتے ہیں، ہزار ہا ہزار مبارک باد۔

• بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمْ فِي الْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ وَرَزَقَكُمْ بِرَّهُ وَرُشْدَهُ، أَلْفُ مَبْرُوْكٍ لِلْوَالِدَيْنِ مَعَ تَمَنِّيَاتِنَا بِحَيَاةٍ مَلْئُوْهَا السَّعَادَةُ وَالْهَنَاءُ لِلْمَوْلُوْدِ.

اللہ تعالیٰ آپ کو نومولود میں برکت عطا فرمائے، اس کی نیکی سے آپ کو نفع پہنچائے، والدین کے لیے ہزاروں مبارک باد اس آرزو کے ساتھ کہ اللہ بچے کو کامیاب اور خوش گوار زندگی عطا فرمائے۔

• بِبَالِغِ الْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ وَمَزِيْدٍ مِنَ السَّعَادَةِ وَالْبَهْجَةِ نَتَقَدَّمُ إِلَى الزَّوْجَيْنِ الْعَزِيْزَيْنِ بِأَعْذَبِ التَّهَانِي بِمُنَاسَبَةِ الْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ رَاجِيْنَ أَنْ يَتَرَبَّى فِي خَيْرٍ وَنِعْمَةٍ وَيَظْفَرَ بِحَيَاةٍ هَنِيْئَةٍ وَسَعِيْدَةٍ تَحْتَ ظِلِّكُمَا.

نومولود کی آمد کے موقع پر انتہائی خوشی اور مسرت کے ساتھ ہم دونوں میاں بیوی کو پر خلوص مبارک باد پیش کرتے ہوئے یہ آرزو کرتے ہیں کہ آپ کا بیٹا آپ دونوں کے زیر سایہ ناز و نعم میں پرورش پائے اور بہترین زندگی گزارے۔

• لَقَدْ سَرَّنِي نَبَأُ الْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ فَاسْمَحُوْا لِي بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ السَّعِيْدَةِ أَنْ أُهَنِّئَكُمْ رَاجِيًا لَكُمْ وَلِكَافَّةِ الْعَائِلَةِ مَزِيْدًا مِنَ السَّعَادَةِ وَالْهَنَاءِ.

مجھے بچے کی پیدائش کی خبر سے بے حد خوشی ہوئی، اس مبارک موقع پر مجھے اجازت دیجیے کہ میں آپ کی خدمت میں ہدیہ تہنیت پیش کروں اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے تمام اہل خاندان کو مزید خوشیاں نصیب فرمائے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• لَقَدْ غَمَرَ السُّرُوْرُ قُلُوْبَنَا بَعْدَ أَنْ عَلِمْنَا بِقُدُوْمِ الْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ فَمَا أَسْعَدَكَ وَمَا أَسْعَدَ أَفْرَادَ عَائِلَتِكَ بِهِ، بِهَذِهِ الْمُنَاسَبَةِ نَتَمَنَّى لَكُمْ دَوَامَ الْفَرَحِ وَالْمَسَرَّةِ وَلِلْأُمِّ مَوْفُوْرَ الصِّحَّةِ وَالعَافِيَةِ.

نومولود کی آمد کی خبر سے ہمارے دل خوشی ومسرت کے جذبات سے لبریز ہوگئے، آپ کتنے خوش ہوں گے اور آپ کے افراد خاندان کس قدر خوشی محسوس کررہے ہوں گے، اس موقع پر ہم آپ کے لیے دائمی مسرت اور بچے کی ماں کے لیے مکمل صحت کی تمنا کرتے ہیں۔

• عَلِمْتُ بِالْمَوْلُوْدِ الْجَدِيْدِ، بِهَذِهِ الْمُنَاسَبَةِ السَّارَّةِ أَتَمَنَّى لِلْوَالِدَيْنِ دَوَامَ الْفَرْحَةِ وَالْمَسَرَّةِ وَلِلصَّغِيْرِ حَيَاةً هَنِيْئَةً فِي ظِلِّ أَبَوَيْهِ الْمُشْفِقَيْنِ.

مجھے بچے کی پیدائش کا علم ہوا، اس مسرت انگیز موقع پر میں والدین کے لیے دائمی خوشی اور بچے کے لیے مشفق والدین کے زیر سایہ خوش گوار زندگی کی آرزو کرتا ہوں۔

• اللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْمَوْلُوْدَ مِنَ الصَّالِحِيْنَ الْمُصْلِحِيْنَ الْبَارِّيْنَ بِوَالِدَيْهِمْ، أَللّٰهُمَّ أجْعَلْهُ مِنْ حَفَظَةِ الْقُرْآنِ وَأَكْثِرْ لَهُ الإِخْوَانَ، وَأَبْعِدْ عَنْهُ رِجْسَ الشَّيْطَانِ، وَارْزُقْهُ فِي الدُّنيا حُبَّ النَّاسِ، وارزقه اللّٰهُمَّ اِتِّبَاعَ السُّنَّةِ، وَأَكْرِمْهُ بِمَكَارِمِ الأَخْلَاقِ.

اے اللہ نومولود کو صالح، مصلح اور والدین کا فرماں بردار بنا، اے اللہ اسے حافظ قرآن بنا اور اسے مزید بھائی عطا کر، اس کو شیطان سے محفوظ رکھ، دنیا میں اس کو لوگوں کی محبت عطا فرما، اے اللہ اسے اتباع سنت کی توفیق عطا فرما اور اسے اچھے اخلاق سے بہرہ ور کر۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

كَلِمَاتٌ فِي عِيدِ الْمِيلَادِ

سال گرہ پر کچھ جملے

• كُـلَّ عَـامٍ وَأنْـتَ لِقَلْبِـي مَـصْدَرُ النُّـورِ، كُـلَّ عَـامٍ وَأنْـتَ لِرُوْحِـي مَصْدَرُ الْفَرَحِ والسُّرُوْرِ، كُلَّ عَامٍ وَأنَا أَجْمَعُ كَلِمَاتِ اَلْحُبِّ وَالشَّوْقِ لِكَيْ أَصْنَعُ مِنْهَا قَلَادَةً أُهْدِيْكَ إِيَّاهَا بِمُنَاسَبَةِ عِيْدِ مِيْلَادِكَ.

تم ہمیشہ میری آنکھوں کا نور اور دل کا سرور بنے رہو، اور میں ہمیشہ محبت اور شوق کے الفاظ جمع کرکے لڑیوں میں پروتا رہوں اور ان کا ہار بناکر تمہاری سال گرہ پر تمہیں بہ طور ہدیہ پیش کرتا رہوں۔

• أُقَدِّمُ مِنْ صَمِيْمِ الْقَلْـبِ فِي يَـوْمِ مِـيْلَادِكَ أَجْمَـلَ التَّهَـانِي وَالتَّبْرِيْكَاتِ.

تمہاری سال گرہ کے دن پر میں تمہیں دل کی گہرائیوں سے پُر خلوص ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔

• أَعْـذَبُ التَّهْنِئَـةِ لِأَعْـذَبِ الإِحْسَاسِ، كُلَّ عَامٍ وَأنْتَ أَسْعَدُ النَّاسِ.

احساس مسرت کے ساتھ پُر خلوص ہدیہ تہنیت، خوش نصیبی ہمیشہ تمہارے ہم رکاب رہے۔

• تَمَنَّيْتُ أنْ أَكُوْنَ أَوَّلَ مَنْ يُهَنِّئُكَ وَأَكُوْنَ فِي هَذَا الْيَوْمِ قَرِيْبًا مِنْكَ.

میری آرزو ہے کہ تمہیں سب سے پہلے مبارک باد پیش کروں اور آج کے دن میں تمہارے قریب رہوں۔

• كُـلَّ سَـاعَةٍ، كُـلَّ يَـوْمٍ، كُـلَّ

ہر گھڑی، ہر دن، ہر ہفتے، ہر مہینے، ہر سال بلکہ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

أُسْبُوعٍ، كُلَّ شَهْرٍ كُلَّ عَامٍ وَأَنْتَ بِأَلْفِ بِخَيْرٍ.

تمہاری پوری زندگی خیر یت کے ساتھ گزرے۔

• كُلُّ عَامٍ وَأَنْتَ بِأَلْفِ أَلْفِ خَيْرٍ، أُمْنِيَاتِي لَكَ بِأَنْ يَكُوْنَ عَامُكَ هَذَا أَفْضَلَ الأَعْوَامِ.

تم ہمیشہ ہمیشہ خیر وعافیت کے سائے میں رہو، تمہارے لیے میری آرزو یہ ہے کہ تمہارا یہ سال سب سے بہترین سال ہو۔

• أَدْعُوا اللهَ أَنْ يَكُوْنَ لَكَ هَذَا الْعَامُ، عَامَ تَحْقِيْقِ الأَمَانِيْ وَالأَحْلَامِ وَالْخَيْرِ وَالسَّعَادَةِ وَالْحُبِّ وَالْغَرَامِ وَيَدْخُلَ السُّرُوْرُ قَلْبَكَ وَتُغَادِرَكَ الأَحْزَانُ وَالْآلَامُ.

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہارے اس سال کو تمناؤں، آرزوں، کامیابیوں اور محبتوں کے حصول کا سال بنائے اور تمہارے دل میں خوشیاں اپنا ٹھکانہ کریں، اور رنج والم تمہارے قریب بھی نہ پھٹکیں۔

• أَزِفُّ إِلَيْكَ أَجْمَلَ عِبَارَاتِ التَّهْنِئَةِ الْمَمْزُوْجَةِ بِأَرِيْجِ مَا اجْتَمَعَ الْمِسْكُ وَالرَّيْحَانُ وَالْعُوْدُ وَالْعَنْبَرُ بِمُنَاسَبَةِ عِيْدِ مِيْلَادِكِ.

میں تمہیں تمہاری سال گرہ کے موقع پر مشک وعنبر اور عود وریحان کی خوشبوؤں میں بسی ہوئی تہنیت پیش کرتا ہوں۔

• أَحَاطَكَ اللهُ بِنَسِيْمِ الرَّحْمَةِ وَعَبِيْرِ الْمَغْفِرَةِ وَصَفَاءِ الْمَحَبَّةِ.

اللہ تعالیٰ رحمت کے جھونکوں، مغفرت کی خوشبوؤں اور محبت کے نغموں سے تمہارا احاطہ کرے۔

• نَتَمَنَّى لَكُمْ حَيَاةً سَعِيْدَةً وَعُمْراً مَدِيْداً وَدَوَامَ الصِّحَّةِ وَالْعَافِيَةِ

ہم آپ کے لیے خوش گوار زندگی، طویل عمر، دائمی صحت وعافیت کی دعا کرتے ہیں،

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

سَتَكُوْنُ لَكَ إن شَاءَ اللهُ تَعَالَى هَذِهِ السَّنَةُ حَافِلَةً بِالنَّجَاحَاتِ.

ان شاء اللہ آپ کا یہ سال کامیابیوں سے بھرپور سال ہوگا۔

• يَا طُيُوْرَ الصُّبْحِ هَلِّلِيْ وَيَا نُجُوْمَ السَّمَاءِ أَبْقِيْ فِي السَّمَاءِ وَلاَ تَغْرُبِيْ، وَيَا زُهُوْرَ الرَّبِيْعِ تَفَتَّحِيْ فَالْيَوْمُ يَوْمُ مِيْلاَدِ صَدِيْقِيْ.

صبح کے پرندو چہچہاؤ، آسمان کے ستارو چمکتے رہو اور موسم بہار کے پھولو کھلو کیوں کہ آج میرے دوست کی سالگرہ ہے۔

• أَلْيَوْمُ أَجْمَلُ الأَيَّامِ وَأَرْوَعُ اللَّيَالِي، أَلْيَوْمَ غَنَّتِ السَّاعَاتُ وَمَضَتِ الثَّوَانِي، أَلْيَوْمَ تَرَاقَصَتِ الأَمْوَاجُ فِي الْبِحَارِ، وَعَزَفَتِ الأَشْجَارُ رَوَائِعَ الأَغْنَامِ عَلَى أَوْتَارِ الْخَمَائِلِ بِحُلُوْلِ عِيْدِ مِيْلاَدِك.

آج کا دن انتہائی خوب صورت دن ہے اور آج کی رات انتہائی دل کش رات ہے، آج تمہاری سالگرہ پر گھڑیوں کی آواز میں بھی نغمگی جھلک رہی ہے، سمندر کی موجیں محو رقص ہیں، درختوں کے پتے شاخوں کی لچک پر گیت گا رہے ہیں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

تَهْنِئَةٌ لِلْمُتَخَرِّجِين

فارغین کو مبارک باد

• أَلْقَمَرُ يَبْتَسِمُ لَكَ وَالنُّجُوْمُ تَزْدَانُ الْيَوْمَ، حَقَّقْتَ آمَالَكَ بِالْجِدِّ وَالْمُثَابَرَة، فَهَنِيئًا لَكَ . وَهَاهُوَ تَاجُ الْعِلْمِ قَدْ تَوَّجْتَ بِهِ، وَقَدْ نِلْتَ مَاتَرْجُوْهُ مِنْ سَهْرِ اللَّيَالِي، تَسْتَحِقُّ وَاللهِ بِالتَّبْرِيْكَاتِ، إِنَّكَ حَقَّقْتَ أَرْوَعَ الْهَدَايَا بِأَغْلَى الأَثْمَانِ.

آج چاند مسکرا رہا ہے، اور ستارے دل کش نظر آرہے ہیں، تم نے محنت اور ثبات قدمی سے اپنے خوابوں کو حقیقت کا روپ دے دیا ہے، مبارک ہو، یہ علم کا تاج ہے جو تمہارے سر کی زینت بنا ہے، راتوں کو جاگ کر تم جو خواب دیکھتے تھے اس کی تعبیر مل چکی ہے، خدا کی قسم تم مبارک بادیوں کے مستحق ہو، تم نے گراں قیمت دے کر قیمتی تحفہ حاصل کرلیا ہے۔

• أَحْلَى وَأَجْمَلُ تَهْنِئَةٍ مُغَلَّفَةٍ بِالْوُرُوْدِ وَمُعَطَّرَةٍ بِدُهْنِ الْعُوْدِ، إِلَى النَّاجِحِ أَلْفُ مَبْرُوْكٍ.

پھولوں میں لپٹی ہوئی، اور عود کی خوشبوؤں سے مہکی ہوئی مبارک باد؛ کامیاب انسان کی خدمت میں۔

• تَهَانِينَا بِنَجَاحِكَ، رَفَعْتَ الرَّأسَ بَيْنَ كُلِّ النَّاسِ بِشَهَادَتِكَ، مَبْرُوْكٌ لَكَ النَّجَاحُ.

کامیابی پر نیک خواہشات ، تم نے ڈگری حاصل کر کے تمام لوگوں میں ہمارا سر اونچا کر دیا ہے تمہیں یہ کامیابی مبارک ہو۔

• لَمْ أَكُنْ قَبْلَ هَذَا الْيَوْمِ الرَّائِعِ أَعْلَمُ بِأَنَّ السَّمَاءَ عَالِيَةٌ وَرَائِعَةٌ

آج کے خوب صورت دن سے قبل میں یہ بات نہیں جانتا تھا کہ آسمان اتنا اونچا اور شان

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

هٰكَذَا، وَلٰكِنْ تَخَرُّجُكَ جَعَلَنِي أَلْمَسُ السَّمَاءَ الْمُرْتَفِعَةَ وَأَعِيْشُ مَعَ رَوْعَتِهَا.

دار ہوتا ہے، لیکن تعلیم سے تمہاری فراغت نے مجھے آسمان کی بلندیوں کو چھونے پر مجبور کردیا ہے۔

- لَقَدِاسْتَقْبَلْتُ مُفَاجَآتٍ كَثِيْرَةً وَوَصَلَتْنِي هَدَايَا كَثِيْرَةٌ وَلٰكِنْ تَخَرُّجُكَ هُوَ أَحْلَى مُفَاجَآتِ هٰذَا الْعَامِ وَأَحْلَى هَدَايَا هٰذَا الْعَامِ.

مجھے بہت سے خوش کن اتفاقات پیش آتے ہیں اور بے شمار تحائف بھی حاصل ہوتے ہیں مگر تمہاری فراغت ایک خوب صورت اتفاق بھی ہے اور نہایت قیمتی تحفہ بھی۔

- أُنَاسٌ يَنْتَظِرُوْنَ عِيْدَ الْفِطْرِ، وَأُنَاسٌ يَنْتَظِرُوْنَ عِيْدَ الْأَضْحٰى، وَأَنَا أَنْتَظِرُ يَوْمَ تَخَرُّجِكَ فِي كُلِّ لَحْظَةٍ.

کچھ لوگ عید الفطر کے منتظر ہیں، اور کچھ لوگ عید الاضحی کے، مجھے ہر لمحے اس دن کا انتظار ہے جس دن تم تعلیم سے فراغت حاصل کروگے۔

- لَحَظَاتُ الْفَرَحِ كَثِيْرَةٌ، نَحْنُ نَمُرُّ بِهَا كُلَّ يَوْمٍ، وَلِكُلٍّ مِنْهَا طَعْمُهَا الْخَاصُّ وَلَوْنُهَا الْمُمَيَّزُ وَلَعَلَّ الْفَرَحَ بِالنَّجَاحِ يُعَدُّ مِنْ أَجْمَلِ وَأَحْلَى أَلْوَانِ الْفَرَحِ الَّتِي نَنْتَظِرُهَا وَنَسْعٰى إِلَيْهَا.

خوشی کے لمحات بے شمار ہیں، ہم ہر دن ان لمحوں سے گزرتے ہیں، ہر لمحے کا اپنا مخصوص مزہ اور اپنا خاص رنگ ہوتا ہے، شاید تمہاری کامیابی کی خوشی کا رنگ ہی انوکھا اور دل کش ہے، اسی لیے ہم اس کے منتظر رہتے ہیں اور اس کے لیے کوشاں بھی۔

- تَهْنِئَةٌ مِنْ أَعْمَاقِ الْقَلْبِ أَبْعَثُهَا لَكَ، وأَدْعُو اللهَ تَعَالٰى أَنْ يَجْعَلَ هٰذَا التَّفَوُّقَ طَرِيْقًا لِرِضَا الرَّحْمٰنِ.

میں تمہیں دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اس اعلیٰ کامیابی کو رضاءالٰہی کا ذریعہ بنائے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• مُثابَرَتُكَ الدَّائِمَةُ وَعَمَلُكَ الْمُتَواصِلُ يُؤهِلُكَ لِلتَّفَوُّقِ وَالنَّجاحِ الْمُسْتَمِرِّ.	مستقل مزاجی کے ساتھ مسلسل جدوجہد نے تمھیں اس اعلی کامیابی اور دائمی کامرانی کا اہل بنادیا ہے۔
• نُهَنِّئُ وَنُبارِكُ لَهُمْ عَلَى تَخَرُّجِهِمْ وَنَدْعُولَهُمْ بِمَزِيدٍ مِنَ النَّجاحِ والتَّوْفِيقِ.	ہم اُن سب کو اُن کی فراغت پر مبارک باد پیش کرتے ہیں اور ان کے لیے مزید کامیابی اور حسنِ توفیق کے طلب گار ہیں۔
• مُبارَكٌ لَهُمْ مِنَ الأَعْماقِ مَعَ أطْيَبِ الأَمانِي لَهُمْ وَأصْدَقِ الدَّعَواتِ.	نیک تمناؤں اور پر خلوص دعاؤں کے ساتھ ان کی خدمت میں بہ صمیم قلب مبارک باد پیش کرتے ہیں۔
• انْتَهَتِ الأيّامُ الَّتِي تَحْفَظُ فِيهَا الدُّرُوسَ وَجاءَ الْيَوْمُ الَّذِي نَقُولُ لَكَ فِيهِ: ألْفُ مَبْرُوكٍ.	وہ دن گزر چکے ہیں جب تم اسباق یاد کیا کرتے تھے اب وہ دن آپہنچا ہے کہ ہم تم سے کہیں: مبارک ہو۔
• لَقَدْ وَصَلْتَ لِلْقِمَّةِ حِينَما اسْتَلَمْتَ شَهادَتَكَ الْجامِعِيَّةَ وَنَحْنُ وصَلْنا لِلْقِمَّةِ لِأنَّكَ أصْبَحْتَ شَمْعَةً أضاءَتْ سَماءَ بَيْتِنا.	جس دن تم نے یونی ورسٹی کی ڈگری حاصل کر کے بلندی پر قدم رکھا، تمہارے ساتھ ہم بھی بلندی تک پہنچے، تم ایک ایسی شمع بن گئے ہو جس نے ہمارے گھر کے در و دیوار منور کر دیے ہیں۔
• وَإذْ عَلِمْتُ بِحُصُولِكَ عَلى الشَّهادَةِ الْعالَمِيَّةِ بِتَفَوُّقٍ، فَإنِّي	مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے عالمیت کی سند حاصل کر لی ہے، میں تمھیں اور تمہارے

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

أزفُّ أخلص التّهاني إليك وإلى والدَيك سائلاً المولى عزّ وجلّ للجميع دوام النّجاح.

• لا يصل النّاس إلى حديقة النّجاح دون أن يمرُّوا بمحطّات التّعب والفشل واليأس، وصاحب الإرادة القويّة لا يُطيل الوقوف في هذه المحطّات، أريدُ أن أكون أوّل المهنّئين لك بهذا التّفوّق الّذي عُرِف بك وبهذا النّجاح الّذي أنت أهلٌ له، وفي هذه المناسبة إسمح لي أن أهنّئك من أعماق قلبي.

والدین کو بہ خلوص مبارک باد پیش کرتا ہوں دعا ہے اللہ تعالیٰ سب کو کامرانی وکامیابی عطا فرمائے اور صحت وعافیت سے رکھے۔

لوگ کامیابی کے گلشن تک اس وقت تک نہیں پہنچ سکتے جب تک جد وجہد، ناکامی اور مایوسی کے مرحلوں سے نہ گزرلیں، مضبوط قوت ارادی رکھنے والا شخص ان مرحلوں میں زیادہ دیر نہیں ٹھہرتا، میں اس اعلیٰ ترین کامیابی پر جس کے تم مستحق ہو سب سے پہلے تمہیں مبارک باد پیش کرنا چاہتا ہوں، مجھے اجازت دو کہ میں تمہیں دل گہرائیوں سے ہدیہ تہنیت پیش کروں۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

كَلِمَاتٌ وعِبَارَاتٌ وَأَدْعِيَةٌ فِي التَّعَازِى

تعزیت پر مشتمل کچھ جملے اور کچھ دعائیں

• اللّٰهُـمَّ تَقَبَّلْ رُوْحَ الْفَقِيْدِ بِقُبُوْلٍ حَسَنٍ، وَارْزُقْهُ الْجَنَّةَ الَّتِيْ وَعَدْتَّ بِهَا عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ.

اللہ مرحوم کی روح کو حسن قبولیت سے سرفراز فرما اور اسے وہ جنت عطا فرما جس کا آپ نے اپنے نیک بندوں سے وعدہ کیا ہے۔

• اللهُ يَرْحَمُهُ وَيَسْكُنُهُ فَسِيْحَ جَنَّاتِهِ وَيُصَبِّرُ أَهْلَهَا وأَحْبَابَهَا صَبْرًا جَمِيْلاً.

اے اللہ! مرحوم پر رحم فرما، اسے جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرما اور اس کے گھر والوں کو اور دوستوں کو صبر جمیل عطا فرما۔

• بِقُلُوْبٍ مُؤْمِنَةٍ بِقَضَاءِ اللهِ وَقَدْرِهِ، وَبِقُلُوْبٍ مَلِيْئَةٍ بِالْحُزْنِ وَالأَسَى أَتَقَدَّمُ بِاسْمِيْ وَاسْمِ عَائِلَتِيْ بِالتَّعَازِيْ وَالْمُوَاسَاةِ.

اللہ کے فیصلوں پر ایمان واذعان کے ساتھ اور رنج و غم سے بوجھل دل کے ساتھ میں اپنی جانب سے اور اپنے اہل خاندان کی جانب سے تعزیت پیش کرتا ہوں۔

• اصْبِرْ لِكُلِّ مُصِيْبَةٍ وَتَجَلَّدْ وَاعْلَمْ بِأَنَّ الْمَرْءَ غَيْرُ مُخَلَّدٍ.

ہر مصیبت پر صبر کرو اور ہمت سے کام لو، یاد رکھو انسان ہمیشہ رہنے والا نہیں ہے۔

• قَدْ أَصَابَنِيْ مِنَ الْحُزْنِ مَا أَصَابَكُمْ، فَلاَ تَيْأَسُوْا وَاللهُ لَيَسْمَعُ دُعَاءَكُمْ، عَظَّمَ اللهُ أَجْرَكُمْ وَأَحْسَنَ عَزَاءَكُمْ وَغَفَرَ بِمَوْتَاكُمْ.

آپ کے دکھ سے مجھے بھی بے حد تکلیف پہنچی ہے، مایوس مت ہوں، اللہ دعائیں سننے والا ہے، اللہ تعالیٰ تمہیں زیادہ سے زیادہ اجر وثواب عطا فرمائے، صبر جمیل دے اور مرحوم کی مغفرت فرمائے۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• يا رَبِّ الْقِ عَلَى النُّفُوسِ الْمُضْطَرِبَةِ سَكِيْنَةً وَأَثِبْهَا ثَوَابًا عَظِيْمًا.

اے اللہ! بے کل دلوں کو صبر و قرار عطا کر، ان کو اجر عظیم کی دولت سے نواز۔

• أَحْسَنَ اللهُ عَزَاءَكُمْ فِي مُصَابِكُمْ لِلهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أعطى، وَكُلُّ شَيءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ.

اللہ تعالیٰ اس مصیبت میں آپ کو صبر عطا فرما، جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ اللہ کا ہے اور جو اللہ نے واپس لیا ہے وہ بھی اللہ کا تھا، ہر چیز کے لیے ایک وقت مقرر ہے، آپ صبر و ہمت سے کام لیں۔

• مِنْ قَلْبٍ يَعْتَصِرُ بِالْحُزْنِ، وَالأَسَى، وَالأَلَمِ، تَلَقَّيْنَا نَبَأَ وَفَاةِ أَبِيكَ، وَلَا يَسَعُنَا إِلَّا الصَّبْرُ وَاحْتِسَابُ الأَجْرِ.

رنج و غم سے چور دل کے ساتھ ہم نے آپ کے والد کے انتقال کی خبر سنی، اختیار صبر اور حصول اجر کے علاوہ کوئی چارۂ کار نہیں ہے۔

• اللّٰهُمَّ اغْسِلْهُ بِمَاءِ الْبَرَدِ وَاغْفِرْلَهُ زَلَّاتِهِ.

اے اللہ! مرحوم کو پاک و صاف کر اور اس کی لغزشوں کو معاف فرما۔

• بِمَزِيدٍ مِنَ الْحُزْنِ نُقَدِّمُ أَحَرَّ التَّعَازِيْ إِلَيْكُمْ جَمِيْعًا وَبِالأَخَصِّ إِلَى وَالِدَةِ الْفَقِيْدِ وَإِخْوَانِهِ، وَتَعَازِيْنَا الْحَارَّةُ إِلَى زَوْجَتِهِ وَأَبْنَاءِهِ وَبَنَاتِهِ.

میں انتہائی رنج و غم کے ساتھ تم سب کو پُر خلوص تعزیت پیش کرتا ہوں، خاص طور پر مرحوم کی والدہ، ان کے بھائی، ان کی اہلیہ اور بیٹوں اور بیٹیوں کی خدمت میں۔

• اللهُ يَرْحَمُ الْفَقِيْدَ، وَيُعَظِّمُ أَجْرَكُمْ

اللہ مرحوم پر رحم فرمائے، آپ کو زیادہ سے

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

وَالْبَقَاءُ لِلّٰهِ.

زیادہ اجر عطا کرے، بقاء ودوام صرف اللہ کے لیے ہے۔

• نَسْأَلُ اللهَ الْعَلِيَّ الْقَدِيرَ أنْ يَمُنَّ عَلَيْهِ بِالرَّحْمَةِ وَالْمَغْفِرَةِ وَالرِّضْوَانِ.

ہم اللہ عزوجل سے دعا کرتے ہیں کہ وہ رحمت اور مغفرت اور اپنی رضا سے مرحوم پر کرم فرمائے۔

• رَحِمَ اللهُ الْفَقِيدَ وَأَسْكَنَهُ الْجَنَّةَ، وَأَلْهَمَ أَهْلَهُ وَذَوِيهِ الصَّبْرَ وَالسَّلْوَانَ.

اللہ تعالیٰ مرحوم پر رحمت نازل کرے، جنت میں ان کا ٹھکانہ بنائے، اور ان کے اہل وعیال کو صبر وسکون عطا فرمائے۔

• بِبَالِغِ الْحُزْنِ وَالأسَى أَتَقَدَّمُ إِلَيْكُمْ بِأَحَرِّ التَّعَازِيْ فِي وَفَاةِ أَخِيكُمْ الَّذِي انْتَقَلَ إِلَى رَحْمَةِ اللهِ هَذَا الصَّبَاحَ، إنَّا لِلّٰهِ وإنا اليه راجعون.

انتہائی رنج والم کے ساتھ میں آپ کے بھائی کی وفات پر دلی تعزیت پیش کرتا ہوں، ہم سب اللہ ہی کے ہیں اور ہم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ جانا ہے۔

• أَللَّهُمَّ اغْفِرْلَهُ وَارْحَمْهُ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مَدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرْدِ، وَنَقِّهُ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَأبْدِلْهُ دَاراً خَيْراً مِنْ دَارِهِ وَأهْلاً خَيْراً مِنْ أَهْلِهِ، وَقِهِ فِتْنَةَ الْقَبْرِ وَعَذَابَ النَّارِ.

اے اللہ اس کی مغفرت فرما، اس پر رحم کر، اس کو معاف فرما، اس کو بہترین ٹھکانہ عطا فرما، اس میں وسعت پیدا فرما، اس کے گناہوں کی آگ کو ٹھنڈے پانی کے چھینٹوں سے بجھادے، اس کو گناہوں سے اس طرح پاک صاف کردے جس طرح سفید کپڑے سے گندگی صاف کردی جاتی ہے، اس کو اس کے گھر سے بہترین گھر اور اس کے اہل سے

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

بہترین اہل عطا فرما، اور اسے قبر کے فتنے اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ۔

• اَللّٰهُمَّ عَامِلْهُ بِمَا أَنْتَ أَهْلُهُ، وَلَا تُعَامِلْهُ بما هُوَ أَهْلُهُ.

اے اللہ! اس کے ساتھ وہ معاملہ فرما جو آپ کے شایان شان ہے، وہ معاملہ مت فرما جس کا وہ مستحق ہے۔

• اَللّٰهُمَّ اجْزِهُ عَنِ الْإِحْسَانِ إِحْسَانًا وَعَنِ الْإِسَاءَةِ عَفْوًا وَغُفْرانًا.

اے اللہ! مرحوم کی اچھائیوں کا بدلہ اچھائی سے اور گناہوں کا بدلہ عفو و مغفرت سے عطا فرما۔

• اَللّٰهُمَّ أَنْزِلْهُ مَنْزِلاً مُبَارَكاً وَأَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ.

اے اللہ! اس کو مبارک ٹھکانہ عطا فرما آپ بہترین ٹھکانہ دینے والے ہیں۔

• اَللّٰهُمَّ اِمْلَأْ قَبْرَهُ بِالرِّضَا وَالنُّوْرِ وَالْفُسْحَةِ وَالسُّرُوْرِ.

اے اللہ اس کی قبر کو نور سے بھر دے، اس میں وسعت و کشادگی پیدا فرما۔

• تَلَقَّيْتُ خَبَرَ وَفَاةِ فَقِيْدِكُمْ، أُشَاطِرُكُمُ الْمَكْمَ وَاحْزَانَكُمْ بِهٰذَا الْمُصَابِ الْجَلَلِ بِرَحِيْلِهِ، وَأَتَقَدَّمُ إِلَيْكُمْ بِتَعَازِيْنَا الْقَلْبِيَّةِ الْحَارَّةِ، وَبِمَشَاعِرِ الْمُوَاسَاةِ، وَالتَّعَاطُفِ الْأُخَوِيَّةِ الْمُخْلِصَةِ، سَائِلَ اللّٰهِ تَعالَى أَنْ يَتَغَمَّدَ الْفَقِيْدَ الْعَزِيْزَ

میں نے مرحوم کے انتقال کی خبر سنی، میں اس عظیم حادثۂ وفات سے ہونے والے رنج و الم میں آپ کے ساتھ پوری طرح شریک ہوں، اور آپ کی خدمت میں اپنی قلبی تعزیت اور برادرانہ و مخلصانہ احساسات رنج و غم پیش کرتا ہوں اس دُعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ عزیز مرحوم کو اپنی وسیع رحمت سے ڈھانپ لے اور اسے اپنے عفو و کرم اور رضا

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

بِوَاسِعِ رَحْمَتِهِ وَيُنْعِمَ عَلَيْهِ بِعَفْوِهِ وَرِضْوَانِه.

کی نعمت سے نوازے۔

• أَتَمَنَّى أَنْ يُلْهِمَكَ اللهُ وَأَهْلَهُ وَكَافَّةَ أَفْرَادِ أُسْرَتِهِ الْكَرِيمَةِ جَمِيلَ الصَّبْرِ وَالسُّلْوَانِ وَالسَّكِينَةِ.

میری دُعاہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو، اور مرحوم کے اہل وعیال کو اور تمام افراد خاندان کو صبر جمیل اور سکون وقرار عطا فرمائے۔

• لَقَدْ بَلَغَنِي وَفَاةُ أَبِيكُمْ رَحِمَهُ اللهُ وَأَقُولُ: أَحْسَنَ اللهُ عَزَاءَكُمْ، وَغَفَرَ لِمَيِّتِكُمْ وَلَا يَخْفَى عَلَيْكُمْ أَنَّ الْمَوْتَ طَرِيقٌ مَسْلُوكٌ وَمَنْهَلٌ مَوْرُودٌ.

آپ کے والد کے انتقال کی خبر ملی، اللہ رحم فرمائے، اللہ تعالیٰ آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے، مرحوم کی مغفرت فرمائے، آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ موت کا راستہ کھلا ہوا ہے اور یہ ایسا چشمۂ آب ہے جس پر سب کو آنا ہے۔

• أُوصِيكُمْ بِالصَّبْرِ وَالِاحْتِسَابِ وَالِاسْتِغْفَارِ لِوَالِدِكُمْ وَالدُّعَاءِ لَهُ بِالْفَوْزِ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةِ مِنَ النَّارِ.

میں تمہیں صبر وبرداشت کی تلقین کرتا ہوں، اور تمہارے والد کے لیے دعائے مغفرت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ انھیں جنت عطا فرمائے اور دوزخ سے نجات دے۔

• بَلَغَنِي نَبَأُ وَفَاةِ أَخِيكَ فِي حَادِثِ السَّيَّارَةِ وَكَمْ آلَمَنِي هَذَا الْخَبَرُ، تَمَنَّيْتُ لَوْ كُنْتُ بِقُرْبِكَ أُواسِيكَ، وَاقِفٌ بِجِوَارِكَ أُشَارِكُكَ فِي حُزْنِكَ وَأَلَمِكَ.

مجھے کار کے حادثے میں آپ کے بھائی کی موت کی اطلاع سے بہت زیادہ دکھ ہوا ہے، میری خواہش تو یہ تھی کہ اس موقع پر تسلی کے لیے، اور آپ کے رنج وغم میں شرکت کے لیے میں آپ کے قریب موجود ہوتا۔

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

• أَللّٰهُمَّ وَسِّعْ عَلَيْهِ قَبْرَهُ وَاشْرَحْ صَدْرَهُ، وَثَبِّتْهُ عِنْدَ السُّؤَالِ فِي الْقَبْرِ وَأَعِنْهُ عَلَى الْأَجَابَةِ.

اے اللہ مرحوم کی قبر کو کشادہ کر، اس کے سینے کو کھول دے، قبر میں سوال کے وقت اس کو ثابت قدم رکھ اور جواب دینے پر اس کی مدد فرما۔

• أَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمَيِّتِ وَارْحَمْهُ، أَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَرَى وَجْهَكَ الْكَرِيْمَ وَيَشْرَبُ مِنْ حَوْضِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وسلم شَرْبَةً لَا يَظْمَأُ بَعْدَهَا أَبَدًا وأَنْزِلِ السَّكِيْنَةَ عَلَى أَهْلِهِ.

اے اللہ مرنے والے کی مغفرت فرما، اس پر اپنا رحم نازل فرما، اے اللہ اسے ایسا کر دیجیے کہ وہ قیامت کے دن تیرا دیدار کرے اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض کوثر سے ایسا گھونٹ بھرے کہ اس کے بعد کبھی پیاس محسوس نہ ہو، اور اس کے اہل و عیال کو صبر و قرار عطا فرما۔

تَمَّ الكتابُ بِحَمْدِ اللهِ وَتَوْفِيْقِهِ

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

مولانا ندیم الواجدی کی اہم تالیفات

عربی زبان سے متعلق

- معلم العربیہ تین حصے
- عربی بولئے
- عربی میں خط لکھیے
- عربی میں ترجمہ کیجیے
- التعبیرات المختارة
- خطب الجمعة والعیدین
- کیف تخطب باللغة العربیة
- عربی، انگلش، اُردو بول چال
- انگلش بولنا سیکھیے
- جدید عربی زبان ایسے بولئے
- القاموس الموضوعی (تین زبانوں میں موضوعاتی ڈکشنری)

دیگر موضوعات پر

- احیاء العلوم (اُردو ترجمہ چار جلدوں میں)
- نئے ذہن کے شبہات اور اسلام کا موقف
- آئینۂ افکار
- رشحات قلم
- مسلمانوں کی ملی اور سیاسی زندگی
- ہمارے مدارس: مزاج اور منہاج
- اسلام: حقائق اور غلط فہمیاں
- اسلام اور ہماری زندگی
- قیامت کی نشانیاں اور مولانا وحید الدین خاں کے نظریات
- خدا رحمت کند
- رمضان: نیکیوں کا موسم بہار
- رمضان کیسے گزاریں اُردو
- رمضان کیسے گزاریں ہندی
- آج رات کی تراویح اُردو
- آج رات کی تراویح ہندی

دارالکتاب دیوبند

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner

Telegram Channel : New Madarsa

NEW MADARSA

Pinterest I'd : @ New Madarsa

Scanned with OKEN Scanner